کتاب حساب

مولفہ

برنرڈ اسمتھ صاحب ایم اے

مکتبون کے لئے

جسکو

منشی محمد ذکاء اللہ صاحب پروفیسر ورنیکولر سائنس اینڈ لٹریچر

میور کالج الٰہ آباد

نے

اردو مین ترجمہ کیا

پانچوین دفعہ صحیح ہو کر اہتمام سے

مطبع مرتضوی مین باہتمام حاجی محمد عزیز [illegible]

سنہ ۱۸۷۶ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

چوتھی دفعہ جو یہہ کتاب منطبع ہوئی تھی وہ ہاتھوں ہاتھہ بک گئی اسلیئے پانچویں

دفعہ پہر چھاپی گئی - اور صحت کا بہی اہتمام زیادہ تر کیا گیا ہے فقط

ذکاء اللہ پروفیسر سنٹرل کالج الہ آباد

سنہ ۷۶ء

پے ۱۳ ب سں سہما

علم حساب

تعریفات اور عددون کا گننا لکھنا پڑھنا

دفعہ ۱ اکائی سے مراد یہہ ہے کہ اکیلی چیز کو ایک اور بلاقسمت تنہا خیال کرین

تمام حساب کی بنا اکائی پر ہے اسلئے سمتھہ صاحب نے اوسکی تعریف کی ہے کہ کوئی چیز اکیلی ہو یعنی کوئی اور شے اوسکی ساتھہ اوسی قبیل سے نہو اور نہ یہہ خیال ہو کہ وہ کن اجزا سے مرکب ہے اور اوسکے کتنے ٹکڑے ہو سکتے ہین

جب یہہ سب باتین کسی شے کیواسطے جمع ہون تو اوس سے اکائی مفہوم ہوگی ۱۲ (مترجم)

(دفعہ ۲) اشیا کے اکیلے اور کئی ہونے کا تصور جو شی ذہن مین پیدا کرتی ہے اوسکو عدد کہتے ہین مثلاً جب ہم کہتے ہین کہ ایک گھوڑا دو سیب تین گز چار گھنٹے تو اوس سے یہہ سمجھتے ہین کہ گھوڑا ایک ہے سیب دو ہین گز تین ہین گھنٹے چار ہین پس ان ایک دو تین چار نے ذہن مین یہہ تصور پیدا کیا کہ اشیا ایک یا ایک سے زیادہ ہین اسلئے اون کو اعداد کہتے ہین

(۳) اعداد دو قسم کے ہوتے ہین ایک مجرد دوسرے مقرون

اعداد مجرد تو یہہ کہ اونکے ساتھہ کوئی قید کسی خاص قسم کی اکائی کی نہ لگائی جاے یعنی کوئی معدود اوسکے ساتھہ نہو مثلاً پانچ عدد مجرد ہے اوس سے صرف پانچ اکائیان مفہوم ہوتی ہین اور اوسکے ساتھہ کسی خاص شے کی قید نہین +

اعداد مقرون وہ ہین کہ جنمین اعداد کے آگے کوئی شی بولی جاے یعنی اونکے ساتھہ خاص اکائیون کی قید لگی ہوی ہو یعنی معدود اوسکے ساتھہ ہو مثلاً پانچ گھنٹے چھہ گز سات گھوڑے اب یہان پانچ کے ساتھہ اکائی ایک گھنٹے کی اور چھہ کے ساتھہ اکائی گز کی اور سات کے ساتھہ اکائی گھوڑے کی لگی ہوی ہے

اسلئے پانچ چھہ سات مین سے ہر ایک عدد مفرد ہے

(۴) عددون کے علم اور عمل کو حساب کہتے ہین

(۵) حسابین تمام اعداد کو خاص قسم کی شکلون مین لکتے ہین اونمین سے ایک یہہ شکل صفر جسکی کچھہ مقدار نہین ہوتی اور باقی اور نو شکلین یہہ ہین

۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹

ایک دو تین چار پانچ چھہ سات آٹھہ نو

انسے اعداد ایک دو تین چار پانچ چھہ سات آٹھہ نو تعبیر ہوتے ہین ان نو شکلون کو ہندسے کہتے ہین اگرچہ یہہ ہندسہ کا اطلاق فقط نو شکلون ہی کے ساتھہ مخصوص کرنا مناسب ہے لیکن کوئی اور لفظ اس سے زیادہ مناسب اس قید کے ساتھہ نہین معلوم ہوتا اسلئے جہان ہم ہندسہ لکھینگے وہان ان نو عددون کی شکلون سے ایک شکل مراد ہوگی عدد ایک کا جو اس شکل ۱ سے تعبیر ہوتا ہے واحد کہلاتا ہے

پہلی شکل جو صفر کی ہے اوسکی کچھہ مقدار نہین ہوتی اور اوسکا نام صفر اسواسطے رکھا گیا ہے کہ صفر کے معنی خالی کے ہین جہان کوئی مقدار نہین ہوتی وہان اوسکو لکھہ دیتے ہین ہندسہ کی وجہ تسمیہ ان عدد کے لئے یہہ بیان کی گئی ہے کہ اہل عرب نے ان شکلون کو ہندیون سے سیکھا تھا اسلئے انکا نام ارقام ہندیہ کہا اب ارقام کا لفظ اوڑگیا اور ہندیہ کا ہندسہ ہوگیا ۱۲ (مترجم)

(۶) جب ان ہندسون مین سے کوئی ایک ہندسہ بذات خود مرقوم ہوا ہو اور کوئی اور ہندسہ اوسکے اول نہ لکھا ہو تو اوس سے اوسکی اپنی ذاتی کمیت مفہوم ہوگی مثلاً ۹ اس سے مطلق نو مفہوم ہوتے ہین یا چیزون کی تعداد نو معلوم ہوتی ہے لیکن جب اوسکے اول کوئی ایک ورہندسہ لکھا جاتا ہے تو اوسکی اصل کمیت دس گنی ہوجاتی ہے مثلاً ۴۹ مین ۹ سے نو اکائیون کا دس گنا مفہوم ہوتا ہے اور اوسکے ساتھہ چار اکائیان سمجھی جاتی ہین اور جب اوسکے اول مین طرف دو ہندسے لکھے ہون تو اوسکی ذاتی کمیت سو گنی ہوجاتی ہے مثلاً ۴۴۹ مین ۹ سے نو اکائیون کا سو گنا سمجھا جاتا ہے

اور چار سے چار اکائیونکا دس گنا اور تین اکائیان غرض جتنی دفعہ ایک ایک ہندسہ بڑہانے جاوینگے اوتنی دفعہ وہ دہ گنا ہوتا جائیگا +

ہندسہ کی کمیت جو بلحاظ مقام کے ہوتی ہی اوسکو کمیت مقامی کہتے ہین اسلیئے سب اعداد دو طرح کی کمیت رکہتے ہین ایک ذاتی دوسری مقامی

(۷) اوپر کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ حساب مین ترتیب اسطرح ہے کہ اول اکائیان ہین بعد اوسکے بائین طرف دہائیان اور دہائیونکے بعد سیکڑے اور سیکڑونکے بعد ہزار اور ہزار کے بعد دس ہزار اور علی ہذالقیاس اسطرح اعداد کی ترتیب مراتب ہاتی اوس کو سلسلہ مراتب کہتے ہین اور اون مراتب کے نام یہہ ہین کہ اکائیان دہائیان سیکڑے ہزاران دہ ہزاران لکہن دہ لکہن کروڑن دہ کروڑن اربن دہ اربن کہربن دہ کہربن ہر ایک مرتبہ اپنے ماقبل کے مرتبہ سے دہ چند ہوتا ہے

مثلاً ۱۰ سے ایک دہائی اکائیون کی تعبیر ہوتی ہے اور چونکہ اوسکے اول صفر ہے اوس سے معلوم ہوتا ہے کہ اوسکے ساتہہ کوئی اکائی نہین ہے پس اوسکو دس پڑہتے ہین ۱۱ سے ایک اور ایک دہائی اکائیونکی مفہوم ہوتی ہے اور اوسکو گیارہ کہتے ہین علے ہذالقیاس ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۵ و ۱۶ و ۱۷ و ۱۸ و ۱۹ مین آ سے ایک دہائی اکائیون کی مفہوم ہوتی ہے اور اوسکے ساتہہ دو تین چار پانچ چہہ سات اٹہہ نو اکائیان لگی ہوئی ہین اور اونکو بارہ تیرہ چودہ پندرہ سولہ سترہ اٹہارہ اونیس پڑہتے ہین

بعد ان دس عددون کے آگے کے دس عدد اسطرح لکہے جاتے ہین کہ ۲۰ و ۲۱ و ۲۲ و ۲۳ و ۲۴ و ۲۵ و ۲۶ و ۲۷ و ۲۸ و ۲۹ انکے معنی یہہ ہین کہ دو دہائیان بغیر اکائی کے اور پہر دو دہائیان اور ایک اکائی اور علے ہذالقیاس دو دہائیونکے ساتہہ دو اور تین اور چار اور پانچ اور چہہ اور سات اور آٹہہ اور نو اکائیان ہین اور اونکو اسطرح پڑہتے ہین کہ بیس اکیس بائیس تئیس چوبیس پچیس چہبیس ستائیس اٹہائیس اونتیس

پھر اوسیطرح آگے کو دس عدد اسطرح تحریر مین آتے ہین اکتیس (۳۱) بتیس (۳۲) تینتیس (۳۳) چونتیس (۳۴) پینتیس (۳۵) چھتیس (۳۶) سینتیس (۳۷) اڑتیس (۳۸) اونتالیس (۳۹) اور پھر (۴۰) چالیس (۵۰) پچاس (۶۰) ساٹھہ (۷۰) ستر (۸۰) اسی (۹۰) نوے پر نوبت پہنچتی ہے

ننانوے سب سے بڑا عدد ہے جو دو ہندسون سے بن سکتا ہے اسلئے کہ اوسمین نو اکائیان اور نو دہائیان ہین بعد ننانوے کے ۱۰۰ آتا ہے جو دس دہائیونکو تعبیر کرتا ہے یعنے ایک سو اکائیون کو جنکے ساتھہ کوئی اور دہائی اور اکائی نہین ہے اور اوسکو ایک سو پڑہتے ہین - اب اگر اس طریقہ پر آگے چلے جائین تو چوتھا مرتبہ بائین طرف سیکڑون کی دہائیون کو تعبیر کریگا یعنے ہزار اکائیونکو اور پانچوان مرتبہ ہزار کی دہائیون کو وعلے ہذا القیاس ۲۰۵ مین دو سو اکائیان ہین اور کوئی دہائی اکائیون کی نہین ہے اور پانچ اکائیان ہین اور اوسکو دوسو پانچ پڑہتے ہین ۵۴۷۳ مین پانچ ہزار اکائیان اور چارسو اکائیان اور ستر دہائیان اکائیونکی اور تین اکائیان ہین اور اوسکو پانچہزار چارسو تہتر پڑہتے ہین

۷۴۰۷۳۰ مین سات دس لاکھہ اکائیان ہین اور کوئی لاکھہ اکائی نہین اور ہزار اکائیونکی چار دہائیان اور پہر کوئی ہزار اکائی نہین اور پہر سات سو اکائیان اور تین دہائی اکائیان ہین اور کوئی اکائی نہین اوسکو ستر لاکھہ چالیس ہزار سات سو تیس پڑہتے ہین

۱۰۷۸۳۴۲۶۵ مین دس کروڑ اکائیان اور سات دس لاکہا کائیان اور آٹھہ لاکھہ اکائیان اور تین دس ہزار اکائیان اور چار ہزار اکائیان اور دو سو اکائیان اور چھہ دس اکائیان اور پانچ اکائیان ہین اور اوسکو دس کروڑ اٹھتر لاکھہ چونتیس ہزار دوسو پینسٹھہ پڑہتے ہین

(۸) بولے ہوئے عدد و نکو جس حکمت سی ہندسون مین لکھتے ہین اوسے کتابت اعداد کہتے ہین اور جس ترکیب سے کہ ہندسونمین لکھے ہوئے اعداد کو بولتے ہین اوسے قرات اعداد کہتے اور روزمرہ کی بول چال مین اس کتابت اور قرات کو لکھنا پڑہنا اعداد کا کہتے ہین

(۹) علامات یا رموز دو ا و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ کی وساطت سے

اعداد کے تعبیر کرنے کی ترکیب اہل یورپ نے عرب والوں سے اور عرب والوں نے ہندوؤں سے سیکھی تھی اور یہی ترکیب انگلستان اور ہندوستان میں کیا بلکہ تمام یورپ میں مروج ہے

امثلہ نمبر ۱ ہندسوں کا لکھنا پڑھنا ان بولے ہوئے عددوں کو ہندسوں میں لکھدو

(۱) ترسٹھ و اکیاسی و ننانوے و چالیس

(۲) دو سو و تین سو تین و سات سو چونسٹھ و آٹھ سو اٹھاسی

(۳) چار ہزار و ایک ہزار چار سو اکہتر و چھ ہزار نو سو تیس و نو ہزار نو

(۴) ستائیس ہزار پانسو چار و تینتیس ہزار و نو ہزار سولہ

(۵) ایک لاکھ و چھ لاکھ چھہتر ہزار پچاس و دو لاکھ دو ہزار پانسو ترانوے

(۶) ستر لاکھ تین ہزار و ایک کروڑ گیارہ لاکھ آٹھ ہزار ایک سو چھ و پانچ کروڑ چالیس لاکھ چون ہزار اٹھاسی و اکسٹھ کروڑ بتیس لاکھ بیس ہزار تین سو تین

(۷) بیس کھرب و نو کھرب تین لاکھ اکیس و نو نیل چورانوے کھرب نو کروڑ چورانوے ہزار نو سو چار

ان اعداد کو پڑھ کر الفاظ میں لکھدو

(۱) ۴۳ و ۶۰ و ۸۸ و ۹۷ و ۵۹ و ۱۲ و ۲۱ و ۱۹

(۲) ۲۵۶ و ۴۰۱ و ۵۰۰ و ۹۹۹ و ۳۶۵ و ۵۷۰۸ و ۸۳۷

(۳) ۲۰۰۰ و ۱۷۲۴ و ۳۰۰۳ و ۷۵۸۴ و ۱۰۷۵ و ۴۵۴۱

(۴) ۳۷۰۰۳ و ۴۷۰۴۹ و ۶۳۰۹۰ و ۸۰۰۰۸ و ۳۴۱۳۲۳

(۵) ۶۸۵۰۴۰۶ و ۸۰۸۰۸۰۸ و ۷۸۴۹۶۳۰ و ۴۱۸۲۵۴

(۶) ۱۰۰۰۰۰۱ و ۲۰۲۲۰۰۲۲ و ۹۲۵۶۸۹۸۷ و ۳۰۱۸۰۰۷۰

(۷) ۲۵۶۰۵۳۰۲۰۰ و ۵۶۰ و ۸۰۰۳۰ و ۹۷۲۸۴۱۳۲۰۸

(۸) ۷۰۷۰۰۰۰۴۲۳ و ۹۸۷۶۵۴۳۲۱ و ۵۷۰۷۰۶۸۰۸۰

(۹) ۱۰۰۱۹۸۷۰۰۰۱۰۰۹۰ و ۴۸۷۲۶۸۷۰۶۳۴۱۰۳۲۶۴

جمع

(۱۰) دو یا زیادہ اعداد کو ملکر جس عدد کے برابر ہوتے ہیں اوس عدد کے معلوم کرنیکی ترکیب جمع کہتے ہیں

(۱۱) عددونکے جمع کرنیسے جو عدد دریافت ہوتا ہے اوسکو اون اعداد کا حاصل جمع کہتے ہیں

(۱۲) جمع کی دو قسمین ہین ایک جمع بسیط دوسری جمع مرکب

جمع بسیط اوسکا نام ہے کہ اعداد مجرد کو جمع کرین یا اعداد مقرون کو جو ایک ہی نام کے ہون مثلاً دن ہی دن ہون یا پیسے ہی پیسے ہون یا سیر ہی سیر ہون اکٹھا کرین

جمع مرکب اوسے کہتے ہین کہ اعداد جو جمع کئے جائین وہ اعداد مقرون ایک ہی جنس کے ہون مگر مختلف النوع مثلاً روپیہ آنہ پائی یا من سیر چھٹانک یا سال مہینہ دن

(۱۳) یہہ علامت + جمع کی جب دو یا زیادہ اعداد کے درمیان واقع ہوتی ہے تو اوس سے مراد یہہ ہوتی ہے کہ وہ اعداد جمع کئے گئے ہین مثلاً ۲ + ۵ + ۷ سے یہہ مراد ہے کہ ۲ اور ۵ اور ۷ جمع ہوئے ہین اور یہہ ۲ + ۵ + ۷ اونکا مجموعہ ہے

یہہ علامت = مساوات اور برابری کی ہے جن عددونکے درمیان لکھی جاتی ہے اوس سے یہہ مطلب ہوتا ہے کہ وہ دونون عدد برابر ہین

یہہ خط ـــ جب دو عدد یا عددونکے اوپر لکھا جاتا ہے اور ان خطوط ( ) قوسی یا وحدانی کے اندر جب عدد لکھے جاتے ہین تو اوس سے مراد یہہ ہوتی ہے کہ تمام عدد خط کے نیچے اور تمام عدد خطوط کے اندر جو ہین اون سب پر باہر کے عدد جو لکھے ہوئے ہین متصرف و موثر ہین یعنی اونکا ایک ہی اثر ہوتا ہے مثلاً ۲ + ۳ یا (۲ + ۳) یا {۲ + ۳} مین سے ہر ایک سے یہہ مفہوم ہوتا ہے کہ جو کچھہ ان خطون سے باہر ہے اوسکا جو کچھہ اثر ۲ پر ہے وہی ۳ پر ہے اور اسکے بالعکس بھی جو ۳ پر اثر ہے وہی ۲ پر اثر ہے

یہہ علامت ∴ سو واسطے اور اسلئے اور نو کی ہے

جمع بسیط

قاعدہ جتنے عددون کو جمع کرنا منظور ہو اونکو اوپر تلے اسطرح لکھو کہ اکائی اکائی کے
نیچے اور دہائی دہائی کے تلے اور سیکڑا سیکڑے کے نیچے اور علی ہذا القیاس ہر مرتبہ اپنے
مرتبہ کے نیچے ہو اور پھر ان سب عددونکے نیچے ایک خط کھینچو (اس خط کو خط عرضی کہتے ہین)
اکائیونکا حاصل جمع دریافت کرو اگر وہ دس سے کم ہو تو اوسکو اکائیونکے نیچے خط کے تلے
لکھدو اور اگر دس سے زیادہ ہو تو اس مجموعہ کا اول سندسہ اکائیونکے تلے لکھدو اور
باقی سندسہ یا سندسے جو ہین اونکو آگے کے مرتبہ مین ملاؤ اور آگے ہر مرتبہ کے
واسطے یہی عمل جاری رکھو اور جب آخر مرتبہ پر پہنچو وہان پورا حاصل جمع لکھدو پس اسطرح
جو خط عرضی کے نیچے مجموعہ لکھا جائیگا وہ ان جدا جدا عددون کا حاصل جمع ہوگا

(۱۴) جمع کرو ۵۴۶۹ اور ۷۴۳ اور ۲۷ کو

اب موافق قاعدہ مذکور کے عمل کرین تو یہہ حاصل ہوگا

```
۵۴۶۹
 ۷۴۳
  ۲۷
----
۶۲۳۹
```

ان باتون پر خیال کرنے سے دلیل قاعدہ کی سمجھہ مین آجائیگی

جب ہم نے ۷ اکائیون اور ۳ اکائیون اور ۹ اکائیونکو جمع کیا تو سکو ۱۰ اکائیان اور
۹ اکائیان حاصل ہوئین یعنے ۱۹ اکائیان اسلئے ہم نے ۹ اکائیون کو اکائیون کے
مرتبہ کے نیچے لکھدیا اور ایک دہائی کو حاصل کر کے آگے کے مرتبہ مین ملایا یعنی دہائیونکے مرتبہ مین
اب مجموعہ ۱ دہائی اور ۴ دہائیون اور ۲ دہائیون اور ۶ دہائیون کا ۱۳ دہائیان ہین
اسلئے ۳ کو وہین کے مرتبہ کے نیچے لکھا اور ایک سو اکائیون کو آگے کے مرتبہ کی سندسونکے
یعنے سیکڑون کے ساتھہ ملایا

اب پھر ایک سو اور سات سو اور ۴ سو کا مجموعہ ۱۲ سو ہے اسلئے دو سو کو سیکڑونکے مرتبہ کے
نیچے لکھا اور ایک ہزار اکائیون کو حاصل کر کے آگے کے مرتبہ کے سندسون کے ساتھہ ملایا

اب پھر ایک ہزار اور ۵ ہزار کا مجموعہ چھ ہزار ہے اسلئے ٦ کو ہزار کے مرتبہ کے نیچے لکھا سب کل حاصل جمع ٦٢٣٩ حاصل ہوا

(١٥) اگر اوپر کی مثال میں ہر ایک سطر کی مقامی کیمت کو بتفصیل لکھیں تو یہ صورت عمل کے پیدا ہوگی

٥٤٦٩ = ٥٠٠٠ + ٤٠٠ + ٦٠ + ٩

٧٤٣ = ٧٠٠ + ٤٠ + ٣

٢٧ = ٢٠ + ٧

(ان کہڑی سطرون کو جمع کیا)

= ٥٠٠٠ + ١١٠٠ + ١٢٠ + ١٩

= ٥٠٠٠ + ١٠٠٠ + ١٠٠ + ١٠٠ + ٢٠ + ١٠ + ٩

(کیونکہ ١٩ = ١٠ + ٩ اور ١٢٠ = ١٠٠ + ٢٠ اور ١١٠٠ = ١٠٠٠ + ١٠٠)

= ٦٠٠٠ + ٢٠٠ + ٣٠ + ٩

(ہزار دو کو اکٹھا اور سیکڑو دو کو جمع کیا و علی ہذا القیاس)

= ٦٢٣٩

انتباہ عمل جمع کی صحت کا امتحان اسطرح ہو سکتا ہی کہ اول عدد دو نچے سطر و نکو نیچے کی طرف سے جوڑیں جسطرح مثال گذشتہ میں کیا ہی اور پھر اوپر کیطرف سی جمع کریں اگر دونو صورتوں میں ایک ہی ماحصل ہو تو جان لیں کہ عمل صحیح ہے

امثلہ نمبری ٢ جمع بسیط

(١)
١٢
٣٥
٥٦
٨٠
―――
١٨٣

(٢)
٥٧
٨٧
٩٥
٤٣
―――

(٣)
٢٣٤
٥٦٧
٧٥٣
٣٤٥
―――
١٨٩٩

(٤)
٦٥٤
٣٢١
٨٠٤
٥٠٩
―――

(٥)
٤٩٤
٥٨٧
٩٥٦
٣٣٦
―――

(٦)
١٧٢١
٣٣٣٣
٥٠٤٦
٢٧٥٤
―――

(٧)
٧٥٠
٣٦
١٨٤٣
٥٩١
―――
٣١٩٠

(٨)
٤٧٨٩
٢٣٤٦
٣٨٥٧
٥٠٠٥
―――

(۹) ۹۱۰۲
۴۷۹۰
۸۷۷۶
۹۰۱

(۱۰) ۸۴۶۷۰
۵۴۳۷
۲۹
۲۱۹۰۴

(۱۱) ۱۷۹۰۶۲۱
۲۰۶۸۰۳
۳۵۳
۹۰۰۲۷۶۶

(۱۲) ۲۵۶۷۸۳
۲۱۰۰۳
۵۷۳۴
۴۰۰۳۶
۲۱
۱۰۰۰۰۱
۴۲۳۵۷۸

(۱۳) ۶۲۷۴۳۲
۶۷۸۶۴۱
۵۴۸۲۰۰
۸۶۸۷۵۹
۳۴۵۶۷۸
۵۴۳۲۰۱

(۱۴) ۸۹ ۲۷۶۴
۹ ۳۶ ۸۷
۹۴۸۲
۱۰۰
۱۵۴۳۴۶
۱۱

(۱۵) ۱۸۰۷۳۵۳
۲۹۸۷۴۳
۵۹۸۷
۷۶۰۰۰۳
۲۴۷
۵۰۷۰۵

(۱۶) ۱۱۷۰۶۴
۹۲۹۷۳
۸۲۷۸۶۹
۳۰۵۱
۷۷۷۷۷۷
۶۵۶۵۶

(۱۷) جمع کرو ۷۳۸۴ و ۳۲۴۶ و ۶۷۸۰ و ۵۷ کو اور ۶۷۴۰ و ۹۷۴۵ و ۵۷۶۹ و
۸۰۳۱ و ۶۵۴۳ و ۲۰۰۲ و ۹۹۹۹ کو اور ۴۵۰۰۸۹ و ۴۲۲۳ و ۲۰۲۴ و ۵۴۰۸ و
۶۰۵۴۶ و ۹۴۰۱ کو

(۱۸) جمع لو ۸۳۷۴۶ و ۲۴۷۸ و ۶۹۲۵۷۷ و ۴۵۶ و ۷ کو اور ۳۷۴۵۳۹ و ۲۶۲ و
۱۳۸۹۷ و ۸۴۵۳ و ۵۰ و ۲۵ و ۳۷۳۴ و ۷۲۴۰۰۸ و ۶۴۹۷۶۸ کو

(۱۹) دریافت کرو حاصل جمع ۴۷۳۸۶۸۵ و ۲۳۷۸۶۹۵۱۳ و ۱۴۸۷۹۴۲۴۳۹۷۸
و ۸۶۵ و ۳۴۶۴۷ و ۲۵۰ کا اور ۶۸۵۳۹۵۸۲ و ۷۸۶۰۲۰۴۵ و ۳۷۰۴۸۹۰۰۰ و .
۷۰۵۵۵۹۱۲۳۴ و ۲۷۶ و ۹۱۲۳۴۵۶۷۸۹ و ۵۰۰ کا اور ۸۸۸۹۲۹۹۴۴ و ۱۷۳۶۰۰
۲۷۹۷۸۴۶۲ و ۳۳۳ و ۵۸۷۵۳۹۶۰۰۶ و ۴۸۲۷۵۳۲ و ۴۸۶۶۸۴۸۳۶۹۱۲۳۴۵
و ۸۰۰۳۲۱۴۸۳۷۹ و ۱۱۱۲۸۵۸۶۷۳ و ۵۳۸۰۰۰۰۰۸۳۵ کی

(۲۰) جمع کرو ایک ہزار چار سو تراسی اور سات سو چھیانوے اور اُنتالیس اور چالیس ہزار ۱۰
سات سو چالیس اور پانچ ہزار آٹھ سو ساٹھ اور پچاس ہزار سات کو

(۲۱) جمع کرو پندرہ ہزار سات سو چہیانوے اور چار سو نو اور دو لاکہہ چوبیس ہزار پچاس اور چالیس لاکہہ تین ہزار چہتر اور چالیس ہزار چہتیس اور دس ہزار نو سو ایک کو

(۲۲) جمع کرو دو کروڑ چہتیس لاکہہ پانسو تین اور چہبین کروڑ تیس لاکہہ چہتر ہزار چونتیس اور گیارہ کروڑ سولہ لاکہہ پچاس ہزار پچاس اور بتیس کروڑ ساٹہہ لاکہہ سات ہزار نو سو اکیانوے اور ایک ارب اکہتر کروڑ ایک ہزار سات سو دس اور دس کہرب تین لاکہہ پانچ کو

تفریق

(۱۶) بڑے عدد مین سے چہوٹے عدد کے گہٹانے کے بعد جو عدد باقی رہتا ہے اوسکے دریافت کرنی کی ترکیب کو تفریق کہتے ہین

جو عدد بڑے عدد مین سے چہوٹے عدد کے تفریق کرنے کے بعد بچتا ہے اوسکو باقی کہتے ہین

(۱۷) تفریق بہی دو قسم کی ہوتی ہے ایک بسیط دوسرے مرکب اور انمین بہی بعینہ وہی فرق ہے جو جمع بسیط اور جمع مرکب مین اوپر بیان ہوچکا ہے

(۱۸) یہہ علامت - تفریق کی جس عدد کے اول لکہی جاتی ہے اوس سے مراد یہہ ہوتی ہے کہ وہ عدد تفریق کیا گیا ہے اور اوسکو نفی کی بہی علامت کہتے ہین

تفریق بسیط

(۱۹) **قاعدہ** چہوٹے عدد کو بڑے عدد کے نیچے اسطرح لکہو کہ اکائی اکائی کے نیچے ہو اور دہائی دہائی کے تلے اور سیکڑا سیکڑے کے نیچے اور علے ہذا القیاس ہر مرتبہ کا ہندسہ اپنے مرتبے کے نیچے ہو اور پہر نیچے کی سطر کے تلے ایک خط عرضی مرتسم کرو نیچے کی سطر کے ہر ہندسہ کی اکائی کو اوپر کی سطر کے ہندسہ اکائیون سے جو اوسکے محاذی ہو اگر کم ہوسکے تو کم کرو اور جو کچہہ بچے اوسکے نیچے خط عرضی کے ماتحت لکہدو اکائی اکائی کے نیچے دہائی دہائی کے نیچے اور علی ہذا القیاس لیکن اگر نیچے کی سطر کا کوئی ہندسہ ایسا ہو کہ اوسکی اکائی سطر بالا کے ہندسے سے جو محاذی اوسکی ہے تفریق نہ

ہوسکے تو اوپر کے ہندسے کے ساتھہ دس ملالو اور سطح زیادہ کرنے سے جو عدد پیدا
ہوا اوسمین سے اب نیچے کی سطر کے ہندسہ کی اکائیونکو تفریق کرو اور جو کچھہ بچے اوسکو
موافق سابق کے لکھدو اور ایک حاصل مانکر نیچے کی سطر مین آئندہ کے مرتبہ کے ہندسہ کے
ساتھہ اوسکو ملاؤ تو یہہ فرق جو خط عرضی کے نیچے پیدا ہوگا وہ اعداد معلومہ کی کل باقی ہوگا

(۲۰) **مثال** ۴۹۳۸ کو ۵۱۲۳ مین سے تفریق کرو
قاعدۂ مذکورہ کے موافق عمل کرنے سے یہہ حاصل ہوگا

۵	۱	۲	۳
۴	۹	۳	۸
	۱	۸	۵

ان باتون پر خیال کرنے سے ہمکو اس قاعدہ کی دلیل معلوم ہوجائے گی
ہم اٹھہ کو ۳ مین سے نہین گھٹا سکتے اسلئے ہم نے ۱۰ اکائیان ۳ اکائیون پر زیادہ
کرکے ۱۳ اکائیان بنالین اور پھر ۸ اکائیونکو ۱۳ اکائیون مین سے کم کیا تو ۵
اکائیان بچین اسلئے ہم نے ۵ کو اون کے مرتبہ کے نیچے لکھدیا لیکن ہم نے دس اکائیان
اوپر کے عدد پر زیادہ کی تہین اسلئے ضرور ہے کہ اوتنی ہی اکائیان یعنے دس اکائیان
نیچے کے عدد پر بہی زیادہ کرین تاکہ دونون عددون کے تفاوت مین کچھہ فرق نہ
آجائے وہ کا وہی رہے اسلئے دس اکائیان یعنے ایک دہائی نیچے کے عدد کے
تین دہائیونکے ساتھہ ملائین تو ۴ دہائیان یعنے ۴۰ بجائے ۳ دہائیون یعنے
۳۰ کی ہوگی - پہر اب ہم ۴ دہائیونکو ۲ دہائیون مین سے تفریق نہین کرسکتے
اسلئے دس دہائیان یعنے ایک سو دو دہائیون پر زیادہ کئے تو بارہ دہائیان یعنی ۱۲۰ حاصل
ہوئے اور پہر اوسمین ۴ دہائیان یعنی ۴۰ کم کئے تو ۸ دہائیان ۸۰ باقی رہے اسلئے ہم نے
دہائیون کے مرتبہ پر ۸ لکھدئے لیکن ہم نے اوپر کے عدد مین سو زیادہ کئے ہین اسلئے ضرور ہے ۱۰
کہ نیچے کے عدد پر بہی ۱۰۰ زیادہ کرین اور اوسکی دلیل وہی ہے جو اوپر بیان ہوئی ہے

جب ایک سو آٹھ سو پر نیچے کے عدد پر زیادہ کئے تو دس سو یعنے ہزار بجائے ۹۰۰ کے
ہو گئے - اب بھی ہم دس کو ایک سو مین سے نہین گھٹا سکتے اسلیئے ہم نے دس کو ایک
یعنے ہزار ایک سو پر زیادہ کئے تو اسکے ٹرے ۱۱۰۰ ہو گئے اوسمین دس سیکڑے یعنی ہزار
کم کئے تو ۱۰۰ بچے اسیواسطے اسی کے مرتبہ مین لکھدیا اب ہمکو نیچے کے عدد کے ساتھہ ہی
بموجب دلیل گذشتہ کے ایک ہزار ملانے چاہئین اسلئے ایک ہزار چار ہزار پر زیادہ کرنے سے
نیچے کے عدد مین ہمکو پانچ ہزار یعنے ۵۰۰۰ حاصل ہوئے

۵۰۰۰ مین ۵۰۰۰ تفریق کئے تو صفر بچا

اسواسطے کل حاصل تفریق یا باقی ۱۸۵ حاصل ہوئے

(۲۱) اوپر کی مثال کو حل اسطرح ہی کر سکتے ہین کہ تمام ہندسون کی مقامی کمیت لکھین

۵۱۲۳ = ۳ + ۲۰ + ۱۰۰ + ۵۰۰۰

= ۳ + ۲۰ + ۱۰۰ + ۱۰۰۰ + ۴۰۰۰

= ۳ + ۱۰+۱۰ + ۱۰۰ + ۱۰۰۰ + ۴۰۰۰

= ۱۳ + ۱۱۰ + ۱۰۰۰ + ۴۰۰۰

اول ۱۰ کو ۱۰۰ کے ساتھہ اور دوسرا ۱۰ کو ۳ کے ساتھہ جمع کرکے اوپر لکھا ہے

۴۹۳۸ = ۸ + ۳۰ + ۹۰۰ + ۴۰۰۰

اب ہزارون کو ہزارون مین سے اور سیکڑون کو بھی سیکڑون مین سے اور علی ہذا القیاس تفریق کرین تو یہ حاصل ہوگا

= ۵ + ۸۰ + ۱۰۰
= ۱۸۵

انتباہ عمل کی صحت کا امتحان اسطرح ہو سکتا ہے کہ چھوٹے عدد کو باقی کے ساتھہ جمع کرین
اگر حاصل جمع برابر بڑے عدد کے ہو تو جاننا چاہئے کہ جو کچھ ہم نے تفریق کرکے نکالا صحیح ہے

امثلہ نمبری ۳ تفریق بسیط

(۱)	(۲)	(۳)	(۴)
۶۶۳	۹۷۶	۷۰۴	۸۰۹
۵۸۰	۵۳۱	۴۸۳	۶۲۰
۸۳			

(۵) ۴۲۳۶	(۶) ۸۰۵۰۲	(۷) ۴۶۰۹۵	(۸) ۵۵۵۵۵۵
۳۰۸۹	۳۸۶۷۲	۲۸۷۳۶	۱۲۳۴۵۶
۱۱۴۷			

(۹) ۱۰۰۰۰۰۰	(۱۰) ۴۰۰۳۵۷۲۴۱	(۱۱) ۸۹۴۳۷۱۸۲
۱۰۰۱۰۱	۹۹۹۸۸۸۷۷	۱۵۷۹۰۲۹۳

(۱۲) دریافت کرو فرق ۴۱۲۸۴۸۰۶۵۴۳۷۵۶ کا اور ۸۲۶۹۵۷۰۷۸۶۳۹۲۷ کا اور ۱۵۲۰۰۱۲۲۲۰۳۰۰۳۲۳۳۳۳۴ کا

(۱۳) دریافت کرو تفاوت ۱۴۴۳۲۶۲۸۹ و ۴۸۴۷۶۷۹۸ کا اور ۱۰۰۰۰۰۰۱۰۰۰۰۰۰۱ و ۷۷۰۰۰۷۷۰۷۷۰۰۷ کا اور ۲۱۰۰۴۶۰۳۰۹۵۵۷۰۹۷۶۵۰۰۰۴۰۰۹۶۶ کا

(۱۴) تفریق کرو نو ہزار کو دس ہزار چہیانوے مین سے اور تین ہزار آٹھہ کو سات ہزار نو سو چوانیس سے

(۱۵) بتلاؤ فرق چار اور چار لاکہہ کا اور دس کروڑ اور تین لاکہہ کا

(۱۶) بتلاؤ فرق پانچ لاکہہ چوراسی ہزار چہتر اور ایک کروڑ اکیاون لاکہہ تین کا

(۲۲) روپیون کے نام ایک اور ترکیب علامتون کے لکھنے کی ہے کبھی کبھی انگریزی مین اوسکا استعمال آتا ہے اردو مین وہ کسی کام کے نہین اسلیے اصل کتاب کے موافق اوسکا ترجمہ کرنا فضول ہے مگر مثل اوسکے ہمارے ملک مین ایک ابجد کا حساب مشہور ہے اوسکا لکھنا ضرور ہے یہہ چند کلمے

ابجد ہوز حطی کلمن سعفص قرشت ثخذ ضظغ - ابجد کہلاتے ہین ان مین سے ہر حرف کے لیے عدد اسطرح مقرر کیے ہین

ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰		

اب جس عدد کو حرفون مین لکھنا منظور ہو وہ انہین حرفون کو ترتیب دیکر لکھہ سکتے ہین مثلاً ۱۵ لکھنے ہین تو یہ ہی لکھدینگے اور اگر تیرہ سو لکھنے ہون تو شغ لکھدینگے یہہ ابجد کا حساب شعرون مین شعرا بہت کام مین لاتے ہین اگر طلبہ ان حرفون کی

نباسکو جو عدد مقرر کئے ہین یاد رکھین گے تو اونکو تاریخ کے سنہ آسانی سے دریافت ہوجاینگے
ان فنون مین حساب کتابی کا نام علم سیاق ہے

امثلہ حساب ابجد نمبری ۴

(۱) تیس اور اٹھتالیس اور اونسٹھہ اور ۲۲۲ کو بحساب ابجد حروف مین لکھو
(۲) اس تاریخ کے سنہ بتاؤ کہ ہمایون بادشاہ ازبام افتاد

ضرب

(۲۳) جب ایک عدد دوسرے عدد کی اکائیون کے موافق بار بار جمع کیا جاے تو جس مختصر ترکیب سے یہہ حاصل جمع دریافت ہوجاے اوسکو ضرب کہتے ہین مثلاً ۳ کو ۴ مین ضرب دینے سے وہ عدد پیدا ہوتا ہے جو ۳ کو ۴ دفعہ جمع کرنے سے حاصل ہوتا ہی اور یہہ مجموعہ برابر ہے ۳+۳+۳+۳ یعنے ۱۲ کے

جس عدد کو بار بار جوڑتے ہین اوسکو مضروب کہتے ہین
جس عدد کے موافق بار بار جمع کرتے ہین اوسکو مضروب فیہ کہتے ہین
جو عدد ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے اوسکو حاصل ضرب کہتے ہین
مضروب اور مضروب فیہ کو کبھی اجزاء ضربی کہتے ہین اس سبب کہ ہر ایک اون مین کا ضرب کا ایک جز ہوتا ہے اور کبھی اونکو مضروبین کہتے ہین

(۲۴) ضرب دو قسم کی ہوتی ہے ایک بسیط دوسرے مرکب - جب مضروب عدد مجرد ہو یا عدد مقرون ایک نام کا ہو تو اوسکو ضرب بسیط کہتے ہین
جب مضروب مین مختلف درجہ کے عدد ہون مگر سب ایک جنس کے ہون تو اوسکو ضرب مرکب کہتے ہین

(۲۵) یہہ علامت × جب دو عددون کے درمیان لکھی جاتی ہے تو اوس سے یہہ مفہوم ہوتا ہے کہ یہہ دونون عدد آپسمین ضرب دئے گئے ہین
(۲۶) اس جدول کو خوب صحت کے ساتھہ یاد رکھنا چاہیے

۱۲	۱۱	۱۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
۲۴	۲۲	۲۰	۱۸	۱۶	۱۴	۱۲	۱۰	۸	۶	۴	۲
۳۶	۳۳	۳۰	۲۷	۲۴	۲۱	۱۸	۱۵	۱۲	۹	۶	۳
۴۸	۴۴	۴۰	۳۶	۳۲	۲۸	۲۴	۲۰	۱۶	۱۲	۸	۴
۶۰	۵۵	۵۰	۴۵	۴۰	۳۵	۳۰	۲۵	۲۰	۱۵	۱۰	۵
۷۲	۶۶	۶۰	۵۴	۴۸	۴۲	۳۶	۳۰	۲۴	۱۸	۱۲	۶
۸۴	۷۷	۷۰	۶۳	۵۶	۴۹	۴۲	۳۵	۲۸	۲۱	۱۴	۷
۹۶	۸۸	۸۰	۷۲	۶۴	۵۶	۴۸	۴۰	۳۲	۲۴	۱۶	۸
۱۰۸	۹۹	۹۰	۸۱	۷۲	۶۳	۵۴	۴۵	۳۶	۲۷	۱۸	۹
۱۲۰	۱۱۰	۱۰۰	۹۰	۸۰	۷۰	۶۰	۵۰	۴۰	۳۰	۲۰	۱۰
۱۳۲	۱۲۱	۱۱۰	۹۹	۸۸	۷۷	۶۶	۵۵	۴۴	۳۳	۲۲	۱۱
۱۴۴	۱۳۲	۱۲۰	۱۰۸	۹۶	۸۴	۷۲	۶۰	۴۸	۳۶	۲۴	۱۲

اوپر کی جدول مین دوسرے سطر مین وہ حاصل ضرب لکھی ہین جو ۲ کو اعداد ۱ و ۲ و ۳ وغیرہ ۱۱ و ۱۲ مین ضرب دینے سے پیدا ہوتے ہین اور تیسری سطر مین انہین سطر کے اعداد کو ۳ مین ضرب دیکے لکھا ہے اور علی ہذا القیاس ایک سے بارہ تک جن دو عددون کا حاصل ضرب دریافت کرنا ہو ان مین سے ایک کو اوپر کی سطر مین اور دوسرے کو سب سے اول عمودی سطر مین دیکھو اور ان دونو کے محاذ مین جو عدد لکھا ہو وہ حاصل ضرب مطلوب ہوگا

اور ان کو پہاڑا کہتے ہین اور اونکو پڑھتے اسطرح ہین کہ دو اکن دو دو دونی چار دو تیے چھہ دو چوک اٹھہ دو پنجے دس دو چھکے بارہ دو ستے چودہ دو اٹھے سولہ دو نم اٹھارہ دو دا بیس دو گیارم بائیس دو بارم چوبیس

۱۰ **انتباہ** مضروبین مین سے ضرور ایک عدد مجرد ہوتا ہے اسلئے کہ اگر ایک بہی نہو تو یہ کہنا کہ چھہ روپیہ کو چار روپیہ مین ضرب دو بے معنی ہے ہم ۶ روپیہ کو ۴ مین ضرب دے سکتی ہین یعنی [illegible]

کر سکتے ہین کہ چھہ روپیون کا چار گنا کیا ہی لیکن اسکے معنی کچھہ نہین سمجھہ سکتے کہ ۶ روپیہ کو ۴ روپیہ مین ضرب دو

ضرب بسیط

(۲۷) قاعدہ مضروب کے نیچے مضروب فیہ بترتیب مراتب لکھو یعنے اکائی اکائی کے نیچے اور دہائی دہائی کے تلے اور علی ہذا القیاس اور پہاڑون کے وسیلہ سی مضروب کے ہر ہندسہ اکائی سی شروع کرکے آخر تک مضروب فیہ کی اکائی کے ہندسہ مین ضرب دو اور حاصل ضرب کو بالکل اوسیطرح لکھو جسطرح جمع مین لکھتی ہین یعنی اکائی کو لکھو اور باقی کو حاصل مانو اور پہر مضروب کے ہر ہندسہ کو اکائی سی شروع کرکے آخر تک مضروب فیہ کے دہائی کے ہندسہ مین ضرب دو اور جو حاصل ہو اوسکے اول ہندسہ کو دہین کی مرتبہ سی لکہنا شروع کرو اور علی ہذا القیاس اسیطرح ہر ہندسہ کے ساتھہ جو آگے آتا جاتے عمل کرو جبتک کہ سب ہندسی مضروب فیہ کے پورے ہون انجام کار حاصل اسیطرح حاصل ہون اونکو جمع کے قاعدے کے موافق جمع کرلو

انتباہ اگر مضروب فیہ ۱۲ سے زیادہ نہو تو عمل ضرب کا ایک سطر مین فقط اوپر کی جدول کے دیکھنے سے ہو سکتا ہے

( ) مثال ۷۶۵۴ کو ۳۹۷ مین ضرب دو

موافق قاعدہ مذکور کے عمل کرنے سے یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

			۷	۶	۵	۴
				۳	۹	۷
		۵	۳	۵	۷	۸
	۶	۸	۸	۸	۶	
۲	۲	۹	۶	۲		
۳	۰	۳	۸	۶	۳	۸

اب ان باتون پر خیال کرنے سے دلیل قاعدہ کی سمجھہ مین اجائے گی

جب اول ۷۶۵۴ کو ۷ مین ضرب دیتے ہین تو اول ہم کہتے ہین کہ سات چوک بموجب جدول مذکور کے ۲۸ ہوئے یعنے ۸ اکائیان اور دو دہائیان اسواسطے ہم نے ۸ اکائیان

لکھدین اور دو دہائیان حاصل سمجھین اب ۵ دہائیان کو ۷ گنا کرینگے پانچ ستے ۳۵ کہینگے اور اون پر پہلے ۲ حاصل کے جمع کرکے ۳۷ بنائینگے یعنی ۷ دہائیان اور ۳ سیکڑے پس ۷ دہائیون کے مرتبہ مین لکھے اور تین حاصل مانے اب پہر ۶ سیکڑون کو ۷ گنا کرکے یعنی ۴۲ سیکڑے حاصل کرینگے انپر ۳ پہلے حاصل کئے سیکڑے زیادہ کئے تو ۴۵ سیکڑے ہوے یعنی ۵ سیکڑے اور ۴ ہزار ۵ سیکڑے کو مرتبے کے نیچے لکھے اور ۴ ہزار حاصل مانے اور ۷ ہزار ۷ گنے ۴۹ ہزار ہوگئے اور پہلے چار ہزار حاصل کے ملائے تو ۵۳ ہزار ہوگئے اونکو ہم نے لکھدیا۔

اب پہر ۷۶۵۴ کو ۹ مین ضرب دیتے ہین لیکن ان کو ۹ مین ضرب دینگے گویا حقیقت مین ۹۰ مین ضرب دیتے ہین اب ۴ اکائیان ۹۰ گنی برابر ہین ۳۶۰ کا یعنی ۳۶ دہائیون اور ۶ دہائیون صفر اکائیون کے سطرے اور اکائیون صفر کو دہائیون کے مرتبے کے نیچے لکھدیتے ہین اور ۳ حاصل کر کے آگے کے ہندسے مین ملاتے ہین اور پہر موافق سابق عمل کرتے ہین جب ہم ۷۶۵۴ کو ۳ مین ضرب دیتے ہین تو درحقیقت ہم ۳۰۰ مین ضرب دیتے ہین اور ۴ کو ۳۰۰ مین ضرب دیا گیا برابر ہے ۱۲۰۰ کے یعنی ۱ ہزار اور ۲ سو کی سیکڑے دہائی اور اکائی دونو صفر ہین اسلیے صفرون کو علحدہ کرکے ہم اول ۲ کو سیکڑے کے مرتبہ مین لکھدیتے ہین اور پہر موافق سابق کے عمل کرتے ہین تب ہم تینون سطرین ہندسونکی جو بطرح حاصل ہوئی ہین جمع کرتے ہین تو حاصلضرب ۷۶۵۴ اور ۳۹۷ کا حاصل ہوگا

(۲۹) اوپر کی مثال کو بطرح ہندسون کی کمیت مقامی لکھکر عمل کرتے ہین

۷×۱۰۰۰+۶×۱۰۰+۵×۱۰+۴ = ۷۶۵۴

۳×۱۰۰+۹×۱۰+۷ = ۳۹۷

۴۹×۱۰۰۰+۴۲×۱۰۰+۳۵×۱۰+۲۸

۶۳×۱۰۰۰۰+۵۴×۱۰۰۰+۴۵×۱۰۰+۳۶×۱۰

۲۱×۱۰۰۰۰۰+۱۸×۱۰۰۰۰+۱۵×۱۰۰۰+۱۲×۱۰۰ ۸

= ۲۱×۱۰۰۰۰۰+۸۱×۱۰۰۰۰+۱۱۸×۱۰۰۰+۹۹×۱۰۰+۷۱×۱۰+۲۸ یہ ہے

۲۰×۱۰۰۰۰۰+۱×۱۰۰۰۰۰

+۸×۱۰۰۰۰+۱×۱۰۰۰۰

+۱×۱۰۰۰۰+۱×۱۰۰۰+۸×۱۰۰۰

۹×۱۰۰۰+۹×۱۰۰

+۷×۱۰۰+۹×۱۰

+۲×۱۰+۸

= ۳۰۰۰۰۰۰+۱۰×۱۰۰۰۰+۳×۱۰۰۰+۱۷×۱۰۰+۱۶×۱۰+۳×۱۰+۸

۸ + ۳×۱۰ + ۶×۱۰۰ + ۱۰×۱۰۰ + ۷×۱۰۰۰ + ۱۰×۱۰۰۰ + ۲×۱۰۰۰۰ + ۱۰۰۰۰۰ + ۲۰۰۰۰۰۰ =

۸ + ۳×۱۰ + ۶×۱۰۰ + ۱×۱۰۰۰ + ۷×۱۰۰۰ + ۱×۱۰۰۰۰ + ۲×۱۰۰۰۰ + ۳۰۰۰۰۰۰

= ۸ + ۳۰ + ۶۰۰ + ۸×۱۰۰۰ + ۳×۱۰۰۰۰ + ۳۰۰۰۰۰۰

= ۸ + ۳۰ + ۶۰۰ + ۸۰۰۰ + ۳۰۰۰۰ + ۳۰۰۰۰۰۰

= ۳۰۳۸۶۳۸

(۳۰) اگر مضروب کے یا مضروب فیہ کے یا دونو کے شروع مین ایک یا کئی صفر واقع ہون تو اونکو عمل مین چھوڑ دینا چاہیے بعد عمل ضرب کے حاصل ضرب کے شروع مین اتنی صفر لگانی چاہئین جتنے کہ مضروب مین یا مضروب فیہ مین یا دونو مین چھوڑ دی تہے مثلاً ۲۶۳ کو ۶۲۰۰ مین اور ۵۷۰ کو ۳۲۰۰ مین ضرب دینا ہو تو یہہ عمل ہوگا

۲۶۳	۵۷۰
۶۲۰۰	۳۲۰۰
۵۲۶	۱۱۴
۱۵۷۸	۱۷۱
۱۶۳۰۶۰۰	۱۸۲۴۰۰۰

دلیل اسکی ظاہر ہے کہ جب ہم دو مین ضرب دیتے ہین تو دراصل ۲۰۰ مین ضرب دیتے ہین اور ۳ کو جب ۲۰۰ سے ضرب دینگے تو ۶۰۰ حاصل ہونگے اور دوسری مثال مین ۵۷ ضرب کئے گئے ۳۲ مین یعنی ۵۷۰ ضرب کئے گئے ۳۲۰۰ مین ہین اونکا حاصل ضرب ۱۸۲۴۰۰۰ ہے

(۳۱) اگر مضروب فیہ مین کسی اور مقام پر صفر واقع ہون تو ضرب دینے مین صفرون پر کچھہ خیال نکرو اور اونکو چھوڑ دو مگر اسبات کا لحاظ رکھو کہ جب صفر کے آگے کے ہندسہ کو ضرب دو تو حاصل ضرب کی اول ہندسہ کو دوسرے ہندسہ کے نیچے نہ لکھو بلکہ تیسرے ہندسہ کے نیچے لکھو غرض مضروب فیہ مین صفرون پر کچھہ خیال نکرو بلکہ فقط اسبات پر خیال کرو کہ جس ہندسہ کو ضرب دو اوسکے حاصل ضرب کو اوسی مرتبہ کے نیچے سے لکھنا شروع کرو دلیل اسکی ظاہر ہے کہ جب ہم کسی عدد کو ۲۰۶ مین ضرب دین تو اول چھہ گنا مضروب کو کرتے ہین اور پھر دو مین

ضرب دیتے ہین تو در حقیقت ۲ گنا نہین کرتے بلکہ دو سو گنا کرتے ہین اسلئے ایک رتبہ زیادہ پیچھے ہٹاتے ہین

(۳۲) جب دو عدد ونکو باہم ضرب دینا ہو تو اختیار ہے کہ جسکو چاہو مضروب بناؤ اور جسکو چاہو مضروب فیہ حاصل ضرب دونونکا ایک ہی حاصل ہوگا یعنے

اگر مضروب کو مضروب فیہ اور مضروب فیہ کو مضروب بنائین تو حاصلضرب ایک ہی ہوگا

مثلاً ۴ × ۲ = ۲ + ۲ + ۲ + ۲ = ۸

۲ × ۴ = ۴ + ۴ = ۸

اسیواسطے حاصل دونو کا ایک ہی ہے اسلئے ۴ × ۲ = ۲ × ۴

پس حاصل ضرب ایک عدد کا دوسرے عدد مین وہی ہوگا جو حاصلضرب دوسرے عدد کا پہلے عدد مین ہے ۵ اور ۳ کو اس ترکیب سے ضرب دیکر ہم اسبات کی اور خوب توضیح کرتے ہین

۱ + ۱ + ۱ = ۳

∴ ۵ × ۳ = (۱ + ۱ + ۱) + (۱ + ۱ + ۱) + (۱ + ۱ + ۱) + (۱ + ۱ + ۱) + (۱ + ۱ + ۱)

۱ + ۱ + ۱ =
۱ + ۱ + ۱ +
۱۵ = ۱ + ۱ + ۱ +
۱ + ۱ + ۱ +
۱ + ۱ + ۱ +

اب اگر ہم ان اکائیونکو داہنی طرف سے بائین طرف شمار کرین تو بھی ۳ پنچے پندرہ ہونگے اور اگر اوپر سے نیچے کی طرف اکائیون کو شمار کرین تو پانچ تیئے پندرہ ہونگے یعنے ۳ × ۵ = ۵ × ۳

اور یہی صورت اور کسی دو عدد کے حاصلضرب کی ہے

(۳۳) ضرب سے جو کچھ حاصل ہو اوسکی صحت کا امتحان اسطرح ہو سکتا ہے کہ مضروب کو مضروب فیہ اور مضروب فیہ کو مضروب بناکر ضرب دین اگر حاصلضرب دونون صورتون مین ایک ہی ہو تو تحقیق جان لین کہ حاصلضرب جو حاصل ہوا تھا وہ صحیح تھا

(۳۴) اب تک ہمنے صرف دو ہی جز ضربی کی حاصل ضرب کا ذکر کیا ہے حاصل ضرب تین اور زیادہ اجزا ضربی کا بھی دریافت ہو سکتا ہے دو سے زیادہ اجزا ضربی کی ضرب کو ضرب متواتر کہتے ہین

مثلاً ۲×۳×۴ ضرب متواتر ۲ اور ۳ اور ۴ اجزاء ضربی کی ہے اور اوس سے مراد یہ ہے کہ پہلے ۲ کو ۳ مین اور حاصلضرب جو کچھ حاصل ہوا اوسکو ۴ مین ضرب دو تو اس عمل کا نتیجہ یہ ہوگا اسلئے حاصلضرب متواتر ۲ اور ۳ اور ۴ کا ۲۴ ہے اور اوسکو اسطرح لکھتے ہین کہ ۲×۳×۴=۲۴

امثلہ نمبری ۵ ضرب بسیط

سوالات ضرب

(۱) ۵۳۴
۴
۲۱۳۶

(۲) ۶۷۳
۳

(۳) ۲۸۶۷
۵

(۴) ۷۴۹۲
۶

(۵) ۲۰۵۷
۷

(۶) ۵۷۴۰۹
۸

(۷) ۲۷۴۵۶۲۸
۹

(۸) ۵۷۶۳
۱۱
۶۳۳۹۳

(۹) ۳۵۹۷۶
۱۱

(۱۰) ۹۱۵۲۵
۱۲

(۱۱) ۲۵۷
۵۳
۷۷۱
۱۲۸۵
۱۳۶۲۱

(۱۲) ۹۶۸۴۳
۱۷

(۱۳) ۸۷۲۹۸
۴۶

(۱۴) ۱۶۰۹۷
۵۹

(۱۵) ۲۹۶۸۹۷
۸۳

(۱۶) ۶۹۲۸۴
۹۰
۶۲۳۵۵۶۰

(۱۷) ۸۴۰۶۰۷
۸۰

(۱۸) ۱۷۵
۱۸۹

(۱۹) ۶۲۹۸
۷۶۹

(۲۰) ۵۴۲۳
۶۰۳
۱۶۲۶۹
۳۲۵۳۸
۳۲۷۰۰۶۹

(۲۱) ۲۵۶۰۷
۵۰۰۴

(۲۲) ۷۸۸۴۷
۸۸۰۳

(۲۳) ۲۳۴۵۷۸ کا ۱۸ و ۲۹ و ۵۳ مین اور ۹۲۴۸۴۶ کا ۶۷ و ۹۵ و ۳۰۳۴ مین اور ۲۸۴۶۰۶۷ کا ۲۰۶ و ۱۰۰۸ و ۹۰۷ مین اور ۸۴۰۹۶۲۱ کا ۲۱۷۱۱ و ۷۰۰۹ و ۸۴۳۵ و ۷۹۸۰ مین حاصلضرب دریافت کرو

(۲۴) ۱۷۵۴ و ۹۳۰۶ کا اور ۴۷۵۰۶ و ۴۵۰۰ کا حاصلضرب بتلاؤ

اور ۱۵۷۶۹۰۱۴۹۵۷۰ کا اور ۸۶۷۴۵۵۰۴۱۳۹۴۳ کا اور ۸۱۵۰۸۵۰
۲۰۰۴۸ کا اور ۹۸۷۶۵۴۳۲۱۰۱۲۳۴۵۶۷۸۹ کا اور
۷۰۰۸۰۹۰۵۰۳۲۱۰۵۷۲۹۸۷۹۲۶۹۹ کا

(۲۵) ۹۴۸۰۳۵۲ کو ۴۷۳۱۲۴۴۶ مین اور ۴۳۴۳۴۲۷۶۰ کو ۵۹۹۹۹۹ مین
اور ۱۷۳۷۶۸۰۷۲ کو ۳۹۹۰۰۸۰ مین اور ۳۸۰۱۵۷۳۲ کو ۵۶۰۰۰۷۰۰۴ مین
اور ۵۷۴۵۸۵۶۱۴۸۹۵ کو ۲۸۳۷۱۵۴۳۰۹ مین ضرب دو

(۲۶) ۶ لاکھ ۵۰ ہزار ۹ کو ۳ ہزار ۸ مین اور ۷ کروڑ ۸ ہزار ۶ سو ۵ کو ۶ کروڑ ۹ ہزار ۹ مین ضرب دو

(۲۷) ۱۲۱۰۱۰۱ کو اور ۱۸۷۳۴۰۲۸۷۳۰۳۸۷۰ کو اور ۵۶۶۶۹۹۸۶۰۰۶۰۹۸۹ کو آپسمین ضرب دو

(۲۸) ۲۰۴۷۰ کو ۳۰۱۰ مین اور ۲۹۵۸ کو ۷۰۰۷ مین ضرب دو اور ہر جملہ عمل کو دلیل سے بیان کرو

تقسیم بسیط

(۳۵) قسمت یا تقسیم اوس ترکیب کا نام ہے جس سے یہہ دریافت کرتے ہین کہ ایک عدد مین سے دوسرا عدد کَے دفعہ تفریق ہوسکتا ہی جس عدد مین دیکھتے ہین کہ کَے دفعہ تفریق ہوسکتا ہی اوسکو مقسوم کہتے ہیں اور جس عدد کو دیکھتے ہین کہ کَے دفعہ تفریق ہوسکتا ہے اوسکو مقسوم علیہ کہتے ہیں اور جتنی دفعہ تفریق ہوتا ہے اوسکو خارج قسمت کہتے ہین

(۳۶) تقسیم دو طرح کی ہوتی ہے ایک بسیط دوسری مرکب جس تقسیم مین مقسوم اور مقسوم علیہ دونون اعداد مجرد ہون یا دونون عدد مفرون ایک ہی نام کے ہون اوسکو تقسیم بسیط کہتے ہین اور جس تقسیم مین دونو مقسوم اور مقسوم علیہ اعداد مفرون ایک جنس کے مختلف درجہ کے ہون اوسکو تقسیم مرکب کہتے ہین

(۳۷) یہہ علامت ÷ تقسیم کی ہے جن دو عدد و نکے درمیان لکھی جاتی ہے اوس سے ... تی ہے کہ اس علامت کے ماقبل کا عدد اوسکے مابعد کے عدد پر تقسیم کیا گیا ہی

(۳۸) تقسیم مین اگر مقسوم عدد مقرون ہو تو مقسوم علیہ عدد مقرون یا عدد مجرد ہو سکتا ہے اور اس صورت مین جب مقسوم علیہ عدد مقرون ہوگا تو خارج قسمت عدد مجرد ہوگا اور جب مقسوم علیہ عدد مجرد ہوگا تو خارج قسمت عدد مقرون ہوگا مثلاً ۵ روپیہ ۴ گنے کیے گئے برابر ۲۰ روپیے کے ہین اسواسطے ۲۰ روپیہ کو پانچ روپیہ پر تقسیم کرین تو ۴ عدد مجرد خارج قسمت ہوگا یعنے جب مقسوم علیہ عدد مقرون بنا تو خارج قسمت عدد مجرد نکلا اور جب ۲۰ روپیہ کو ۴ پر تقسیم کرین تو ۵ روپیہ عدد مقرون خارج قسمت نکلینگے یعنی جب مقسوم علیہ عدد مجرد ہوا تو خارج قسمت عدد مقرون نکلا

قسمت بسیط

(۳۹) **قاعدہ** مقسوم اور مقسوم علیہ اسطرح لکھو

خارج قسمت) مقسوم (مقسوم علیہ

مقسوم مین سے آخر کی طرف سے اتنی ہندسے لو کہ اون سے جو عدد بنے وہ چھوٹا مقسوم علیہ سے نہو اور اب پہاڑون سے دریافت کرو کہ مقسوم علیہ کا آخر ہندسہ بائین طرف سے کتنی دفعہ مقسوم کے بائین طرف کے آخر ایک ہندسہ یا دو ہندسون مین جا سکتا ہے جتنی دفعہ جا سکے اوسی کا عدد خارج قسمت مین لکھدو اور اس ہندسہ کو مقسوم علیہ مین ضرب دو اور اس حاصل ضرب کو لکھدو اور اوس کو اوس عدد مین سے جو پہلے مقسوم مین سے بائین طرف علیحدہ کیا تھا تفریق کرو اور حاصل تفریق کے دائین طرف ایک اور ہندسہ مقسوم مین سے اوتار لو اور پھر وہی عمل موافق سابق کے کرو اگر مقسوم علیہ باقی سے بڑا ہو تو خارج قسمت مین صفر لگا دو اور ایک اور ہندسہ مقسوم مین سے باقی کے دائین طرف اول اوتار لو اور پھر عمل موافق سابق کے کرو

پس اسی عمل کو مرعی رکھو جبتک کہ ہندسے مقسوم کے اوتر آئین اگر کچھ باقی نرہے تو صرف خارج قسمت اسطرح دریافت ہوگا اور اگر کچھ باقی رہے تو خارج قسمت اور باقی دونون اسطرح دریافت ہو جائینگے

انتباہ اول جب خارج قسمت مین ہندسہ تجویز کرکے مقسوم علیہ مین ضرب دیکر باقی بچے نیچے جا

ضرب کو لکھتے ہین اس صورت مین حاصلضرب وس عدد سے جو اوسکے اوپر لکھا ہوا ہے بڑا
ہو تو خارج قسمت مین جو ہندسہ تجویز کیا تہا اوسے گھٹا دین اور اگر کوئی باقی برابر یا بڑے
مقسوم علیہ سے ہو تو خارج قسمت کے آخر ہندسہ کو بڑہا دین غرض اسطرح خارج قسمت کو بدل دو

اشتباہ دوم اگر مقسوم علیہ ۱۲ سے زیادہ نہو تو تقسیم فقط ایک سطر مین پہاڑون کے وسیلہ سے ہو جائیگی

(۴۰) ۲۳۳۸۲۶۸ کو ۶۷۵۸ پر تقسیم کرو

موافق قاعدہ مذکورہ کے عمل کرنے سے یہہ حاصل ہوگا

۶۷۵۸)۲۳۳۸۲۶۸(۳۴۶
۲۰۲۷۴
۳۱۰۸۶
۲۷۰۳۲
۴۰۵۴۸
۴۰۵۴۸
×

سو واسطے خارج قسمت ۳۴۶ ہوا

ان باتون پر خیال کرنے سے دلیل قاعدہ کی سمجہہ مین آجائیگی

مقسوم علیہ مین چہہ ہزار سات سو اٹہاون ہین اور مقسوم کے آخر پانچ ہندسونکا عدد
تئیس لاکہہ اڑتیس ہزار دو سو کو تعبیر کرتا ہے

اب مقسوم علیہ اس عدد مین ۳۰۰ دفعہ شامل ہے اور ۶۷۵۸×۳۰۰=۲۰۲۷۴۰۰
اب اگر آسانی کے لئے اول کے دو صفر دور کرکے اوپر کی سطر مین جو ہین اونکے نیچے ہم کو لکہین
تو یہہ لکھنا صحیح ہے اسلئے کہ اگر دو صفر لگاکر لکھتے تو بھی اوسیسے یہی عدد مفہوم ہوتے جو
اب ہوئے ہین اب اس حاصل ضرب کو تفریق کرو تو باقی ۳۱۰۸ ہوئے جس سے تین لاکھہ
دس ہزار آٹھہ سو مفہوم ہوتے ہین اب بموجب قاعدہ کے ۶ کو جو حقیقت ۶۰ ہین اوتارلو
اور صفر کو یہان بھی اوسی وجہ کر سبب لکھو جو اوپر مذکور ہوئے اب یہہ

عدد تین لاکھہ دس ہزار آٹھہ سو ساٹھہ کو تعبیر کرنے لگا اور اوسمین مقسوم علیہ ۴۰ دفعہ شامل ہے اور ۶۷۵۸×۴۰ = ۲۷۰۳۲۰ اب یہان پہر صفر کو اوسی سبب سے چھوڑ دو جو اوپر بیان ہوا اور ۲۷۰۳۲ کو ۳۱۰۸۶ مین سے تفریق کیا تو بعد تفریق کے یہہ بچا ۴۰۵۴ اس سے چالیس ہزار پانچسو چالیس سمجھے جاتے ہین اب بموجب قاعدہ کے ۸ کو اوتار لیا تو یہہ عدد چالیس ہزار پانچ سو اڑتالیس کو تعبیر کرنے لگا اور اوسمین ۶۷۵۸ پورے ۶ دفعہ شامل ہے اسلیئے ۲۳۳۸۲۶۸ کو ۶۷۵۸ پر تقسیم کرنیسے خارج قسمت ۳۴۶ نکلا

(۱۴) اگر اوپر کی مثال مین سے صفر نہ دور کرین تو عمل کی یہہ صورت ہوگی

```
۶۷۵۸)۲۳۳۸۲۶۸(۳۰۰+۴۰+۶
     ۲۰۲۷۴۰۰
     -------
      ۳۱۰۸۶۸
      ۲۷۰۳۲۰
      ------
       ۴۰۵۴۸
       ۴۰۵۴۸
       -----
```

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مقسوم علیہ مقسوم مین سے ۳۰۰ دفعہ تفریق کیا گیا ہے اور تفریق کرنے سے جو باقی بچا ہے اوسمین چالیس دفعہ تفریق کیا گیا ہے اور پہر جو کچھہ بچا ہے اوسمین سے چھہ دفعہ اور پہر کچھہ باقی نہین رہا اس سے معلوم ہوا کہ عدد ۶۷۵۸ پورے ۳۴۶ دفعہ ۲۳۳۸۲۶۸ مین شامل ہے

اوپر کی ترکیب کی صداقت اسطرح سے بہی ثابت ہوتی ہے

۲۰۲۷۴۰۰+۲۷۰۳۲۰+۴۰۵۴۸=۲۳۳۸۲۶۸

```
۶۷۵۸)۲۰۲۷۴۰۰+۲۷۰۳۲۰+۴۰۵۴۸(۳۰۰+۴۰+۶
     ۲۰۲۷۴۰۰
     -------
              ۲۷۰۳۲۰
              ۲۷۰۳۲۰
              ------
                      ۴۰۵۴۸
                      ۴۰۵۴۸
                      -----
```

(۴۲) مثال ۵۶۴۳۸۹۷۱ کو ۴۰۶۴ پر تقسیم کرو

۴۰۶۴) ۵۶۴۳۸۹۷۱ (۱۳۸۸۷
۴۰۶۴
۱۵۷۹۸
۱۲۱۹۲
۳۶۰۶۹
۳۲۵۱۲
۳۵۵۷۷
۳۲۵۱۲
۳۰۶۵۱
۲۸۴۴۸
۲۲۰۳

اسواسطے ۵۶۴۳۸۹۷۱ مین عدد ۴۰۶۴ کا ۱۳۸۸۷ دفعہ شامل ہے اور ۲۲۰۳ باقی ہے

(۴۳) اگر مقسوم علیہ کے اول صفر ہون تو تقسیم کا اختصار اس قاعدے سے ہو سکتا ہے کہ مقسوم علیہ مین سے صفرون کو ساقط کردو اور جتنے صفر ساقط کئے ہون اوتنے ہندسے داہنی طرف سے مقسوم مین سے جدا کردو اور پھر باقی ہندسون پر عمل موافق دفعہ ۳۹ کے قاعدے کے کرو اور آخر کو جو باقی رہے اوسکی داہنی طرف وہ ہندسے جو مقسوم مین سے علیحدہ کئے تھے شامل کرلو تو کل باقی حاصل ہو جائیگی

مثال ۵۳۷۵۲۳ کو ۳۴۰۰ پر تقسیم کرو

بموجب قاعدہ کے

۳۴|۰۰) ۵۳۷۵|۲۳ (۱۵۸
۳۴
۱۹۷
۱۷۰
۲۷۵
۲۷۲
۳

اسواسطے ۵۳۷۵۲۳ مین ۱۵۸ دفعہ عدد ۳۴۰۰ شامل ہے اور ۳۲۳ باقی رہی نیز ان باتون پر خیال کرنے سے دلیل قاعدہ کی سمجھ مین آجائے گی کہ ۵۳۷۵۲۳ مین

۵۳۷۵ سیکڑے اور ۲۳ ہین جنمین سے ۵۳۷۵۰۰ مین ۱۵۸ دفعہ ۳۴۰۰ شامل ہے اور ۳۰۰ زیادہ بچ رہتے ہین اور ۳۲۳ مین ۳۴۰۰ کسیطرح شامل نہین ہو سکتا اسلیے ظاہر ہے کہ خارج قسمت ۱۵۸ ہوگا اور باقی ۳۲۳ رہین گے

انتباہ یہی قاعدہ وہان بہی ہے جہان مقسوم اور مقسوم علیہ دونوکی اول صفر ہون

(۴۴) حدود جس عدد کے اجزاء ضربی ایسی نہ ہو سکتی ہون کہ ہر ایک انمین سے ایک سے بڑا ہو تو اوسکو عدد اولے کہتے ہین

مثلاً ۲ و ۳ و ۵ و ۷ و ۱۱ و ۱۳ اعداد اولے ہین

اور جس عدد کے علیحدہ علیحدہ اجزاء ضربی ایسی ہو سکتی ہین کہ ہر ایک اونمین سے ایک سے بڑا ہو یعنی جو عدد ایسا ہو کہ دو یا زیادہ اعداد جنمین سے ہر ایک واحد سے بڑا ہو ضرب دینے سے پیدا ہوا اسکو عدد مرکب کہتے ہین مثلاً ۴ ہے جو = ۲×۲ اور ۶ ہے جو = ۳×۲ اور ۸ ہے جو = ۲×۲×۲ اعداد مرکب ہین اسلیئے کہ اونمین سے ہر ایک دو یا زیادہ عددونکا حاصل ضرب ہے جنمین سے ہر ایک واحد سے بڑا ہے

جو اعداد ایسے ہون کہ اونکا کوئی جزء ضربی مشترک سوا ایک کے نہ ہو یعنے سوا ایک کے کسی پر وہ پوری نہ تقسیم ہوتے ہون اونکو اعداد متباین کہتے ہین مثلاً ۳ و ۵ و ۷ و ۱۱ اعداد متباین ہین

(۴۵) جب مقسوم علیہ ایسا عدد مرکب ہو کہ دو اجزاء ضربی اوسکے ہون اور انمین ایک بہی ۱۲ سے زیادہ نہو تو تقسیم مختصر کے قاعدہ کے بموجب ایک جزء ضربی پر تقسیم کرو اور جو کچھ حاصل ہو اوسکو دوسرے جزء ضربی پر تقسیم کرو اور اگر بعد ہر ایک تقسیم کے کچھ باقی بہی رہے تو اصل باقی اسطرح دریافت کرو کہ باقی ثانی کو مقسوم علیہ اول مین ضرب دو اور حاصل ضرب پر باقی اول کو زیادہ کرو تو حاصل جمع کل باقی ہوگی

مثال ۵۶۷۳۲ کو ۴۵ پر تقسیم کرو

۴۵	۹	۵۶۷۳۲
	۵	۶۳۰۳ — ۵
		۱۲۶۰ — ۳

کل باقی ۳×۹ + ۵ یا ۲۷+۵ = ۳۲ ہے

اسلئے خارج قسمت جو ۵۶۷۳۲ کو ۴۵ پر تقسیم کرنے سے پیدا ہوتا ہے برابر ہے
۱۲۶۰ کی اور ۳۲ باقی رہتے ہے

ان باتون پر خیال کرنے سے دلیل قاعدہ کی سمجھ مین آجاتی ہے

۶۳۰۳ ہے ۵ گنا ۱۲۶۰ کا مع ۳ کے

اور ۵۶۷۳۲ ہے ۹ گنا ۶۳۰۳ کا مع ۵ کے

یعنے ۵۶۷۳۲ ہے ۹ گنا (۵ گنی ۱۲۶۰ + ۳) مع ۵ کے

یعنے ۴۵ گنا ۱۲۶۰ کا + ۲۷ + ۵

۴۵ گنا ۱۲۶۰ + ۳۲

(۴۶) عمل ضرب کی صحت کے جانچنے کے لئے ایک عمل ہے اوسکا نام میزان صحت ہے اور وہ عبارت اسسے کہ نونو کو طرح دین اور طریقہ اوسکے استعمال کا یہہ ہے کہ مضروب کے سب ہندسونکو جمع کرکے ۹ پر تقسیم کرو جو باقی بچے اوسکو لکھلو اور پہر مضروب فیہ کے سب ہندسون کو جمع کرکے ۹ پر تقسیم کرو جو باقی بچے اوسے لکھہ لو اور پہر ان باقیون کو ضرب دو اور حاصل ضرب کو ۹ پر تقسیم کرو جو باقی بچے اوسے بہی لکھہ لو پس اگر یہہ باقی وہی نکلی جو مضروب اور مضروب فیہ کے حاصل ضرب کے سب ہندسونکے جمع کرنے سے اور ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی نکلتی ہے تو غالباً عمل صحیح ہے اور اگر ان باقیون مین اختلاف ہو تو عمل یقیناً غلط ہے

یہہ میزان صحت اس بنا پر مبنی ہے کہ اگر کسی عدد کو ۹ پر تقسیم کرین تو باقی وہی رہتی ہے جو اوسکے سب ہندسونکو جمع کرکے ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہتی ہے اور ثبوت اسکا یہہ ہے

۱۰۰ = ۹۹ + ۱

اب یہاں باقی ایک ہے خواہ تو ۱۰۰ کو ۹ پر تقسیم کرو یا اوسکے ہندسونکی مجموعہ کو یعنی ۱ کو ۹ پر تقسیم کرو اسلئے کہ ۹۹ بغیر باقی کے ۹ پر پورا تقسیم ہوتا ہے اور علیٰ ہذا القیاس

۲+۹۹×۲=۲۰۰

۳+۹۹×۳=۳۰۰

۴+۹۹×۴=۴۰۰

۵+۹۹×۵=۵۰۰

وغیرہ = وغیرہ

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر ۱۰۰ اور ۲۰۰ اور ۳۰۰ وغیرہ کو ۹ پر تقسیم کریں تو یہی وہی باقی رہتی ہے جو اونکے ہندسونکے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہتی ہے

اور نیز عدد ۵۳۲ = ۲+۳۰+۵۰۰

= ۲+۱۰×۳+۱۰۰×۵

= ۲+۳+۹×۳+۵+۹۹×۵

اب ظاہر ہے کہ اگر اجزا ۵×۱۰۰ اور ۳×۱۰ اور ۲ جس سے کہ کل عدد پیدا ہوتا ہے ۹ پر تقسیم کئے جائیں تو باقیات ۵ اور ۳ اور ۲ رہیں گے اسلئے ۵۳۲ کو جب ۹ پر تقسیم کریں گے تو باقی وہی رہے گی جو ۵+۳+۲ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے رہتی ہے

اب اس میزان کے صداقت کے تفصیل کے لئے ایک مثال دیتے ہیں کہ ۵۳۳ کو ۵۷ میں ضرب دو

۵۳۳
۵۷
۳۷۳۱
۲۶۶۵
۳۰۳۸۱

اب ۵۳۳ = ۲+۵۹×۹ = ۲+۵۳۱
۵۷ = ۳+ ۶×۹ = ۳+ ۵۴

یہہ بات صاف ظاہر ہے کہ ۵۳۱ کو ۹ پورا بغیر باقی کی تقسیم کرتا ہے تو ۵۳۱×۵۷ کو بھی

۹ پورا تقسیم کریگا اسلئے ۵۳۳ اور ۵۷ کی حاصل ضرب کو ۹ پر تقسیم کرنے سے وہی باقی رہے گی جو ۵۷ اور ۲ کے حاصل ضرب کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہتی ہے

اب چونکہ حاصل ضرب ۵۷ اور ۲ کا = (۳+۵۴)×۲ اور حاصل ضرب ۵۴ اور ۲ کا ۹ پر پورا تقسیم ہوگیا ہے اسلئے ۵۳۳ اور ۵۷ کے حاصل ضرب کو ۹ پر تقسیم کرنے سے وہی باقی رہیگی جو ۳ اور ۲ کے حاصل ضرب کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی بچ رہتی ہے یعنے مضروب اور مضروب فیہ کو جو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقیات رہتی ہیں اونکے حاصل ضرب کو ۹ پر تقسیم کرنے سے وہی باقی رہتی ہے جو اول مضروب اور مضروب فیہ کے حاصل ضرب کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہتے ہے

اب خواہ ۳۰۳۸۱ کو ۹ پر تقسیم کریں خواہ اوسکی ہندسوں کے مجموعہ ۱۵ کو ۹ پر تقسیم کریں تو دونوں صورتوں میں ۶ باقی رہتے ہیں اور ۳×۲ کو بھی ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہتے ہیں اسواسطے یہ نتیجہ نکلا کہ ۳۰۳۸۱ صحیح حاصل ضرب ۵۳۳ اور ۵۷ کا ہے

انتباہ اگر کوئی غلطی ۹ کی یا اوسکے اضعاف کی ہوجائیگی تو بھی میزان کے نتائج مطابق ہونگے اسلئے ایسے حالت میں غلطی پکڑی نہ جائیگی

امثلہ نمبر ۴ قسمت بسیط

(۱) ۴۵۶ ÷ ۲	(۲) ۹۰۶۸۰ ÷ ۲	(۳) ۲۶۱۰۷۰۳۰۸ ÷ ۲
(۴) ۶۳۷۸ ÷ ۳	(۵) ۴۷۰۸۵۰ ÷ ۳	(۶) ۳۸۵۷۳۴ ÷ ۳
(۷) ۴۴۲۰۹۶ ÷ ۴	(۸) ۴۷۳۹۲۴۸۸ ÷ ۴	(۹) ۳۳۷۶۳۵ ÷ ۵
(۱۰) ۹۸۷۶۵۴۰ ÷ ۵	(۱۱) ۸۹۰۱۰۶ ÷ ۶	(۱۲) ۲۷۸۲۰۴۶ ÷ ۶
(۱۳) ۹۶۲۳۳۹۹ ÷ ۷	(۱۴) ۷۸۴۳۲۴۰۷ ÷ ۷	(۱۵) ۱۶۴۸۷۶۴ ÷ ۸
(۱۶) ۳۸۱۲۳۱۲ ÷ ۸	(۱۷) ۷۸۶۹۲۳۱ ÷ ۹	
(۱۸) ۳۹۲۳۷۸۴۰ ÷ ۹	(۱۹) ۴۰۷۷۹۲ ÷ ۱۱	

(۲۰) ۹۱۸۷۵۳۴۲ ÷ ۱۱

(۲۱) ۲۱۱۴۳۲ ÷ ۱۲

(۲۲) ۴۳۶۰۰۳۹۱ ÷ ۱۲

(۲۳) ۴۰۴۵۸۶۰ ÷ ۱۳

(۲۴) ۷۸۹۵۴۳۳۱۸ ÷ ۱۷

(۲۵) ۱۲۳۴۵۶۰ ÷ ۲۰

(۲۶) ۸۲۲۴۷۷۶ ÷ ۱۸

(۲۷) ۴۶۸۳۰۵۹ ÷ ۲۷

(۲۸) ۸۱۷۲۸۶۲۲۸ ÷ ۴۴

(۲۹) ۵۴۹۰۶۷۳۴ ÷ ۵۹

(۳۰) ۶۸۴۸۷۳۴۷۵۲ ÷ ۹۶

(۳۱) ۷۰۸۶۵۴۳۲ ÷ ۸۷

(۳۲) ۶۴۹۳۰۵۷۴۵ ÷ ۵۵

(۳۳) ۲۸۸۹۴۵۴۵ ÷ ۱۲۳

(۳۴) ۴۳۳۴۱۸۱۷۵ ÷ ۶۱۵

(۳۵) ۱۶۷۴۹۱۸ ÷ ۱۸۹

(۳۶) ۳۱۸۸۴۷۴۰ ÷ ۷۷۹

(۳۷) ۵۳۶۸۱۹۷۴۱ ÷ ۹۰۷

(۳۸) ۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱ ÷ ۵۰۱۶۰

(۳۹) ۸۲۳۵۴۶۰۸۰۰ ÷ ۱۴۴۰

(۴۰) ۵۷۳۸۰۹۲۵ ÷ ۷۵۷۵

(۴۱) ۳۵۳۰۰۸۹۷۲۶۹۲ ÷ ۵۴۰۶

(۴۲) ۵۹۹۹۹۱۵۶۷۲۱۲ ÷ ۲۴۹۸

(۴۳) ۲۶۷۹۹۵۳۴۶۸۷ ÷ ۷۸۹۰۰۰۰

(۴۴) ۵۷۱۱۱۰۴۰۵۱ ÷ ۳۸۵۱

(۴۵) ۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰ ÷ ۱۱۱۱۱۱۱۱ پر

(۴۶) ۶۳۴۳۹۴۵۶۷ ÷ ۱۶۴۶۰۰

(۴۷) ۶۷۱۵۷۱۴۸۳۷۲ ÷ ۹۰۰۰۹

(۴۸) ۱۲۲۰۲۲۵۲۹۲ ÷ ۲۰۰۵۶۳

(۴۹) ۷۴۲۸۹۲۷۴۱۵۲۹۳ ÷ ۸۴۸۹۴۳۲۷

(۵۰) ۶۰۴۳۵۶۷۴۵۳۶۸۴۵ ÷ ۷۹۰۹۴۴۵۱

(۵۱) ۶۵۳۵۸۵۴۷۸۲۳ ÷ ۵۵۷۸

(۵۲) ۳۹۶۸۹۰۱۵۳۱۶۲۰ ÷ ۹۸۷۶۳۷۹۴۳

(۵۳) ۱۵۲۱۸۱۲۵۵ کو ۳۸۵۴ پر تقسیم اور تشریح عمل کرو

(۵۴) ۱۴۳۲۵۵ کو ۴۰۹۳ پر تقسیم اور تشریح عمل اور امتحان صحت کرو

(۵۵) ۲۰۳۵۳۴۱۹۱ کو ۷۲ پر تقسیم اول قاعدۂ طولانی سے اور پھر اجزا ر

ضرب ہی کرو اور ثابت کرو کہ دونوں صورتوں میں نتائج مطابق پیدا ہوتے ہیں

وفق مشترک اعظم معروف بہ مقسوم علیہ اعظم

(۴۷) اگر ایک عدد معلوم کو دوسرا عدد پورا تقسیم کردے تو اوسکو وفق یا مقسوم علیہ کامل یا قاسم کامل یا عاد پہلے عدد کا کہتے ہیں

مثلاً ۶ کو ۲ پورا تقسیم کرتا ہے تو ۲ کو عاد یا قاسم کامل یا مقسوم علیہ کامل یا وفق ۶ کا کہیں گے

جب ایک عدد وفق دوسرے عدد کا ہو تو پہلے عدد کو کہتے ہیں کہ دوسرے عدد کو پورا تقسیم کرتا ہے

(۴۸) جب ایک عدد میں دوسرا عدد پوری دفعہ شامل ہو تو پہلے عدد کو ذو اضعاف یا مضاعف یا ضعف پہلی عدد کا کہتے ہیں مثلاً ۹ ذو اضعاف یا ضعف و مضاعف ۳ کا ہے

(۴۹) وفق مشترک دو یا زیادہ عددوں کا وہ عدد ہوتا ہے جو اونمیں سے ہر ایک کو پورا تقسیم کرتا ہے مثلاً ۱۸ و ۲۷ و ۳۶ کا وفق مشترک ۳ ہے

دو یا زیادہ عددوں کا وفق مشترک اعظم یا مقسوم علیہ اعظم وہ عدد بڑے سے بڑا ہے جو اعداد معلوم میں سے ہر ایک کو پورا تقسیم کرتا ہے مثلاً ۱۸ اور ۲۷ اور ۳۶ کا وفق یا مقسوم علیہ اعظم ۹ ہے

(۵۰) اگر ایک عدد دو عددوں میں سے ہر ایک کو پورا تقسیم کرے تو وہ اونکے مجموعہ اور حاصل تفریق کو بھی تقسیم کرے گا اور ہر ایک عدد کے ذو اضعاف کو بھی تقسیم کرے گا

مثلاً ۳ پورا پورا ۹ اور ۱۵ کو تقسیم کرتا ہے تو اونکے مجموعہ اور اونکے حاصل تفریق کو اور ۹ اور ۱۵ میں سے ہر ایک کے ذو اضعاف کو بھی پورا تقسیم کرے گا

مجموعہ ۹ اور ۱۵ کا = ۹ + ۱۵ = ۲۴ = ۳ × ۸

اسواسطے ۳ اونکے مجموعہ ۲۴ کو پورا تقسیم کرتا ہے

فرق اونکا = ۱۵ - ۹ = ۶ = ۲ × ۳

اسواسطے ۳ اونکے فرق ۶ کو پورا تقسیم کرتا ہے

اب ۳۶ ذو اضعاف ۹ کا ہے اور ۳۶ = ۱۲ × ۳

اسواسطے ۳ پورا اس ۹ کے ذو اضعاف کو تقسیم کرتا ہے اور اسیطرح اور ۹ کے
ذو اضعافون کو بہی پورا تقسیم کرتا ہے

اب ۷۵ ذو اضعاف ۱۵ کا ہے اور ۷۵ = ۳×۲۵

اس واسطے ۳ پورا اس اضعاف ۱۵ کو تقسیم کرتا ہے اور اسیطرح اور ۱۵ کے ذو اضعافون کو
بہی پورا تقسیم کرے گا

(۵۱) دو عددون کا مقسوم علیہ اعظم دریافت کرو

قاعدہ بڑے عدد کو چھوٹے عدد پر تقسیم کرو پہر اگر کچہ باقی رہے تو اس باقی پر پہلے
مقسوم علیہ کو تقسیم کرو اور اگر پہر بہی باقی رہے تو اوسپر دوسرے مقسوم علیہ کو تقسیم کرو اور
علے ہذا القیاس جو آخر باقی رہے اوسپر آخر مقسوم علیہ کو تقسیم کرو یہانتک کہ آخر کو کچہ باقی
نہ بچے تو آخر مقسوم علیہ مقسوم علیہ مشترک اعظم ہوگا

۴۷۵ اور ۵۸۹ کا مقسوم علیہ اعظم دریافت کرو

قاعدہ کے موافق عمل کرنے سے

۴۷۵) ۵۸۹ (۱
۴۷۵
۱۱۴) ۴۷۵ (۴
۴۵۶
۱۹) ۱۱۴ (۶
۱۱۴

اسواسطے ۴۷۵ اور ۵۸۹ کا مقسوم علیہ اعظم ۱۹ ہے

عمل مذکور کی دلیل یہہ ہے کہ

کوئی عدد جو ۵۸۹ اور ۴۷۵ کو پورا تقسیم کرتا ہے تو وہ بموجب دفعہ ۵۰ کے اونکے
حاصل تفریق یعنے ۵۸۹ - ۴۷۵ یا ۱۱۴ کو بہی پورا تقسیم کرے گا
اور ۱۱۴ کے ذو اضعاف کو یعنے ۴ × ۱۱۴ یا ۴۵۶ کو بہی بموجب دفعہ ۵۰ کے پورا
تقسیم کرے گا

اور جو عدد ۴۵۶ اور ۴۷۵ کو تقسیم کرتا ہے وہ
بموجب دفعہ ۵۰ کے انکی فرق یعنی ۴۷۵ - ۴۵۶ یعنی ۱۹ کو بھی پورا تقسیم کرے گا
اور کوئی عدد جو ۱۹ سے بڑا ہو مثل اعداد ۴۷۵ اور ۸۹ کو تقسیم نہیں کر سکتا
اسواسطے کہ جو عدد ان دونوں کو پورا تقسیم کرے تو وہ ضرور ہے کہ ۱۹ کو بھی پورا تقسیم کرے اور یہ
نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ عدد ۱۹ سے چھوٹا نہو
اب ۱۹ پورا ۸۹ اور ۴۷۵ کو تقسیم کرتا ہے
اسواسطے کہ ۱۹ پورا ۱۱۴ کو تقسیم کرتا ہے (کیونکہ ۱۱۴ = ۶ × ۱۹)
اسواسطے ۱۹ پورا ۴ × ۱۱۴ کو یعنی ۴۵۶ کو پورا تقسیم کرتا ہے بموجب دفعہ ۵۰ کے
اسواسطے ۱۹ پورا ۴۵۶ + ۱۹ یعنی ۴۷۵ کو پورا تقسیم کرتا ہے بموجب دفعہ ۵۰ کے
اسواسطے ۱۹ پورا ۴۷۵ + ۱۱۴ یعنی ۸۹ کو پورا تقسیم کرتا ہے
اسواسطے ۱۹ ان دونوں کو پورا تقسیم کرتا ہے اور کوئی اور عدد ۱۹ سے بڑا ان کو نہیں تقسیم کر سکتا
اسواسطے ۱۹ مقسوم علیہ اعظم مشترک ہے

(۵۲) تین یا زیادہ اعداد کا مشترک مقسوم علیہ اعظم دریافت کرو
قاعدہ اول دو عددوں کا مشترک مقسوم علیہ اعظم دریافت کرو اور پھر اس مقسوم علیہ اعظم اور
تیسرے عدد کا مقسوم علیہ اعظم مشترک معلوم کرو اور پھر اس مقسوم علیہ اعظم اور چوتھے عدد کا
مقسوم علیہ اعظم مشترک دریافت اور علی ہذا القیاس تا آخر مقسوم علیہ اعظم مشترک جو
دریافت ہوگا وہ مقسوم علیہ اعظم مشترک مطلوب ہوگا
مثال مقسوم علیہ اعظم ۱۶ اور ۲۴ اور ۱۸ کا دریافت کرو
بموجب قاعدہ مذکور کے

۱۶)۲۴(۱
۱۶
۸)۱۶(۲
۱۶

اسواسطے ۸ مقسوم علیہ اعظم ۱۶ اور ۲۴ کا ہے

اب ۸ اور ۱۸ کا مقسوم علیہ اعظم معلوم کرو

۸)۱۸(۲
۱۶
۲)۸(۴
۸

اسواسطے ۱۶ اور ۲۴ اور ۱۸ کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ۲ ہے

عمل مذکورہ کی دلیل یہہ ہے

دفعہ ۵ سے ظاہر ہے کہ جو عدد ۱۶ اور ۲۴ کو پورا تقسیم کرتا ہے وہ ۸ کو بھی پورا تقسیم کرتا ہے

اسیواسطے جو عدد ۱۶ اور ۲۴ اور ۱۸ کو پورا تقسیم کرتا ہے وہ ۸ اور ۱۸ کو بھی پورا تقسیم کرتا ہے

اسیواسطے ۱۶ اور ۲۴ اور ۱۸ کا مقسوم اعظم ۸ اور ۱۸ کا مقسوم علیہ اعظم ہوگا

اسیواسطے ۱۶ اور ۲۴ اور ۱۸ کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ۲ ہے

امثلہ نمبری ۷ مقسوم علیہ اعظم

(۱) مقسوم علیہ اعظم دریافت کرو

(۱) ۱۶ و ۷۲ کا (۲) ۳۰ و ۷۵ کا (۳) ۶۳ و ۹۹ کا

(۴) ۵۵ و ۱۲۱ کا (۵) ۱۲۸ و ۳۲۴ کا (۶) ۱۲۰ و ۳۲۰ کا

(۷) ۲۷۲ و ۴۲۵ کا (۸) ۲۹۴ و ۶۷۲ کا (۹) ۷۲۰ و ۸۴۰ کا

(۱۰) ۸۲۵ و ۹۶۰ کا (۱۱) ۷۷۵ و ۱۸۰۰ کا (۱۲) ۸۵۶ و ۹۳۶ کا

(۱۳) ۱۷۶ و ۱۰۰۰ کا (۱۴) ۱۲۳۶ و ۱۶۳۲ کا (۱۵) ۶۴۰۹ و ۷۳۹۵ کا

(۱۶) ۴۸۹ و ۱۵۷۳ کا (۱۷) ۱۷۲۹ و ۵۸۵۰ کا (۱۸) ۵۲۱۰ و ۵۷۱۸ کا

(۱۹) ۳۰۲۳ و ۷۵۸۱ کا (۲۰) ۳۴۶۸ و ۱۲۴۴۶ کا (۲۱) ۲۴۸۴ و ۲۶۲۸ کا

(۲۲) ۳۴۴۴ و ۴۸۱۱ کا (۲۳) ۵۵۴۴ و ۵۲۶۸ کا (۲۴) ۳۰۶۷ و ۷۳۲۵ کا

(۲۵) ۱۰۳۹۵ و ۱۹۸۱۹ کا (۲۶) ۸۰۹۳۳ و ۱۱۰۳۳۳ کا (۲۷) ۱۲۴۲ و ۲۳۲۳ کا

(۲۸) ۱۳۵۳۶ و ۱۴۸۹۲۳ کا (۲۹) ۷۳۴۲۲۴ و ۲۸۵۵۸۰ کا (۳۰) ۱۴۷ و ۲۸۵ و ۹۹۹۹۹ کا

(۳۱) ۱۰۳۵۳ و ۱۴۸۷۷ کا (۳۲) ۲۷۱۴۶۹ و ۳۰۵۵۹ کا

(۲) دریافت کرو مقسوم علیہ اعظم

(۱) ۱۴ و ۱۸ و ۲۴ کا (۲) ۱۶ و ۲۴ و ۲۸ و ۴۲ کا

(۳) ۱۳ و ۵۲ و ۴۱۶ و ۷۸ کا (۴) ۷۳۸ و ۱۳۳۴ و ۱۱ و ۷۴۳ و ۱۳ کا

(۵) ۵۰۸ و ۱۱۳۱ و ۷۸ و ۱۹ کا (۶) ۲۸ و ۸۴ و ۱۵۴ و ۳۴۳ کا

(۷) ۴۰۵ و ۲۹۲ و ۵۲۰ و ۱۵ کا (۸) ۳۴۴ و ۱۸۴ و ۵ و ۱۲ و ۹۶ کا

مشترک ذو اضعاف اقل

(۵۳) دو یا زیادہ اعداد کا ذو اضعاف مشترک وہ عدد ہے جسمین کہ اعداد معلوم میں سے ہر ایک پوری دفعہ بغیر باقی کے شامل ہو مثلاً ۳ و ۹ و ۱۸ و ۲۴ کا ذو اضعاف مشترک ۱۴۴ ہے

دو یا زیادہ اعداد کا مشترک ذو اضعاف اقل وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد ہے جسمین کہ اعداد معلوم میں سے ہر ایک پوری دفعہ بغیر باقی کے شامل ہے مثلاً ۳ اور ۹ اور ۱۸ اور ۲۴ کا ۷۲ ذو اضعاف اقل مشترک ہے

(۵۴) دو اعداد کا مشترک ذو اضعاف اقل دریافت کرو

قاعدہ دونوں عددوں کے حاصل ضرب کو ان کے مقسوم علیہ اعظم پر تقسیم کرو تو خارج قسمت ذو اضعاف اقل ہوگا

مثال ۱۸ اور ۳۰ کا مشترک ذو اضعاف اقل دریافت کرو

بموجب قاعدہ مذکور کے

۱۸) ۳۰ (۱
۱۸
۱۲) ۱۸ (۱
۱۲
۶) ۱۲ (۲
۱۲
×

اسواسطے ۱۸ اور ۳۰ کا مشترک مقسوم علیہ اعظم ۶ ہے

اسواسطے ۱۸ اور ۳۰ کا مشترک ذو اضعاف اقل ۹۰ ہے

عمل مذکور کی دلیل یہہ ہے

۱۸ = ۶ × ۳ اور ۳۰ = ۶ × ۵

چونکہ ۳ اور ۵ اوسکے اجزاء ضربی ہین اسواسطے ظاہر ہے کہ ۱۸ اور ۳۰ کا مقسوم علیہ اعظم ۶ ہے اسلئے اونکی مشترک ذو اضعاف اقل کی اجزاء ضربی ۳ اور ۶ اور ۵ ہونگے اب ۱۸ کے ہر ذو اضعاف مین ۳ اور ۶ ضرور جز ضربی ہونگے اور ۳۰ کے ہر دو ذو اضعاف مین ۶ اور ۵ ضرور جز ضربی ہون گے اسیواسطے ہر ایک عدد جو ۱۸ اور ۳۰ کا ذو اضعاف مشترک ہے اوسکی اجزاء ضربی ۳ اور ۵ اور ۶ ہونگے اور چہوٹے سے چہوٹا عدد جسمین وہ اجزاء ضربی شامل ہین ۳ × ۵ × ۶ یعنے ۹۰ ہے

اب ۹۰ = (۶ × ۳) (۵ × ۶) تقسیم کیا گیا ۶ پر

= ۱۸ × ۳۰ تقسیم کیا گیا ۶ پر

= ۱۸ × ۳۰ تقسیم کیا گیا ۱۸ اور ۳۰ کے مشترک مقسوم علیہ اعظم پر

(۵۵) اس سے معلوم ہوا کہ جو اعداد اوسے ہین یعنی وفق مشترک سوا ایک کے نہین رکہتے اونکا حاصل ضرب ہی اونکا مشترک ذو اضعاف اقل ہوتا ہے

(۵۶) تین یا زیادہ اعداد کا مشترک ذو اضعاف اقل دریافت کرو

قاعدہ عددون مین سے دو عددونکا اول ذو اضعاف اقل دریافت کرو اور پہر اس ذو اضعاف اقل اور تیسرے عدد کا ذو اضعاف اقل دریافت کرو اور سے علی ہذا القیاس

پس جو عدد اسطرح آخر کو مشترک ذو اضعاف اقل دریافت ہوگا وہ مشترک ذو اضعاف اقل

مطلوب ہوگا

مثال ۹ اور ۱۸ اور ۲۴ کا ذو اضعاف اقل دریافت کرو

بموجب قاعدہ مذکور کے عمل کرو

چونکہ ۱۸ اور ۹ کا ۹ مقسوم علیہ اعظم ہے تو ۱۸ اور ۹ کا ذو اضعاف اقل مشترک ۱۸ ہوگا

اب ۱۸ اور ۲۴ کا ذو اضعاف اقل اسطرح معلوم ہوتا ہے کہ

۱۸) ۲۴ (۱
۱۸
۶) ۱۸ (۳
۱۸

اسواسطے ۱۸ اور ۲۴ کا ذو اضعاف اقل (۱۸×۲۴) تقسیم کیا گیا ۶ پر ہوگا

۲۴
۱۸
۱۹۲
۲۴
۶) ۴۳۲
۷۲

اسواسطے ۷۲ ذو اضعاف اقل مطلوب ہے

عمل مذکور کے واسطے یہہ دلیل ہے کہ

۹ اور ۱۸ کا ہر ایک ذو اضعاف اونکے ذو اضعاف اقل ۱۸ کا ذو اضعاف ہے

اسیواسطے ۹ اور ۱۸ اور ۲۴ کا ذو اضعاف مشترک ۱۸ اور ۲۴ کا ذو اضعاف مشترک ہے

اسیواسطے ۹ اور ۱۸ اور ۲۴ کا مشترک ذو اضعاف اقل ۱۸ اور ۲۴ کا ذو اضعاف مشترک اقل ہے

لیکن ۱۸ اور ۲۴ کا ذو اضعاف اقل ۷۲ ہے اسواسطے ۹ اور ۱۸ اور ۲۴ کا ذو اضعاف اقل ۷۲ ہے

(۵۷) جب بہت سے عددونکا ذو اضعاف اقل مشترک دریافت کرنا ہو تو اوسکے نکالنے کی آسان ترکیب اس قاعدہ مین بیان ہوتی ہے

قاعدہ سب عددونکو ایک سطر مین داہنی طرف سی بائین طرف جدا جدا لکھہ لو اور تمیز کے لئے

ہر دو عدد کے نیچے درمیان واو لکھ دو اب جو اعداد کہ وفق مشترک رکھتے ہوں اون کو وفق مشترک پر تقسیم کر کے خارج قسمتوں کو اونکے نیچے اور جو اعداد کہ اس وفق پر تقسیم نہ ہوتے ہوں اونکو بعینہ اونکے نیچے ایک سطر میں پہلی طرح سے جدا جدا لکھو اب اس دوسرے سطر پر بھی وہی عمل کرو جو پہلی سطر پر کیا تھا اور علی ہذا القیاس اور نیچے کی سطروں پر بھی یہی عمل کئے جاؤ جب تک کہ ایسے عدد دو نیچے سطر حاصل ہو کہ اونمین کوئی عدد دو وفق مشترک باہم نہ رکھتا ہو پس تمام ان مقسوم علیہوں اور اس آخری سطر کے عددوں کا حاصل ضرب مشترک ذو اضعاف اقل مطلوب ہوگا

تنبیہ اکثر آسانی عمل میں ہوجائیگی اگر ہم تقسیم اول عدد ۲ سے ہی شروع کریں اور جہاں تک ممکن ہو وہاں تک اسی ۲ پر بار بار تقسیم کریں اور پھر اعداد ۳ اور ۵ وغیرہ پر اسی طرح تقسیم کریں

مثال ۱۸ و ۲۸ و ۳۰ و ۴۲ کا ذو اضعاف اقل دریافت کرو

بموجب قاعدہ مذکور کے عمل کرنے سے

۲	۱۸ و	۲۸ و	۳۰ و	۴۲
۲	۹ و	۱۴ و	۱۵ و	۲۱
۳	۹ و	۷ و	۱۵ و	۲۱
۷	۳ و	۷ و	۵ و	۷
	۳ و	۱ و	۵ و	۱

اسیواسطے ذو اضعاف اقل مطلوب = ۲×۲×۳×۷×۳×۵ = ۱۲۶۰

عمل مذکور کی دلیل یہہ ہے

۱۸ = ۲×۳×۳ اور ۲۸ = ۲×۲×۷ اور ۳۰ = ۲×۳×۵ اور ۴۲ = ۲×۳×۷

اسلئے ۱۸ اور ۲۸ کی ذو اضعاف اقل کا ضرور جز ضربی ۲×۲×۳×۳×۷ ہوگا اور یہہ جز ضربی بظاہر ذو اضعاف مشترک ۲×۳×۳ یعنے ۱۸ اور ۲×۲×۷ یعنے ۲۸ کا معلوم ہوتا ہے اب چھوٹے سے چھوٹا عدد جسمین ۲×۲×۳×۳×۷ شامل ہوا نہیں اعداد کا

حاصل ضرب بھی اسلئے ۱۸ اور ۲۸ کا ذو اضعاف اقل ۲×۲×۳×۳×۷ ہے

اب یہہ بھی صاف ظاہر ہے کہ ذو اضعاف اقل ۱۸ اور ۲۸ اور ۳۰ مین یعنی ۲×۲×۳×۳×۷

اور ۳۰ یعنی ۲×۲×۳×۳×۷ اور ۲×۳×۵ مین ایک جزو ضربی ۲×۲×۳×۳×۷×۵

ضرور شامل ہوگا اور یہہ جزو ضربی خود ۲×۳×۳ یعنی ۱۸ اور ۲×۲×۷ یعنی ۲۸ اور ۲×۳×۵ یعنی ۳۰ کا

مشترک ذو اضعاف ہے تو موافق سابق کے یہہ ثابت ہوا کہ مشترک ذو اضعاف اقل ۱۸ اور ۲۸ و ۳۰ کا

۲×۲×۳×۳×۷×۵ ہے اور پھر ۲×۲×۳×۳×۷×۵

اور ۴۲ کے یعنی ۲×۲×۳×۳×۷×۵ اور ۲×۳×۷ کے ذو اضعاف اقل مین

۲×۲×۳×۳×۷×۵ جزو ضربی ضرور ہوگا اور یہہ جزو ضربی بموافق سابق کے ظاہر معلوم ہوتا ہے

کہ ۱۸ اور ۲۸ اور ۳۰ اور ۴۲ کا ذو اضعاف مشترک ہے اب چہوٹے سے چہوٹا عدد جسمین

۲×۲×۳×۳×۷×۵ شامل ہو انہین اعداد کا حاصل ضرب ہے

اسیواسطے حاصل ضرب یعنی ۱۲۶۰ مطلوب ذو اضعاف اقل ہے

تنبیہ دوم اس اوپر کی ترکیب کا کبھی کبھی اختصار یہی اسطرح ہوجاتا ہے کہ جس سطر مین ہم ایسے اعداد دیکھین کہ وہ اور اعداد کو پورا تقسیم کرتے ہون تو اونکو حساب مین نہ لگاوین اور چھوڑ دین یا اونپر قلم پہیر دین مثلاً ۲ و ۴ و ۸ و ۱۶ و ۱۰ و ۴۸ کا ذو اضعاف اقل دریافت کرنا ہے تو یہان اعداد ۲ و ۴ و ۸ و ۱۶ کہ ۴۸ کو پورا تقسیم کرتے ہین چہوڑ دو یا اونپر قلم مار دو اور ذو اضعاف اقل ۴۸ اور ۱۰ کا ۲۴۰ معلوم کرو یہی ذو اضعاف اقل مطلوب ہوگا

امثلہ نمبری ۸ ذو اضعاف اقل

(۱) دریافت کرو ذو اضعاف اقل

(۱) ۱۶ و ۲۴ کا (۲) ۳۶ و ۷۵ کا (۳) ۷ و ۱۵ کا (۴) ۲۸ و ۳۵ کا

(۵) ۳۱۹ و ۴۰۷ کا (۶) ۳۳۳ و ۵۰۴ کا (۷) ۲۹۶۱ و ۶۹۹ کا (۸) ۷۵۶۸ و ۹۵۰۴ کا

(۹) ۴۶۶۲ و ۵۴۶۰ کا (۱۰) ۹۳۲۷ و ۲۳۹۹۶ کا (۱۱) ۵۴۱۵ و ۳۰۱۰۵ کا

(۱۲) ۱۵۸۶۳ و ۲۱۴۸۹ کا

(۲) دریافت کرو ذو اضعاف اقل

(۱) ۱۲ و ۸ و ۹ کا (۲) ۸ و ۱۲ و ۱۶ کا (۳) ۶ و ۱۰ و ۱۵ کا (۴) ۸ و ۱۲ و ۲۰ کا
(۵) ۷ و ۲۴ و ۲۸ و ۵۱ کا (۶) ۱۲ و ۱۵ و ۱۸ کا (۷) ۱۹ و ۲۹ و ۳۸ کا (۸) ۲۴ و ۴۸ و ۴۴ و ۶۴ و ۱۹۲ کا
(۹) ۶۳ و ۱۲۰ و ۴۸ و ۱۴۴ کا (۱۰) ۵ و ۷ و ۹ و ۱۱ و ۱۵ کا (۱۱) ۶ و ۱۵ و ۲۴ و ۲۵ کا
(۱۲) ۱۲ و ۱۸ و ۳۰ و ۴۸ و ۶۰ کا (۱۳) ۱۵ و ۲۵ و ۶۳ و ۷۲ کا (۱۴) ۹ و ۱۲ و ۱۴ و ۲۱۰ کا
(۱۵) ۵۴ و ۱۸ و ۶۳ و ۱۴ کا (۱۶) ۲۴ و ۱۰ و ۳۲ و ۲۵ و ۴۵ کا
(۱۷) ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ کا (۱۸) ۷ و ۸ و ۹ و ۱۸ و ۲۴ و ۷۲ و ۱۴۴ کا
(۱۹) ۱۲ و ۲۰ و ۲۴ و ۵۴ و ۱۸ و ۶۳ و ۱۴ کا

(۲۰) ۲۲۵ و ۲۵۵ و ۲۸۹ و ۱۰۲۳ و ۱۷۰۵ کا

متفرق سوالات اور مثالین نمبری ۹

اول

(۱) اعداد ملفوظی اور مکتوبی کے نظم مروج کو بالتفصیل بیان کرو اور ۳۰۰۶۰۸۰ میں جو ۰ ۰
اور اکثر مراتب کی دلیل عمل بیان کرو

(۲) ۹۰۴۰۹ ۰ ۹۰۴۰۹ اور ۹۰۴۰۹ کے معنی بالتفصیل بیان کرو اور انکا مجموعہ اور فرق دریافت
کرو اور جو عمل اونمین کرو اونکو مفصلاً بیان کرو

(۳) ۱۵۷۴ پر اوسکا اپنا ۹۸۳ گن زیادہ کرو اور ۲۰۱۷ پر اوسکا اپنا ۴۰۸ گن زیادہ کرو
اور پہر ان دونون مجموعون کا تفاوت دریافت کرو

(۴) ایک آدمی تہتر برس کی عمر کا اب ہے اور ۳۷ برس کی عمر مین اوسکے لڑکا ۔ ۔
تہا تو لڑکے کی عمر بتاؤ

(۵) خطوط عرضی اور وحدانی کے اور ان رموز + و − ۔ ۔

اس جملہ کی قیمت دریافت کرو کہ

۲×۴۰،۳۴×۴ ÷ ۹،۱۵۲ – ۲،۳۴،۴ – ۳،۱۵۳×۱۵

دوم

(۱) اکائی اور عدد اور حساب کی تعریف بیان کرو اور بتاؤ عدد مجرد اور مقرون میں فرق کیا ہے

(۲) ایک قصبہ میں ۴۴ آدمیوں میں سے ایک آدمی اور شہر میں ۵۰ آدمیوں میں سے ایک آدمی سالانہ مرتا ہے اور قصبہ میں ۸،۷۵ باشندے اور شہر میں ۹،۲۵۰ باشندے رہتے ہیں تو بتاؤ کتنے برسوں میں قصبے اور شہر میں ملکر دس ہزار موتیں واقع ہونگی

(۳) اعداد مکتوبی اور ملفوظی کی تعریف بیان کرو اور بتاؤ کہ چار کو اور ۹ کو سب کو لکھو

(۴) قیمت ۱،۸۷،۴۹،۴ – ۳،۵۴،۴۹ + (۹،۰۷،۵۰،۴ – ۳،۱۷،۷)

– (۳۳،۹۸،۷ – ۵،۴۳،۱۲) – (۲۳،۴،۱۷،۴۳) + ۹،۷ ۳ × ۳،۷۹ کی دریافت کرو

(۵) کس عدد کو ۵۲۸ پر تقسیم کریں کہ ۳۶ خارج قسمت نکلے اور ۱۴۴ باقی رہے

سوم

(۱) تقسیم اور ضرب کی تعریف بیان کرو اور ثابت کرو کہ حاصل ضرب دو عددوں کا ایک ہی ہوتا ہے خواہ انکو کسی ترتیب سے ضرب دیں

(۲) ایک دیوان میں ۱۵۴۸۳ اور دوسرے دیوان میں ۹۸۹۲ اشعار ہیں تو بتاؤ ایک لڑکا روز ۸۵ شعر پڑھنے سے کتنے دنوں میں دونوں دیوان کو پڑھ کر ختم کریگا

(۳) دو یا زیادہ عددوں کے مقسوم علیہ اعظم اور ذو اضعاف اقل سے کیا مراد ہوتی ہے اور ثابت کرو کہ دو عددوں کا حاصل ضرب برابر ہوتا ہے انکے ذو اضعاف اقل اور مقسوم علیہ اعظم کے حاصل ضرب کے

(۴) علامت ÷ کے معنی بیان کرو اور

+۶ – ۵۳ ÷ (۱۲۵۳۰ – ۲۰۳۷۴) – ۳× (۴۹۱۳ –

(۳۹۵۴۵۶-۲۳۶۴۴) ÷ ۵۵۶ کی قیمت دریافت کرو

(۵) سوہن موہن اور رادہا چوسر کھیلنے بیٹھے اور سب ملکر ۱۰۸ بازیان کھیلے اونمین سوہن اور رادہا ۹۰ بازیان اور موہن اور رادہا ۱۵ بازیان کھیلا تو بتاؤ ہر ایک کتنی بازیان کھیلا

چہارم

(۱) جمع اور تفریق کی تعریف بیان کرو عدد اولے سے کیا مراد ہے کن اعداد کو ایک دوسرے کی نسبت متبائن کہتے ہین مثالین بیان کرو اعداد کی جمع مین جسطرح حاصل کو شامل کرتے ہین اوسکو ۱۳۸۶۴ اور ۱۴۷۶۸ اور ۵۹۳۸ اکے جمع کرنے مین بیان کرو

(۲) جن دو عددون کا حاصل ضرب ۳۷۳۶۲۳۵ ہے اور بڑا عدد ۸۷۵ ہے اونکے جمع فرق کو دریافت کرو

(۳) باپ کی ۲۱ برس کی عمر مین لڑکا پیدا ہوا جب باپ پچاس برس کا ہوگا تو لڑکے کی عمر کیا ہوگی اور جب لڑکے کی ۵۰ برس کی عمر ہو تو اوسکے باپ کی کیا عمر ہوگی

(۴) ہندسونمین دس کروڑ ایک لاکہہ ایک سو ایک کو لکھو اور ۱۰۱۰۱۰۱۰۱ کو الفاظ مین پڑہو

(۵) کن اعداد کو مرکب کہتے ہین بڑے سے بڑا ایسا عدد دریافت کرو کہ ۱۸۴۹ اور ۱۱۳۲ کو پورا تقسیم کر دے اور چھوٹے سے چھوٹا عدد بھی دریافت کرو جو ان عددون پر پورا تقسیم ہو جاے اور ہر صورت عمل کو بیان کرو

پنجم

(۱) ۴۷۸ کو ۱۴۶ مین ضرب دو اور نو نو کو طرح دیکر حاصل کا امتحان کرو کونسی ایسی صورتین مین جہان اس میزان سے غلطی عمل کی نہین دریافت ہوتی ۴۸۴۳۳ کو ۹۹ پر تقسیم کرو اور خارج قسمت کو جس میزان صحت سے چاہو جانچو

(۱) ۸۶ کو کس عدد مین ضرب دین کہ حاصل ضرب وہی ہو جو ۱۱۶۳ اور ۳۰۴۳ کی حاصل ضرب ہے ہوتا ہے

(۲) ایک پرگنہ مین ۱۲۰۰۰۰ آدمی رہتے ہین اور اونمین اگر دو اور پولتی مین تو تین ہندی

بولتے ہیں اور سات دو تو اردو ہندی بولتے ہیں تو بتاؤ کتنے آدمی صرف اردو بولتے ہیں اور کتنے نرے ہندی اور کتنے اردو ہندی

(۴) ایک امیر مرگیا اور اپنا مال اسطرح تقسیم کرنے کی وصیت کر گیا کہ ۱۰۰۰۰ روپیہ بیوی کو اور ۱۵۰۰۰ روپیہ بڑی بیٹی کو ملیں بشرطیکہ دیہاتی مدرسہ کا مکان ۳۵۰۰ روپیہ کا بنا دے اور چار چھوٹے بیٹوں میں سے ہر ایک کو ۵۰۰۰ روپیہ اور تین بیٹوں میں سے ہر ایک کو ۳۲۷۵ روپیے ملیں اور ۴۵۶۲۳ مختلف خیرات کے کارخانوں میں خرچ ہوں اور ۵۹۹ روپیے نوکروں میں تقسیم ہوں تو بتاؤ امیر کسقدر سرمایہ چھوڑ مرا

(۵) ۹۲۸۱ کو جس عدد پر تقسیم کرنے سے ۱۷ خارج قسمت نکلے اور ۳۷۲ باقی رہے اوسکو دریافت کرو

مشق ششم

(۱) حروف ابجد کی جسطرح اعداد تعبیر ہوتی ہیں اوسکو بیان کرو اور اعداد ۵۹۳ اور ۱۱۰۰ اور ۹۰۰ کو حروف ابجد میں لکھو

(۲) حاصل ضرب اور جزو ضربی اور خارج قسمت کی تعریف بیان کرو اور مثال دیکر اس بات کو سمجھاؤ کہ جہاں مقسوم علیہ کے اول میں صفر ہوں وہاں کسطرح تقسیم کا اختصار ہو سکتا ہے

(۳) ایک عمل تقسیم میں باقی ۹۷ ہے اور خارج قسمت ۱۲۲۵ اور ان دونوں کے مجموعہ سے بقدر ۹۱ کے مقسوم علیہ زیادہ ہے تو مقسوم بتاؤ کیا ہے

(۴) اعداد ۱۳۰ و ۱۲۷۰ اور ۲۶۷۸۴ کو الفاظ میں بیان کرو اور دس ہزار دو سو چونتیس کو ہندسوں میں لکھو اور ایسا چھوٹے سے چھوٹا عدد دریافت کرو کہ جسکو آخر عدد پر زیادہ کریں تو ۸ پر پورا تقسیم ہو جائے

(۵) ایک بوڑھا ساٹھ برس کا ہے اور اوسکے دو بیٹے اور ایک لڑکی ہے اور اوسکی عمر سب اپنے بچوں کی عمروں کی برابر ہے دو برس پہلے اوسکی عمر اپنے بڑے بیٹے کی عمر سے دو چند تھی اور باپ اور بڑے بیٹے کی عمریں ملکر ستر کی تھیں چھوٹے بیٹے کی عمر سے نا نہیں تو اوسکی اولاد کی عمر دریافت کرو کہ کیا کیا ہیں

کسور کا بیان

(۵۸) اگر آکسی عدد مفرد ان مثلاً ایک گز کو تعبیر کرے تو وہ کئی ایک حصونمین تقسیم ہو سکتا ہے
فرض کرو کہ وہ حصے سب آپسمین برابر ہون اور اونکی تعداد ۳ ہو توان تین مین سے ایک
حصہ ۱/۳ سی تعبیر ہوگا اور پڑہنے مین ایک تہائی پڑہا جائے گا اور دو حصے ⅔ لکھے جائینگے
اور دو تہائیان کہلائینگے اور تین حصے یعنے سارا ۳/۳ لکہا جائے گا اور ایک
اور گز کے اسیطرح ۳ حصے کرین ان مین سے ایک حصہ کو پہلے ۳/۳ کے ساتھہ شامل کرین
تو مجموعہ ۴/۳ سے تعبیر ہوگا اور چار تہائیان کہلائینگی اگر ایسے دو حصے زیادہ کرین گے
۵/۳ حصے کہلائینگے اور علی ہذا القیاس جتنے جتنے حصے کسی گز کے ہوتے جائینگے ویسے ہی
کہلاتے جاینگے۔ یہہ اکائی کے حصون کے بیان کرنے کی طرز ہے اور اکائی کے ان
حصونکو اعداد مکسور یا کسور کہتے ہین

(۵۹) عدد اکائی کے ایک حصہ کو اور اکائی کے کئی حصون کو کسر کہتے ہین کسر دو
عددون سے بیان کیجاتی ہے ایک عدد اوپر ہوتا ہے اور دوسرا اوسکے نیچے بیچمین ایک خط
عرضی ہوتا ہے نیچے کے عدد کو نسب نما یا مخرج یا مقام کہتے ہین اور اوس سے یہہ معلوم ہوتا ہے
کہ ایک اکائی کے کتنے برابر حصے ہوئے ہین اور اوپر کے عدد کو شمار کنندہ یا کسر یا بسط کہتے
ہین اور اوس سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ جتنے اوپر حصے کئے تہے اونمین سے کتنے حصے
کسر بنانے کے واسطے لئے ہین

۵/۶ کے یہہ معنی ہین کہ اکائی کو چھہ برابر حصونمین تقسیم کیا ہے اور ان حصونمین سے پانچ
حصے لئے ہین اگر ایک گز کے چھہ برابر حصے کرکے پانچ حصے اونمین سے لین اور ایک گز
کو ایک سی تعبیر کرین توان حصون کو جو لئے ہین ۵/۶ سے تعبیر کرین گے
۱۰/۶ سے یہہ مراد ہوگی کہ ایک اکائی کے ۶ برابر حصے کئے ہوئے تہے اور اس کسر مین ویسے
دسی حصے لئے ہین یعنی ایک ساری گز کو چھہ برابر حصونمین تقسیم کیا اور اسیطرح ایک اور گز کو چھہ

برابر حصوں میں تقسیم کرکے ایک حصہ انمیں سے چھہ حصوں مین شامل کردیا ہے اوس کی صورت یہہ ہے $\frac{۵}{۶}$

(۶۰) کسر اوس خارج قسمت کو بہی تعبیر کرتی ہی جو شمار کنندہ کو نسب نما پر تقسیم کرنیسے حاصل ہوتا ہے، مثلاً $\frac{۵}{۶}$ سے ۵ ÷ ۶ تعبیر ہوتا ہی اسلئے کہ خواہ ایک اکائی کو چھہ برابر حصوں مین تقسیم کرکے ۵ حصے اونمین سے لیکر اونکو $\frac{۵}{۶}$ سے تعبیر کرین خواہ پانچ اکائیونکو چھہ برابر حصوں مین تقسیم کرکے ایک حصہ لے لین جو برابر پانچ اکائیونکے $\frac{۱}{۶}$ حصہ کے یعنی ۵ ÷ ۶ کے ہوگا دونو صورتون کے ایک ہی معنی ہین یعنے $\frac{۵}{۶}$ اور ۵ ÷ ۶ کے ایک معنی ہین

(۶۱) جسطرح کسور کو تعبیر کیا کرتے ہین جسطرح کہ اوپر مذکور ہوا تو اونکو کسور عام کہتے ہین اور جو کسرین ایسی ہوتی ہین کہ جنکے نسب نما ایا کوئی ایسا عدد ہو جو ۱۰ کو فی نفسہ ضرب دینے سے پیدا ہوا ہے اونکو کسور عشاریہ کہتے ہین او نکے بیان کرنے کی اور طرز ہے

کسور عام

(۶۲) کسور عام کے بیان کرنمین تمیز کے واسطے اونکے یہہ مختلف نام رکھہ لئے ہین

(۱) کسر واجب جسکا شمار کنندہ چھوٹا نسب نما سے ہو جیسا کہ $\frac{۳}{۴}$ و $\frac{۲}{۵}$ و $\frac{۱}{۲}$ کسور واجب ہین

(۲) کسر غیر واجب یا کسر ملفوظی جسکا شمار کنندہ نسب نما کی برابر ہو یا اوس سے بڑا ہو مثلاً $\frac{۶}{۵}$ و $\frac{۴}{۴}$ و $\frac{۷}{۶}$ کسور غیر واجب ہین

(۳) کسر مفرد جسکے شمار کنندہ اور نسب نما صحیح عدد ہون مثلاً $\frac{۱}{۲}$ و $\frac{۳}{۴}$ کسور مفرد ہین

(۴) کسور مرکب یا عدد مخلوط جسمین کسر کے ساتھہ صحیح عدد بہی ہو مثلاً ۵ $\frac{۱}{۲}$ و ۷ $\frac{۳}{۴}$ اعداد مخلوط یا کسور مرکب ہین کیونکہ اونسے یہہ مفہوم ہوتا ہے کہ ۵ اکائیون کی ساتھہ ایک چھوٹا حصہ اکائی کا ہے اور ۷ اکائیونکے ساتھہ $\frac{۳}{۴}$ ایک اکائی کی ہے

(۵) کسر مضاف یا کسر الکسر جسمین کسر کی کسر ہو مثلاً $\frac{۱}{۲}$ کی $\frac{۳}{۴}$ و $\frac{۵}{۶}$ کے $\frac{۷}{۸}$ کا $\frac{۹}{۱۱}$ کسور مضاف ہین

اکثر اس اضافت کو ہندسے کی کا سے بیان کرتے ہین لیکن بعض جگہ وہ ہی معنی معلوم ہوتے ہین جیسے اگر ہم ایک مقام پر

لفظ عربی میں استعمال کرینگے جسکے معنی وہی ہیں جو اردو میں کے کا کے معنی ہوتے ہیں

(۶) کسر ملتف وہ ہے جسکے شمار کنندہ یا نسب نما یا دونوں میں کوئی عدد مخلوط یا کسر مضاف ہو $\frac{\frac{3}{4}}{\frac{5}{6}}$ و $\frac{2\frac{1}{3}}{3}$ و $\frac{4}{4\frac{1}{2}}$ و $\frac{3\frac{1}{2}}{\frac{5}{6}}$ و $\frac{\frac{1}{2} \text{ کا } \frac{1}{2}}{\frac{1}{4}}$ کسور ملتف ہیں

(۶۳) اوپر کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر چاہیں تو ہر صحیح عدد کو ایسے کسر خیال کر سکتے ہیں کہ جسکا نسب نما ایک ہو مثلاً ۵ = $\frac{5}{1}$ کیونکہ اس صورت کے معنی یہہ ہیں کہ ایک اکائی کا ایک ٹکڑا ہوا ہے یعنے وہی ایک کا ایک ہے کہ پوری اکائی کے برابر ہے اور ایسی ایسی ۵ اکائیاں لی گئی ہیں

(۶۴) اگر کسی کسر کو صحیح عدد میں ضرب دینا ہو تو اوس کسر کے شمار کنندہ کو اوس صحیح عدد میں ضرب دے لو مثلاً $\frac{2}{7} \times 3 = \frac{6}{7}$

عمل مذکور کی دلیل

$\frac{6}{7}$ ہوں خواہ $\frac{2}{7}$ دونوں صورتوں میں ایک اکائی سات برابر حصوں میں تقسیم کی گئی ہے اور چونکہ ۶ تگنا ۲ سے ہے تو حقیقت میں جتنے حصے $\frac{2}{7}$ میں لئے ہیں اوس کے تگنے ویسے ہی حصے $\frac{6}{7}$ میں آتے ہیں حصہ کی قیمت ہر صورت میں ایک ہی ہے اسلئے $\frac{6}{7}$ حاصل ضرب ۳ اور $\frac{2}{7}$ کا ہے

مثالیں نمبری ۱۰

(۱) $\frac{5}{12}$ کو ۳ و ۹ و ۱۲ و ۳۶ میں جدا جدا ضرب دو

(۲) $\frac{41}{94}$ کو ۷ و ۱۵ و ۲۱ و ۴۵ میں جدا جدا ضرب دو

(۶۵) اگر ایک کسر کو کسی صحیح عدد پر تقسیم کرنا ہو تو اوس کسر کے نسب نما میں اوس عدد کو ضرب دے لو مثلاً $\frac{2}{7} \div 3 = \frac{2}{3 \times 7} = \frac{2}{21}$

قاعدہ مذکور کے دلیل

کسر $\frac{2}{7}$ میں اکائی ۷ برابر حصوں میں تقسیم ہوئی ہے اور اون میں سے دو حصے لئے ہیں اور $\frac{2}{21}$ میں اکائی ۲۱ برابر حصوں میں تقسیم ہوئی ہے اور اون میں سے دو حصے لئے گئے ہیں لیکن دوسرے صورت کا

ہر ایک حصہ پہلی صورت کے ہر ایک حصہ کی ایک تہائی ہے اور دونوں صورتوں میں برابر حصے لیے گئے ہیں تو ظاہر ہے کہ $\frac{4}{21}$ ایک تہائی $\frac{4}{7}$ کی تعبیر کرتا ہے اسلیے $\frac{4}{7} \div 3$ برابر $\frac{4}{21}$ کے

امثلہ نمبری ۱۱

(۱) $\frac{5}{8}$ کو ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۱۰ پر جدا جدا تقسیم کرو

(۲) $\frac{15}{580}$ کو ۱۱ و ۲۰ و ۲۵ و ۴۵ پر جدا جدا تقسیم کرو

(۶۶) اگر ایک کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما دونوں کو ایک عدد پر تقسیم کریں یا اونکو ایک عدد میں ضرب دیں تو کسر کی قیمت میں فرق نہیں آتا

مثلاً کسر $\frac{2}{7}$ کی نسب نما اور شمار کنندہ دونوں کو ۳ میں ضرب دیں تو $\frac{6}{21}$ حاصل ہونگے اور اوسکی وہی قیمت ہے جو $\frac{2}{7}$ کی ہے

دلیل عمل

$\frac{2}{7}$ میں اکائی ۷ برابر حصوں میں تقسیم ہوئی ہے اور ۲ حصے اونمیں سے لئے گئے ہیں اور $\frac{6}{21}$ میں اکائی ۲۱ برابر حصوں میں تقسیم ہوئی ہے اور ۶ حصے اون حصوں میں سے لیے گئے ہیں اب یہاں دوسرے کسر میں تگنے حصے بہ نسبت پہلی کسر کے لئے گئے ہیں لیکن دوسری کسر کے تین حصے برابر پہلی کسر کے ایک حصہ کے ہیں اسلیے چھہ حصے دوسری کسر میں برابر پہلی کسر کے ۲ حصوں کے ہیں اسیواسطے $\frac{2}{7} = \frac{6}{21}$

(۶۷) اس سے ظاہر ہے کہ اگر کسی صحیح عدد کو ایک خاص نسب نما کی کسر بنانا چاہیں تو اوسی صحیح عدد کو نسب نماء مذکور میں ضرب دیکے حاصل ضرب کے نیچے اوسی نسب نما کو لکھدیں اسواسطے کہ $6 = \frac{6}{1}$ اب اوسکو ایسی کسر بنانی چاہیے کہ جسکا نسب نما ۵ یا ۱۴ ہو تو یہہ ہوگا

$$6 = \frac{6}{1} = \frac{5 \times 6}{5 \times 1} = \frac{30}{5}$$

$$6 = \frac{6}{1} = \frac{14 \times 6}{14 \times 1} = \frac{84}{14}$$

امثلہ نمبری ۱۲

(۱) ۷ اور ۹ اور ۱۱ کو ایسی کسرونکی طرف تحویل کرو کہ اونکی نسب نما بالترتیب ۴ و ۷ و ۲۲ ہون

(۲) ۲۹ و ۱۰۹ و ۱۱۷ و ۱۲۵ کو ایسی کسرون کی طرف تحویل کرو کہ اونکے نسب نما بالترتیب ۲ و ۵ و ۱۳ و ۲۳ و ۲۵ ہون

(۴۸) خواہ کسی کسر کے شمار کننده کو کسی صحیح عدد مین ضرب دین خواہ اوسکے نسب نما کو اوسی عدد پر تقسیم کرین دونون صورتون مین ایک ہی حاصل ہوتا ہے اور اگر برعکس یہہ عمل کرین تو بھی وہی حاصل رہتا ہے اسواسطے کہ اگر $\frac{3}{8}$ کے شمار کننده کو ۴ مین ضرب دین تو $\frac{12}{8}$ حاصل ہونگے اور اگر نسب نما کو ۴ پر تقسیم کرین تو $\frac{3}{2}$ حاصل ہونگے

اب $\frac{12}{8}$ کے یہہ معنی ہین کہ اکائی ۸ برابر حصونمین تقسیم کی گئی ہے اور اوس قسم کے اونمین سے ۱۲ حصے لئے گئے ہین اور یہہ برابر تین اکائیون کے ہین اور $\frac{3}{2}$ کے یہہ معنی ہین کہ اکائی ۲ برابر حصونمین تقسیم ہوئی ہے اور اونمین سے ۳ حصے لئے گئے ہین اور یہہ بھی برابر ۱۲ اکائیونکے ہین اس سے معلوم ہوا کہ $\frac{12}{8}$ اور $\frac{3}{2}$ برابر ہین اور اونکی مساوات اسطرح بھی ثابت ہوسکتی ہے کہ اکائی دوسرے کسر مین دو برابر حصونمین تقسیم ہوئی اور پہلی کسر مین ۸ برابر حصونمین تقسیم ہوئے تھے اسلئے چار حصے پہلی کسر کے برابر ہین دوسری کسر کے ایک حصہ کے اور اسلئے ۱۲ حصے پہلی کسر کے برابر ہین دوسری کسر کے ۳ حصونکے یعنی کسر $\frac{12}{8}$ اور $\frac{3}{2}$ آپسمین برابر ہین پھر اگر کسر $\frac{3}{8}$ کی شمار کننده کو ۲ پر تقسیم کرین تو $\frac{3}{8}$ حاصل ہون گے اور اگر اوسکے نسب نما کو ۲ مین ضرب دین تو $\frac{3}{16}$ حاصل ہونگے

اب $\frac{3}{8}$ کے معنی یہہ ہین کہ اکائی آٹھہ برابر حصونمین تقسیم ہوئی ہے اور اوسمین سے ۳ حصے لئے اور دوسری کسر کے معنی یہہ ہین کہ اکائی ۱۶ برابر حصونمین تقسیم ہوئی ہے اور اوسمین سے ۶ حصے لئے گئے ہین لیکن ہر ایک حصہ $\frac{3}{8}$ مین برابر $\frac{2}{16}$ کے دو حصونکے ہے اسواسطے $\frac{3}{8}$ کی وہی قیمت ہے جو $\frac{3 \times 2}{16}$ یا $\frac{6}{16}$ کی ہے

(۴۹) کسر غیر واجب کو عدد صحیح یا کسر مرکب کیطرف تحویل کرو

قاعدہ شمار کنندہ کو نسب نما پر تقسیم کرو اگر باقی نہ نکلے تو خارج قسمت عدد صحیح ہے اور اگر باقی نکلے تو خارج قسمت کو صحیح حصہ بناؤ اور باقی کو شمار کنندہ اور مقسوم علیہ کو نسب نما بنا کر کسری حصہ بناؤ

مثال $\frac{۲۵}{۵}$ اور $\frac{۳۵}{۶}$ کو صحیح عدد اور کسر مرکب کیطرف تحویل کرو

$\frac{۲۵}{۵} = ۵$ اور $\frac{۳۵}{۶} = ۵\frac{۵}{۶}$

عمل مذکور کی یہہ دلیل ہے کہ بموجب دفعہ ۴ اسکے $\frac{۲۵}{۵} = \frac{۵\times۵}{۵} = \frac{۵}{۵}\times۵$

چونکہ $\frac{۵}{۵}$ کے یہہ معنی ہیں کہ اکائی پانچ برابر حصوں میں تقسیم ہوئی ہے اور اوسمیں سے پانچ حصے برابر لیے گئے ہیں اسلیئے یہہ پانچ حصہ برابر کل اکائی یعنی اسکے برابر ہیں

اسیواسطے $\frac{۲۵}{۵} = \frac{۵}{۵}\times۵ = ۱\times۵$ یا ۵

اور $\frac{۳۵}{۶} = \frac{۵+۳۰}{۶} = \frac{۵+۵\times۶}{۶}$ یہہ برابر ہے $\frac{۶\times۵}{۶}$ مع $\frac{۵}{۶}$ یعنی = ۵ مع $\frac{۵}{۶}$ کے

یہہ اسطرح تعبیر ہوتا ہے کہ $۵\frac{۵}{۶}$

امثلہ نمبری ۱۳

انکا کسر مرکب بناؤ

(۱) $\frac{۱۵}{۴}$ (۲) $\frac{۴۷}{۶}$ (۳) $\frac{۴۹}{۸}$ (۴) $\frac{۱۱۳}{۹}$

(۵) $\frac{۶۳}{۸}$ (۶) $\frac{۴۴۳}{۱۲}$ (۷) $\frac{۵۸۷}{۱۳}$ (۸) $\frac{۱۸۳}{۵۵}$

(۹) $\frac{۷۵۱}{۲۴}$ (۱۰) $\frac{۵۸۰۱}{۴۳}$ (۱۱) $\frac{۶۴۸}{۱۰۸}$ (۱۲) $\frac{۵۸۷۶}{۱۵۷}$

(۱۳) $\frac{۱۰۰۰۰}{۱۱۱}$ (۱۴) $\frac{۲۳۱۷۵۰}{۱۵۳}$ (۱۵) $\frac{۱۴۲۶۴}{۲۳۹}$ (۱۶) $\frac{۹۵۹۵۰}{۹۹۹}$

(۱۷) $\frac{۲۵۷۱۳}{۱۱۶۸}$ (۱۸) $\frac{۶۳۲۶۲۵}{۱۷۴۱}$ (۱۹) $\frac{۹۷۸۹۱۱}{۳۹۴۲۵}$ (۲۰) $\frac{۴۶۳۲۵}{۳۷۲۴}$

(۷۰) کسر مرکب کو کسر واجب بناؤ

قاعدہ صحیح عدد کو نسب نما میں ضرب دو اور حاصل ضرب کے ساتھہ شمار کنندہ کو جمع کرو تو حاصل جمع شمار کنندہ کسر مطلوب کا ہوگا اور کسری حصہ کا نسب نما کسر مطلوب کا نسب نما ہوگا

مثال $۲\frac{۴}{۷}$ کو کسر غیر واجب کی صورت میں بدل دو

$۲\frac{۴}{۷} = \frac{۲\times۷+۴}{۷} = \frac{۱۸}{۷}$

دلیل عمل

۲ ۴/۷ سے یہہ مراد ہے کہ ۲ پر کسر ۴/۷ زیادہ کی گئی ہے لیکن اسکے یہی معنی ہین جو ۲/۱ + ۴/۷ یعنی ۱۴/۷ کے ہین اسیواسطے ۲ ۴/۷ سے یہہ مطلب ہوا کہ ۱۴/۷ پر ۴/۷ زیادہ کئے گئے ہین یعنے ۱۸/۷ اسواسطے ۱۸/۷ سے یہہ مراد ہے کہ اکائی ۷ برابر حصوں مین تقسیم ہوئی ہے اور ۱۸ ایسے حصے لئے گئے ہین

امثلہ نمبر ۱۶

ان کسور مرکب کو کسور غیر واجب بناؤ

(۱) ۲ ۱/۱۳ (۲) ۵ ۳/۴ (۳) ۴ ۵/۹ (۴) ۷ ۱/۸ (۵) ۲۵ ۱۱/۱۲ (۶) ۲۳ ۶/۱۱ (۷) ۲۵ ۱/۱۴ (۸) ۱۴ ۱۳/۱۵

(۹) ۳۰۰۲ ۱/۲ (۱۰) ۸۵۷ ۱۱/۱۲ (۱۱) ۵۷ ۳۱/۴۳

(۱۲) ۳۰ ۸۳/۸۴ (۱۳) ۳ ۹۵/۲۲۴ (۱۴) ۲۶ ۲۰۱/۲۰۲

(۱۵) ۱۹۲ ۱۱۵/۲۴۱ (۱۶) ۱۰۶ ۱۱۹/۸۵۱ (۱۷) ۱۵۷ ۱۲۲/۱۲۷

(۱۸) ۱۷ ۲۶۰۵/۲۸۵۹ (۱۹) ۲۲۷ ۵/۱۲۰۷ (۲۰) ۱۰۰ ۳۱۳/۷۲۰

(۱۷) کسر مضاف کو کسر مفرد بناؤ

قاعدہ شمار کنندونکو باہم ضرب دیکر شمار کنندہ اور نسب نمائونکو باہم ضرب دیکر نسب نما بناؤ

مثال ۳/۵ من ۷/۸ کو کسر مفرد بناؤ

بموجب قاعدہ کے ۳/۵ من ۷/۸ = (۳×۷)/(۵×۸) = ۲۱/۴۰

عمل مذکور کی دلیل یہہ ہے کہ

۳/۵ من ۷/۸ سے مراد یہہ ہے کہ ۳/۵ وان حصہ اوس اکائی کا جو ۷/۸ کو تعبیر کرتی ہے پس اگر اکائی ۸ برابر حصوں مین تقسیم ہو اور ۷ حصے اونمین سے لئے جائین اور پہر ان حصوں مین ہر ایک ۵ برابر حصوں مین تقسیم کیا جاوے تو ہر ایک حصہ ۱/۴۰ حصہ اصل اکائی کا ہوگا اور پہر ایسے حصے ۳ لئے جائین تو تعداد حصوں کی ۳×۷ یا ۲۱ ہونگی اور اسیواسطے نتیجہ ۲۱/۴۰ ہوا

$\frac{3\times 6}{8\times 5}$ یعنی $\frac{3}{5}$ من $\frac{6}{8}$ = $\frac{3\times 6}{8\times 5}$ ہوگا

تنبیہ جب کسور مضاف کو کسور مفرد کیطرف تحویل کریں تو وہ جز ضربی جو ایک کسر کے شمار کنندہ مین اور دوسرے کسر کے نسب نما مین مشترک ہون اونہین دور کر دو اسواسطے کہ اس دور کرنے کے بھی یہی معنی ہین کہ ایک کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما کو ایک عدد پر تقسیم کر دو اور بموجب دفعہ ۴۹ کے ایک عدد پر کسر کے نسب نما اور شمار کنندہ کو تقسیم کرنے سے اصل مین کچھہ فرق نہین آیا

مثلاً $\frac{3}{5}$ من $2\frac{1}{12}$ من $1\frac{1}{15}$ = $\frac{3}{5}$ من $\frac{25}{12}$ من $\frac{16}{15}$ = $\frac{16\times 25\times 3}{15\times 12\times 5}$ =

$\frac{4\times 4\times 5\times 5\times 3}{5\times 3\times 4\times 3\times 5} = \frac{4}{3}$

(نسب نما اور شمار کنندہ مین سے اجزاء ضربی ۳ × ۵ × ۵ × ۴ کو دور کر لیا ہے)

امثلہ نمبر ۱۵

ان کسور مضاف کو کسور مفرد کیطرف تحویل کرو

(۱) $\frac{2}{15}$ من $\frac{4}{5}$ (۲) $\frac{6}{25}$ من $\frac{9}{10}$ (۳) $\frac{2}{5}$ من $\frac{3}{14}$ (۴) $\frac{5}{6}$ من $\frac{9}{12}$

(۵) $\frac{5}{8}$ من ۷ من $\frac{5}{6}$ (۶) $\frac{5}{8}$ من $\frac{3}{4}$ من $\frac{6}{25}$ من $\frac{1}{15}$ من ۲۰

(۷) $\frac{5}{11}$ من $2\frac{1}{2}$ من $\frac{5}{2}$ من $10\frac{1}{2}$ (۸) ۹ من $\frac{3}{8}$ من $\frac{5}{6}$ من $\frac{12}{5}$ من $3\frac{1}{2}$ من $\frac{4}{3}$

(۹) $\frac{5}{18}$ من $\frac{3}{13}$ من $\frac{26}{10}$ من $\frac{9}{14}$ من $\frac{3}{10}$ من ۲ من $\frac{5}{12}$

(۱۰) ۱۴۷ من $\frac{1}{11}$ من $\frac{3}{14}$ من $\frac{4}{70}$ من $\frac{1}{4}$ من $\frac{3}{8}$ من $\frac{5}{2}$

(۷۲) ایک کسر کو کسر مختصر الحدین یا مختصر کہتے ہین جب اوسکی شمار کنندہ اور نسب نما اعداد متباین ہون

تنبیہ جب کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما اعداد متباین نہون تو بموجب دفعہ ۴۴ کے اونمین کوئی جز ضربی مشترک واحد سے بڑا ہوگا - اور اگر اونکو اس جز ضربی مشترک پر تقسیم کرین تو ایک کسر برابر پہلی کسر کے حاصل ہو جائیگی اور اوسکی حدین یعنی شمار کنندہ اور نسب نما چھوٹی اصل کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما سے ہو جائینگی - جب کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما اعداد متباین ہون یعنی کوئی اونمین جز ضربی مشترک واحد سے بڑا نہو تو ظاہر ہے کہ وہ مختصر اسطرح تقسیم سے نہین ہوسکتے

اس سبب سے ایسی کسرونکو کہا کرتے ہین کہ مختصر الحدین ہین یا مختصر اور اخصر ہین عام

(۶۳) کسر کو مختصر کرو

قاعدہ شمار کنندہ اور نسب نما کو اونکے مقسوم علیہ اعظم پر تقسیم کرو

مثال $\frac{۶۴۶۵}{۷۳۳۵}$ کو ایسی کسر کیطرف تحویل کرو کہ اوسکی حدین مختصر ہوون اول مقسوم علیہ اعظم ۶۴۶۵ اور ۷۳۳۵ کا دریافت کرو

```
۶۴۶۵) ۷۳۳۵ (۱
       ۶۴۶۵
       ----
        ۸۷۰) ۶۴۶۵ (۷
             ۶۰۹۰
             ----
              ۳۷۵) ۸۷۰ (۲
                   ۷۵۰
                   ---
                   ۱۲۰) ۳۷۵ (۳
                        ۳۶۰
                        ---
                         ۱۵) ۱۲۰ (۸
                             ۱۲۰
                             ---
                              ×
```

اسیواسطے ۱۵ مقسوم علیہ اعظم ہے

```
۱۵) ۷۳۳۵ (۴۸۹        ۱۵) ۶۴۶۵ (۴۳۱
    ۶۰                   ۶۰
    ---                  --
    ۱۳۳                  ۴۶
    ۱۲۰                  ۴۵
    ---                  --
     ۱۳۵                  ۱۵
     ۱۳۵                  ۱۵
```

اسواسطے مختصر حدون مین کسر $= \frac{۴۳۱}{۴۸۹}$

دلیل عمل

اگر کسر کا شمار کنندہ اور نسب نما ایک عدد پر تقسیم کیا جائے تو بموجب دفعہ ۶۲ کے کسر کی قیمت مین فرق نہین آتا پس بڑے سے بڑا عدد جو اونکو تقسیم کر سکتا ہے وہ اون کا مقسوم علیہ اعظم ہے اسلیئے مقسوم علیہ اعظم پر تقسیم کر دینے سے اونکا نہایت اختصار رہوتا ہے اور اس صورت مین کسر کو کہا کرتے ہین کہ مختصر ہوگئی یا اخصر بن گئی یا مختصر الحدین ہوگئی یا مختصر صورت مین تحویل ہوگئی

(انتبار)

تنبیہ بعض اوقات مقسوم علیہ اعظم دریافت کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ اختصار باسانی قطع ہو جاتا ہی کہ شمار کنندہ اور نسب نما کو متواتر اجزا ضربی مشترک پر تقسیم کرین اور یہہ اجزا ضربی فقط دیکھنے سے معلوم ہو جاتی ہین

مثال ۲: $\frac{۴۵}{۷۵}$ کو مختصر الحدین کسر کی طرف تحویل کرو

: $\frac{۴۵}{۷۵} = \frac{۹}{۱۵}$ شمار کنندہ اور نسب نما کو ۵ پر تقسیم کرو

$= \frac{۳}{۵}$ شمار کنندہ اور نسب نما کو ۳ پر تقسیم کرو

امثلہ نمبری ۱۶

ان کسرون کو مختصر حدونکی کسرونکی طرف تحویل کرو یعنے کسور مختصر بناؤ

(۱) $\frac{۲۴}{۸}$	(۲) $\frac{۱۰}{۱۵}$	(۳) $\frac{۱۴}{۲۱}$	(۴) $\frac{۱۸}{۴۵}$
(۵) $\frac{۵۶}{۶۳}$	(۶) $\frac{۵۴}{۸۱}$	(۷) $\frac{۶۳}{۱۳۵}$	(۸) $\frac{۶۶}{۱۲۱}$
(۹) $\frac{۲۴۶}{۳۴۲}$	(۱۰) $\frac{۲۴۷}{۳۲۳}$	(۱۱) $\frac{۲۷۲}{۴۲۵}$	(۱۲) $\frac{۳۳۰}{۷۲۹}$
(۱۳) $\frac{۸۲۵}{۲۷۰۹}$	(۱۴) $\frac{۶۳۰}{۹۳۶}$	(۱۵) $\frac{۳۲۴}{۹۱۲}$	(۱۶) $\frac{۹۳۶}{۲۳۴۸}$
(۱۷) $\frac{۵۱۸۴}{۶۹۱۲}$	(۱۸) $\frac{۳۴۴۴}{۳۵۵۶}$	(۱۹) $\frac{۷۸۴۵}{۹۶۷۸۰}$	(۲۰) $\frac{۲۴۷۲}{۳۲۶۴}$
(۲۱) $\frac{۶۲۵}{۹۰۰۰}$	(۲۲) $\frac{۸۱}{۴۸۷۲}$	(۲۳) $\frac{۱۶۳۲}{۲۹۷۶}$	(۲۴) $\frac{۱۰۲۶۵}{۱۴۳۷۱}$
(۲۵) $\frac{۴۳۰۱}{۹۵۸۹۷}$	(۲۶) $\frac{۵۵۲۴۷}{۷۴۸۴۱}$	(۲۷) $\frac{۶۰۹۳}{۹۱۷۴}$	(۲۸) $\frac{۱۰۸۱۲}{۲۲۸۰۰}$
(۲۹) $\frac{۲۵۱۹۴}{۸۸۱۷۹}$	(۳۰) $\frac{۳۷۴۱۹۲}{۵۷۵۶۸۰}$	(۳۱) $\frac{۱۱۴۱۳۵}{۲۲۰۹۹۱}$	(۳۲) $\frac{۱۲۸۳۵۲}{۲۳۸۳۶۸}$

(۴۷) کسرون کی تحویل ایسی کسرونکی طرف کرو جنکا نسب نما متحد یا مشترک ہو یعنی یکسان ہو اور اسکو کسرون کا ہم مخرج بنانا بھی کہتے ہین

قاعدہ سب نسب نماؤن کا مشترک ذو اضعاف اقل دریافت کرو یہہ ذو اضعاف اقل کسور کا نسب نما مشترک ہوگا اب اس ذو اضعاف اقل کو ہر کسر کے شمار کنندہ مین ضرب دو اور حاصل ضرب کو اوسکے نسب نما پر جو اوسے متعلق ہو تقسیم کرو خارج قسمت اوس کسر کا نیا شمار کنندہ

تنبیہ اول اگر کسور معلوم کی حدین مختصر ہون تو قاعدہ مذکور اونکی تحویل ایسی کسرونکے طرف کردیگا جنکا نسب نما مشترک کم سے کم ہو اور اگر نسب نما مشترک کم از کم نکالنا منظور ہو تو اول کسرونکو ایسی کسرونکی طرف تحویل کرلو جنکی حدین مختصر ہون اور پہر قاعدہ مذکور کو عمل مین لاؤ

مثال $\frac{۵}{۱۲}$ و $\frac{۹}{۱۶}$ و $\frac{۱۱}{۲۴}$ و $\frac{۱۷}{۳۳}$ کی تحویل ایسی کسرونکی طرف کرو جنکا نسب نما متحد ہو بموجب قاعدہ مذکور کے عمل کرنے سے

۱۲ و ۱۶ و ۲۴ و ۳۳	۲
۶ و ۸ و ۱۲ و ۳۳	۲
۳ و ۴ و ۶ و ۳۳	۲
۳ و ۲ و ۳ و ۳۳	۳
۱ و ۲ و ۱ و ۱۱	

اسیواسطے ذو اضعاف اقل = ۲ × ۲ × ۲ × ۳ × ۱۱ × ۲
= ۵۲۸

اسیواسطے کسرونکی یہہ صورت ہوجائے گی

$\frac{۵ \times ۴۴}{۱۲ \times ۴۴} = \frac{۲۲۰}{۵۲۸}$ (کیونکہ $\frac{۵۲۸}{۱۲} = ۴۴$)

$\frac{۹ \times ۳۳}{۱۶ \times ۳۳} = \frac{۲۹۷}{۵۲۸}$ (کیونکہ $\frac{۵۲۸}{۱۶} = ۳۳$)

$\frac{۱۱ \times ۲۲}{۲۴ \times ۲۲} = \frac{۲۴۲}{۵۲۸}$ (کیونکہ $\frac{۵۲۸}{۲۴} = ۲۲$)

$\frac{۱۷ \times ۱۶}{۳۳ \times ۱۶} = \frac{۲۷۲}{۵۲۸}$ (کیونکہ $\frac{۵۲۸}{۳۳} = ۱۶$)

یعنے کسرین جنکا نسب نما متحد ہے یہ ہین

$\frac{۲۲۰}{۵۲۸}$ و $\frac{۲۹۷}{۵۲۸}$ و $\frac{۲۴۲}{۵۲۸}$ و $\frac{۲۷۲}{۵۲۸}$

دلیل عمل

کسور معلوم کے نسب نماؤن کا ذو اضعاف اقل جو ہوگا اوسمین ہر کسر کا نسب نما پوری دفعہ شامل ہوگا — اور اگر کسر کے دونو شمار کنندہ اور نسب نما کو ایک ہی عدد میں ضرب دیت تو بموجب دفعہ ۴۶ کے اصل قیمت مین کسور کے فرق نہین آئیگا پس نسب نما برابر سب کسرونکے

عام

نسب نماؤن کے ذو اضعاف اقل کے ہوجائیگا - اگر یہی عمل سب کسرون کے ساتھہ کیا جائے تو اونکی تحویل ایسی کسرونکی طرف ہوجائیگی جو قیمت مین اونکی برابر ہون اور نسب نما ہر ایک کسر کا ذو اضعاف اقل سب کسرونکے نسب نماؤن کا ہوگا *

تنبیہ دوم اگر نسب نماؤن مین کوئی وفق مشترک ہو تو ہر شمارکنندہ کو سوا اوسکے اپنے نسب نما کے کل نسب نماؤن مین ضرب دین اور حاصل ضرب کو شمارکنندہ بنائین اور سب نسب نماؤنکے حاصل ضرب کو نسب نما مشترک بناکر لکھدین

مثال $\frac{1}{5}$ و $\frac{2}{7}$ و $\frac{1}{9}$ کو ایسی کسرون مین تحویل کرو کہ اونکا نسب نما متحد ہو

ذو اضعاف اقل سب نسب نماؤن کا $= 5 \times 7 \times 9$

اسواسطے کسرون کی یہہ صورت ہوجائیگی

$$\frac{63}{315} = \frac{9 \times 7 \times 1}{9 \times 7 \times 5}$$

$$\frac{90}{315} = \frac{9 \times 5 \times 2}{9 \times 7 \times 5}$$

$$\frac{35}{315} = \frac{5 \times 7 \times 1}{9 \times 7 \times 5}$$

پس کسرین جنکا نسب نما متحد ہوگیا یہہ ہین

$\frac{63}{315}$ و $\frac{90}{315}$ و $\frac{35}{315}$

امثلہ نمبری ۱۷

ان کسرون کی تحویل ایسی کسرونکی طرف کردو جنکا نسب نما متحد چھوٹے سے چھوٹا ہو

(۱) $\frac{1}{2}$ و $\frac{2}{3}$ و $\frac{3}{4}$ (۲) $\frac{2}{5}$ و $\frac{3}{8}$ (۳) $\frac{2}{3}$ و $\frac{3}{4}$ و $\frac{5}{9}$ (۴) $\frac{3}{4}$ و $\frac{5}{27}$

(۵) $\frac{3}{7}$ و $\frac{5}{14}$ و $\frac{11}{28}$ (۶) $\frac{1}{2}$ و $\frac{3}{4}$ و $\frac{4}{9}$ (۷) $\frac{5}{8}$ و $\frac{11}{12}$ و $\frac{17}{18}$ (۸) $\frac{5}{12}$ و $\frac{9}{16}$ و $\frac{13}{24}$

(۹) $\frac{5}{9}$ و $\frac{9}{10}$ و $\frac{13}{15}$ (۱۰) $\frac{2}{5}$ و $\frac{3}{4}$ و $\frac{5}{9}$ و $\frac{7}{10}$ (۱۱) $\frac{3}{4}$ و $\frac{5}{6}$ و $\frac{5}{9}$ و $\frac{5}{8}$ (۱۲) $\frac{1}{7}$ و $\frac{3}{11}$ و $\frac{5}{12}$ و [illegible]

(۱۳) $\frac{3}{5}$ و [illegible] و [illegible] (۱۴) $\frac{5}{12}$ و $\frac{4}{7}$ و [illegible] و [illegible] (۱۵) $\frac{4}{9}$ و $\frac{5}{11}$ و [illegible] و [illegible] و [illegible]

(۱۶) [illegible] و [illegible] و $\frac{5}{9}$ و [illegible] و [illegible] و [illegible] (۱۷) [illegible] و [illegible] و [illegible] و [illegible] و [illegible] و [illegible]

(۱۸) ۹/۱۰ و ۹/۱۰۰ و ۹/۱۰۰۰ (۱۹) ۱۳/۱۶ و ۱۴/۱۹ و ۱۳/۲۵ و ۱/۱۰۵ و ۵/۹ (۲۰) ۱۳/۵۴ و ۱۱/۲۸ و ۵/۴۲ و ۱۳/۱۲

تنبیہ جب کسرون مین یہہ بات دریافت کرنی ہو کہ باعتبار مقدار کے کونسی اونمین چھوٹی بڑی ہین تو اون سب ایسی کسرونکی طرح تحویل کرو کہ اونکے برابر ہون اور نسب نما اون کا یکسان ہو پس اس سبب سے کہ ایسی کسرین حاصل ہو جائینگی کہ جنمین اکائی یکسان برابر حصون مین تقسیم ہوئی ہے تو ہر شمار کنندہ سے ہمکو یہہ معلوم ہوگا کہ کتنے حصے لئے گئے ہین اور ان حصون سے یہہ بات معلوم ہو جائیگی کہ سب سے بڑی کونسی کسر ہے پھر اوس سے چھوٹی کونسی کسر ہے اور اس چھوٹی کسر سے کونسی پھر کسر چھوٹی ہے اور علی ہذا القیاس ترتیب وار درجہ بدرجہ چھوٹا بڑا ہونا سب کسرون کا معلوم ہو جائیگا

مثال کسور ۵/۲۷ و ۱۱/۲۴ و ۵/۹ و ۴/۱۵ و ۳/۵ کی قیمت کا باہم مقابلہ کرو

اول ذو اضعاف اقل نسب نماؤنکا دریافت کیا

۲	۵ و ۱۵ و ۹ و ۲۴ و ۲۷
۳	۵ و ۱۵ و ۳ و ۱۲ و ۲۷
۵	۵ و ۵ و ۱ و ۴ و ۹
	۱ و ۱ و ۱ و ۴ و ۹

اسیواسطے ذو اضعاف اقل ۲×۳×۵×۹×۴ = ۱۰۸۰ ہوا

اسیواسطے کسرون کو یہہ صورت ہوگی

۲۰۰/۱۰۸۰ = ۴۰/۴۰ × ۵/۲۷

۴۹۵/۱۰۸۰ = ۴۵/۴۵ × ۱۱/۲۴

۶۰۰/۱۰۸۰ = ۱۲۰/۱۲۰ × ۵/۹

۲۸۸/۱۰۸۰ = ۷۲/۷۲ × ۴/۱۵

۶۴۸/۱۰۸۰ = ۲۱۶/۲۱۶ × ۳/۵

اسیواسطے سب سے بڑی کسر ۵/۹ ہے اور بعد اوسکے ۳/۵ اور اوسکے بعد ۱۱/۲۴ اور بعد اوسکے

۱۴/۱۵ اور بعد اوسکے ۵/۲۶ ہے

امثلہ نمبری ۱۸

کسرون کی قیمتون کا آپس مین مقابلہ کرو

(۱) ۲/۳ و ۸/۹ و ۷/۱۰ (۲) ۱/۲ و ۳/۴ و ۵/۶ و ۷/۸

(۳) ۱/۵ من ۳/۸ و ۴/۱۲ و ۴/۲۴ من ۶/۷ (۴) ۵/۱۲ و ۳/۱۴ و ۱۰/۲۱ و ۳/۲۰

(۵) ۳/۷ و ۷/۱۳ و ۹/۲۲ و ۸/۱۱ و ۲۱/۲۴ (۶) ۳/۷ من ۵/۸ من ۴ و ۲/۱۱ من ۳/۵ من دو ۱/۲ من ۱/۲ من ۴ ۳/۴ و ۴/۲

(۷) ۳/۸ و ۲۷/۳۲ و ۹/۱۶ و ۷/۱۰ و ۲۷/۴۴ (۸) ۱۵/۲ و ۳ ۱/۳ و ۲/۷ من ۹ ۲/۵

(۹) ۶/۷ و ۳۱/۴۸ و ۱ ۲/۹ و ۵/۸ و ۲۳/۵۴ (۱۰) ۸/۹ و ۳/۱۱ و ۷/۱۸ و ۱۷/۲۲ و ۵/۳۶

(۱۱) ۱۸/۲۴ و ۳۱۱/۱۵۲ و ۱/۴۸ و ۷۰۱/۴۴۸ و [illegible]/۷۴۸ (۱۲) ۱۵/۴ و ۳ ۱/۲ و ۱/۲ من ۹ ۲/۵ و ۲/۷ من ۵/۹ [illegible]

ان کسرون مین سب سے بڑی اور سب سے چھوٹی کسر بتاؤ

(۱) ۳/۴ و ۵/۱۲ و ۲/۳ و ۱/۶ و ۱/۲ (۲) ۱۱/۱۲ و ۲۹/۳۰ و ۱۷/۱۸ و ۷/۱۶ و ۴۷/۴۸

کسورِ عام کی جمع

(۷۵) **قاعدہ** کسرونکی تحویل ایسی کسرونکی طرف کرو جو اونکی برابر ہوان اور اونکا نسب نما یکسان چھوٹے سے چھوٹا ہو اور نئے شمار کنندون کو جمع کرکے اونکے مجموعہ کے نیچے نسب نما مشترک لکھدو - مثال ۴/۱۵ و ۱/۲۱ و ۱۷/۳۵ کا مجموعہ دریافت کرو

بموجب قاعدہ مذکور کے عمل کیا

اول ذو اضعاف اقل نسب نماؤن کا دریافت کرو

۳	۱۵ و	۲۱ و	۳۵
۵	۵ و	۷ و	۳۵
۷	۱ و	۷ و	۷
	۱ و	۱ و	۱

پس ذو اضعاف اقل = ۳ × ۵ × ۷ = ۱۰۵

اسواسطے کسرین اس صورت کی ہوجائینگی

$$\frac{۷}{۱۵}\times\frac{۷}{۷}=\frac{۴۹}{۱۰۵}$$

$$\frac{۱۰}{۲۱}\times\frac{۵}{۵}=\frac{۵۰}{۱۰۵}$$

$$\frac{۱۶}{۳۵}\times\frac{۳}{۳}=\frac{۴۸}{۱۰۵}$$

اسی واسطے اون کا مجموعہ $=\frac{۴۸+۵۰+۴۹}{۱۰۵}=\frac{۱۴۷}{۱۰۵}$

$=\frac{۴۹}{۳۵}$

$=۱\frac{۱۴}{۳۵}$

$=۱\frac{۲}{۵}$

دلیل قاعدہ

جو کسرین برابر حاصل کسرونکے نکالی ہین اونمین اکائی ۱۰۵ برابر حصونمین تقسیم ہوئی ہے اور ان حصونمین سے کسرون سے معلوم ہوتا ہے کہ ۴۹ و ۵۰ و ۴۸ حصے لئے گئے اسیواسطے مجموعہ ان کسرون کا ۴۹+۵۰+۴۸ یعنے ۱۴۷ ایسے حصونکے برابر ہوگا یعنے مجموعہ $\frac{۱۴۷}{۱۰۵}$ ہے

تنبیہ اول اگر حاصل جمع ایسی کسر ہو کہ وہ مختصر صورت مین نہو تو اوسکا اختصار بدرجہ غایت کرلو اور ماحصل اگر کسر غیر واجب ہو تو کسر مرکب بنالو اسطرح سے کہ

$$\frac{۱۴۷}{۱۰۵}=\frac{۴۹}{۳۵}=۱\frac{۱۴}{۳۵}=۱\frac{۲}{۵}$$

اس تنبیہ کا حکم کسور عام کے سب عملون پر جاری سمجھنا چاہیے

تنبیہ دوم قاعدہ کو پیچھے عمل مین لاو پہلے کسرونکا اختصار بدرجہ غایت کرلو اور کسور غیر واجب کسر مرکب بنالو اور کسور مضاف کو کسر مفرد کی صورت مین لے آو

تنبیہ سوم اگر سوال مین کوئی عدد صحیح یا کسر مرکب ہو تو صحیح عددونکو جمع بسیط کیطرح سے جمع کرلو اور کسرونکو موافق قاعدہ مذکور کے جوڑلو

مثال حاصل جمع $۲\frac{۳}{۷}$ و $۳\frac{۱۴}{۱۵}$ و $۱۰\frac{۲}{۵}$ و $\frac{۹}{۴۲}$ کا دریافت کرو

$\frac{۹}{۲۲}+\frac{۲}{۵}+\frac{۱۴}{۱۵}+\frac{۳}{۸}+۱۰+۳ = \frac{۹}{۲۲}+\frac{۲}{۵}۱۰+\frac{۱۴}{۱۵}۳+\frac{۳}{۸}$

$= ۱۳+\frac{۳}{۸}+\frac{۱۴}{۱۵}+\frac{۲}{۵}+\frac{۹}{۲۲}$

اب $\frac{۳}{۸}+\frac{۱۴}{۱۵}+\frac{۲}{۵}+\frac{۹}{۲۲}$ کے مجموعہ دریافت کرنے کے لئے اول ذو اضعاف اقل نسب نماؤں کا دریافت کرو

۲	۸ و ۱۵ و ۵ و ۲۲
۵	۴ و ۱۵ و ۵ و ۱۱
	۴ و ۳ و ۱ و ۱۱

اسیواسطے ذو اضعاف اقل $= ۲×۵×۴×۳×۱۱ = ۱۳۲۰$

اسیواسطے کسروں کی یہ صورت ہوجائیگی

$\frac{۱۶۵×۳}{۱۶۵×۸} = \frac{۴۹۵}{۱۳۲۰}$

$\frac{۸۸×۱۴}{۸۸×۱۵} = \frac{۱۲۳۲}{۱۳۲۰}$

$\frac{۲۶۴×۲}{۲۶۴×۵} = \frac{۵۲۸}{۱۳۲۰}$

$\frac{۶۰×۹}{۶۰×۲۲} = \frac{۵۴۰}{۱۳۲۰}$

اسواسطے کسروں کا مجموعہ

$= \frac{۴۹۵+۱۲۳۲+۵۲۸+۵۴۰}{۱۳۲۰}$

$= \frac{۲۷۹۵}{۱۳۲۰}$

$= \frac{۵۵۹}{۲۶۴}$ نسب نما و شمار کنندہ کو ۵ پر تقسیم کرو

$= ۲\frac{۳۱}{۲۶۴}$

اسواسطے کل حاصل جمع $= ۱۳ + ۲\frac{۳۱}{۲۶۴}$

$= ۱۵\frac{۳۱}{۲۶۴}$

امثلہ نمبر ۱۹

ان کسروں کو جمع کرو

(۱) $\frac{2}{3}$ و $\frac{5}{7}$ (۲) $\frac{2}{5}$ و $\frac{4}{5}$ (۳) $\frac{5}{6}$ و $\frac{7}{8}$ (۴) $\frac{1}{7}$ و $\frac{4}{21}$

(۵) $\frac{3}{16}$ و $\frac{5}{48}$ (۶) $\frac{5}{14}$ و $\frac{13}{21}$ (۷) $\frac{5}{12}$ و $\frac{7}{18}$ (۸) $\frac{13}{24}$ و $\frac{21}{32}$

(۹) $\frac{3}{5}$ و $2\frac{1}{4}$ (۱۰) $\frac{5}{12}$ و $\frac{7}{13}$ (۱۱) $3\frac{5}{8}$ و $7\frac{2}{5}$ (۱۲) $4\frac{3}{4}$ و $9\frac{11}{12}$

دوم حاصل جمع دریافت کرو

(۱) $\frac{2}{3}$ و $\frac{5}{6}$ و $\frac{7}{12}$ (۲) $\frac{3}{5}$ و $\frac{2}{7}$ و $\frac{1}{3}$ (۳) $\frac{1}{2}$ و $\frac{2}{5}$ و $\frac{1}{10}$

(۴) $\frac{5}{11}$ و $\frac{1}{8}$ و $\frac{7}{24}$ (۵) $\frac{2}{5}$ و $\frac{3}{8}$ و $\frac{7}{12}$ (۶) $\frac{3}{4}$ و $\frac{2}{7}$ و $\frac{7}{9}$

(۷) $\frac{1}{2}$ و $\frac{5}{6}$ و $\frac{13}{21}$ (۸) $\frac{1}{2}$ و $\frac{1}{3}$ و $\frac{1}{4}$ و $\frac{1}{5}$ (۹) $\frac{5}{7}$ و $\frac{4}{45}$ و $\frac{9}{35}$

(۱۰) $\frac{3}{4}$ و $2\frac{1}{7}$ و $3\frac{1}{10}$ (۱۱) $\frac{3}{5}$ و $\frac{4}{5}$ من $\frac{1}{3}$ و $9\frac{3}{20}$ (۱۲) $\frac{1}{2}$ من $\frac{2}{3}$ من $\frac{4}{5}$ و $5\frac{1}{2}$ و $\frac{2}{19}$

(۱۳) $\frac{3}{5}$ و $\frac{4}{15}$ و $\frac{1}{6}$ و $\frac{11}{30}$ (۱۴) $\frac{1}{14}$ و $\frac{2}{15}$ و $\frac{18}{20}$ (۱۵) $\frac{4}{5}$ و $\frac{7}{10}$ و $\frac{2}{7}$ و $\frac{2}{21}$

(۱۶) $\frac{1}{8}$ و $\frac{7}{12}$ و $\frac{5}{6}$ و $\frac{9}{20}$ (۱۷) $6\frac{1}{5}$ و $\frac{4}{5}$ و $\frac{4}{7}$ من $\frac{1}{3}$ (۱۸) $100\frac{4}{5}$ و $64\frac{5}{6}$ و $\frac{3}{5}$ من 701

(۱۹) $261\frac{1}{3}$ و $173\frac{2}{3}$ و $\frac{5}{6}$ من $10\frac{1}{2}$ (۲۰) $387\frac{1}{2}$ و $285\frac{1}{3}$ و $3943\frac{1}{3}$ و $\frac{4}{5}$ من 3704

سوم قیمت ان کسور کی دریافت کرو

(۱) $\frac{11}{10}+\frac{11}{100}+\frac{11}{1000}+\frac{11}{10000}$ (۲) $\frac{11}{12}+\frac{17}{18}+\frac{29}{30}+\frac{47}{48}+\frac{59}{60}$

(۳) $\frac{1}{2}+\frac{1}{9}+\frac{3}{17}+\frac{29}{38}+\frac{33}{34}$ (۴) $2\frac{11}{17}+6\frac{21}{34}+\frac{14}{15}+\frac{1}{3}$ من $\frac{16}{17}+\frac{29}{48}+\frac{1}{3}$ من $2\frac{3}{4}$

(۵) $2\frac{2}{3}+3\frac{3}{4}+4\frac{4}{5}+5\frac{5}{6}+6\frac{6}{7}$ (۶) $1\frac{4}{7}+3\frac{1}{10}+\frac{13}{15}+7\frac{5}{14}+\frac{9}{28}+\frac{2}{7}$ من $\frac{1}{5}$

(۷) $5\frac{1}{6}+\frac{5}{9}$ من $\frac{4}{7}$ من $3\frac{1}{2}+9\frac{3}{10}+\frac{3}{7}$ من $\frac{5}{8}$ من 4

(۸) $\frac{5}{8}$ من $12+\frac{2}{5}$ من $\frac{8}{9}+3\frac{3}{8}$ من $1\frac{5}{9}$ من $\frac{42}{153}+\frac{13}{15}$ من $3\frac{3}{4}$ من $\frac{1}{18}$ من $1\frac{1}{24}$

(۹) $270\frac{3}{4}+650\frac{3}{20}+5000\frac{1}{4}+53\frac{4}{5}+1\frac{1}{20}$

(۱۰) $\frac{1}{9}$ من $\frac{3}{4}+\frac{1}{13}$ من $(1+\frac{15}{16})+\frac{13}{32}+\frac{43}{64}$ من $(1+\frac{1}{2})$

تفریق

(۷۶) قاعدہ کسروں کی تحویل ایسی کسروں کی طرف کرو جنکا نسب نما متحد ہو اور تب

شمار کنندون کو تفریق کرو اور حاصل تفریق کے نیچے نسب نما مشترک لکھدو

مثال $\frac{۱}{۲}$ کو $\frac{۷}{۸}$ مین سے تفریق کرو

بموجب قاعدہ مذکور کے عمل کیا جونکہ ظاہر ذو اضعاف اقل نسب نماؤن کا ۸ معلوم ہوتا ہے

اسلیئے مساوی کسرین $\frac{۴}{۸}$ و $\frac{۷}{۸}$ ہونگین

اور اونکا حاصل تفریق $= \frac{۷-۴}{۸} = \frac{۳}{۸}$

دلیل قاعدہ

مساوی کسرین جو دریافت ہوئی ہین اونمین اکائی ۸ برابر حصونمین تقسیم ہوئی ہے اور اونمین سے ۷ اور ۴ حصے لیئے گئے ہین

اسیواسطے حاصل تفریق برابر ایسی تین حصونکے ہوگا یا یون کہو کہ فرق دونو کسرونکا $\frac{۳}{۸}$ ہوگا

تنبیہ اول یاد رکہو کہ عمل سے پہلے کسرونکو مختصر اور کسور غیر واجب کو صحیح عدد یا کسر مرکب اور کسور مضاف کو کسر مفرد بنا لینا چاہیے

تنبیہ دوم اگر ان کسرون مین کوئی صحیح عدد یا کسر مرکب ہو تو اسمین زیادہ تر آسانی ہو جاتی ہے کہ صحیح عددون کو الگ اور کسرون کو الگ تفریق کرین اور دونون حاصلون کو جمع کرلین

(۲) مثال $۴\frac{۳}{۸}$ مین سے $۲\frac{۱}{۴}$ تفریق کرو

$۴ - ۲ = ۲$ اور $\frac{۳}{۸} - \frac{۱}{۴} = \frac{۳}{۸} - \frac{۲}{۸} = \frac{۱}{۸}$

بواسطے فرق $۴\frac{۳}{۸}$ اور $۲\frac{۱}{۴}$ کا $= ۲\frac{۱}{۸}$

اسکو اسطرح بسط کے ساتھ لکھتے ہین

$$۴ + \frac{۳}{۸} - (۲ + \frac{۱}{۴})$$

$۴ + \frac{۳}{۸} - ۲ - \frac{۱}{۴}$ بموجب دفعہ ۱۲ کے

$$= ۴ - ۲ + (\frac{۳}{۸} - \frac{۱}{۴})$$

$= ۲ + \frac{۱}{۸}$

$= ۲\frac{۱}{۸}$

مثال ۲ ۲ $\frac{۳}{۸}$ کو ۴ $\frac{۱}{۴}$ مین سے تفریق کرو

اب $\frac{۳}{۸}$ تو $\frac{۱}{۴}$ مین سے تفریق نہین ہو سکتے کیونکہ $\frac{۳}{۸}$ بڑا $\frac{۱}{۴}$ سے ہے اسلئے ا کو $\frac{۱}{۴}$ پر زیادہ کر لیتے ہین اور $\frac{۳}{۸}$ کو ۱+ $\frac{۱}{۴}$ یا $\frac{۵}{۴}$ مین سے تفریق کرتے ہین اور اسلئے کہ حاصلتفریق نہ بدل جائے آ کو ۲ پر زیادہ کر لیتے ہین اب

$\frac{۵}{۴} - \frac{۳}{۸} = \frac{۱۰}{۸} - \frac{۳}{۸} = \frac{۷}{۸}$

$۴ - ۳ = ۱$

اسواسطے فرق ۲ $\frac{۳}{۸}$ اور ۴ $\frac{۱}{۴}$ کا = ۱ $\frac{۷}{۸}$

اور یہی عمل اسطرح بسط کے ساتھہ بیان ہو سکتا ہے کہ

$۴ + \frac{۱}{۴} - (۲ + \frac{۳}{۸})$

$= ۴ + ۱ + \frac{۱}{۴} - (۲ + ۱ + \frac{۳}{۸})$ (ایک کو زیادہ بھی کیا اور کم بھی)

$= ۴ + \frac{۵}{۴} - (۳ + \frac{۳}{۸})$

$= ۴ - ۳ + \frac{۵}{۴} - \frac{۳}{۸}$

$= ۱ + \frac{۱۰}{۸} - \frac{۳}{۸}$

$= ۱ + \frac{۷}{۸}$

$= ۱\frac{۷}{۸}$

امثلہ مشقی ۲۰

اول کسور ذیل کا فرق دریافت کرو

(۱) $\frac{۳}{۴}$ و $\frac{۱}{۴}$ (۲) $\frac{۵}{۸}$ و $\frac{۱}{۴}$ (۳) $\frac{۴}{۹}$ و $\frac{۳}{۱۱}$ (۴) $\frac{۵}{۱۲}$ و $\frac{۸}{۱۵}$ (۵) $\frac{۱۵}{۸}$ و $\frac{۱۱}{۱۲}$ (۶) $\frac{۵}{۱۵}$ و $\frac{۹}{۲۰}$

(۷) ۲ $\frac{۳}{۵}$ و ۱ $\frac{۱}{۴}$ (۸) ۳۷ $\frac{۴}{۱۵}$ و ۳۳ $\frac{۵}{۲۴}$ (۹) ۶ $\frac{۳}{۸}$ و ۴ $\frac{۱}{۲}$ (۱۰) ۱۳ $\frac{۵}{۱۲}$ و ۹ $\frac{۶}{۱۳}$

(۱۱) ۵۰ $\frac{۱}{۱۶}$ و ۴۷ $\frac{۱}{۲۴}$ (۱۲) ۴۲ و ۳۰ $\frac{۵}{۱۲}$ (۱۳) ۱۵ $\frac{۳۲}{۷۲۹}$ و ۱ $\frac{۱۶}{۲۴۳}$

(۱۴) ۹۰ $\frac{1}{11}$ و ۲۵ $\frac{12}{125}$ (۱۵) ۲ اور $\frac{129}{248}$ (۱۶) $\frac{425}{125}$ و $\frac{2}{7}$ من ۱۴

(۱۷) ۴۷ $\frac{5}{8}$ و ۱۵ $\frac{1}{4}$ (۱۸) $\frac{31}{54}$ و $\frac{5}{28}$ من $\frac{1}{2}$۱ (۱۹) $\frac{1}{2}$ من $\frac{4}{5}$ من $\frac{3}{14}$ و $\frac{2}{9}$ من $\frac{3}{14}$

(۲۰) $\frac{3}{7}$ من $\frac{2}{9}$ من $\frac{4}{5}$ من $\frac{3}{14}$ و $\frac{5}{8}$ من $\frac{1}{18}$ من $\frac{5}{11}$

دوم $\frac{5}{7}$ من $\frac{2}{13}$ - $\frac{3}{8}$ من $\frac{4}{18}$ کسقدر زیادہ $\frac{5}{8}$ من $\frac{3}{10}$ - $\frac{5}{9}$ من $\frac{4}{15}$ سے ہے

(۳) $\frac{4}{15}$ من $\frac{5}{7}$ و $\frac{2}{7}$۲ کے مجموعہ مین سے $\frac{5}{9}$ کو تفریق کرو

(۴) $\frac{5}{14}$۱۱ اور $\frac{2}{3}$۸ کے مجموعہ سے $\frac{19}{24}$۹ کو تفریق کرو

(۵) بتاؤ کہ $\frac{5}{32}$۵ اور $\frac{2}{7}$۲ کی حاصل تفریق سے کیا تفریق کرین کہ حاصل تفریق برابر مجموعہ $\frac{5}{8}$ + $\frac{5}{7}$ + $\frac{1}{4}$ کے ہو

(۶) $\frac{3}{7}$، $\frac{5}{14}$ و $\frac{9}{13}$ کا مجموعہ اونکے فرق سے کسقدر بڑا ہے۔

ضرب

(۲۲) قاعدہ نسب شمار کنندونکو ضرب دیکر نیا شمار کنندہ بناؤ اور نسب ناؤن کو ضرب دیکر نیا نسب نما

مثال $\frac{3}{7}$ کو $\frac{5}{8}$ مین ضرب دو

تو بموجب قاعدہ مذکورہ کے عمل کرنے سے

$\frac{3}{7} \times \frac{5}{8} = \frac{15}{56}$

دلیل قاعدہ

اگر $\frac{3}{7}$ کو ۵ مین ضرب دین تو $\frac{15}{7}$ بموجب دفعہ ۶۴ کے حاصل ہونگے

مگر یہہ حاصل آٹھہ گنا اصل حاصل سے ہوگا اسلیئے کہ ۵ مین ضرب دینے کی جگہہ ہمکو $\frac{5}{8}$ مین ضرب دینا چاہیئے تہا اور $\frac{5}{8}$ آٹھہ دفعہ کم بہ نسبت ۵ کے ہے اسلیئے حاصل ضرب مذکور یعنے $\frac{15}{7}$ کو ۸ پر تقسیم کرنا چاہیئے تاکہ اصل حاصل ضرب ہاتھہ آئے اور $\frac{15}{7} \div 8 = \frac{15}{56}$ بموجب دفعہ ۶۵ کے

کسور عام

تنبیہ ا اسکی دلیل سب جگہہ صادق آئیگی خواہ تعداد کسرون کی جنکو ضرب دیتے ہین کتنے ہی ہو

تنبیہ ۲ ضرب دینے سے پہلے جو کسرین مرکب ہون اونکو کسر غیر واجب بنالو

تنبیہ ۳ یہہ ہم پہلے ثابت کر آئے ہین کہ کسر کا اختصار بدرجہ غایت اوس حالت مین ہوجاتا ہے کہ اوسکے نسب نما اور شمار کنندہ کو مقسوم علیہ اعظم پر تقسیم کرین یا اس مطلب کو یون ادا کرو کہ ان اجزا ضربی کے حاصل ضرب پر تقسیم کرنے سے کہ جو مشترک دونون شمار کنندہ اور نسب نما مین ہون اسلیے سب سے بہتر تو یہی ہے کہ ضرب کسور مین اسطرح بہہ اختصار کسور ہوجانا مناسب ہوگا کہ اونہی شمار کنندہ اور نسب نما کو اجزا ضربی مین جنسے وہ مرکب ہین ان ٹکڑے ٹکڑے کرین اور پہران اجزا ضربی کے درمیان علامت ضرب کی لکہدو اونکا شمار کنندہ اور نسب نما بناکر ایک کسر کی صورت مین لکہدین اور جو اجزا ضربی شمار کنندہ اور نسب نما دونون مین مشترک ہون اونکو ساقط کرین اور ساقط کرنے کے بعد آخر کو جو اجزا ضربی باقی رہین اونکو ضرب دین جسطرح ان مثالون مین کیا ہے

مثال ۱ [illegible] اور [illegible] کو آپسمین ضرب دو

حاصل ضرب = [illegible]

اب اجزا ضربی کو ساقط کرنیسے یعنے شمار کنندہ اور نسب نما کو ۲ پر تقسیم کرنیسے ہمکو حاصل ہوگا

حاصل ضرب = [illegible]

مثال ۲ $\frac{۱}{۲}$ و $\frac{۲}{۳}$ و $\frac{۳}{۴}$ کو آپسمین ضرب دو

حاصل ضرب = $\frac{۱ \times ۲ \times ۳}{۲ \times ۳ \times ۴}$

(ساقط کرنیسے یا شمار کنندہ اور نسب نما کو اجزا ضربی مشترک ۲ اور ۳ کی حاصل ضرب پر تقسیم

= $\frac{۱}{۴}$

مثال ۳ [illegible] و [illegible] و [illegible] و [illegible] کو آپسمین ضرب دو

حاصل ضرب $\frac{45\times27\times16\times8}{60\times30\times24\times9}$

$= \frac{9\times5\times9\times3\times4\times4\times8}{12\times5\times6\times5\times8\times3\times9}$

(ساقط کرنے سے یا اجزاء ضربی ۸ و ۳ و ۹ و ۵ کے حاصل ضرب پر تقسیم کرنے سے)

حاصل ضرب $= \frac{9\times4\times4}{12\times5\times6}$

$= \frac{3\times3\times2\times2\times4}{4\times3\times5\times3\times2}$

(ساقط کرنے سے یا اجزاء ضربی مشترک ۴ و ۲ و ۳ و ۳ پر تقسیم کرنے سے)

حاصل ضرب بدرجۂ غایت مختصر $= \frac{2}{5}$

مثال ۴ $2\frac{1}{2}$ و $3\frac{3}{8}$ و $10\frac{1}{8}$ و $20\frac{4}{9}$ و $5\frac{9}{23}$ کو باہم ضرب دو

حاصل ضرب $= 2\frac{1}{2}\times3\frac{3}{8}\times10\frac{1}{8}\times20\frac{4}{9}\times5\frac{9}{23}$

$= \frac{5}{2}\times\frac{27}{8}\times\frac{81}{8}\times\frac{184}{9}\times\frac{124}{23}$

$= \frac{31\times4\times23\times8\times9\times9\times3\times9\times5}{23\times9\times8\times4\times2\times2}$

ساقط کرنے سے یا شمار کنندہ اور نسب نما کو اجزاء ضربی مشترک ۹ و ۸ و ۲۳ و ۴ پر تقسیم کرنے سے

حاصل ضرب $= \frac{31\times9\times9\times3\times5}{2\times2}$

$= \frac{37665}{4}$

$= 9416\frac{1}{4}$

مشق ۲۱

امثلۂ ذیل میں ضرب دو

(۱) $\frac{5}{6}$ کو $\frac{2}{3}$ میں (۲) $\frac{8}{9}$ کو $\frac{12}{15}$ میں (۳) $\frac{3}{4}$ کو $\frac{8}{9}$ میں

(۴) $\frac{5}{12}$ کو $\frac{8}{15}$ میں (۵) $\frac{5}{6}$ کو $\frac{14}{15}$ میں (۶) $4\frac{1}{2}$ کو $\frac{2}{3}$ میں

(۷) $4\frac{7}{9}$ کو $2\frac{2}{3}$ مین (۸) $7\frac{1}{2}$ کو $\frac{1}{5}$ من $\frac{4}{9}$ مین (۹) ۱۲ کو $\frac{3}{4}$ من ۵ مین

(۱۰) $\frac{1}{2}$ من $\frac{2}{3}$ کو $5\frac{3}{8}$ من ۳ مین (۱۱) $\frac{2}{13}$ من $3\frac{2}{3}$ کو $\frac{1}{32}$ من $\frac{39}{51}$ من $\frac{3}{8}$ مین

(۱۲) $\frac{11}{15}$ من $1\frac{3}{22}$ من $\frac{1}{7}$ کو $\frac{7}{12}$ من $37\frac{14}{35}$ مین $3\frac{1}{8}$ من ۱۱ مین

(۱۳) $\frac{3}{8}$ من $2\frac{1}{14}$ من $\frac{1}{144}$ من $3\frac{5}{87}$ کو $\frac{3}{11}$ من $\frac{1}{19}$ مین

(۱۴) $5\frac{2}{19}$ من $3\frac{1}{4}$ من $\frac{8}{112}$ من ۴۳ کو $\frac{3}{144}$ من $\frac{9}{98}$ من $1\frac{1}{3}$ من ۱۹ مین

دوم ان کسرونکا حاصل ضرب دریافت کرو

(۱) $\frac{1}{2}$ و $\frac{2}{3}$ و $\frac{3}{4}$ و $\frac{4}{5}$ و $\frac{5}{9}$

(۲) $\frac{15}{44}$ و $\frac{16}{27}$ و $\frac{11}{10}$ و $\frac{27}{385}$ و $\frac{21}{85}$

(۳) $1\frac{7}{15}$ و $2\frac{2}{3}$ من $1\frac{7}{33}$ و $\frac{32}{42}$ و $\frac{19}{328}$ و $5\frac{1}{22}$ من ۹ و $\frac{3}{26}$

(۴) $\frac{5}{9}$ و $2\frac{3}{7}$ و $3\frac{5}{11}$ و $5\frac{1}{19}$ و $6\frac{1}{144}$

(۵) $\frac{95}{119}$ و $\frac{17}{21}$ و $\frac{87}{153}$ و $\frac{126}{140}$ و $\frac{2}{7}$ من $1\frac{2}{5}$

(۶) $\frac{147}{196}$ و $\frac{1674}{1491}$ و $\frac{355}{529}$ و $\frac{207}{507}$ و $1\frac{110}{189}$

قسمت

(۷۸) قاعدہ مقسوم علیہ کو معکوس کرلو یعنی شمار کنندہ کو نسب نما اور نسب نما کو شمار کنندہ بنا لو اور پہر عمل ضرب کا کرو

مثال $\frac{2}{11}$ کو $\frac{3}{5}$ پر تقسیم کرو

بموجب قاعدہ مذکور کے عمل کرنے سے

$$\frac{2}{11} \div \frac{3}{5} = \frac{2}{11} \times \frac{5}{3} = \frac{10}{33}$$

دلیل قاعدہ

اگر $\frac{2}{11}$ کو ۳ پر تقسیم کرتے تو حاصل $\frac{2}{3 \times 11}$ یعنی $\frac{2}{33}$ بموجب دفعہ ۶۵ کے حاصل ہوتا یہہ نتیجہ اصل نتیجہ سے پانچ دفعہ کم ہوگا یا یون کہو کہ ۳ پر تقسیم کرنیکی جگہہ ہمکو $\frac{3}{5}$ پر تقسیم کرنا

تہا اور ۳ ایک پانچواں حصہ $\frac{3}{5}$ کا ہے اسلئے خارج قسمت جو ۳ پر $\frac{2}{11}$ کو تقسیم کرنیسے حاصل ہوا پانچواں حصہ اوس خارج قسمت کا ہوا جو $\frac{3}{5}$ پر تقسیم کرنے سے نکلتا اس سے معلوم ہوا کہ اصل خارج قسمت کے دریافت کرنیکے واسطے $\frac{2}{33}$ کو ۵ مین ضرب دینا چاہیے

اسیواسطے خارج قسمت $= \frac{2}{33} \times 5 = \frac{5 \times 2}{33} = \frac{10}{33}$

تنبیہ عمل سے پہلے مرکب کسرونکو غیر واجب اور مضاف کسرونکو مفرد بنا لو

مثال ۱ $4\frac{1}{3}$ کو $2\frac{3}{4}$ پر تقسیم کرو

$$4\frac{1}{3} \div 2\frac{3}{4} = \frac{13}{3} \div \frac{11}{4}$$
$$= \frac{13}{3} \times \frac{4}{11}$$
$$= \frac{52}{33}$$
$$= 1\frac{19}{33}$$

مثال ۲ $\frac{3}{4}$ من $\frac{7}{8}$ کو $\frac{15}{16}$ من ۷ پر تقسیم کرو

حل $\frac{3}{4}$ من $\frac{7}{8} \div \frac{15}{16}$ من ۷

$$= \frac{7 \times 3}{8 \times 4} \div \frac{7 \times 15}{1 \times 16}$$
$$= \frac{7 \times 3}{8 \times 4} \times \frac{1 \times 16}{7 \times 15}$$
$$= \frac{16 \times 7 \times 3}{7 \times 15 \times 8 \times 4}$$
$$= \frac{4 \times 4 \times 7 \times 3}{7 \times 5 \times 3 \times 4 \times 2 \times 4}$$
$$= \frac{1}{10}$$

تنبیہ اس قاعدہ سے کسور ملتفا کی تحویل کسور مفرد کی طرف ہو سکتی ہے اسطرح کہ $\frac{1\frac{3}{4}}{2\frac{1}{2}} = \frac{\frac{7}{4}}{\frac{5}{2}} = \frac{7}{4} \div \frac{5}{2}$ بموجب دفعہ ۶۰ کے

$$= \frac{7}{4} \times \frac{2}{5}$$
$$= \frac{7}{10}$$

یا اسطرح کہ $\frac{۱\frac{۳}{۴}}{۲\frac{۱}{۲}} = \frac{\frac{۷}{۴}}{\frac{۵}{۲}} = \frac{۲ \times ۴ \times \frac{۷}{۴}}{۲ \times ۴ \times \frac{۵}{۲}}$

(کسر ملتف کی شمار کنندہ اور نسب نما دونو کو کسور مفرد کے نسب نماؤن کے حاصلضرب مین ضرب دیا)

$= \frac{۱۴}{۲۰} = \frac{۷}{۱۰}$

اب $\frac{۴\frac{۱}{۲}}{۳۰} = \frac{\frac{۹}{۲}}{۳۰}$

$= \frac{\frac{۹}{۲}}{\frac{۳۰}{۱}} = \frac{۹}{۲} \div \frac{۳۰}{۱} = \frac{۹}{۲} \times \frac{۱}{۳۰} = \frac{۳ \times ۳ \times ۱}{۱۰ \times ۳ \times ۲} = \frac{۳}{۲۰}$

یا اسطرح $\frac{۴\frac{۱}{۲}}{۳۰} = \frac{\frac{۹}{۲}}{۳۰} = \frac{۱ \times ۲ \times \frac{۹}{۲}}{۱ \times ۲ \times ۳۰} = \frac{۹}{۶۰} = \frac{۳}{۲۰}$

اور $\frac{۳۰}{۴\frac{۱}{۲}} = \frac{۳۰}{\frac{۹}{۲}} = \frac{\frac{۳۰}{۱}}{\frac{۹}{۲}} = \frac{۳۰}{۱} \div \frac{۹}{۲}$

$= \frac{۳۰}{۱} \times \frac{۲}{۹} = \frac{۲ \times ۱۰ \times ۳}{۳ \times ۳}$

$= \frac{۲۰}{۳} = ۶\frac{۲}{۳}$

یا اسطرح کہ $\frac{۳۰}{۴\frac{۱}{۲}} = \frac{\frac{۳۰}{۱}}{\frac{۹}{۲}} = \frac{۲ \times ۱ \times \frac{۳۰}{۱}}{۲ \times ۱ \times \frac{۹}{۲}}$

$= \frac{۶۰}{۹} = \frac{۲۰}{۳} = ۶\frac{۲}{۳}$

امثلہ نمبری ۲۲

اول امثلہ ذیل مین تقسیم کرو

(۱) ۳ کو $\frac{۳}{۴}$ پر (۲) $\frac{۵}{۸}$ کو $\frac{۱}{۴}$ پر (۳) $\frac{۵}{۹}$ کو $\frac{۳۱}{۱۸}$ پر

(۴) $\frac{۳۲}{۳۵}$ کو $\frac{۴}{۵}$ پر (۵) $\frac{۵۹}{۱۴۴}$ کو ۳ $\frac{۱}{۴}$ پر (۶) $\frac{۱۶}{۲۵}$ کو $\frac{۱۴}{۱۵}$ پر

(۷) ۲ $\frac{۵}{۲۱}$ کو ۴ $\frac{۱}{۴}$ پر (۸) $\frac{۴۹}{۸۰}$ کو $\frac{۵}{۸}$ من ۳ $\frac{۲}{۷}$ پر (۹) ۲ $\frac{۱}{۱۱۲}$ کو ۶ $\frac{۲}{۷}$ من $\frac{۱۱}{۱۴}$ پر

(۱۰) ۳ $\frac{۲}{۳}$ من ۳ $\frac{۱}{۴}$ من $\frac{۱}{۲}$ کو ۷۵ پر

(۱۱) ۳ $\frac{۱}{۵}$ من ۵ $\frac{۵}{۸}$ من ۳ $\frac{۵}{۹}$ کو ۹ $\frac{۳}{۴}$ من ۳ $\frac{۵}{۱۴}$ من ۷ $\frac{۱}{۴}$ پر (۱۲) ۱۱۹ کو $\frac{۵}{۶}$ پر

(۱۳) $\frac{۳}{۸}$ من $\frac{۹}{۲}$ من ۸۰ $\frac{۱}{۴}$ من ۹ کو $\frac{۳}{۷}$ من $\frac{۴}{۷}$ من $\frac{۲}{۵}$ من ۸ $\frac{۳}{۴}$ پر

(۱۴) $\frac{۵}{۸}$ من $\frac{۲}{۵}$ من $\frac{۱}{۱۸}$ من $\frac{۱}{۱۱}$ کو $\frac{۴}{۱۲}$ من $\frac{۹۵}{۱۱۴}$ من $\frac{۳۳}{۴۴}$ من $\frac{۱}{۱۲}$ پر

دوم $2\frac{1}{2}$ و $3\frac{1}{2}$ کے حاصل ضرب اور خارج قسمت کا آپسمین مقابلہ کرو

سوم ان کسور ملتف کو کسور مفرد بناؤ

(۱) $\dfrac{\frac{3}{4}}{1\frac{5}{8}}$ (۲) $\dfrac{\frac{17}{24}}{2\frac{1}{3}}$ (۳) $\dfrac{2\frac{11}{12}}{\frac{5}{9}}$ (۴) $\dfrac{\frac{7}{11}}{\frac{1}{99}}$ (۵) $\dfrac{13\frac{1}{3}}{2}$ (۶) $\dfrac{56}{1\frac{5}{9}}$ (۷) $\dfrac{13\frac{9}{1}}{1\frac{11}{14}}$

امثلۂ متفرقہ حل کی ہوئی

(۱) $\frac{7}{8}+\frac{5}{12}$ مین کیا جمع کرین کہ $2\frac{1}{8}$ ہوجائین

اس سوال کو یون بہی کہہ سکتے ہین کہ اگر $2\frac{1}{8}$ مین سے $\frac{7}{8}+\frac{5}{12}$ نکالڈالین تو کیا باقی بچیگا

جونکہ $2\frac{1}{8}-\left(\frac{7}{8}+\frac{5}{12}\right)=2\frac{1}{8}-\frac{7}{8}-\frac{5}{12}=\frac{17}{8}-\frac{7}{8}-\frac{5}{12}$

$=\frac{10}{8}-\frac{5}{12}=\frac{30-10}{24}=\frac{20}{24}=\frac{5}{6}$

اسواسطے عدد مطلوب $\frac{5}{6}$ ہے

انتباہ یہہ یاد رہے کہ جتنی مقدارین خطوط وحدانی کے اندر ہوتی ہین اون کا عمل اوس علامت کے موافق ہوتا ہے جو خطوط وحدانی کے اول ہوتی ہے

جیسے کہ اوپر کے عمل مین $-\left(\frac{7}{8}+\frac{5}{12}\right)$ کے یہہ معنی ہین کہ $\frac{7}{8}$ اور $\frac{5}{12}$ کا مجموعہ $2\frac{1}{8}$ مین سے تفریق ہوگا اور اگر $-\frac{7}{8}+\frac{5}{12}$ ہوتا تو اوسکے یہہ معنی ہوتے کہ $2\frac{1}{8}$ مین سے $\frac{7}{8}$ تفریق کیا گیا ہے اور ماحصل پر $\frac{5}{12}$ جمع کیا گیا ہے

(۲) $14\frac{3}{8}$ مین سے کیا تفریق کرین کہ $1\frac{3}{4}$ باقی رہے

عدد مطلوب $=14\frac{3}{8}-1\frac{3}{4}$

$=(13+1+\frac{3}{8})-(1+\frac{3}{4})$

$=(13+\frac{11}{8})-(1+\frac{3}{4})$

$=13-1+(\frac{11}{8}-\frac{3}{4})$

$=13-1+(\frac{11}{8}-\frac{6}{8})=12\frac{5}{8}$

یا اسطرح $14\frac{3}{8} - 1\frac{3}{4} = 13\frac{11}{8} - \frac{3}{4} = \frac{107}{8} - \frac{6}{8} = \frac{101}{8} = 12\frac{5}{8}$

(۳) $1\frac{3}{8}$ کو کونسی عدد مین ضرب دین کہ حاصل ضرب $14\frac{3}{4}$ ہو

اس سوال کو اسطرح بھی کہہ سکتے ہین کہ اگر $14\frac{3}{4}$ کو $1\frac{3}{8}$ سے تقسیم کرین تو خارج قسمت کیا ہوگا

اسلئے $\frac{14\frac{3}{4}}{1\frac{3}{8}} = \frac{\frac{59}{4}}{\frac{11}{8}} = \frac{59}{4} \times \frac{8}{11} = \frac{2\times 59}{11} = \frac{118}{11} = 10\frac{8}{11}$ = جواب مطلوب

(۴) کونسی عدد کو $1\frac{3}{8}$ پر تقسیم کرین کہ خارج قسمت $10\frac{8}{11}$ ہو

اس سوال کو اسطرح بھی کہہ سکتے ہین کہ اگر $1\frac{3}{8}$ کو $10\frac{8}{11}$ مین ضرب کرین تو حاصل ضرب ہوگا

پس $1\frac{3}{8} \times 10\frac{8}{11} = \frac{11}{8} \times \frac{118}{11} = \frac{118}{8} = \frac{59}{4} = 14\frac{3}{4}$ = جواب مطلوب

(۵) $\left(\frac{3\frac{1}{2}}{7} + \frac{2}{10\frac{1}{2}} - \frac{5}{18}\text{ من }\frac{4}{7}\right) \times 1\frac{3}{4}$ کو ایک سادی کسر بناؤ

پس $\left(\frac{3\frac{1}{2}}{7} + \frac{2}{10\frac{1}{2}} - \frac{5}{18}\text{ من }\frac{4}{7}\right) \times 1\frac{3}{4} = \left(\frac{\frac{7}{2}}{7} + \frac{2}{\frac{21}{2}} - \frac{5\times 4}{7\times 18}\right) \times \frac{7}{4}$

$= \left(\frac{1}{2} + \frac{4}{21} - \frac{10}{63}\right) \times \frac{7}{4} = \frac{7}{4} \times \left(\frac{14}{21} - \frac{10}{63}\right) = \frac{7}{4} \times \left(\frac{42}{63} - \frac{10}{63}\right)$

$= \frac{42-10}{63} \times \frac{7}{4} = \frac{32}{63} \times \frac{7}{4} = \frac{8}{9}$ = جواب مطلوب

(۶) $\frac{\frac{1}{2}+\frac{1}{3}+\frac{1}{4}}{\frac{1}{4\frac{1}{2}}+\frac{1}{3\frac{1}{2}}+\frac{1}{2\frac{1}{2}}}$ اس کسر کو کسر مفرد مختصر کی صورت مین لکھو

پس $\frac{\frac{1}{2}+\frac{1}{3}+\frac{1}{4}}{\frac{1}{4\frac{1}{2}}+\frac{1}{3\frac{1}{2}}+\frac{1}{2\frac{1}{2}}} = \frac{\frac{6+4+3}{12}}{\frac{1}{\frac{9}{2}}+\frac{1}{\frac{7}{2}}+\frac{1}{\frac{5}{2}}} = \frac{\frac{13}{12}}{\frac{2}{9}+\frac{2}{7}+\frac{2}{5}} = \frac{\frac{13}{12}}{\frac{70+90+126}{315}}$

$= \frac{\frac{13}{12}}{\frac{286}{315}} = \frac{13}{12} \times \frac{315}{286} = \frac{105\times 3\times 13}{22\times 13\times 4\times 3} = 1\frac{17}{88}$

(۷) تقسیم کرو $3\frac{1}{4} - \frac{5}{6}\text{ من }\frac{4}{15}$ کو $21\frac{1}{5} + \frac{3}{10} + 4\frac{1}{4}\text{ من }5$ پر

چونکہ $3\frac{1}{4} - \frac{5}{6}\text{ من }\frac{4}{15} = \frac{13}{4} - \frac{2}{9} = \frac{117-8}{36} = \frac{109}{36}$ مقسوم

اور $21\frac{1}{5} + \frac{3}{10} + 4\frac{1}{4}\text{ من }5 = 21\frac{1}{5} + \frac{3}{10} + \frac{17\times 5}{4} = 21\frac{1}{5} + \frac{3}{10} + 21\frac{1}{4}$

$= 21 + 21 + \frac{1}{5} + \frac{3}{10} + \frac{1}{4} = 42 + \frac{7}{6} = 43\frac{1}{6} = \frac{259}{6}$ مقسوم علیہ

اسلئے $\frac{109}{54} \div \frac{259}{6} = \frac{109}{54} \times \frac{6}{259} = \frac{109}{9\times 6} \times \frac{6}{259} = \frac{109}{1554}$ = جواب

(۸) $\frac{1}{13}$ من $\dfrac{1}{1+\dfrac{1}{3+\dfrac{1}{4}}}$ اس کسر کو مفرد سادہ بناؤ

چونکہ $\dfrac{1}{1+\dfrac{1}{3+\frac{1}{4}}} = \dfrac{1}{1+\dfrac{\frac{1}{3}}{\frac{13}{4}}} = \dfrac{1}{1+\frac{5}{39}} = \dfrac{39}{5+39} = \dfrac{39}{44}$

اسلئے $\frac{1}{13}$ من $\frac{39}{44} = \frac{3}{44}$

(۹) $\left\{2\frac{3}{4}+\frac{5}{2}\text{ من }\frac{7}{3\frac{4}{5}}-\frac{\frac{2}{3}}{\frac{1}{2}}\right\} \div 1\frac{77}{228}$ اسکا حاصل بناؤ

$\frac{305}{228} \div \left\{\frac{11}{4}+\frac{5}{2}\text{ من }\frac{7}{\frac{19}{5}}-\frac{\frac{2}{3}}{\frac{5}{2}}\right\}$

$= \frac{228}{305}\times\left\{\frac{11}{4}+\frac{5}{2}\times\frac{7}{1}\times\frac{5}{19}-\frac{2}{3}\times\frac{2}{5}\right\} = \frac{228}{305}\times\left\{\frac{11}{4}-\frac{175}{38}+\frac{2}{3}\right\}$

چونکہ ذو اضعاف اقل ۴ و ۳۸ و ۳ کا = ۳×۲×۳۸ کے اسلئے کسر بالا =

$= \frac{228}{305}\times\left\{\frac{2\times38\times2-3\times2\times175+3\times19\times11}{3\times2\times38\times2}\right\}$

$= \frac{228}{305}\times\frac{152-1050+627}{228} = \frac{228}{305}\times\frac{152-1477}{228}$

$\frac{1525}{305} = 5$

امثلہ نمبری ۳۴ متفرقات

(۱) کسر کی تعریف کرو اور کسور عام اور اعشاریہ مین فرق بتاؤ اور بتاؤ کسر عام کتنی قسمون کی ہوتی ہین سب کی مثال دو

(۲) $\frac{2}{5}$ من $7\frac{3}{4}$ اور $1\frac{3}{4}$ تقسیم کیا گیا $2\frac{1}{8}$ بر ان دونو کسرون کا حاصل جمع اور حاصل تفریق دریافت کرو اور مجموعہ $5\frac{1}{8}$ و $\frac{2}{3}$ من $3\frac{1}{4}$ اور $2\frac{3}{4} \div \frac{1}{7}$ کا کیا ہوگا

(۳) کسور ذیل کو کسر مفرد بناؤ

(۱) $\left\{\frac{3}{4}+\frac{7}{9}\text{ من }5\frac{1}{2}\right\} \times \left\{\frac{5}{9}+\frac{2}{3}+3\frac{3}{4}\right\}$

(۲) $3\frac{1}{125}$ من $3\frac{4}{7} \div \frac{47}{345}$ من ۹

۴ چاول یا دہان	= ا رتی	۱.۸۷۵ ″
۸ رتی	= ا ماشہ	۱۵ ″
۱۲ ماشہ	= ا تولہ	۱۸۰ ″

بمبئی کے باٹ

۴ دان بالو = ۱ رتیکا یا گنج یا ۲،۱۲۴۷ گرین کے

۸ رتیکا = ۱ ماشہ یا دال ۱۷،۰۱۳۹۰۰ گرین

۴ ماشہ = ۱ ٹانک ۴۸۸۹، ۲ ڈرم

۷۲ ٹانک یا ۳۰ پیسہ = ۱ سیر یا ۱۱ ½ اونس

۴۰ سیر = ۱ من یا ۲۸ پونڈ

۲۰ من = ۱ کھنڈی یا ۵ ہنڈریٹ ویٹ

روئی کی تولنے کے واسطے کھنڈی ۲۸ من یا ۷ ہنڈریٹ ویٹ کی برابر ہوتی ہے یاد شاہی انگریزی سیر اور من برابر ۵۵ ۷۷ ۹۳۸، ۲ بمبئی کے سیر اور من کے ہوتا ہے اور بمبئی کا من برابر ۲۷۷۰،۴۰۳۰ انگریزی من کے ۱۱۲ اور مدراس کے ۱۳۹ ہوتا ہے انگریزی سیر یا من برابر ۱۴۴، ۱ بمبئی کے سیر اور من کے ہوتے ہیں پونا میں سیر ۸۰ انکوشی روپیہ کا ہوتا ہے یا ۷۷، ۶۶ تولہ = ۱۴ ۹، ۱ پونڈ یہاں کے باٹ ۱/۴۰ حصہ کے برابر ہلکے اور مقامات کے انگریزی باٹوں سے ہیں

۴ ½ ٹانک ایک چھٹانک ۱۴ ۷ ۹، ۱ اونس اویرڈیوپوئس

۳ من ایک پلہ ۵۷، ۲۳۹ پونڈ

۲۰ من ۶ ⅔ پلہ ۰۸۱، ۱۴ ہنڈریٹ ویٹ

اور مفصلات میں سیر ۷۵ تولہ سے ۷۷ تولہ تک ہوتا ہے

سورت میں ۳۵ روپیہ بھر کا ایک سیر ہوتا ہے اور ۳۶۱،۴۶ تولہ کی برابر تقریباً اور ۳۷ ½ پونڈ کی برابر اور روئی تولنے کے کھنڈی برابر سورت کے ۲۱ من کے ہوتی ہے یا ۷ ہنڈریڈ ویٹ اور ۳ ½ پونڈ

مدراس کے باٹ

۱۰ پگوڈا = ۱ پلہ = ۱ ¼ اونس = ۳۸، ۰۳ تولہ

۸ پلم	= ۱ سیر	۱۰ اونس	۲۴٫۳۰۴	تولہ
۵ سیر	= ۱ ویس	۳⅛ پونڈ	۱۲۱٫۵۲۸	تولہ
۸ ویس یا ۴۰ سیر	= ۱ من	۲۵ پونڈ	۹۷۲ ۱/۶	تولہ
۱۲۰ ویس	= ۱ کھنڈی	۵۰۰ پونڈ	۲۰٫۷۴۴ پادشاہی من کے	

مدراس کا من برابر ۱۹٫۳۰۲۸۱ انگریزی من کے اور انگریزی یعنی شاہی من برابر ۲۹۱۴۲۸۶ر۳۳ مدراس کے ہوتا ہی اور مدراس کا من = ۷ ۲۸۵ ۸۹ر بمبئی کے من کے اور ۲۵ بمبئی کی من برابر ۲۸ مدراس کے من کے اور ۱۷۵ انگریزی من برابر ۵۷۶ مدراس کے من کے ہوتا ہی رتی موتی تولنے کے واسطی ۶ گرین کی ہوتی ہی اور ۸۰ جو مدراس کے = ۵۵ بمبئی کے جو

پگوڈا کا وزن = ۵۲٫۵۶ گرین

مدراس کا من = ۲۳٫۱۹۲ پونڈ

انگلستان مین ایک قسم کے وزنون کا نام ٹروئی ہے اور وجہ تسمیہ یہہ معلوم ہوتی ہی کہ فرانس کے اندر اول اول اس شہر مین مصر سی یہہ اوزان آئے تھے بعض ان وزنون کے نام کو ایک درویش سی منسوب کرتے ہین سونا چاندی ہیرا اور قیمتی اشیاء کی تولنے مین اور اوزان مخصوص کے مقرر کرنے مین اور تحقیقات طبعی کے اندر انہین وزنون کا استعمال ہوتا ہی

۲۴ گرین برابر ۱ پینی ویٹ ۱/۲۰ تولہ

۲۰ پینی ویٹ برابر ۱ اونس ۲ ½ تولہ

۱۲ اونس برابر ۱ پونڈ ۳۰ تولہ

تنبیہ اول گیہون کی بال مین سی ایک دانہ نکال کر خشک کرین تو اوسکو گرین کہتی ہین سب سے پہلے تولنے کا وزن یہی ہے

تنبیہ دوم ہیرا اور قیمتی جواہرات کیراٹ سے تولے جاتے ہین اور کیراٹ کا وزن ۲/۷۵ تولہ کا ہوتا ہے خالص سونا یا ملاؤ کا سونا ۲۴ حصو ن مین تقسیم کیا گیا ہے اور ہر حصہ

کا نام کیرٹ ہے اگر سونا بالکل خالص ہوگا تو ہم کہینگے کہ وہ ۲۴ کیراٹ ہے اور اگر ۲۲ حصہ سونا خالص ہو اور ۲ حصہ ملاؤ ہو تو ہم کہینگے کہ سونا ۲۲ کیراٹ ہے غرض ضمانی معنی یہی ہیں کہ سکے اوکی عیاری تا ہے

(۱۰۴) دواؤن کے تولنے کے کام مین یہہ اوزان مستعمل ہین

۲۰ گرین	= اسکروپل	۴۲ ½ دہان یا چاول	
۳ سکروپل	= ڈریم	۳۲ رتی	
۸ ڈریم	= اونس	۲۴ ماشہ	
۱۲ اونس	= پونڈ	۳۴ تولہ	

(۱۰۵) ایک دوسری طرح کے اوزان ادویرڈیوپس انگلستان مین اکثر کم قیمت اور جلکی چیزون کے تولنے کے کام مین اتی ہین

۱۶ ڈرم	= ایک اونس	۲.۴۳۰۵	تولہ
۱۶ اونس	= ایک پونڈ	۳۸ $\frac{۸}{۹}$	"
۱۴ پونڈ	= اسٹون	۶ $\frac{۲۹}{۳۲}$	سیر
۲۸ پونڈ	= اکوارٹر	۱۳ $\frac{۱۱}{۱۸}$	"
۴ کوارٹر	= اہنڈریڈ ویٹ	۵۴ $\frac{۴}{۹}$	"
۲۰ ہنڈریڈ ویٹ	= اٹن	۲۷ $\frac{۲}{۹}$	من

۱ ادویرڈیوپس پونڈ برابر ۷۰۰۰ گرین ٹروی کے ہوتا ہے اور کوارٹر ٹہیک نبی کے سکے برابر ہوتا ہے

طولانی پیمانے

(۱۰۶) طولانی پیمانے کی اکائی گز ہے اور اُس گز کی بھی کیفیت سیر کی سی ہے کہ وہ جابجا مختلف طرح کا کام مین آتا ہے شاید ایک ہی صوبہ کے مختلف اضلاع مین مختلف طول کا ہوتا ہے مگر عنقریب سب جگہہ انگریزی ہی گز کام مین آنے لگے گا اور جہان تعلیم پہیلی گی وہان تو ضرور اسے گز کا رواج ہوگا

۳ جو = ۱ انگل ۳/۴ انچ اور ۳ جو = ۱ انچ = ۱ ۱/۳ انگل

۴ انگل = ۱ مٹھی ۳ ″ اور ۱۲ انچ = ۱ فٹ = ۱۶ انگل

۳ انگل یا مٹھی = ۱ بالشت ۹ ″ اور ۳ فٹ = ۱ گز = ۲ ہاتھ

۲ بالشت = ۱ ہاتھ یا کیوبٹ ۱۸ ″ اور ۶ فیٹ = ۱ فیدم = ۴ ہاتھ

۲ ہاتھ = ۱ گز ۳ فٹ اور ۵ ۱/۲ گز = ۱ روڈ یا پول یا پرچ = ۱۱ ہاتھ

۴ گز = ۱ ڈنڈا یا بم ۶ ″ اور ۴۰ پول = ۱ فرلنگ ۱ کوس = ۱،۶۵ میل

۱۰۰۰ بم = ۱ کوس ۲۰۰۰ گز اور ۸ فرلنگ = ۱ میل کے ۴۲ کوس = ۱ درجہ

۳ میل = ۱ فرسنگ

۶۹ ۱/۲ میل = ۱ درجہ

ہندوستان مین کیا اور انگلستان مین کیا دونون جگہہ طول کے ماپنے کے واسطے سب سے پہلی پیمانہ جو مقرر ہوا ہے

بمبئی مین نصف ہاتھہ کو ونت کہتے ہین اور زمین ماپنی کے لئے کاٹھی ۴، ۹ فیٹ کی کام مین لاتے ہین گجرات مین کاٹھی ۵ ہاتھہ کی ہوتی ہے اور مغربی ہندوستان مین ایک گانون مین اپنی اپنی کاٹھی جدا رکھتے ہین

(۱۰۵) ممالک مغربی اور دلی لدھیانہ فیروزپور اور برار کے ایک حصہ مین گز ۳۳ انچ کا ہوتا ہے اور وہ = الہی گز اور ۳ الہی گز = ۱ گٹھہ اور ۲۰ گٹھہ یا بان = ۱ جریب بنارس اور گجرات مین مسٹر دکن صاحب نے جو گز بندوبست استمراری کے واسطے ۱۷۹۵ء مین مقرر کیا تھا ۳۳، ۶ انچ کا تھا صحیح طول الہی گز کا ۳۲، ۶ سے ۳۳، ۸ انچون کے درمیان ہے بریلی بلندشہر آگرہ وغیرہ مین ۳۳، ۵۵ انچ کا الہی گز ہوتا ہے - اوڑیسہ مین نودلیکا ۱۰، ۴۳۵۵ فیٹ کی اور ترہت مین للاجی ۹ ۳/۴ فٹ کا ہوتا ہے اور بعض مقام پر ۱۶ ہاتھہ کا ایک نل ہوتا ہے

بمبئی مین کپڑا ناپنے کی پیمائی

۱۲ انگل = ا تسو ۱ ⅛ انچ

۲۴ تسو = ا گز ۲۷ انچ

بونہ میں ۳۳ انچ کا گز ہوتا ہے اور انگریزی کپڑا انگریزی گز سے ناپ کر بکتا ہے

مدراس میں کپڑا ناپنے کے پیمانے

کرود ۲۶ یا ۱۸ انچ کا کپڑا ناپنے کے لئے کام میں آتا ہے لیکن اکثر انگریزی گز کام میں آتا ہے

بنگال کے طولانی پیمانے

۳ انگل = ا گرہ ا نیل

۸ گرہ = ا ہاتہہ ۲ کوارٹر

۲ ہاتہہ = ا گز ا انگریزی کے

پنجاب کے طولانی پیمانے

۲۰ بسوے = ایک ہاتہہ

۳ ہاتہہ = ا کرم

۱۰ کرم = ایک جریب

۴ جریب = ایک کوس

انگریزی کپڑا ناپنے کے پیمانے

۲¼ انچ = ا نیل

۴ نیل = ا کوارٹر

۴ کوارٹر = ا گز

۵ کوارٹر = انگریزی ایل

۶ کوارٹر = افرانسیسی ایل

۳ کوارٹر = افلیمش

۴ انچ کا ایک ہاتہہ کہلاتا ہے اور وہ گہوڑے کے ماپنے کا پیمانہ ہے
۲۲ گز کی ایک جریب ہوتی ہے اور اوسمین سو کڑیاں ہوتی ہیں یہہ زمین ماپنے کے کام میں آتی ہیں
پام = ۳ انچ اور سپین = ۹ انچ اور کیوبٹ = ۱۸ انچ پیس = ۵ فیٹ
جغرافیہ کا میل = $\frac{1}{60}$ حصہ درجہ کے
لائین = $\frac{1}{12}$ انچ

سطوح کی ماپنے کی پیمائی

مربع پیمانون کی جدول


(۱۰۶) یہ سب قسم کے سطحون ماپنے میں کام آتے ہیں یعنی جن چیزون مین طول اور عرض سے حساب ہوتا ہے اونسمین اس جدول کا کام پڑتا ہے

حد مربع وہ شکل ہے کہ جسکے چارون ضلعے آپسمین برابر ہون اور ہر ضلع اپنے پہلو کے ضلع پر عمود ہو — ایک انچ مربع وہ مربع ہے جسکا ہر ایک ضلع ایک انچ ہو اور ایک گز مربع وہ مربع ہے جسکا ہر ایک ضلع ایک گز ہو

۱۴۴ مربع انچہ	= ایک مربع فٹ کے	۴ روڈ =	ایک ایکڑ کے
۹ مربع فیٹ	= ایک مربع گز کے	...۲۵ مربع کڑی =	ایک روڈ کے
۳۰¼ مربع گز	= ایک مربع پول کے	۱۰۰۰۰ " =	ایک ایکڑ کے
۴۰ مربع پول	= ایک مربع روڈ	۱۰ مربع جریب =	ایک ایکڑ کے

تنبیہ یہہ جدول طولانی پیمانون کی جدول سے اسطرح بنتی ہے کہ دوسری جدول کے پیمانونکی نفسہ ضرب دے لو جدول مذکور کی تصدیق ان باتون پر خیال کرنے سے ہو جاویگی فرض کرو کہ ا ب اور ا س مین سے ہر ایک طول مین ایک گز ہے اور وہ ایک دوسرے پر عمود ہین تو بموجب حدود کے ا ب س د ایک مربع ہے اور اگر ا ی اور ی ف اور ف ب اور ا ہ اور ح ہ اور ہ س میں سے ہر ایک طول مین ایک فٹ ہو تو شکل سے ظاہر ہوگا

کہ ایک مربع گز میں ۹ مربع فیٹ ہوتے ہیں
یہی حساب اور طولانی پیمانوں کی نسبت بہی ہو سکتا ہے



یہہ ہندوستانی پیمانے ہیں
۲۰ کچوانسی = ایک بسوانسی
۲۰ بسوانسی = ایک بسوہ
۲۰ بسوہ = ایک بگیہ

یہہ پیمانے بہی اور کام میں لگتے ہیں
اینٹ کے کام میں روڈ = ۲۷۲ مربع فیٹ
ایک مربع فرش کا = ۱۰۰ مربع فیٹ فرش ہے استرکاری ورنگت کا حساب ۱۰۰ فیٹ مربع سے ہوتا ہے
ایک گز زمین کا = ۳۰ اکاڑ
زمین کا ٹاسنلر = ۱۰۰ ایکڑ کے

بنگال میں یہہ پیمانے زمین ماپنے کے کام میں آتے ہیں

۱ مربع ہاتہہ	=	۱ گنڈہ	۲ مربع فیٹ
۲۰ گنڈہ	=	۱ چہٹانک	۵ مربع گز
۱۶ چہٹانک	=	۱ کٹہہ	۸۰ مربع گز
۲۰ کٹہہ	=	۱ بگیہہ	۱۶۰۰ مربع گز

بنگال میں بگیہ برابر ہے ۱۶۰۰/۴۸۴۰ یعنے ۳۳۰۵۷۸۵ ایکڑ کے
بنارس اور غازی پور میں بگیہ میں ۳۰۶۰ مربع گز بنارس کے برابر
۳۱۳۶ مربع گز یعنی ۶۴۷۹۳۴ ایکڑ کے ہوتے ہیں
ممالک مغربی دلی پٹنہ شاہ آباد سارن بہاگل پور اور سیکر میں بگیہ ۳۶
مربع الہی گز کے = ۳۰۲۵ مربع گز یعنے ۶۲۵ ایکڑ کے ہوتا ہے اور اوسکی تقسیم اسطرح ہے

۱۲۰ سوانسی یا منوانسی = ایک سسوانسی ۵۰۲۵ ر ۲۴ مربع انچ
۲۰ سسوانسے یا منوانسی = ایک جوانسی ۳ر۴۰۳۱۲ مربع فیٹ
۲۰ کچوانسی = ا بسوانسی ۶ر۵۶۱۲۵ گز
۲۰ بسوانسی = ا بگہ ۳۰۲۵ر مربع گز

۱۱ ۴/۹ = ۶ ،۱۰ لی کے بگیہ اور ترہت کا بیگہہ ۴۰۰ مربع لاجی کے برابر ہوتا ہے یعنے ۴۲۲۵ مربع گز کے اور اوڑیسہ کا بیگہہ برابر ایک ایکڑ کے ہوتا ہے
بمبئی پونہ وغیرہ ممالک متوسط اور دکہن اور بمبئی مین صرف کاہٹی ہی پیمانہ کی جگہہ کام مین آتی ہا بمبئی مین ۵ ۵/۹ مربع کے برابر ہوتی ہی یعنی ۴۴ر۳۶۴۴ ۹ فیٹ کے برابر لیکن مختلف مقامات پر اوسکی مختلف مقدار ہوتی ہے اور بمبئی کا بیگہہ ۴۴ر۳۸۹۷ مربع گز کی برابر ہوتا ہے

۳۴ ۱/۹ مربع ہاتہہ = اکاہٹی
۲۰ کاہٹی = اپانڈیادسو
۲۰ پنڈیادسو = ابگیہ
۶ بیگہ = اروکہہ
۱۲۰ بیگیہ یا ۲۰ روکہہ = ایک چوہر

بعض مقامات مین کاہٹی کی جگہہ جریب کام مین آتی ہے

اور ۱۶ آنہ یا کٹرہی = گنٹھا
۴۰ گنٹھا = ۱ ایکڑ

گجرات

۲ کہنٹ = اتیال
۲۰ تیال = ا پاوٹ
۲۰ پاوٹا = ا وسوانسی

۲۰ دسوانسی = ۱ دسو

۲۰ دلیسا = ۱ بگہ

مدراس

۱ مسادی = ۲۴۰۰ مربع فیٹ

۲۴ مسادی = ۵۷۶۰۰ مربع فیٹ

اکائی برابر ۱۴۱۳۲۲۳۲۲ ۱ ایکڑ کے اور ایکڑ برابر ۷۰۶۲۵ کرکافی ہے

پنجاب

۲ مربع کرم = مرلہ

۲۰ مرلہ = کنال

۴ کنال = بیگہ


۲۰ بیگہ = گہماں

جسامت کی مساحت

مکعبی پیمانے یا مجسمات کے پیمانے

(۱۰۷) ہر قسم کے مجسمات کی پیمائش کرنے کے لئے مکعبی پیمانہ ٹہراتے ہیں یعنی حجم بلحاظ مقدار طول عرض سمک یا عمق ہوں اور سب کی مساحت مکعب ہوتی ہے

مکعب وہ شکل مجسم ہے جسکے چھوں طرف چھ برابر مربعے ہوں جیسے کہ کعبتین کا پاسا ہوتا ہے



ایک مکعب انچ وہ مکعب ہے کہ جسکے ہر ایک طرف مربع انچ ہو

ایک مکعب گز وہ ہے کہ جسکے ہر ایک طرف مربع گز ہو

۱۲×۱۲×۱۲ یا ۱۷۲۸ مکعب انچ کا ایک مکعب فیٹ ہوتا ہے

۳×۳×۳ یا ۲۷ مکعب فیٹ کا ایک مکعب گز ہوتا ہے

تنبیہ یہہ جدول طولانی پیمانون کی جدول سے اسطرح بنتی ہے کہ ہر پیمانہ طولانی فی نفسہ دو دفعہ ضرب دیاگیا ہے اس جدول کی صداقت ان باتون پر خیال کرنیسے ہوجائیگی اگر اب اور اس اور اد تین عمود ایک دوسرے پر ہون اور ہر ایک ان مین سے ایک گز طول مین ہو تو بموجب تعریف کے شکل دی مکعب ہوگی

فرض کرو کہ دہ طولانی فٹ ہین اور ہ ب ل م ایک سطح متوازی دس کے ہے

تو بموجب آخر جدول کے دس مین ۹ مربع فٹ ہونگے

اسیواسطے مجسم دل مین ۹ ایسے مکعب فیٹ ہونگے

اور اسیطرح اگر ایک اور طولانی فٹ ہ ن لین اور سطح ن ر متوازی ہ ل کے کہینچین تو شکل مجسم ہ ر مین ۹ مکعب فیٹ ہونگے

اور علے ہذا القیاس ۹ مکعب فیٹ شکل مجسم ن ی مین ہونگے

پس اسیواسطے مجسم دی مین ۲۷ مکعب فیٹ ہین

یعنے ایک مکعب گز مین ۲۷ مکعب فیٹ ہین

ان پیمانون کو اور زیادہ کرتے ہین

ایک لوڈ لکڑ لکا = ۴۰ مکعب فیٹ

ایک لوڈ مربع لکڑ لکا = ۵۰ مکعب فیٹ

ایک ٹن جہاز کا = ۴۲ مکعب فیٹ

زمین کی کہدائی کا کام مکعب فٹو مین ہوتا ہے اور اوسکا حساب مزدورون کے ۱۰۰ مکعب فیٹ پر ٹہرتا ہے اور لکڑ لکا نرخ بہی باعتبار ۵۰ مکعب فیٹ ٹہرایا جاتا اور خیالی کا بہی حساب اسیطرح پر

(۱۰۸) شراب کے پیمانے

۴ جل کا ایک پینٹ	۲ پینٹ کا ایک کوارٹ
۴ کوارٹ کا ایک گیلن	۱۰ گیلن کا ایک اینکر
۱۸ گیلن کا ایک رنلیٹ	۴۲ گیلن کا ایک ٹیرس
۲ ٹیرس کا ایک پنچن	۶۳ گیلن کا ایک ہوگز ہیڈ
۲ ہوگز ہیڈ کا ایک پیپہ	۲ پیپہ کا ایک ٹن

(۱۰۹) ایل اور بیر کے ناپنے کے پیمانے

۲ پنٹ کا ایک کوارٹ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۴ کوارٹ کا ایک گیلن

۹ گیلن کا ایک فرکن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۸ گیلن کا ایک کلڈرن

۳۶ گیلن کا ایک بیرل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱½ بیرل یا ۵۴ گیلن کا ایک ہوگز ہیڈ

۲ ہوگز ہیڈ کا ایک بٹ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲ بٹ کا ایک ٹن

ہندوستان میں کوئی پیمانہ مجوف کام میں نہیں آتا ٹیون سی چیزون کو تولتی ہیں اور اوس ظرف میں جتنے وزن کی جو شی سماتی ہے اوسکو اوتنے ہی وزن کا پیمانہ کہتے ہیں مثلاً ایک لٹیا میں آدہ سیر دودہ آتا ہے تو اوسکو آدہ سیری لٹیا کہینگے اور ایسی ہی پو سیرہ اثجور وغیرہ

(۱۱۰) اناج اور خشک چیزون کے ماپنے کے پیمانے

	انگریزی	بنگال
۲ کوارٹ کا ایک بوتل	۵ چھٹانک	= ۱ کنکی
۲ بوتل کا ایک گیلن	۱۶ چھٹانک	= ۱ سیر
۲ گیلن کا ایک پیک	۴ کنکی	= ۱ رنگ
۴ پیک کا ایک بشل	۴ رنگ یا ۵ سیر	= ۱ پیال
۲ بشل کا ایک سٹرائک	۸ پیال	= ۱ انس

۴ بشل کا ایک کومب ۲۰ پیانل = ۱ انسوال

۲ کومب یا ۸ بشل کا ایک کوارٹر ۱۶ انسوالی = ۱ کاہن

۵ کوارٹر کا ایک لوڈ

۲ لوڈ یا ۱۰ کوارٹر کا ایک لاسٹ

بمبئی

۷۲ ٹانک	= ۱ تپاری	= ۵ ۳/۵ اونس
۲ تپاری	= ۱ سیر	= ۱۱ ۱/۵ 〃
۴ سیر	= ۱ پایلی یا لوہوالے	= ۲ ۴/۵ پونڈ
۱۶ پایلی	= ۱ فیرو	= ۴۴ ۴/۵ پونڈ
۸ فیرو	= ۱ کھنڈی	= ۳۵۸ ۲/۵ پونڈ
۲۵ فیرو	= ۱ مودا	
۸ ۱/۲ پایلی چونہ	= ۱ فیرو	
۱۰ ۱/۲ پایلی چاول کے	= ۱ فیرو	
۷ ۱/۲ پایلی اور ناچونکی	= ۱ فیرو	

نمک کے پیمانے بمبئی میں

ادہوالی = ۴۱۱ ۶۴۵ پنٹ

۱۰ ۱/۲ ادہوالی = ۱ فیرو = ۹۷۹ ۵ گیلن

۱۰۰ فیرو = ۱ انو = ۴۷۴ ۲ بشل

۱۶ آنہ = ۱ راس = ۹۴۸ ۱۴۴ کوارٹر

فیرا جو نمک ناپنے کے واسطے ہوتا ہے اوسمین ۴۱ ۱۶۰۷ مکعب انچ ہوتے ہین اور ایک ۸۰ تولہ کا مایعات تولنے کے واسطے اور ۸ ۲۲۴ مکعب انچ کا یعنے ۳۴۳۲۳ امپیریل پنٹ کے برابر ہوتا ہے

حیدرآباد سندہ

۴ چونائی = اینوی = ۳۰۴۲۳۷ء۱ بادشاہی سیر

۴ ٹوئے یا ۷۷ء۷۵۷۲ تولہ = اتوئیا = ۶۹۷۱ء۶ ″

۴ توئیا = اکاسہ = ۸۸۴ء۱۸ بادشاہی سیر

۵ کاسہ = امنڈہی = ۴۴۲ء۹۳ ″

۱۲ منڈہی = اخروار = ۳۰۴ء۱۱۲۷ ″

ان پیمانوں کا مختلف اندازہ مختلف مقاموں پر ہے۔ ناگر مین ٹوئیا ۴۸۵ تولہ اور منہلا مین ۵۱۸ اور اسلام کوٹ مین ۴۴۴ تولہ کا اور شکار پور مین ۲۹۵ اور سرحد مین ۲۹۵ تولہ کا وزن ہے

مدراس

۸ اولاک = ابدی = ۷۵ء۱۳۱ مکعب انچ یا ۵۳۸ء۳ گیلن

۸ بدی = امارکل = ۰ء۱۰۵۰ ″ ۰۴ء۲ ″

۵ مارکل = ابہیرا = ۰ء۵۲۵۰ ″ ۵۲ء۱۳

(۱۱۱) کوئلہ کے ناپنے کے واسطے یہہ پیمانے کام مین آتے ہین

۴ پیک = ابشل اور ۳ بشل = اسک اور ۳۶ بشل = چیلڈرون

مگر اب یہہ پیمانے کام مین نہین آتے

گنتی کے پیمانے

(۱۱۲)

۱۲ اکائی کا اوجن	۲۴ تختہ کا ایک دستہ
۱۲ درجن کا ایک گروس	۲۰ دستہ کا ایک رم
۱۲۰ اکائی کا لانگ ہنڈریڈ	۱۰ رم کی ایک گڈی

وقت کے انگریزی پیمانے

ایک سکنڈ اسطرح لکہا جاتا ہے ۱"

۶۰ ثانیہ یا سکنڈ کا ایک منٹ یا دقیقہ ۱'

۶۰ دقیقہ یا منٹ کا ایک گہنٹہ یا ساعت

۲۴ گہنٹہ کا دن

۷ دن کا ہفتہ

سال کو ۱۲ حصون مین تقسیم کیا ہے اور ہر حصہ کا نام مہینہ ہے اور یہہ مہینہ تقویم مین لکہے جاتے ہین اور اونمین جتنے دن ہوتے ہین اونکی تفصیل یہہ ہے کہ

۳۱	۲۸	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰
جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون
۳۱	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰	۳۱
جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر

اور چوتہی سال فروری ۲۹ یوم کا ہوتا ہے

دن یا یوم وسطی شمسی برابر چوبیس حصونمین تقسیم ہوا ہے اور ہر حصہ کو شمسی ساعت کہتے ہین اور یہی زمانہ کا انداز کرنے کے واسطے پیمانہ مقرر ہوا ہے اور روز وسطی وہ اوسط وقت ہے جسمین آفتاب کسی مقام کے نصف النہار سے حرکت کرکے پہر اوسی نصف النہار پر آجاتا ہے آفتاب بطریق الشمس کے جس مقام سے حرکت کرتا ہے پہر اوسے مقام پر ۳۶۵۲۴۲۲۱۸ ایام وسطی مین آجاتا ہے یعنے ۳۶۵ دن ۵ گہنٹہ ۴۸ منٹ ۴۷½ سکنڈ مین اور اسکو سال شمسی کہتے ہین لیکن جو سال روزمرہ کے کامونمین مروج ہے وہ ۳۶۵ دن کا شمار ہوتا ہے اسلیئے ¼ دن کے ہمیشہ غلطی رہتی ہے اور یہہ بڑی غلطی ہے اوس سے بڑا خلل اتا ہے جولیس قیصر نے اس غلطی کے درست کرنے کے لئے یہہ قانون جاری کیا کہ چوتہے سال مین ایک برس ۳۶۶ دن کا مقرر کیا ہے اور اس ایک دن کا نام لوند کا دن رکہا ہے اور اس سال کو لوند کا برس یا سال کبیسہ کہتے ہین

لیکن سال شمشی مین ۳۶۵۲۴۲۲۱۸ دن ہوتے ہین اور جولیس کے سال مین ۳۶۵¼ دن ہوتے ہین

اب ۲۵ء۳۶۵ - ۳۱۸ ۲۴۲ء۳۶۵ = ۸۲ ۷۷ ۰۰ء

اسیواسطے طریق الشمس پر جہان سے آفتاب دورہ شروع کرگیا پہر اوسی مقام پر مراجعت کرکے جولین سال سے ۰۰۷۷۸۲ء دن بیشتر آجائے گا

اسیواسطے ۴۰۰ برس مین آفتاب طریق الشمس کے اوسی مقام پر ۴۰۰ × ۰۰۷۷۸۲ء یعنے ۳ء۱۱۲۸ دن مین بیشتر جولین سال کے ختم ہونے سے آجانے گا

اور اسیواسطے ۱۲۵۷ برسو نمین طریق الشمس پر آفتاب محاذات مین ۱۲۵۷ × ۰۰۷۷۸۲ء یعنے ۹ء۷۸۱۹ دن بیشتر جولین سال کے ختم ہونے کے آجانے گا اور اس حساب سے اعتدال ربیعی جو ۳۲۵ء مین واقع ہوا تہا وہ ۱۲۵۷ برس بعد یعنے ۱۵۸۲ء مین ۱۱ مارچ کو واقع ہوا اسواسطے پوپ گریگری نے حکم دیدیا کہ دس دن اس سال مین کم کردی جائین اور چوتہی اکتوبر ۱۵ - اکتوبر مقرر کیجائے اس حساب سے پہر اعتدال ربیعی سال آئندہ مین ۲۱ مارچ کو واقع ہوا اور آئندہ پہر ایسی غلطی نہ واقع ہوسکے یہہ بات قرار پائی کہ زمانہ آئندہ مین ۴۰۰ برس کے اندر تین سال کبیسہ نہ شمار کئے جائین یعنے اونمین فروری ۲۹ کا نہ شمار ہو اور یہہ سال آخر سال اون صدیون کے ہون جنکی تعداد ۴ پر پوری نہ تقسیم ہوتی ہو ۱۱۰۰ اور ۲۰۰۰ مین سال کبیسہ شمار کیا جائے گا کہ اونمین صدیون کی تعداد ۴ پر پوری تقسیم ہوتی ہے لیکن ۱۷ اور ۱۸ و ۱۹ صدیان ایسی نہین کہ جنکی تعداد صدیون کی ۱۷ و ۱۸ و ۱۹ پوری ۴ پر تقسیم ہونے سے رہ گئے اسلئے انمین صدی کا سال نہ محسوب کیا جاوے

ہندوستانی وقت کے پیمانے

۶۰ بپل = ۱ پل = ۲۴ سکنڈ

۶۰ پل = ۱ گہڑی = ۲۴ منٹ

۷½ گہڑی = ۱ پہر = ۳ گہنٹہ

۸ پہر = ۱ دن = ۱ دن

۷ دن = ایک ہفتہ

۳۰ دن = ایک مہینہ

۱۲ مہینہ = ایک سال

ہندو مذہبی عبادات اور رسومات کے لیے سال قمری شمار کرتے ہین مگر ملکی کامونکی واسطے سال شمسی جب منطقۃ البروج کے برج اول مین آفتاب داخل ہوتا ہی اوسوقت سی سال شروع ہوتا ہی ۱۱ اپریل کا دن ہندون کا نوروز ہی ملابار اور منگلور اور راس کماری مین شروع سال اوسوقت سی شمار ہوتا ہی کہ سورج کنیا مین داخل ہوتا ہی یعنے ۱۵ ستمبر سے وہان سال شروع ہوتا ہی اور وہ ۳۶۵ دن ۶ گھنٹہ ۱۲ منٹ ۳۶ر۶ سکنڈ کا ہوتا ہی گو ہندو مہینونکے نام مختلف قطعات ہند مین مختلف ہون مگر ماخذ سب کا سنسکرت ہے اور جتنے دن گھنٹہ وغیرہ اونمین ہوتے ہین اونکی تفصیل یہہ ہے

نام ماہ	دن	گھنٹہ	منٹ	نام ماہ	دن	گھنٹہ	منٹ
بیساکھ	۳۰	۲۲	۱۲ر۸	اگہن	۲۹	۱۲	۹ر۶
جیٹھ	۳۱	۹	۴۰ر۸	پوس	۲۹	۸	۲۱ر۲
اساڑھ	۳۱	۱۴	۳۹ر۲	ماگھ	۲۹	۱۰	۵۴ر۴
ساون	۳۱	۱۱	۱۶ر۸	پھاگن	۲۹	۱۹	۲۱ر۶
بھادون	۳۱		۵۲ر۰	چیت	۳۰	۸	۴۴ر۸
اسوج	۳۰	۱۰	۳۸ر۸				
کاتک	۲۹	۲۱	۳۸ر۸				

اہل اسلام سال قمری پر حساب لگاتے ہین اور بارہ مہینون پر تقسیم کرتی ہین اور ۳۵۴ دن اور ۸ گھنٹے ۴۸ منٹ کا سال اونکے ہان ہوتا ہے جس روز چاند دکھائی دیتا ہی اوس کے دوسرے دن اونکے ہان پہلی تاریخ ہوتی ہی اس سبب سے ایک گھنٹا گھٹا مہینہ مین ایک دن بڑہا دیتا ہے اور اختلاف تاریخون مین ڈالدیتا ہی سال ہجری ۱۵ جولائی منگل کے دن ۶۲۲ء سے شروع ہوتا ہے

(۱۱۴) زاویہ کے ماپنے کے مقیاس

ثانیہ یا سکنڈ اسطرح لکھا جاتا ہے کہ ۱''

۶۰ سکنڈ یا ثانیہ کا ایک منٹ یا دقیقہ ۱'

۶۰ منٹ یا دقیقہ کا ایک درجہ ۱°

۹۰ درجہ کا ایک قائمہ ۹۰°

ہر دائرہ کا محیط ۳۶۰ برابر حصوں مین تقسیم ہوا ہے اور اوسمین سے ہر ایک حصہ کو درجہ کہتے ہین اور اوسکے سامنے جو زاویہ ہوتا ہے اوسکو ۱° کہتے ہین

(۱۱۵) ہندوستان مین اوزان اور سکون اور اور قسم کے پیمانون مین انقلاب عنقریب ہونے والا ہے اسلئے ہم زیادہ کچھہ اور تحقیقات اس باب مین نہین لکھتے

تحویل

(۱۱۶) ایک عدد یا اعداد مختلف النوع کو ایک قسم کا عدد بنا دینا تحویل کہلاتا ہے اور وہ دو طرح کی ہوتی ہے ایک تحویل اصلی اور دوسری تحویل کسری - تحویل کسری تو یہہ کہ اعداد منتسب کو اونکی اجزا کیطرف تحویل کرین اور تحویل اصلی یہہ کہ اجزا اعداد منتسب کو اصل کیطرف تحویل کرین مثلاً روپیہ کے آنے بنائین یہہ تحویل کسری ہے اور آنون کے روپیے بنائین یہہ تحویل اصلی ہے یعنی بڑے درجے کے عددونکو چھوٹی درجے کی اکائیون مین لائین یا بالعکس اسکے چھوٹی درجے کی عددونکو بڑی درجے کی اکائیون مین بیان کرین اسی تحویل کہتے ہین مثلاً ایک روپیہ کی وہی قیمت ہے جو ۱۹۲ پائی کی قیمت ہے تو ۵ روپیہ کی وہی قیمت ہوگی جو ۹۶۰ پائیونکی ہے جس عمل سے ایسی قیمت دریافت کرتے ہین یا اسکے بالعکس اوسکو تحویل کہتے ہین الحاصل جس عمل سے کہ اعداد مختلف النوع کی قیمت اسطرح بدلتی ہین کہ اونکی قدر اور قیمت مین فرق نہین آتا اوسکو تحویل کہتے ہین اب ہر ایک قسم کی تحویل کا قاعدہ بیان ہوتا ہے

اول بڑے درجے کے عدد کو چھوٹے درجے کے اکائیونمین تحویل کرنا یعنی تحویل کسری

قاعدہ جو اعلی درجہ کا عدد ہو اوسکو اون اکائیونمین ضرب دو جو اوس اعلی عدد کے اکائی

درجہ دوم کی عدد کی اکائیاں ہون اور پھر حاصل ضرب کے ساتھ اگر کوئی درجہ دوم کا عدد ہو
جمع کرلو اور یہی عمل کئے جاؤ جبتک نوبت سب سے آخر درجہ کے عدد پر پہنچے

مثال ۱ ۲۳روپیہ ۱۵ار مین کتنی پائیان ہین

بموجب قاعدہ کے عمل کیا تو

۲۳
۱۶
۳۶۸ + ۱۵ یعنے ۳۸۳
۱۲
۴۵۹۶

یعنے ۴۵۹۶ پائی = ۲۳ روپئے ۱۵ار

دلیل عمل

ایک روپیہ مین ۱۶ار ہوتے ہین اسواسطے ۲۳ روپئے مین (۱۶×۲۳) یعنی ۳۶۸ آنہ ہوئے
اسلئے ۲۳روپیہ ۱۵ آنہ مین (۳۶۸ + ۱۵) آنہ یعنے ۳۸۳ آنہ ہونگے
اور چونکہ ار مین ۱۲ پائیان ہوتی ہین اسلئے (۳۸۳ × ۱۲) پائیان یعنے
۴۵۹۶ پائیان ۲۳روپیہ ۱۵ار مین ہوئین

مثال ۲ ۲من ۷سیر ۳چھٹانک ۲تولہ کے تولے بناؤ

تولہ چھٹانک سیر من
۲ ۳ ۷ ۲

۴۰
۸۰ + ۷ یعنی ۸۷
۱۶
۱۳۹۲ + ۳ یعنی ۱۳۹۵ چھٹانک
۵
۶۹۷۵ + ۲ یعنی ۶۹۷۷ تولہ

مثال ۳ ۲۷ ایکڑ ۱ روڈ ۳۲ پول کے پول بناؤ

پول روڈ ایکڑ
۳۲ ۱ ۲۷

۴
۱۰۸ + ۱ = ۱۰۹
۴۰
۴۳۶۰ + ۳۲ = ۴۳۹۲ پول

مثال ۴ ۷۳ دن ۱۲ گھنٹے ۱۰ منٹ ۹ سکنڈ کے سکنڈ بناؤ

دن گھنٹے منٹ سکنڈ
۷۳ و ۱۲ و ۱۰ و ۹

۷۳
۲۴
۲۹۲
۱۴۶
۱۷۶۴ = ۱۲ + ۱۷۵۲
۶۰
۱۰۵۸۵۰ = ۱۰ + ۱۰۵۸۴۰
۱۰۵۸۵۰ منٹ
۶۰
۶۳۵۱۰۰۹ = ۹ + ۶۳۵۱۰۰۰
۶۳۵۱۰۰۹ سکنڈ

مثال ۵ ۱۰۶ میل ۶ فرلانگ ۲۵ پرچ اور ۲½ گز مین کتنے انچ ہین

میل فرلانگ پرچ گز
۱۰۶ ۶ ۲۵ ۲½

۸
۸۵۴ = ۶ + ۸۴۸
۸۵۴
۴۰
۳۴۱۸۵ = ۲۵ + ۳۴۱۶۰
۳۴۱۸۵
۵½
۱۷۰۹۲۵
۱۷۰۹۲½ +
۱۸۸۰۱۷½
۱۸۸۰۲۰ گز = ۲½ + ۱۸۸۰۱۷½
۱۸۸۰۲۰
۳۶
۱۱۲۸۱۲۰
۵۶۴۰۶۰
۶۷۶۸۷۲۰ انچ

دوم ایک ادنیٰ درجہ کے عدد کو اعلیٰ درجہ کے عدد مین بیان کرنا یعنے تحویل اصلی

قاعدہ ادنی درجہ کے عدد معلوم کو اون اعداد پر کہ مراتب کا تعلق اونکا باہم بتلاتے ہین بالترتیب جہانتک اعلیٰ درجہ کا عدد بنانا ہو تقسیم کرو پس آخر خارج قسمت مع باقیات کے جو ہر دفعہ تقسیم مین بچے یہی جواب مطلوب ہوگا

مثال ۱ ۵۰۰۰ پائیون مین کتنے آنے روپیے ہونگے

فاعدہ مذکور کے موافق عمل کیا تو

۱۲	۵۷۰۰
۱۶	۴۷۵
	۱۱ آنہ ۲۹ روپیہ پائے

دلیل قاعدہ

چونکہ ۱۲ پائی = ایک آنہ کے اسواسطے جتنی پائیان ہون اونمین ہر ۱۲ پائی کا ایک آنہ ہوگا
اسلئے ۵۷۰۰ پائیون یعنی (۱۲×۴۷۵) پائیونمین ۴۷۵ آنے ہونگے
اسلئے اونمین ۴۷۵ آنے ہین

اور چونکہ ۱۶ آنہ = ایک روپیہ کے اسلئے جتنی عدد آنون کے ہونگے اونمین ہر ۱۶ آنہ کیواسطے ایک روپیہ ہوگا
اس سے معلوم ہوا کہ ۴۷۵ آنونمین یعنے (۱۶×۲۹+۱۱) آنون مین ۲۹ روپئے اور ۱۱ مین

تنبیہ دو اوپر جو قاعدے بیان ہوئی اونمین سی ایک دوسرے کا بالعکس ہے اسلئے ہر ایک قاعدہ کے موافق جو کچھ ہوگا اوسکی صحت کا امتحان الٹا عمل کرنیسے بموجب دوسرے قاعدہ کے ہوجائیگا

مثال ۲ ۲۷۲۶۶۸ انچ کے میل بناؤ اور جو کچھ حاصل ہو اوسکے صحیح ہونیکا امتحان کرو
اس مثال مین آسانی کے لئے انچون کے نصف گز اور پولون کے نصف گز بناتے ہین
نصف گز مین ۱۸ انچ یعنے ۳×۶ ہوتے ہین - اور پول مین ۵ ½ گز یعنے ۱۱ نصف گز

۸ { ۳	۲۷۲۶۶۸ – ۱	۴ انچ	
۶	۹۰۸۸۹ – ۱	۴ انچ	
۱۱	۱۵۱۴۸ – ۱	انچ	نصف گز یا ۱۸
۴۰	۱۳۷۷ – ۱۰	پول	
۸	۳۴ – ۲	فرلنگ	
	۴		

اسواسطے جواب ۴ میل ۲ فرلنگ ۱۷ پول ۲۲ انچ ہوا

میزان صحت

انچ	پول	فرلانگ	میل
۲۲	۱۶	۲	۴

۸
۳۴ فرلانگ
۴۰
۱۳۷۶۰
۱۳۷۶ پول =
۱۱
۱۵۱۳۶ نصف گز
۱۶
۱۲۱۱۲۶
۱۵۱۳۶
۲۲
۷۶۲۴۹۸ انچ

مثال ۳ ۵۸۳۴۵۶ چھٹانک تحویل کے من بتاؤ

چھٹانک

۱۶ { ۴ | ۵۸۳۴۵۶
۴ | ۱۴۵۸۶۴
۴ | ۳۶۴۶،۶
۹۱۱،۲

جواب ۹۱۱ من ۲۶ سیر سوا

میزان صحت

۹۱۱ ۲۶ سیر
۴۰
۳۶۴۶۶
۱۶
۵۸۳۴۵۶ چھٹانک

مثال ۴ ۳۴ من ۱۱ سیر ۳ چھٹانک ۲ تولہ میں کتنی رتیاں ہیں اور جواب کو صحیح ثابت کرو

۴۰
۱۱۷۶۰
۱۶۱ =
۱۶
۱۳۷۲۷۶
۲۷۴۹ =
۵
۲۱۳۷۴۵
۱۳۷۴۷ =
۱۲
۱۶۴۹۶۴
۸
۱۳۱۹۷۱۲

پس ۴ من ۱۱ سیر ۱۳ چھٹانک ۲ تولہ میں ۱۳۱۹۷۱۲ رتیاں ہیں

میزان صحت

رتیاں

۸	۱۳۱۹۷۱۲
۱۲	۱۶۴۹۶۴
۵	۱۳۷۴۷
۴	۲۷۴۹ — ۲ تولہ
۴	۶۸۷ — ۱ چھٹانک
۴۰	۱۷۱ — ۳
	۴ — ۱۱ سیر

اسواسطے ۱۳۱۹۷۱۲ رتیوں میں ۴ من ۱۱ سیر ۱۳ چھٹانک ۲ تولہ

مثال ۵ ۴۹ ایکڑ ۲۸ پول ۱۰ گز ۸ فٹ ۱۱۲ انچ کے انچ بناؤ اور نتیجہ کو ثابت کرو

انچ	فیٹ	گز	پول	ایکڑ
۱۱۲	۸	۱۰	۲۸	۴۹

۴۹
۴
۱۹۶ رود
۴۰
۷۸۴۰ + ۲۸
= ۷۸۶۸ پول
۳۰¼
۲۳۶۰۴۰
۱۹۶۷
۲۳۸۰۰۷ + ۱۰
= ۲۳۸۰۱۷ گز
۹
۲۱۴۲۱۵۳ + ۸
۲۱۴۲۱۶۱ فیٹ
۱۴۴
= ۸۵۶۸۶۴۴
۸۵۶۸۶۴۴
۲۱۴۲۱۶۱
۳۰۸۴۷۱۱۸۴ + ۱۱۲ = ۳۰۸۴۷۱۲۹۶ انچ

میزان صحت

۱۴۴	۱۲	۳۰۸۴۷	۱۲	۹۶	— ۴
	۱۲	۲۵۷۰	۵۹	۴۱	— ۹
	۹	۲۱۴	۲۱	۶۱	—
		۲۳	۸۰	۱۷	

۱۱۲ مربع انچ

۸ مربع فیٹ

اب چونکہ ۳۰¼ یعنی ۱۲۱/۴ مربع گز = ۱ مربع پول اب ۴ مین ضرب دینے سے گز و نچے
پو گزون مین تحویل ہو جاوی گی اور پہر جو حاصل ہو اوسکو ۱۲۱ پر یعنے ۱۱×۱۱ پر تقسیم کرو
تو اوس سے مربع پول نکل آوینگے

	۲۳۸۰۱۶
	۴
۱۱	۹۵۲۰۶۸
۱۱	۸۶۵۵۱
۴۰	۷۸۶۸
۴	۱۹۶
	۴۹

۳ مربع پو گزون ۷ —
یعنے ۱۰ گز ۳ —
۲۸ پول —

اور یعنے ۱۲۹۶۸۴۴۰۸۳۰ م ایکڑ مین ۱۴۹ ایکڑ ۴۸ م پول ۱۰ ام گز ۸ م فٹ ۱۱۲ ام انچ ہین

مثال ۷ ۵۳۷ چہرہ شاہی روپیہ ہین اونکے کلدار روپیے پندرہ پندرہ آنہکے کتنی ہونگے

اب یہان دونو قاعدون کی ضرورت پڑتی ہے بموجب قاعدۂ اول کے
۶۱۵ روپیہ چہرہ شاہی = (۶۱۵×۱۶) آنون = ۹۸۴۰ آنون کے
اب ان آنو نمین روپیے بموجب قاعدہ دوم کے دریافت کرو

۱۵ { ۳ | ۹ ۸ ۴ ۰
۵ | ۳ ۲ ۸ ۰
· | ۶ ۵ ۶

پس ۶۵۶ کلدار روپیے ۵۳۷ روپیو نمین ہوئے

امتحان ۳۳

اول تحویل کرو اور جو کچہہ حاصل ہو اوسکا صحیح ہونا ثابت کرو
(۱) ۵۰ روپیے کی پائیان اور ۱۶۱۳ اشرفیون کی پائیان بناؤ
(۲) ۱۵ روپیے ۱۲ آ کی پائیان اور ۵۰۰ اشرفیون کی پائیان
(۳) ۸ ر ۴½ پائیون کی آدہی پائیان اور ۱ روپیہ ۳ آنہ پائیونکی پاو پائیان
(۴) ۳۸ روپیے ۱۵ آ ۶⅛ پائیکی پاؤ پائیان اور ۳۹۳ روپیے ۱۱ آ پائیونکی آدہی پائیان بتاؤ
(۵) ۲۳۸ چونیون کی پائیان اور ۷۰ مہرون کی ڈبل پیسے

(۶) ۳۴۷۳۶ ہاف گنی کے فارذنگ اور ۲۲۴ گنی کے سکس پنس بناؤ

دوم ۵۶۷۳۵۴۲ پائیون کی اشرفیان بناؤ اور جواب کا صحیح ہونا ثابت کرو

(۳) ۲۵ اشرفیون کے کتنے روپیے کتنے اٹھنیاں دوانیاں بن سکتی ہین

(۴) ۴۲۳۰۰ پیسونکی کتنی ٹھنیان اور کتنی چونیان اور کتنی روپیہ اور کتنی اشرفیان بن سکتی ہین

(۵) ۱۵۳ سکے سات شلنگ کے ہین تو بتاؤ کتنی اوسط ہاف گنی اور کتنی پونڈ بن سکتی ہین

(۶) تحویل کرو اور ہر صورت مین نتیجہ کو ثابت کرو

(۱) ۵۹ من ۷ سیر ۱۴ چھٹانک کی رتیان اور ۴۷۰۱۵۷۳۲ رتیون کے سیر

(۲) ۵۶۳۳۲۰۰۵ تولون کے سیر اور ۵۳۶۹ سیر کے ماشے بناؤ

(۳) ۷ من ۱۵ سیر ۲ چھٹانک کی چھٹانکین اور ۵۹۳۳۲۴۱ ۷ تولونکے من

(۴) ۵۸۳۸۲۹۷ چھٹانکون کے من اور ۳۳ من ۱۷ سیر ۳ چھٹانک ۳ تولہ ۲ ماشہ کی رتیان بناؤ

(۵) ۱۷ سیر ۲ چھٹانک کی رتیان اور ۳۴۹۸۷ رتیونکی سیر

(۶) ۷۵۳ من ۹ پنسیری ۱۵ چھٹانک کے چاول اور ۵۷۳۴۲۱ دھڑیکے من

(۷) ۴ میل ۷ فرلنگ ۸ پول کے گز اور ۳۷۰۵ میل کے انچ بناؤ

(۸) ۱۳۶۴۴۲۸ انچ کے فرسنگ اور ۴۸ میل ۳ فرلنگ ۹ گز کے انچ بناؤ

(۹) ۴ فرسنگ ۲ میل ۲ انچ کے جو اور ۵ میل ۲ پول کے گز

(۱۰) ۷ فرلنگ ۲۰۰ گز کی چرنین اور ۹۶ کیوبٹ اور ۱ سپن کے فیٹ

(۱۱) ۴۸ گز ۱ بالشت کے انگل

(۱۲) ۸۳ فرانسیسی ایل ۳ کوارٹر کے نیل اور ۳۷ فلمش ایل ۱ کوارٹر کے نیل بناؤ

(۱۳) ۱۳۵ ایکڑ ۲ روڈ کے پول اور ۹۶ ۵ ایکڑ ۲ روڈ کے گز

(۱۴) ۳ روڈ ۳ پول ۲۶ گز کے انچ اور ۳ ایکڑ ۳۰ پول کے فیٹ

(۱۵) ۱۵ ایکڑ ۳ روڈ کی کڑیان اور ۵۰۰۰ پول کے ایکڑ بناؤ

(۱۶) ۲۹ مکعب گز کے فیٹ اور ۱۵۸۲۷۹ مکعب انچ کے گز بناؤ

(۱۷) ۷ اک گز ۱۰۰ اک انچ کے انچ اور ۲۶ ک گز ۶۰ ک فٹ کے مکعب انچ بناؤ

(۱۸) ۵۶۳ گیلن کے پینٹ اور ۳۶۵۸۴۴۳ جل کے گیلن بناؤ

(۱۹) ۸۷۵۶ بیگہہ کی بسوانسیاں اور ۸۷۶ گز کے لٹھے

(۲۰) ۸۷۵۰ جریب کے گٹھے اور ۸۰۰۵ گز کی جریب

(۲۱) ۵۶۵ پختہ بیگہوں کے کچے بیگہے اور ۹۳۱۱۳ کچے بیگہوں کے پختہ بیگہے

(۲۲) ۸۷۰۰ بیگہوں کی کچوانسیاں اور ۱۹۲۸۰۵۶ بسوانسیوں کے بیگہے

(۲۳) ۷۶۰ بشل ۳ پیک کے کوارٹر اور ۲ کوارٹر الوسب ۳ پیک کے گیلن

(۲۴) ۵۶ رم ۱۹ دستے کے تختے اور ۳۲۰۷۳ تختوں کے رم بناؤ

(۲۵) ۳۶ ہفتے ۵ دن ۱۷ گھنٹے کے سکنڈ اور تیس دن کے مہینہ اور ۲۳ گھنٹہ ۵۹ سکنڈ کی سکنڈ بناؤ

ہفتم (۸) ایک سال ۳۶۵ دن ۶ گھنٹہ کا ہو تو بتاؤ ۲۷ سال اور ۲۴۵ دن میں کتنی سکنڈ ہونگے

(۹) ۵ اگست ۱۸۵۲ء کی صبح کے ۹ بجے سے لیکر ۲ مارچ ۱۸۵۳ء کی صبح کی چھ بجے تک کتنے گھنٹے اور کتنے سکنڈ ہونگے

(۱۰) انگلستان کا رقبہ ۵۰۵۳۵ مربع میل اور ویلز کا ۸۱۲۵ مربع میل اور سکوٹ لنڈ کا ۲۹۱۶۷ مربع میل رقبہ ہے تو بتاؤ ان سب کا کتنے ایکڑ رقبہ ہے

جمع اعداد منتسب یعنے جمع مرکب

(۱۱۷) ایک قسم کے عدد جنمیں مختلف درجے کے اعداد شامل ہوں اونکی جمع کرنے کو جمع اعداد منتسب کہتے ہیں اور اسکا نام جمع مرکب مشہور ہو گیا ہے

قاعدہ کل اعداد منتسب کو اسطرح لکھو کہ ایک درجہ کے عدد سب ایک دوسرے کے نیچے ہوں اور اون سب کے نیچے ایک خط عرضی کھینچو اور سب سے ادنے درجہ کے عددونکو جمع کرو اور حاصل جمع میں تحویل سے دریافت کرو کہ اوس سے درجہ دوم کے عدد کی اکائیاں

کتنی نکلتی ہین اگر اس تحویل مین کچھہ باقی بچے تو اوسکو خط عرضی کے نیچے اوس درجہ کے لکھدو جسکے عددونکو ابہی جمع کیا ہے اور خارج قسمت کو درجۂ مابعد کے ساتھہ ملاو اور یہی اسیطرح دوسرے درجہ کے عددونکی سطر عمودی کو جمع کرو اور یہی عمل آخر تک سطور عمودی کے ساتھہ مرعی رکھو

مثال ا جمع کرو ۲ روپیہ ۲ ر ۷ ½ پائی اور ۳ روپیہ ۵ ر اور ۱۰ ¾ پائی اور ۱۵ روپیہ ۱۵ ر اور ۳۴ روپیہ ۱۱ ر ۱۱ ½ پائی

قاعدہ مذکور کے موافق عمل کیا تو

پائی	آنہ	روپیہ
۷ ½	۲	۲
۱۰ ¾	۵	۳
۰	۱۵	۱۵
۱۱ ½	۱۱	۳۴
۵ ¼	۴	۵۵

دلیل عمل

مجموعہ ½ پائی اور ¾ پائی اور ½ پائی کا سوا پائی یا = ۱ پائی اور ایک چوتھائی پائی کی اعداد سے ¼ پائیون کو نیچے لکھدین اور ایک پائی کو پائیونکے ساتھہ ملائین

(۱ + ۱۱ + ۱۰ + ۷) پائی = ۲۹ پائی = ۲×۱۲ + ۵ پائی

یعنے ۲ ر اور ۵ پائی پس ۵ کو لکھدیا اور ۲ کو حاصل مانکر آنون کی سطر مین شامل کیا تو

(۲ + ۱۲ + ۱۵ + ۵ + ۲) آنے = ۳۶ آنون = (۴ + ۲×۱۶) آنونکے یعنے ۲ روپیہ ۴ ر پس چار آنے لکھدئے اور دو کو روپیونکی سطر مین شامل کیا تو

(۲ + ۳۴ + ۱۵ + ۳ + ۲) روپئے = ۵۵ روپیہ کے پس ۵۵ لکھدئے

اسواسطے حاصل جمع ۵۵ روپئے ۴ ر ۵ ¼ پائی ہوئے

تنبیہ جمع اعداد منتسب کی میزان صحت وہی ہے جو اعداد صحاح کی تہی

مثال ۲ جمع کرو ۳۴ من ۵ سیر ۱ چھٹانک ۱ تولہ اور ۴۲ من ۳ سیر ۴ تولہ اور ۱۹ سیر اور ۳ چھٹانک اور ۷ سیر ۳ تولہ اور ۲ چھٹانک ۱ تولہ اور ۳۰ من ۷ سیر ۳ تولہ

من	سیر	چھٹانک	تولہ
۳۴	۵	۱	۱
۴۲	۳	۰	۴
۰	۱۹	۰	۰
۰	۰	۳	۰
۰	۷	۰	۳
۰	۰	۲	۱
۳۰	۷	۰	۳
۱۰۷	۱	۸	۲

امثلہ نمبری ۳۴

(۱)

روپیہ	آنہ	پائی
۱	۷	۶
۶	۰	۳
۵	۱۱	۴
۸	۸	۸
۲	۱	۱۱

(۲)

روپیہ	آنہ	پائی
۳۵	۱۵	۰
۶۳	۱۵	۱۰
۲۴	۱۶	۸
۸۱	۱۵	۱۱
۵۷	۰	۳

(۳)

روپیہ	آنہ	پائی
۳۳	۱۲	۳ ۳/۴
۶۷	۰	۷ ۱/۲
۷۳	۱۵	۱۰ ۳/۴
۲۹	۱۹	۵ ۱/۴
۴۷	۱۳	۸ ۱/۲

(۴)

روپیہ	آنہ	پائی
۵	۱۵	۱۰ ۱/۲
۳۶	۰	۱۱
۷	۳	۴ ۱/۴
۷۳	۱۵	۸ ۳/۴
۳۰	۱۴	۵ ۱/۴

(۵)

روپیہ	آنہ	پائی
۴۳	۱۵	۲ ۱/۴
۸۳	۸	۹ ۳/۴
۴۱	۰	۱۱ ۳/۴
۶	۷	۱۰ ۱/۲
۷۶	۱۵	۱ ۳/۴

(۶)

روپیہ	آنہ	پائی
۵۲۸	۱۴	۱۱ ۳/۴
۸۵۴	۱۵	۴
۵۷۸	۱۲	۹ ۱/۲
۵۰۷	۰	۳/۴
۸۵۹	۱۴	۱۱ ۱/۲

(۷)

تولہ	چھٹانک	سیر	من
۳	۲	۱۷	۱۹
۲	۰	۱۰	۱۳
۱	۲	۱۸	۱۷
۱	۳	۰	۸۴
۱۱	۱	۱۱	۱۱

(۸)

بسوانسی	بسوہ	بیگہ
۱۵	۱۴	۳۳۸
۱۷	۱۹	۵۷
۱۹	۳	۸

(۹)

پول	روڈ	ایکڑ
۲۴	۲	۸۲
۱۴	۳	۱۸
۲۷	۱	۳۰
۰	۰	۵۹
۳۰	۳	۴۸

(۱۰) دریافت کرو حاصل جمع ۲۸۱ روپئے ۱۴ر ۶ ۲/۳ پائی اور ۲۷۶ روپئے ۱۴ر ۴ ۱/۳ پائی
اور ۷۹ روپئے ۱۲ر اور ۱۴ر ۱۰ ۱/۲ پائی اور ۸۵ روپئے ۱۴ر ۳ ۳/۴ پائی کا
اور ۶۷۸ روپئے ۱۰ر ۲ پائی اور ۳۲۵ روپئے ۶ر ۵ پائی اور ۸۷۴ روپئے
۱۴ر ۹ پائی اور ۷۰۰ روپیہ ۱۱ پائی اور ۷۶۹ روپئے ۱۰ر ۸ پائی کا
اور ۵۶۸ روپئے ۱۰ر ۳ ۱/۲ پائی اور ۲۵۹ روپئے ۱۵ر ۵ ۱/۲ پائی اور ۱۸۸ روپیہ
۱۱ر ۴ ۱/۲ پائی اور ۱۵۷ روپیہ ۹ر ۳ ۲/۳ پائی اور ۱۳ روپیہ ۱۳ر ۵ ۱/۲ پائی
اور ۹۷۷ روپیہ ۸ر ۸ ۲/۳ پائی کا اور ۹۴۱ روپئے ۱۴ر ۲ پائی اور ۸۸۸ روپئے
۱۵ر ۹ ۲/۳ پائی اور ۳۰۹ روپئے ۱۵ر ۱۰ ۱/۲ پائی اور ۹۰۶ روپئے ۲ر ۱۱ ۳/۴ پائی
اور ۵۵۴ روپیہ ۱۲ر اور ۷۴۴ روپئے ۷ ۳/۴ پائی کا اور ۳۹۹۶۶ روپیہ ۱۲ر ۶ ۲/۳ پائی
۲ روپئے ۱۱ر ۷ ۳/۴ پائی اور ۳۷۹۵ روپئے ۲ ۱/۴ پائی اور ۳۷ روپئے ۱۵
۳/۴ پائی اور ۴۸ روپئے ۳/۴ پائی اور ۵۹۰۰ روپئے ۱۴ر ۶ ۳/۴ پائی کا اور
۹۴۹۱ روپئے اور ۳۶۵۱ روپئے ۱۰ر ۳ ۱/۲ پائی اور ۸۰۰۰ روپئے ۱۱ر ۳/۴ پائی
اور ۱۰۵۵ روپئے ۱۵ر ۱۰ ۱/۲ پائی اور ۳۰۴۳۰ روپئے ۲ر ۱ ۱/۲ پائی اور ۳۱۶ روپئے
۱۴ر ۵ ۱/۴ پائی اور ۹۸۳۷ روپیہ ۱ر ۵ ۱/۲ پائی کا اور ۲۹۳۹ روپیہ ۳ر ۱۱ ۳/۴ پائی کا اور جو کچھ حاصل ہو اوسکو ثابت کرو

(۱۱) جمع کرو ۲ سیر ۹ چھٹانک اور ۵ من ۷ سیر ۱ چھٹانک اور ۶ من ۹ سیر ۱۲ چھٹانک
اور ۳ من ۱۰ سیر ۴ چھٹانک کو اور ۵۷ من ۳۲ سیر ۱ چھٹانک اور ۶۲۰ من
۳۳ سیر ۳ چھٹانک اور ۷۰۶ من ۳۸ سیر ۱۲ چھٹانک اور ۶۴۰ من ۱۸ سیر ۱ چھٹانک کو
اور ۲۳۰ من ۱۲ سیر ۹ چھٹانک اور ۴۰۰ من ۸ سیر ۳ چھٹانک اور ۶۰۰ من ۲۳ سیر
۱۱ چھٹانک اور ۲۰ من ۲۲ سیر ۹ چھٹانک کو

(۱۲) جمع کرو ۵ تولہ ۷ ماشہ ۳ رتی اور ۲۵ تولہ ۹ ماشہ ۴ رتی اور ۶۵ تولہ ۱۱ ماشہ ۴ رتی
اور ۲۰ تولہ ۴ ماشہ ۵ رتی کو اور ۲۰ تولہ ۳ ماشہ ۷ رتی ۲ چاول اور ۳ رتی ۸ چاول
اور ۲۵ تولہ ۱۱ ماشہ اور ۲ رتی ۳ خشخاس کو اور جواب کی صحت کو ثابت کرو

(۱۳) ۴ چھٹانک ۲ تولہ ۳ ماشہ ۴ رتی اور ۱ چھٹانک ۳ تولہ ۸ ماشہ ۹ رتی اور ۲ چھٹانک
۴ تولہ ۹ ماشہ ۳ رتی اور ۱۲ چھٹانک ۸ ماشہ ۷ رتی کو جمع کرو اور جواب کو ثابت کرو

(۱۴) دریافت کرو حاصل جمع ۱۱ گز ۲ فٹ ۹ انچ اور ۲۷ گز ۱ فٹ ۳ انچ اور ۴۳ گز
۲ فٹ ۱۰ انچ اور ۴۸ گز ۲ فٹ ۱۱ انچ اور ۱۵ گز ۱ فٹ ۸ انچ کا اور ۲۶ میل
۷ فرلنگ ۳۲ پول ۳ گز اور ۲۲ میل ۵ فرلنگ ۲۷ پول ۵ گز اور ۳۷ میل
۴ فرلنگ ۳ گز اور ۷۰ میل ۶ فرلنگ ۳۸ پول ۳ گز اور ۱۵ میل ۱ فرلنگ ۲۹ پول
۲ ½ گز کا اور ۱۴ میل ۷ فرلنگ ۲۳ پول ۲ ½ گز ۲ فیٹ ۱۱ انچ اور ۱۲ میل ۵ فرلنگ
۱ گز ۲ فٹ ۳ انچ اور ۲۷ میل ۲ فرلنگ ۳۱ پول ۴ ½ گز ۱ فٹ ۱۰ انچ اور ۳۶ میل
۶ فرلنگ ۳۳ پول ۴ ½ گز ۲ فٹ ۶ انچ اور ۵۷ میل ۱ فرلنگ ۱۲ پول ۳ گز ۱ فٹ
۷ انچ کا ۲۲ فرسنگ ۱ میل ۳ فرلنگ ۱۰۳ گز اور ۹۷ فرسنگ ۲ فرلنگ ۱۰۷ گز اور
۱۱ فرسنگ ۱ میل ۹۲ گز اور ۹ فرسنگ ۲ میل ۵ فرلنگ ۱۸۷ گز اور ۳۴ فرسنگ ۲ میل ۶ فرلنگ ۱۹۸ گز

(۱۵) جمع کرو ۳۴ گز ۲ گرہ اور ۱۴۵ گز ۵ گرہ اور ۱۴۸ گز ۹ گرہ اور ۲۳ گز ۷ گرہ کو اور ۳۵ گز
۸ تسو اور ۲۶ گز ۲ تسو اور ۳۷ گز ۷ ½ تسو اور ۲۵ گز ۹ ½ تسو کو اور ۵ جریب ۷ گٹھہ ۲ گز

اور ۹ جریب ۶ گٹھہ ۱ گز اور ۱۲۰ جریب ۹ گٹھہ ۱½ گز اور ۲۳۲ جریب ۱۰ گٹھہ ۲½ گز کو

(۶) جمع کرو ۱۲۵ ایکڑ ۲ روڈ ۱۶ پول اور ۳۰ ایکڑ ۲ روڈ ۲۵ پول اور ۳۶ ایکڑ ۲ روڈ ۳۵ پول اور ۳۶۴ ایکڑ ۱ روڈ ۱۳ پول اور ۱۳۴ ایکڑ ۲ روڈ ۲۹ پول کو ۵ ایکڑ ۲ روڈ ۱۵ پول ۲۵ ½ م گز ۱۰۱ م انچ و ۹ ایکڑ ۱ روڈ ۳۵ پول ۱۲ ½ م گز ۸۷ م انچ و ۴۲ ایکڑ ۳ روڈ ۲۴ پول ۲۳ ¾ م گز ۵۷ م انچ و ۱۱۲ ایکڑ ۲ روڈ ۵ پول ۱۳ ¾ م گز ۲۳ م انچ اور ۱۷ ایکڑ ۲۴ پول ۳۰ م گز ۱۱۳ م انچ کو اور عمل کو بیان کرو

(۱۷) دریافت کرو حاصل جمع ۳ ک گز ۲۳ ک فٹ ۱۷ ک انچ اور ۱۷ ک گز ۱۷ ک فٹ ۱۳ ک انچ اور ۱۸ ک گز ۲۶ ک فٹ ۰۰۰ ک انچ اور ۳۴ ک گز ۲۳ ک فٹ ۱۰۱ ک انچ کا اور ۲ پول ۱۸ م گز ۷ م فٹ ۳۵ م انچ اور ۱۳ پول ۲۴ ¾ م گز ۸ م فٹ ۶۳ م انچ و ۱۴ پول ۲۹ ½ م گز ۵ م فٹ ۱۳۱ م انچ و ۵ پول ۱۹ م گز ۳ م فٹ ۱۲۶ م انچ اور ۱۶ پول ۲۵ ½ م گز ۱۳ م انچ

(۱۸) جمع کرو ۴۵ ۳ بیگہ ۱۵ بسوہ ۱۷ بسوانسی اور ۴۶ بیگہ ۱۶ بسوہ ۵ بسوانسی اور ۱۹۳ بیگہ ۳ بسوہ ۱ ½ بسوانسی اور ۱۰۰ بیگہ ۸ بسوہ ۶ ¾ بسوانسی کو اور ۲۰ بیگہ ۱۵ بسوہ ۱۹ بسوانسی ۱۵ کچوانسی اور ۳ بیگہ ۱۷ بسوہ ۱۸ بسوانسی ۱۷ کچوانسی اور ۴۰ بیگہ ۱۸ بسوہ ۱۱ بسوانسی ۱۸ کچوانسی اور ۵۰ بیگہ ۱۹ بسوہ ۱۹ بسوانسی ۱۹ کچوانسی کو

(۱۹) جمع کرو ۵۴۳ دن اور ۲ پہر ۷ دن اور ۱ پہر ۸ دن اور ۱۰ دن کو و ۵ پل ۱۵ گھڑی اور ۲۰ پل ۲۰ گھڑی اور ۱۲ پل ۲۵ گھڑی اور ۲۰ پل ۱۰ گھڑی کو اور ۱۵ پل ۱۵ گھڑی ۵ دن اور ۲۰ پل ۲۰ گھڑی ۷ دن اور ۱۲ پل ۲۵ گھڑی ۸ دن اور ۲۰ پل ۱۰ گھڑی ۱۰ دن کو اور ۱۱ گھنٹہ ۵ دن ۳ ہفتہ ۱۳ مہینہ اور ۱۵ گھنٹہ ۴ دن ۲ ہفتہ ۱۲ مہینہ اور ۱۷ گھنٹہ ۶ دن ۳ ہفتہ ۷ مہینہ اور ۱۹ گھنٹہ ۵ دن اور ۲ ہفتہ اور ۱۴ مہینہ کو

(۲۰) جمع کرو ۴ مہینہ ۳ ہفتہ ۵ دن ۲۳ گھنٹہ ۴۶ منٹ اور ۵ مہینہ ۱ دن ۷ گھنٹہ ۷۵ منٹ اور ۶ مہینہ ۲ ہفتہ ۱ گھنٹہ اور ۱ ہفتہ ۶ دن ۲۳ گھنٹہ ۵۹ منٹ اور ۱ مہینہ ۱ ہفتہ ۸ منٹ کو

اور ۷ برس ۲۸ ہفتہ ۳ سکنڈ اور ۲۶ برس ۵ ہفتہ ۵ دن اور ۵۸ برس ۶ دن ۲۳ گہنٹہ ۵۹ سکنڈ اور ۴۲ ہفتہ ۲۳ گہنٹہ ۵۰ منٹ ۱۲ سکنڈ اور ۱۲۴۴ برس ۱۴ ہفتہ ۱۵ گہنٹہ ۳۷ سکنڈ کو

(۲۱) جب زید پیدا ہوا تو عمر کی عمر ۲ برس ۹ مہینہ ۳ ہفتہ ۴ دن کی تہی اور جب بکر پیدا ہوا تو زید کی عمر ۱۳ برس ۳ دن کی تہی اور جب خالد پیدا ہوا تو بکر کی عمر ۹ مہینہ ۲ ہفتہ ۳ دن ۲ گہنٹے کی تہی اور جب محمود پیدا ہوا تو خالد کی عمر ۶ برس ۱۱ مہینہ ۲۳ گہنٹہ کی تہی جب احمد پیدا ہوا تو محمود کی عمر ۷ برس ۳ ہفتہ ۵ دن اور ۱۵ گہنٹہ کی تہی تو بتاؤ زید کی عمر محمود کی چہٹی کے دن کیا تہی

(۱۸) اگر اعداد کے جمع کرنے میں سوا ادہی اور پون اور پاؤ کے کسریں واقع ہوں تو موافق قاعدہ معمولی جمع کسور اون کسروں کو جمع کرو مثلاً ۱۱ روپیہ ۴ آنہ ۵ ۱/۸ پائی اور ۱۲ روپیے ۲ آنہ ۷ ۱/۱۰ پائی اور ۴۰ روپے ۷ آنہ ۳ ۵/۹ پائی اور ۵ روپیہ ۳ آنہ ۲ ۳/۸ پائی اور ۶ روپیے ۱۰ آنہ ۱/۲ پائی کو جمع کرو

پائی	آنہ	روپیہ	
			اب (۱/۸ + ۱/۱۰ + ۵/۹ + ۳/۸ + ۱/۲) پائی =
۵ ۱/۸	۴	۱۱	(۴/۸ + ۱/۱۰ + ۵/۹ + ۱/۲) پائی =
۷ ۱/۱۰	۲	۱۲	(۱/۲ + ۱/۲ + ۹/۹۰ + ۵۰/۹۰) پائی =
۳ ۵/۹	۷	۴۰	(۱ + ۵۹/۹۰) پائی = ۱ ۱۴/۱۵ پائی
۲ ۳/۸	۳	۵	اب اوسواسطے ۱۴/۱۵ پائی لکہدیں اور ایک کو حاصل مانکر پائیوں
۱/۲	۱۰	۶	کے ساتہہ ملائیں اور پہر عمل بموجب قاعدہ دفعہ ۱۷ کے کریں
۶ ۱۴/۱۵	۱۱	۷۵	

امثلہ نمبری ۳۵

(۱) جمع کرو ۲ روپیہ ۷ آنہ ۳/۴ پائی اور ۱۲ روپیہ ۱۲ آنہ ۷/۸ پائی اور ۴ روپیہ ۱۴ آنہ ۳ ۵/۹ پائی اور ۱۰ روپیہ ۱/۴ پائی اور ۱ روپیہ ۷ آنہ اور ۵ ۳/۸ پائی اور ۱۴ روپیہ ۱۵ آنہ ۷ ۵/۱۲ پائی کی

(۲) جمع کرو ۲۰ روپیہ ۱۲ر ۵ ۱/۴ پائی اور ۱۴ روپیے ۱۵ر ۷/۸ پائی اور ۵ روپیہ ۱۳ر ۹ ۱۳/۱۴ پائی کو اور ۳۳ روپیے ۱۳ر ۱ ۱/۳ پائی اور ۱۸ روپیہ ۳ر ۴ ۵/۷ پائی

(۳) دریافت کرو حاصل جمع ۱ روپیہ ۳ر ۶ ۱/۳ پائی اور ۲ روپیہ ۴ر ۶ ۹/۱۰ پائی اور ۳ روپیہ ۵ر ۸ ۵/۹ پائی اور ۴ روپیے ۹ر ۱ ۱۳/۱۸ پائی اور ۶ روپیہ ۱۲ر ۶ ۱۹/۲۵ پائی کی

(۴) جمع کرو ۲۳ روپیے ۹ر ۷/۸ پائی اور ۴ روپیے ۹ر ۹ ۱/۴ پائی اور ۷۵ روپیے ۱۵ر اور ۸ ۱۲/۱۶ پائی اور ۹۶ روپیے ۱۳ر ۱۱ ۵/۱۲ پائی کی

(۵) جمع کرو ۳۷۲ روپیے ۱۲ر ۴ ۹/۱۲ پائی اور ۷۳ روپیہ ۱۱ر ۳ ۵/۶ پائی اور ۴۲۱ روپیہ ۱۳ر اور ۹ ۱/۴ پائی اور ۷۱۹ روپیے ۴ر اور ۱۱ ۳/۸ پائی اور ۵ ۹/۱۱ پائی کی

تفریق اعداد منتسب یعنی تفریق مرکب

(119) دو عدد ایک جنس کی ہوں مگر اونکے درجے مختلف ہوں تو اونکے فرق دریافت کرنے کا نام تفریق اعداد منتسب یا تفریق مرکب ہے

قاعدہ چھوٹے عدد کو بڑے عدد کے نیچے اسطرح لکھو کہ ایک درجہ کے عدد اوپر تلے ہوں اور ایک خط اونکے نیچے کھینچو اور داہنی طرف سے اسطرح عمل شروع کرو کہ اگر ہو سکے تو اوپر کی سطر کے ہر ایک عدد مین سے نیچی کی سطر کی ہر ایک عدد کو تفریق کرو اور باقی کو نیچے لکھدو لیکن اگر نیچے کی سطر کا کوئی عدد اوپر کی سطر کے عدد سے بڑا ہو تو اوپر کی سطر کی عدد کے ساتھ اوتنی اکائیاں اور ملاؤ جتنی کہ اوس سے آگے درجہ دوم کے ایک اکائی مین ہوں اور اسطرح باقی نکال کر نیچے کی سطر کے درجۂ اعلی مین جو مابعد ہو ایک اکائی زیادہ کرو اور اسیطرح آخر تک عمل کرتے جاؤ

مثال ۱۴۶ روپیے ۱۳ر ۶ ۱/۳ پائی مین سے ۸۳ روپیے ۱۲ر ۹ ۱/۲ پائی تفریق کرو

بموجب قاعدۂ مذکور کے عمل کیا

پائی	آنہ	روپیہ
۶ ¼	۱۳	۱۴۶
۸ ½	۱۲	۸۳
۹ ¾	۰	۶۳

دلیل عمل

¼ پائیون مین سے ½ پائیان تفریق نہین ہوسکتین اسلئے ایک پائی ۴/۴ پائی پر زیادہ کرکے سوا پائی بنائی اور اوسمین سے ½ پائی گہٹائی تو ¾ پائی بچی اسلئے ¾ پائی لکھدی او جو اوپر زیادہ کیا ہی وہی نیچے بہی زیادہ کرنا چاہئے تاکہ حاصل تفریق مین کچھ فرق نہ پڑے اسلئے ۸ پائی پر ایک پائی زیادہ کری اور ۹ پائی ۶ پائی مین سے نہین کم ہوسکتی اسلئے ۱۲ پائی یعنی ایک آنہ ۶ پائی پر زیادہ کیا تو ۱۸ پائیان ہوئین انمین سی ۹ پائیان تفریق کین تو ۹ پائیان باقی رہین اوسکو لکھدیا ایسے ادہرکو ۱۲ پر زیادہ کیا تو ۱۳ ہوئے جنکو ۱۳ سے تفریق کیا تو کچھ باقی نہین رہا اب ۸۳ کو ۱۴۶ مین سے موافق اعداد مجرد کی تفریق کیا - اس عمل سے ظاہر ہی کہ جب کوئی عدد اوپر کی سطر کے ساتھہ ملایا جاتا تو وہی عدد نیچے کی سطر پر بہی زیادہ کیا جاتا ہے تاکہ حاصل تفریق مین فرق نہ آسے

مثال ۲ ۱۴۴ من ۸ سیر ۱۲ چہٹانک مین سے ۱۰۶ من ۱۱ سیر ۱۴ چہٹانک تفریق کیا

چہٹانک	سیر	من
۱۲	۸	۱۴۴
۱۴	۱۱	۱۰۶
۱۴	۳۶	۳۷

امثلہ نمبری ۳۶

(۱)

پائی	آنہ	روپیہ
۰	۱۴	۲۵۱
۴	۱۳	۱۶۰

(۲)

پنس	شلنگ	پونڈ
۶ ¾	۴	۱۴۹
۲ ¾	۱۳	۸۹

(۳)

پائی	آنہ	روپیہ
۰	۱۲	۷
۷	۱۰	۳

(۴)

پائی	آنہ	روپیہ
۱	۴	۲۰۵
۹	۸	۴۳

(۵)

پائی	آنہ	روپیہ	اشرفی
۱۰	۱۴	۱۰	۴۲
۱۱	۱۱	۳	۱۹

(۶)

پائی	آنہ	روپیہ
۸	۱۰	۹۳۹
۴	۱۵	۴۱۳

(۷)

پائی	آنہ	روپیہ	اشرفی
۶	۱۱	۳	۴۲
۱۰	۱۴	۱۳	۱۹

(۸)

پائی	آنہ	روپیہ
۰	۰	۷۰۰
۶	۱۱	۲۹

(۹)

گز	پول	فرلنگ
۵	۳	۱۴
۴	۳۸	۱

(۱۰)

پول	روڈ	ایکڑ
۲۹	۱	۴۳
۳۸	۲	۵۷

(۱۱) ۴۲۶ من ۸ سیر ۱ چھٹانک میں سے ۳۳۸ من ۳ سیر ۱۱ چھٹانک تفریق کرو

(۱۲) اعداد ذیل کا حاصل تفریق بتلاؤ اور حاصل کو صحیح ثابت کرو

دوم

(۱) ۱۷ سیر ۱۱ چھٹانک ۳ تولہ میں سے ۱۴ سیر ۷ چھٹانک ۱ تولہ تفریق کرو

(۲) ۱۳ من ۳ سیر ۱ چھٹانک میں سے ۵ من ۱۲ سیر ۱۴ چھٹانک تفریق کرو

(۳) ۲۷ تولہ ۱۱ ماشہ ۴ رتی میں سے ۱۳ تولہ ۷ ماشہ ۷ رتی تفریق کرو

(۴) ۱۳ ماشہ ۳ رتی ۱ چاول میں سے ۵ ماشہ ۴ رتی ۴ چاول تفریق کرو

(۵) ۲۰۰ من ۲۵ سیر ۴۵ تولہ میں سے ۱۷۵ من ۲۷ سیر ۴۶ تولہ تفریق کرو

(۶) ۳۵ جریب ۴ گٹھہ ۲ گز میں سے ۲۲ جریب ۷ گٹھہ ۱ گز کو تفریق کرو

(۷) ۱۵ گز ۱ فٹ ۵ انچ میں سے ۱۲ گز ۲ فٹ ۷ انچ تفریق کرو

(۸) ۹۹ گز اور ۸۷ گز ۱ فٹ ۱۱ انچ کا حاصل تفریق دریافت کرو

(۹) ۱۳ میل ۶ فرلنگ ۳۵ پول ۳½ گز میں سی ۱۲ میل ۳۸ پول ۴ گز کو تفریق [illegible]

(۱۰) ۳۵ فرسنگ ۴ فرلنگ ۳۳ پول ۴ گز ۱ فٹ اور ۱۸ فرسنگ [illegible]

۴½ گز ۲ فٹ کا حاصل تفریق دریافت کرو

(۱۱) ۵۶ ایکڑ ۲ روڈ ۳۴ پول اور ۴۸ ایکڑ ۳ روڈ ۳۸ پول کا فرق دریافت کرو

(۱۲) ۴ روڈ ۲۸ پول ۲۷ مربع گز ۴ مربع فٹ اور ۹ روڈ ۳ پول ۲۸ ½ مربع فٹ کا تفاوت دریافت کرو

(۱۳) ۷۳ ک گز ۱۸ ک فٹ ۸۵ ک انچ اور ۳۵ ک گز ۲۴ ک فٹ ۱۲۸۰ ک انچ کا

(۱۴) ۴۰ بیگہ ۱۴ بسوہ ۲ بسوانسی اور ۳۵ بیگہ ۸ بسوہ ۱۳ بسوانسی کا

(۱۵) ۵ بسوہ ۱۲ بسوانسی ۱۳ کچوانسی اور ۲ بسوہ ۱۷ بسوانسی ۱۵ کچوانسی کا

(۱۶) ۷۵ دن ۲۰ گھڑی ۱۵ پل اور ۴۴ دن ۱۲ گھڑی ۱۷ پل کا

(۱۷) ۲۱۶ برس ۹ مہینہ ۲ ہفتہ ۴ دن اور ۲۱۷ برس کا

(۱۸) ایک مقام کا عرض شمالی ۸ درجے ۳۵ دقیقے ۴۴ ثانیے ہے اور دوسرے کا عرض شمالی ۱۱ درجے ۳۰ دقیقے ۹ ثانیے ہے اونکے عرضون کا تفاوت بتلاؤ کہ کیا ہے

(۱۹) ۹۴۷ روپیے ۱۳ آنے ۷ 3/12 پائی پر کیا زیادہ کرین کہ ایک ہزار روپیہ ہو جاوے

(۲۰) ایک مکان کی قیمت مع اوسکے اسباب کے ۵۹۷۴ روپیہ ۸ آنہ ۹ ¼ پائی ہے اور مکان کی قیمت ۴۹۴۴ روپیے ۱۱ آنے ۹ 3/12 پائی تو بتاؤ اسباب کی قیمت مکان کی قیمت سے کسقدر زیادہ ہے

(۱۲۰) اگر پاؤ آدہی پائی کے سوا کسرین تفریق کی اندر واقع ہون تو موجب دفعہ ۹۷ کے کسور کا فرق دریافت کرلین اور بموجب قاعدہ دفعہ ۱۱۹ کے عمل کرین

مثال ۱ ۹ روپیہ ۱۴ آنہ ۶ 7/12 پائی کو ۱۴ روپیہ ۵ ¼ پائی مین سے تفریق کرو

روپیہ	آنہ	پائی
۱۴	۰	۵ ¼
۹	۱۴	۶ 7/12
۵	۱	۱۱ 2/3

(¼ − 7/12 پائی = (3−7)/12 پائی = 8/12 پائی)

مثال ۲ ۹ روپیہ ۱۰ آنہ 11/12 پائی کو ۱۰ روپیہ 8/12 پائی مین سے تفریق کرو

روپیہ 11/12 بہ نسبت 8/12 کے بڑے ہین اسلئے ہم نے 8/12 پر ۱۲ زیادہ کیا تو

روپیہ	آنہ	پائی
۱۰	۰	8/12
۷	۱۵	۰ 11/12
۲	۰	۴ 9/12

$\frac{11}{24}$ ہوئے اب $\frac{11}{8} - \frac{11}{12} = \frac{33-22}{24} = \frac{11}{24}$ اب یہان جو ایک زیادہ کیا ہی اُسکی پائی برابر زیادہ کرکے ۸ پائی بنالین

امتحان نمبر ۳۷

دریافت کرو حاصل تفریق

(۱) ۳ روپیہ ۱۳ آنہ ۹ $\frac{3}{4}$ پائی اور ۲ روپیے ۱۵ آنہ ۵ $\frac{1}{4}$ پائی کا

(۲) ۲۰ روپیہ اور ۱۵ روپیے ۱۵ آنہ $\frac{6}{7}$ پائی کا

(۳) ۲۳ روپیے ۱۳ آنہ ۷ $\frac{1}{5}$ پائی اور ۱۹ روپیے ۱۳ آنہ ۷ $\frac{3}{5}$ پائی کا

(۴) ۴۱۶ روپیے ۱۰ آنہ ۵ $\frac{1}{2}$ پائی اور ۳۰۵ روپیے ۱۱ آنہ ۹ $\frac{5}{8}$ پائی کا

(۵) ۲۱۶۳ روپیے ۱ آنہ ۸ $\frac{5}{12}$ پائی اور ۳۶۴ روپیے ۲ آنہ ۵ $\frac{13}{16}$ پائی کا

ضرب اعداد منتسب یعنی ضرب مرکب

(۱۲۱) ضرب اعداد منتسب یعنی ضرب مرکب اُس کا نام ہی کہ کسی عدد منتسب یعنے ایسی عدد کو جسمین ایک جنس کے مختلف درجونکی اعداد ہون کسی دوسرے عدد کی اکائیونکی موافق گنا کرین

قاعدہ مضروب فیہ کو مضروب کے سب سے چھوٹے درجہ کے عدد کے نیچے لکھو اور پہلی سب سے چھوٹے درجہ کے عدد کو مضروب فیہ مین ضرب دو اور اس اول حاصل ضرب مین بعد دریافت کے کہ درجہ مابعد کی کتنی اکائیان ہین جتنی اکائیان ہون اُونکو تو حاصل مانو اور جو کچھہ باقی بچے اُسکو اس درجہ کے نیچے لکھدو اور پہر درجہ مابعد کے عددونکو مضروب فیہ مین ضرب دو اور اس دوسرے حاصل ضرب کے ساتھہ پہلی حاصل کو جمع کرو اور حاصل جمع مین پہر درجہ مابعد کی اکائیان دریافت کرکے وہی عمل کرو جو پہلے کیا تھا اور آخر تک یہی عمل ہر یک مضروب کے عددونکی ساتھہ کرو

مثال ۵۶ روپیہ ۴ آنہ ۶ $\frac{1}{2}$ پائی کو ۵ مین ضرب دو

پائی	آنہ	روپیہ
۶ $\frac{1}{2}$	۴	۵۶
۵		
۸ $\frac{1}{2}$ پائی	۶	۲۸۱

عمل مذکور کی دلیل یہہ ہے

$\frac{1}{2}$ پائی کو ۵ مین ضرب دینے کے یہی معنی ہین کہ ($\frac{1}{2}+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}$) پائی = ۵ نصف پائی یعنے ۲$\frac{1}{2}$ کے لئے $\frac{1}{2}$ کو لکھدیا اور ۲ کو حاصل ہاتہ پائیونکی حاصل ضرب کے ساتھہ ملایا اور ۶ پائی کو ۵ مین ضرب دیا تو حاصل ضرب = ۳۰ پائی

اسیواسطے (۲ + ۶×۵) پائی = ۳۲ پائی = (۲×۱۲ + ۸) پائی = ۲ + ۸ پائی

اسیواسطے ہمنے ۸ پائی لکھدی اور ۲ کو آنون کے درجہ مین شامل کرلیا

۴ کو ۵ مین ضرب دیا تو حاصل ضرب = ۲۰ آنون کے اسیواسطے (۲ + ۴×۵) آنون = ۲۲ آنونکے = (۱۶ + ۶) آنون = ایک روپیہ ۶ کے اسلئے ۶ لکھدئے اور ایک روپیہ حاصل ہاتہ

اب بموجب ضرب بسیط کے ۵۶ روپئے ×۵ = ۲۸۰ روپیہ

اسیواسطے (۱ + ۵۶×۵) = (۱ + ۲۸۰ روپے) = ۲۸۱ روپیہ

اسیواسطے کل حاصل ضرب ۲۸۱ روپیہ ۶ ، ۸$\frac{1}{2}$ پائی ہوا

(۱۲۲) جب مضروب فیہ ۱۲ سے زیادہ ہو تو یہہ بہتر ہوگا کہ مضروب فیہ کو اجزاء ضربی اور اور حصونمین تقسیم کرلین مثلاً ۱۵ = ۳×۵ اور ۱۷ = ۳×۵ + ۲ اور ۲۳ = ۴×۵ + ۳ اور ۲۴۰ = ۶×۴×۱۰ اور علے ہذا القیاس

مثال ۵۵ روپئے ۱۲ ، ۹$\frac{3}{4}$ پائی کو ۲۳ مین ضرب دو

	روپیہ	آنہ	پائی
	۵۵	۱۲	۹$\frac{3}{4}$
			۴
= ۵۵ روپئے ۱۲ ، ۹$\frac{3}{4}$ اور ۴ کے حاصل ضرب کے	۲۲۳	۳	۱
			۵
= ۲۲۳ روپئے ۳ ، ۱ پائی اور ۵ کے حاصل ضرب کے یعنی ۵۵ روپیہ ۱۲ ، ۹$\frac{3}{4}$ پائی اور (۴×۵ یعنی ۲۰) کی حاصل ضرب کے	۱۱۱۵	۱۵	۵
= ۵۵ روپیہ ۱۲ ، ۹$\frac{3}{4}$ اور ۳ کی حاصل ضرب کے	۱۶۷	۶	۵$\frac{1}{4}$
= ۵۵ روپیہ ۱۲ ، ۹$\frac{3}{4}$ پائی اور ۲۳ کی حاصل ضرب کے	۱۲۸۳	۵	۸ $\frac{3}{4}$

تنبیہ اول اگر مضروب مین ½ کی کسر واقع ہو تو اوسکو مضروب فیہ کے جفت جزو ضربی مین ضرب دینا مناسب ہے اسلئے کہ کسر دور ہو جاویگی اور آگے ضرب آسان ہو جائیگی

تنبیہ دوم اگر مضروب فیہ مین بہت سی اجزا ضربی ہون تو یہہ مناسب ہوگا کہ مضروب کو سب سے ادنی درجہ کے عدد کیطرف تحویل کسری کر لین اور پھر اس حاصل کو مضروب فیہ مین ضرب دین اور حاصل ضرب کی پھر تحویل اعلی کرین تو سطح عمل آسانی او جلد نکل آئیگا

امثلہ نمبری ۳۸

	روپیہ	انہ	پائی	روپیہ	انہ	پائی	
(۱)	۳۶۹	۳	۹	×۱۲ اور ۷۹۴	۷	۷	×۲۴
(۲)	۲۰۷۴	۶	۲	×۱۳ اور ۲۳۹	۲	۶	×۲۵
(۳)	۲۱۰۴	۱۴	۴	×۱۴ اور ۹۳	۸	۳	×۲۷
(۴)	۷۳۰۰۷	۸	۴	×۱۵ اور ۴۷۱	۱۴	۱۰	×۲۸
(۵)	۷۶	۱۱	۸	×۱۶ اور ۸۷۶	۱۴	۶	×۳۰
(۶)	۶۹	۷	۱۰	×۱۷ اور ۹۸۷	۱۳	۲	×۳۲
(۷)	۸۴۹	۱۵	۰	×۳۳ اور ۴۷۸۷	۱۳	۲	×۵۲
(۸)	۵۹۹	۷	۱۰	×۳۵ اور ۱۹۸	۹	۱۰	×۵۶
(۹)	۴۸	۱۱	۸	×۳۶ اور ۹۹۹	۹	۶	×۵۳
(۱۰)	۱۱۹	۷	۲	×۴۰ اور ۸۷۹	۵	۱۰	×۶۴
(۱۱)	۴۷۸۷	۱۳	۲	×۴۲ اور ۵۸۶	۱۳	۱۰	×۷۰
(۱۲)	۶۷	۷	۴	×۴۵ اور ۹۷	۱۵	۹	×۷۲

(۱۳) ۱۴۱۴ من ۳۶ سیر ۹ چھٹانک کو ۳ مین ضرب دو

(۱۴) ۲۷ من ۵ سیر ۱۲ چھٹانک ۱ تولہ کو ۱۰ مین ضرب دو

(۱۵) ۱۷ سیر ۱ پاؤ ۳ چھٹانک ۴ تولہ کو ۲۴ مین ضرب دو

(۱۶) ۵ من ۱۶ سیر ۲ پاؤ ۲ چھٹانک ۳ تولہ کو ۳۶ مین ضرب دو

(۱۷) ۱ پنسیری ۵ چھٹانک ۲ تولہ کو ۱۳ مین ضرب دو

(۱۸) ۳۷۶ من ۶ پنسیری ۳ سیر ۲ پاؤ کو ۱۲۳ مین ضرب دو

(۱۹) ۳ ٹن ۲۷ پونڈ ۱۳ اونس کو ۱۱ اور ۷۹ مین ضرب دو

(۲۰) ۷۰ گز ۲ فٹ ۱۰ انچ کو ۷ اور ۲۹ مین ضرب دو جدا جدا

(۲۱) ۷۶ روڈ ۳۸ پول ۷ گز ۲ فٹ کو ۱۱ اور ۱۱۲ مین ضرب دو جدا جدا

(۲۲) ۸۰ ۱۳ ایکڑ ۳ روڈ ۳۲ پول کو ۱۲ اور ۱۰۶ مین ضرب دو جدا جدا

(۲۳) ۵ ہفتہ ۶ دن ۸ گھنٹہ ۴۲ منٹ کو ۱۱ اور ۳۳۹ مین ضرب دو جدا جدا

(۲۴) ۷۵ ۱۸ پونڈ ۱۳ شلنگ ۸ ۳/۴ پنس کو ۲۱ اور ۶۴ مین ضرب دو جدا جدا

(۲۵) ۷ ہفتہ ۳ دن ۵ گھنٹہ کو ۱۱۸ اور ۳۲ مین ضرب دو جدا جدا

(۲۶) ایک شخص نے ۷۶ بہیڑ کے بیچے فی ارو پیہ ۴ ر ۹ ۱/۲ پائی کے حساب سے اور ۲۳ بہیڑین بیچے ۲ روپیے ۱۰ ار ۱۱ ۱/۲ پائی کے حساب سے اور ۲ اگائین جنمین سے ہر ایک کی قیمت بحساب اوسط ۴۶ روپے ۴ ر ۲ ۳/۴ پائی دی اور ۱۷ گھوڑے فی گھوڑا ۴۸ روپیہ ۹ ر کو خریدی اور ان سبکے لانے نوکرونکے گھر تک لانے مین ۲۲ روپیے ۵ ۱۱/۲ آنہ خرچ ہوئے تو بتاؤ ان سبکی قیمت مین اور اوخرچ مین کیا صرف ہوا

(۲۷) ایک الماری مین ۷ خانہ ہین اور ہر خانہ مین اور چھوٹے چھوٹے خانے ۸ ہین اور ہر ایک اون خانون مین سے ہر ایک خانہ مین ۸ خانی ہین اور اون خانون مین ہر ایک خانہ مین ۲ روپیے ۶ ر ۸ پائی رکھے ہین تو بتاؤ کل روپیہ کتنا الماری مین رکھا ہے

(۱۲۴) اگر مضروب مین سوا یا آدہے اور پونے کے اور کسر نہ ہون تو عمل کیصورت وہی ہے جو اوپر بیان ہوئی

مثال ۲۲ اشرفی ۱۵ روپیے ۴ ۵/۸ آنہ کو ۴۳ مین ضرب دو

۴۳ = ۵ × ۸ + ۳

آنہ	روپیہ	اشرفی	
۴ ۵/۸	۱۵	۲۲	
۸			
۵	۱۰	۱۸۳	اسواسطے کہ ۵/۸ آنہ × ۸ = ۵ آنہ
۵			
۹	۱۴	۹۱۸	
۱۳ ۷/۸	۱۳	۶۸	اسواسطے کہ ۵/۸ آنہ × ۳ = ۱۵/۸ = ۱ ۷/۸ آنہ
۶ ۷/۸	۱	۹۸۷	

مثال ۴ ضرب دو ۳۶ اشرفی ۱۰ روپے $\frac{۱}{۱۶}$ آنہ مین ۲۳۱ کو

۲۳۱ = ۷×۳۳ = ۷×۳×۱۱

آنہ	روپیہ	اشرفی	
$\frac{۱}{۱۶}$	۱۰	۳۶	
۴ $\frac{۷}{۱۶}$	۶	۲۵۶	اسواسطے $\frac{۱}{۱۶}$ آنہ × ۷ = $\frac{۷}{۱۶}$ آنہ = ۴ $\frac{۷}{۱۶}$ آنہ
۱۲ $\frac{۵}{۱۶}$	۲	۷۶۹	اسواسطے کہ $\frac{۷}{۱۶}$ آنہ × ۳ = $\frac{۶}{۱۶}$ آنہ
۷ $\frac{۱۵}{۱۶}$	۱۴	۸۴۶۰	∴ $\frac{۶}{۱۶}$ آنہ × ۱۱ = $\frac{۶۶}{۱۶}$ آنہ = ۳ $\frac{۱۵}{۱۶}$ آنہ

امثلہ نمبری ۳۹

(۱) ۶ روپیہ ۱۲ آنہ ۸ $\frac{۵}{۹}$ پائی کو ۳ و ۱۱ و ۷۵ مین جدا جدا ضرب دو

(۲) ۷۵ اشرفی ۱۳ روپے ۹ $\frac{۱}{۵}$ آنہ کو ۴ و ۱۵ و ۸۸ مین جدا جدا ضرب دو

(۳) ۷۰۹ پونڈ ۷ اشلنگ ۱۱ $\frac{۱۱}{۱۲}$ پنس کو ۹ و ۲۹ و ۱۲۰ مین جدا جدا ضرب دو

(۴) ۵۲۵ اشرفی ۱۴ روپے $\frac{۵}{۸}$ آنہ کو ۴۲ و ۴۴ و ۱۶۳ مین جدا جدا ضرب دو

(۵) ۱۲۵ پونڈ ۱۹ اشلنگ ۱۱ $\frac{۱۱}{۱۲}$ پنس کو ۴۸ و ۱۴۴ و ۷۰۵ مین جدا جدا ضرب دو

قسمت اعداد منتسب یا تقسیم مرکب

(۱۲۴) جس ترکیب سے کوئی عدد منتسب تقسیم ہوتا ہی اوسکو تقسیم مرکب کہتی ہین یعنی کوئی عدد ایسا ہو کہ اوسمین ایک جنس کے مختلف النوع اعداد جمع ہوں اور اوسکو مقسوم علیہ کی اکائیونکی موافق برابر حصونمین تقسیم کرین تو اوسکو تقسیم مرکب کہتے ہین اور اس دریافت کرنیکا نام بھی کہ ایک عدد منتسب مین اوسی قسم کا عدد کی دفعہ شامل ہی تقسیم مرکب ہے۔ جب مقسوم علیہ عدد مجرد ہو تو یہہ قاعدہ ہے

قاعدہ مقسوم اور مقسوم علیہ کو اعداد صحاح کی طرح لکھو اور اول سب سے بڑی درجہ کے عدد کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرو اور جو کچھہ نکلے اوسکو خارج قسمت مین لکھہ لو اور جو کچھہ باقی بچے اوسکے اوس عدد کیطرف کہ اوسی ماقبل درجہ دوم پر ہو تحویل کرو اور اگر اس درجہ کا کوئی

عدد مقسوم مین ہو تو اوسے ملاؤ اور پھر حاصل کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرو اور یہی عمل سارے مقسوم کے اعداد کے ساتھہ کرو

مثال ا ۱۹۹ روپیہ ۱۱ آنہ ۱۰ پائی کو ۱۳۰ پر تقسیم کرو

بموجب قاعدۂ مذکور کے عمل کیا تو

پائی	آنہ	روپیہ
۱۰	۱۱	۱۳۰) ۱۹۹ (ا روپیہ

۱۳۰
۶۹
۱۶
۱۱۱۵ (۸
۱۰۴۰
۷۵
۱۲
۹۱۰ (۷
۹۱۰
×

اسواسطے ا روپیہ ۸ آنہ ۷ پائی جواب ہوا

عمل مذکور کی دلیل یہہ ہے

اول ہم نے ۱۹۹ روپیے ۱۱ آنہ ۱۰ پائی مین سے ایک روپیہ کا ایک سو تیس گنا تفریق کیا تو ۶۹ روپیے ۱۱ آنہ ۱۰ پائی باقی رہے اور ۶۹ روپیہ ۱۱ آنہ ۱۰ پائی = ۱۱۱۵ آنہ ۱۰ پائی کے اس مجموعہ مین سے ۸ آنہ کا ۱۳۰ گنا تفریق کیا تو ۷۵ آنہ ۱۰ پائی باقی رہے ــ ۷۵ آنہ ۱۰ پائی = ۹۱۰ پائی کے آمین سے ہم نے ۷ پائی کا ۱۳۰ گنا تفریق کیا تو کچہ باقی نہیں بچا

اسواسطے ا روپیہ ۸ آنہ ۷ پائی جواب ہوا

مثال ۲ ۱۰۷۶ پونڈ ۴ شلنگ ۳ ۳/۴ پنس کو ۵۲۷ پر تقسیم کرو

پنس	شلنگ	پونڈ
۳ ۳/۴	۴	۵۲۷) ۱۰۷۶ (۲ پونڈ

۱۰۵۴
۲۲
۲۰
۴۴۴ (۰
۲۲
۵۳۳۱ (۱۰ پنس
۵۲۷۰
۶۱
۴
۲۴۷ (۰۰

اسواسطے حاصل ۲ پونڈ ۰ شلنگ ۰ اپنس ہوا اور ۲۴۷ فارذنگ باقی رہتی ہین اور ۵۲۷ پر تقسیم نہین ہوتین یعنے ایک فارذنگ نہین نکلتا

اسواسطے خارج قسمت ۲ پونڈ ۰ شلنگ ۱۰ پنس $\frac{۲۴۷}{۵۲۷}$ فارذنگ ہوا

تنبیہ اول جب مقسوم علیہ ۱۲ سے زائد نہو تو تقسیم ایک سطر مین اسانی سے اسطرح ہوجاتی ہے

مثلاً ۱۱ روپیئے ۲ آنہ ۶ پائی کو ۱۲ پر تقسیم کرنا ہے

	روپیہ	آنہ	پائی
۱۲	۱۱	۲	۶
		۱۴	۱۰ ½

چونکہ ۱۱ روپیہ ۱۲ پر تقسیم نہین ہوسکتی اسلیئے اوسکی تحویل آنون کی طرف کی اور اوسمین ۲ زیادہ کیئے تو ۱۷۸ آنے حاصل ہوئے اوسکو ۱۲ پر تقسیم کیا تو ۱۴ حاصل ہوئے اور ۱۰ آنے بچے اور چونکہ ۱۰ آنہ = ۱۲۰ پائی کے اور اس رقم پر ۶ پائی زیادہ کی تو ۱۲۶ حاصل ہوئے اونکو ۱۲ پر تقسیم کیا تو ۱۰ حاصل ہوئے اور ۶ بچے اور ۶ پائیان برابر ہین ۱۲ آدہی پائیو کے اسلیئے ۱۲ پر تقسیم کرنے سے ۱۰ ½ اور حاصل ہوا

امثلہ نمبری ۴۰

	روپیہ	آنہ	پائی
(۱)	۹ ۸۷۵۵	۰	۴ ÷ ۲۸۶
(۲)	۱۹ ۲۴ ۸۶	۱۲	۴ ÷ ۳۰۵
(۳)	۲۷۸۰۰۸ ۲۲	۰	۰ ÷ ۷۰۴
(۴)	۵۴ ۹۳	۲	۱۰ ÷ ۷۹۳
(۵)	۶۲ ۴۴ ۷۴	۹	۴ ÷ ۸۳۶
(۶)	۳۲ ۰۳ ۱۹	۲	۰ ÷ ۸۸۸
(۷)	۳۷۹ ۸۴ ۷۹	۹	۶ ÷ ۹۰۰
(۸)	۷۲۹ ۸۴ ۳۸	۱۳	۰ ÷ ۹۸۲
(۹)	۱ ۱۱ ۶۳	۹	۰ ÷ ۸۰۰۴
(۱۰)	۸ ۹۳ ۲۸	۰	۰ ÷ ۸۶۴۰

(۱۱) ۱۲۸۱۳۷۴۳ روپیہ ۱۵ آنہ ۲ پائی ÷ ۱۰۰۰۲

(۱۲) ۷ پونڈ ۱۶ شلنگ ۲ پنس ÷ ۲

(۱۳) ۷۵ پونڈ ۸ شلنگ ۶½ پنس ÷ ۲

(۱۴) ۲۴۵ پونڈ ۱۴ شلنگ ۸ پنس ÷ ۴

(۱۵) ۸۲ پونڈ ۱۳ شلنگ ½ پنس ÷ ۶

(۱۶) ۴۰۹ پونڈ ۷ شلنگ ۲ پنس ÷ ۸

(۱۷) ۲۰۶ مہینہ (۲۸ دن کے) ۸ دن ÷ ۲۶

(۱۸) ۶۸۴ دن ۸ گھنٹہ ۹ منٹ ÷ ۴۷

(۱۹) ۹۴۶ روپئے ۴ر ۸ پائی ÷ ۱۳

(۲۰) ۸۲۸۸ روپئے ۴ر ۲ پائی ÷ ۲۹ (۲۱) ۳۸۹۳ روپیہ ۱ر ۳ پائی ÷ ۳۷

(۲۲) ۲۳۶۸۲ روپیہ ۱۱ر ۴ پائی ÷ ۴۸ (۲۳) ۵ سیر ۹ چھٹانک ۲ تولہ کو ۳ پر

(۲۴) ۸۰۰۹۷ روپیہ ۳ر ۶ پائی ÷ ۸۹ (۲۵) ۴۷ سیر ۸ چھٹانک ۳ تولہ کو ۰ پر

(۲۶) ۸۸۳۲ روپیہ ۲ر پائی ÷ ۱۰۴ (۲۷) ۷ من ۲۵ سیر ۱۳ چھٹانک کو ۱۵ پر

(۲۸) ۲۶۰۵ من ۳ سیر کو ۴۸ پر

(۲۹) ۷۷۸۶ من ۷ پنسیری ۲ سیر ۶ چھٹانک ۲ تولہ کو ۲۹ پر

(۳۰) ۵۹ من ۱ سیر ۲ چھٹانک ۳½ تولہ کو ۶۷ پر

(۳۱) ۱۵۵ من ۷ پنسیری ۳ سیر ۱۴ چھٹانک ۴ تولہ کو ۱۰۰۸ پر

(۳۲) ۱۲ ہفتہ ۵ دن ۱۶ گھنٹہ ۴۹ منٹ کو ۱۹ پر

(۳۳) ۳۶۵ دن ۵ گھنٹہ ۴۸ منٹ ۴۸ سکنڈ کو ۱۲ پر

(۳۴) ۱۵۴ دن ۲۲ گھنٹہ ۱ منٹ ۴۹ سکنڈ کو ۹۰۷ پر

(۳۵) ۵ دن ۱۴ گھنٹہ ۱۵ منٹ ۹ سکنڈ کو ۱۷ پر

(۳۶) ۵۵ ایکڑ ۳ روڈ ۹ ۳ پول ÷ ۲۶

(۳۷) ۱۵ روپیے ÷ ۰۰۴۲۵. تر اور ۴۷۵ روپیے ÷ ۰۰۱۸۷۵. ر پیر

(۳۵) بعض اوقات مقسوم علیہ کے اجزا ضربی ہو سکتے ہیں اس صورت میں عمل آسانی ہو جائیگا اگر مقسوم علیہ کے اجزا ضربی میں ٹکڑے کر کے ہر جز ضربی پر تقسیم کریں

مثال ۴۷ روپیہ ۲ آنہ کو ۲۴ پر تقسیم کرو

۴×۶ = ۲۴

		روپیہ	آنہ	پائی
۲۴	۴	۴۷	۲	۰
	۶	۱۱	۱۲	۶
		۱	۱۵	۵

مثال ۱۶۸ روپیہ ۱۴ آنہ ۸½ پائی کو ۴۸ پر تقسیم کرو اب مقسوم علیہ کے اجزا ضربی ۶ اور ۸ پر تقسیم کرو اور پھر ۴۸ پر اور ثابت کرو کہ نتیجہ دونوں صورتوں میں ایک ہی نکلتا ہے

روپیہ آنہ پائی

۴۸) ۱۶۸ (۳ ۱۴ ۸½

۱۴۴

۲۴

۱۶

۱۴ + ۳۸۴ =

۴۸) ۳۹۸ (۸

۳۸۴

۱۴

۱۲

۸½ + ۱۶۸ =

۴۸) ۱۷۶½ (۳

۱۴۴

۳۲½

بس خارج قسمت ۳ روپیے ۸ آنے ۳ ۴۵/۹۶ پائی ہوا

	روپیہ	آنہ	پائی
۶	۱۶۸	۱۴	۸½
۸	۲۸	۲	۵ ۵/۱۲
	۳	۸	۳ ۴۵/۹۶

$$\left(\frac{45}{96} = \frac{\frac{45}{12}}{8} = \frac{3\frac{9}{12}}{8}\right)$$

امثلہ نمبری ۴۱

ان مثالون مین پہلے مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرو اور پہر مقسوم علیہ کے اجزاء ضربی نکال کر تقسیم کرو اور ثابت کرو کہ دونو صورتونمین خارج قسمت ایک نکلتا ہے

(۱) ۲۲۳۷ روپیہ ۱۳ر ÷ ۴۴ (۲) ۲۴۴۱ روپے ۴ر ÷ ۴۸

(۳) ۲۴۰۲ روپیہ ۱۳ر ۹ پائی ÷ ۶۳ (۴) ۳۷۷۵ روپے ۱۴ر ۹ پائی ÷ ۶۶

(۵) ۳۶۴۳۸ روپے ۶ر ÷ ۷۲ (۶) ۸۶۱۷ روپیہ ۲ر ۸ پائی ÷ ۸۰

(۷) ۹۰۹۸۴ روپے ۱۲ر ÷ ۱۲۱ (۸) ۲۴۰۲۸ روپیہ ۹ر ۶ پائی ÷ ۱۲۶

(۹) ۲۲۷۸۷ روپے ۸ر ۶ پائی ÷ ۱۳۲ (۱۰) ۲۲۶۸۸ روپے ۴ پائی ÷ ۱۴۰

(۱۲۶) اگر مقسوم علیہ ۱۰ و ۱۰۰ و ۱۰۰۰ وغیرہ میں سے کوئی ہو تو عمل تقسیم کا اسطرح ہوتا ہے کہ مقسوم میں سے دائین طرف سے جتنے صفر مقسوم علیہ میں ہون اوتنے ہندسونکے بعد علامت اعشاریہ لکھدین

مثال ۱ ۵۳۴۲ روپے ۸ر کو ۱۰۰ پر تقسیم کرو

ترکیب طولانی

۱۰۰) ۵۳۴۲ر ۸ (۵۳ روپیہ
۵۰۰
۳۴۲
۳۰۰
۴۲
۱۶
۸ + ۶۷۲ = ۱۰۰۰
۱۰) ۱۰۰۰ (۱۰ر
۱۰۰
۰۰

ترکیب مختصر

روپیہ آنہ
۱۰۰) ۵۳٫۴۲ ۸
۱۶
۸ + ۶۷۲ر
= ۱۰٫۰۰ آنہ

پس اسواسطے خارج قسمت ۵۳ روپیہ ۱۰ر ہوا

دلیل عمل مذکور کی یہہ ہے کہ

۵۳۴۲ روپیہ ۸ آنہ ÷ ۱۰۰ = $\frac{۵۳۴۲}{۱۰۰}$ + $\frac{\text{۸ آنے}}{۱۰۰}$

= ۵۳٫۴۲ روپیہ + $\frac{\text{۸ آنے}}{۱۰۰}$

= ۵۳ روپیہ + $\frac{۶۲}{۱۰۰}$ روپیہ + $\frac{۸}{۱۰۰}$ آنہ

= ۵۳ روپیہ + $\frac{(۱۶ \times ۶۲) \text{ آنہ}}{۱۰۰}$ + $\frac{۸ \text{ آنہ}}{۱۰۰}$

= ۵۳ روپیہ + $\frac{۹۹۲ + ۸ \text{ آنہ}}{۱۰۰}$

= ۵۳ روپیہ + ۱۰ آنہ

= ۵۳ روپیہ ۱۰ آنہ

مثال ۲ ۲۰۸۵ روپیہ ۱۵ آنہ کو ۱۵۰۰ پر تقسیم کرو

$۱۵۰۰ = ۳ \times ۵ \times ۱۰۰$

اول اجزاء ضربی ۳ اور ۵ پر تقسیم کرو اور پھر ۱۰۰ پر تقسیم کرو اس قسم کی مثالوں میں اسیطرح عمل کرنا مصلحت ہے

	روپے	آنہ
۳	۲۰۸۵	۱۵
۵	۶۹۵	۵
۱۰۰	۱٫۳۹	۱
	۱۶	
	۶۲۴	
	۱۲	
	۰۰٫۳ پائی	

۱/۸ = تیسرے نام کے "

۱/۱۲ = چوتھی نام کے "

اب ۱/۳ + ۱/۴ + ۱/۸ + ۱/۱۲ = ۱۹/۲۴

∴ کل خاندان − ۱۹/۲۴ یعنے ۱ − ۱۹/۲۴ یا ۵/۲۴ = تعداد بادشاہون کے

لیکن بموجب شرط سوال کے ۵/۲۴ واحد کے یعنے ۵/۲۴ کل خاندان = ۵

∴ کل یا ا خاندان = ۵ × ۲۴/۵ = ۲۴

∴ ۸ بادشاہ اول نام کے اور ۶ دوسری نام کے اور ۳ تیسری نام کے اور ۲ چوتھی نام کے ہین

مثال ۱۸ ا ایک کام کو ۵ دنین بناتا ہے اور ب ۶ دنین اوسی کام کو تیار کرتا ہے اور س اوسی کام کو ۷ دنین بناتا ہے تو بتاؤ تینون ملکر اوس کام کو کتنے دنون مین بنائین گے اور ا اور ب ملکر کتنے دنون مین ب اور س ملکر کتنے دنون مین اور ا اور س ملکر کتنے دنون مین کام کو بنائین گے

کام کو واحد یعنے ا سے تعبیر کرو تو

ا ایک دن مین ۱/۵ حصہ کام کا بناتا ہے

ب ایک دن مین ۱/۶ حصہ کام کا بناتا ہے

س ایک دن مین ۱/۷ حصہ کام کا بناتا ہے

ا + ب + س کام (۱/۵ + ۱/۶ + ۱/۷) یعنے ۱۰۷/۲۱۰ حصہ کام کے بنائین گے

∴ ا + ب + س جتنے دنون مین کام کو پورا کرین گے

= ۱/(۱۰۷/۲۱۰) دنون = ۲۱۰/۱۰۷ دنون = ۱ ۱۰۳/۱۰۷ دنون کے

اور ایک دن مین ا + ب کام (۱/۵ + ۱/۶) بنائین گے یعنے ۱۱/۳۰ حصہ کام کے
اسواسطے وہ پورا کام جتنے دنون مین بنائین گے = ۱/(۱۱/۳۰) یا ۲ ۸/۱۱ دنکے
اور اسیطرح ثابت ہوسکتا ہے کہ ا اور س کام کو ۲ ۱۱/۱۲ دنونمین اور ب اور س ۳ ۳/۱۳ دنونمین بنائینگے

مثال ۱۹ ا اور ب ایک کام ۲ ۸/۱۱ دنون مین بناتے ہین اور ا اور س اوسی کام کو ۲ ۱۱/۱۲ دن مین اور ب اور س اوسی کام کو ۳ ۳/۱۳ دنمین تو بتاؤ تینون ملکر کتنے دنون مین کام کو بنائین گے اور ہر ایک علیحدہ علیحدہ کتنے دنون مین

ا اور ب ایک دن مین ۱۱/۳۰ حصے کام کے بناتے ہین
ا اور س ایک دن مین ۱۲/۳۵ حصے کام کے بناتے ہین
ب اور س 〃 ۱۳/۴۲ ایضاً

∴ جمع کرنیسے ۲ ا + ۲ ب + ۲ س کام (۱۱/۳۰ + ۱۲/۳۵ + ۱۳/۴۲) یعنی ۲۱۴/۲۱۰ حصہ کام کے بنائینگے
∴ ایکدنمین ا + ب + س کام ۱۰۷/۲۱۰ حصے کام کے بنائین گے
∴ وقت مطلوب = ۱/(۱۰۷/۲۱۰) = ۲۱۰/۱۰۷ دنون = ۱ ۱۰۳/۱۰۷ دنون کے

اور ا + ب + س کا کام کیا ہوا ایکدنمین منفی (ب + س) کا کام کیا ہوا ایکدنمین یعنے
ا کا کام کیا ہوا ایکدن = ۱۰۷/۲۱۰ − ۱۳/۴۲ = ۱/۵
∴ ۵ دنمین ا کام کو اکیلا پورا بنالے گا

اور اسیطرح معلوم ہوسکتا ہے کہ ب کام کو ۶ دنمین بنالیگا اور س کام کو ۷ دنمین بنالیگا

مثال ۲۰ ایک ظرف ہے اوسمین ایک دہانہ ایسا ہے کہ جس سے ۲ گھنٹہ مین ظرف پر ہوتا ہے اگر اوس ظرف مین ایک سوراخ ایسا ہوجاے کہ ۱۰ گھنٹہ مین بھرے ہوئے ظرف کو خالی کردے تو بتاؤ اس دہانہ سے کتنے دیر مین ظرف پر ہوگا دہانہ ایک گھنٹہ مین ۱/۲ ظرف پر کرتا ہے
سوراخ ایک گھنٹہ مین ۱/۱۰ ظرف کا خالی کرتا ہے

∴ آ گھنٹہ مین اگر دہانہ سے پانی بہری اور سوراخ سے نکلی تو حصہ ظرف کا بہرا ہوا۔ حصہ ظرف کا خالی ہوا

$= \left(\frac{1}{2} - \frac{1}{10}\right) = \frac{2}{5}$

∴ وقت مطلوب جو ظرف کی بہرنیکا $= \frac{1}{\frac{2}{5}}$ گھنٹے $= \frac{5}{2}$ گھنٹے $= 2\frac{1}{2}$ گھنٹہ

مثال ۲۱ ا ایک کام کو ۵ دنین بناتا ہے اور ب اوس سے دوچند کام کو ۶ دنین کرتا ہے اور س چوچند ۹ دنین تو بتاؤ کتنی دیر مین ا اور ب اور س ملکر اوس سے گیارہ گنا کام کرینگے

ا ایک دن مین $\frac{1}{5}$ حصہ کام کا بناتا ہے

ب 〃 $\frac{2}{6}$ یا $\frac{1}{3}$ ایضاً

س 〃 $\frac{4}{9}$ 〃 〃

∴ ایکدن مین ا + ب + س کا کام $\left(\frac{1}{5} + \frac{1}{3} + \frac{4}{9}\right)$ یعنے $\frac{44}{45}$ حصے کام کے ہوئے

تو وہ اس کام کے حصہ کو $\frac{45}{44}$ دنون مین تمام کرین گے

∴ کام مطلوبہ کو $\left(\frac{45}{44} \times 11\right)$ یا $11\frac{1}{4}$ دنون مین ختم کرین گے

مثال ۲۲ ا ایک کام ۱۵ دنین اور ب اوسی کام کو ۱۸ دنین بنا لیتے ہین تین دن تک تو دونون ملکر کام کرتے رہے بعد اس تین دن کے ب نے کام چھوڑ دیا مگر ا لگاتار اور تین دن بعد س آکر کام مین شریک ہوا اور ۴ دن مین اونہون نے کام کو پورا کرلیا تو بتاؤ س اکیلا اوس کام کو کتنے دنون مین بناتا

کام کو ۱ سے تعبیر کرو

ایک دن مین ا + ب کا کام کیا ہوا $\left(\frac{1}{15} + \frac{1}{18}\right)$ حصہ کام کے

اور ۳ دن مین $\left(\frac{1}{15} + \frac{1}{18}\right) \times 3$

یا $\frac{11}{30}$

∴ $\frac{19}{30}$ کام کرنے سے رہا

اور تین دن اور کام کرنے سے اسنے $\frac{3}{15}$ یعنے $\frac{1}{5}$ حصہ کام پورا کیا

∴ جب س آنکر ملا تو $\frac{?}{?}$ - $\frac{1}{5}$ یعنی $\frac{?}{?}$ حصے کام کے بنانے باقی تھے
اور ۴ دن مین انے اور $\frac{4}{15}$ حصے کام کے بنائے

∴ س نے جو ۴ دن مین کام کیا = $\frac{?}{?}$ - $\frac{4}{15}$ = $\frac{5}{30}$ = $\frac{1}{6}$

∴ ایکدن مین سؔ نے جو حصہ کام بنایا وہ $\frac{1}{24}$ ہے

∴ وقت جسمین س پورا کام بنائے گا = ۲۴ ایام

امثلہ نمبری ۵۵

دفعات گذشتہ کے متفرق سوالات اور مثالین

(۱) کسور عشاریہ کی ضرب اور تقسیم کا قاعدہ بیان کرو اور ۲،۱۳۴۲ کو ۳$\frac{1}{40}$ پر تقسیم کرو

(۲) ۱۵۵۶،۸۵ فرنیک کی قیمت انگریزی سکون مین کیا ہوگی
اور ۲۴،۲۵ فرنک برابر ایک پونڈ کے ہوتے ہین

(۳) $\frac{1}{40}$ + $\frac{1}{9}$ + $\frac{1}{11}$ + $\frac{?}{59}$ کی تحویل اعشاریہ مین کرو اور بتاؤ ۲ سیر ۲ چھٹانک کونسی اعشاریہ من کی ہے

(۴) حساب روزنامچہ کی اصول بیان کرو اور بموجب حساب تجارت کے قیمت ۳۴۵ $\frac{1}{?}$ من ۱۳ ر ۵ $\frac{?}{?}$ پائی
فی من کے حساب سے اور ۱۳۵ بیگہ ۲ بسوہ کی جمع بندی بحساب روپیہ ۱۲ ر ۸ پائی فی بیگہ کے دریافت کرو

(۵) ایک جائداد کی $\frac{?}{?}$ کی قیمت ۲۵۴ روپیہ ۱۳ ر ۱ پائی ہے تو اوسکی $\frac{?}{5}$ حصہ کی قیمت کیا ہوگی

(۶) ایک دوالیہ ۳ ر ۴ پائی روپیہ مین ادا کرتا ہے تو بتاؤ ۴۸۵۹۸ روپیہ ۸ ر مین کیا ادا کریگا

(۷) ایک شخص ایک جائداد کے $\frac{?}{11}$ پر قابض تھا اوسنے اپنے حصے کے $\frac{?}{?}$ کا $\frac{1}{5}$ حصہ
۱۴۰ $\frac{?}{?}$ روپیہ کو بیچڈالا تو بتاؤ اوسی بہاؤ سے $\frac{1}{5}$ کا $\frac{?}{11}$ حصہ جائداد کا کتنے کو بیچے

(۸) میاں بی بی اور تین بچے ہفتہ وار ۱ روپیہ ۱۱ ر ۶ پائی کی مزدوری کرتے تھے ماں اپنے
ہر ایک بچہ کی دوگنی مزدوری کرتی تھی اور بی بی سے ڈیڑھ مزدوری میاں کرتا تھا تو بتاؤ
ہر ایک کتنی مزدوری کرتا تھا

(۹) ۱۷۲۸ الہی گز کے گز بتاؤ اور ۱۴۴۴ من ۱۳ سیر کلکتہ کو بمبئی کے سیروں اور منوں میں تحویل کرو

(۱۱) ۶ ہفتہ مین ۵ عورتونکی مزدوری ۱۷ روپیہ ۱۳ آنہ ہے تو بتاؤ ۴ عورتین ۳ ہفتہ مین ۱۲ آنے مزدوری کتنے دنونمین پائینگی

دوم

(۱) جب ہم کہتے ہین کہ ایک مجموعہ دوسرے مجموعہ کی کسر مثلاً ۵/۷ ہے تو اوسکی کیا معنی ہوا کرتی ہین اگر ہندوستانی سیر وزن مین ۲ ۲/۷ پونڈ کی برابر ہو تو بتاؤ انگریزی پونڈ من کی کونسی کسر ہے ایک پونڈ ۱۳ روپیہ ۸ آنہ کا ہو تو بتاؤ روپیہ پونڈ کی کونسی کسر ہے اور جو عمل کرو اوسکی دلیل بھی بیان کرو

(۲) ۳/۴ سن ۱ ۵/۹ میل کے میٹر بناؤ اور ۳۲ میٹر = ۳۵ گز

(۳) ۴۰ روپیہ کو ایک چراگاہ تین شخصون نے ملکر خریدی ایک شخص نے ۸ اور دوسرے نے ۹ اور تیسرے نے ۱۱ مویشی چرائے تو بتاؤ ہر ایک کو کیا دینا چاہیے

(۴) ۳ روپیہ ۵/۱۶ پائی کو ۱۰ روپیہ کی اعشاریہ کسر کیطرف تحویل کرو اور جو کچھ حاصل ہو اوسکو ۰۵ر۱۲ پر تقسیم کرو اور جو عمل کرو اوسکو بیان کرو

(۵) ۱۷۵ ایکڑ ۳ روڈ ۲۰ پول کی قیمت بحساب ۱۳۹ روپیہ ۵ ر ۴ پائی فی ایکڑ کے بتلاؤ اور عمل حساب تجارت کے موافق کرو

(۶) اگر ایک قصبہ مین ۶۰۰۰۰ روپیہ کا مال ہو تو بتاؤ کیا فی روپیہ لین کہ ۵۰۰ ۲ روپیہ حاصل ہو جائین

(۷) اگر محیط دائرہ کا = قطر × ۵۹ ۱۴۱ ر ۳ تو بتاؤ ۱۰ میل مین ۵ فیٹ قطر کا پہیہ کتنی چکر کریگا

(۸) ایک کسان زمیندار کو ۷ ۱/۲ سیر چاول ۴ ر ۹ پائی سیر کے اور ۹ ۱/۴ سیر کہانڈ ۵ ر ۹ پائی سیر کے اور ۶ ۵/۹ سیر آٹا ۲ ر ۴ پائی سیر کا دیتا ہے تو بتاؤ کل روپیہ زمیندار کو کسان کیا دیتا ہے

(۹) آ اکیلا ایک کام کو ۱۰ گھنٹہ مین کرتا ہے اور ب اوس کام کو ۱۲ گھنٹہ مین بناتا ہے تو بتاؤ دونو ملکر کتنے دنون مین بنائینگے

(۱۰) ۱۰ کمہار ۱۲ بورے مٹی کے ۱۶ گھنٹہ مین کہودتے ہین اور ۱۲ اور کمہار ۹ بورے مٹی کے ۱۵ گھنٹہ مین کہودتے ہین تو بتاؤ دونون ملکر ۱۰۰ بورے مٹی کے کتنے دنونمین کہودینگے

سوم

(۱) ۲۸ من ۴ سیر ۳ چھٹانک کو ۳۶ برابر حصون مین تقسیم کرو اور ہر ایک حصہ کی قیمت ۹ روپیہ ۷ ۸ پائی فی من کے حساب سے دریافت کرو

(۲) ۱۸۷ گز ۲ فٹ ۸ ½ انچ کو جریب کے اعشاریہ مین تحویل کرو اور اگر ایک جریب برابر ۲۰ گنٹھ اور گنٹھ = ۳ گز اور گز = ۲۴ تسو تو جریب کو تسو مین بیان کرو

(۳) ایک ماشہ بنیئے کا برابر ۱۳۱۰۷.۹۰ اگرین کے ہوتا ہے اور ایک تولہ بنگال کا برابر ۱۸۰ اگرین کے ہوتا ہے تو بتاؤ بنیئے کا سیر بنگال کے سیر کا کونسا حصہ ہے

(۴) اگر مال گذاری ایک گانون کی ۳۱۴۲ روپئے ۱۵ ۶ پائی ہو اور اوسیر ۸۴ روپئے ۱۲ ۳ پائی محصول لگایا جائے تو بتاؤ فی روپیہ کیا محصول پڑیگا اور جو نمبردار ۱۴۴ روپئے ۸ ۶ پائی کا مال گزار ہے اوسکے ذمہ کیا آئیگا

(۵) ایک سوداگر ۱۲۲۵ روپئے سے ۱۱۲ روپئے ۸ سات مہینہ مین حاصل کرتا ہے تو ۲۰ روپئے ۵ کتنے دنون مین ۲۹۳ روپئے ۱۲ سے حاصل کرے گا

(۶) بتاؤ حساب روزمرہ بسیط اور مرکب کسی کہتے ہین اور ۳ من ۳ سیر ۳ چھٹانک کی قیمت ۴ روپیہ ۶ ½ پائی فی من کے حساب سے دریافت کرو

(۷) ایک مکان ۱۲ فٹ اونچا ہے اور ۲۰ سے ۱۵ فٹ طول عرض مین ہے تو ۲ ½ پائی فی مربع گز کے حساب سے پنڈول اوسپر کتنے کی پھریگی

(۸) ملکی سال کے حساب سے ۴۰۰ برس کے اندر ۹۷ دن تقویم مین اور زیادہ بڑہانے پڑتے ہین تو بتاؤ بحساب اوسط ایک سال کتنے دنون کا ہوتا ہے

(۹) اگر ۱۵ گھوڑے اور ۱۲۸ بھیڑین ۹ دن تک ۹۴ روپئے ۱۱ مین چرتی ہین تو ۱۰ گھوڑے ور ۱۳۲ بھیڑین ۸ دن مین کتنے روپیون مین چرین گی اور ۵ گھوڑونکی چروائی برابر ۸۱ بھیڑون کے ہے

(۱۰) موہن سوہن رادہا تینون کاریگر ہین موہن آدہا کام تین گھنٹہ مین بناتا ہے اور

اور یہہ کام اوسکا سوہن سے دو چند ہوتا ہی اور سوہن اور سوہن اور رادہا تینون ملکر کل کام ۲ ½ گہنٹہ مین بناتے ہین تو ثابت کرو کہ رادہا اکیلا جتنا کام ۵ گہنٹہ مین کریگا اوتنا سوہن ۹ گہنٹہ مین کریگا

چہارم

(۱) جو اعداد صحیح کے لکہنے کا طریقہ کتابت مروج ہے اوسمین اعداد کس ترکیب سے لکہے جاتے ہین ۲۹ ۷ کو ۳ مین ضرب دو اور عمل کو بیان کرو

(۲) ایک روپیہ کا پانچوان حصہ اور اٹہنی کے دو ساتوین اور اشرفی کے چارنوین جمع کرو اور نتیجہ کو ۲۵ روپیہ کی اعشاریہ مین تحویل کرو

(۳) دو آدمیونکو تجارت مین ۳۷۵ روپیہ کا فائدہ ہوا اور ایک شخص نے ۵۰۰ روپیہ تجارت مین لگائی ہے اور دوسرے نے ۸۵۰ روپئے تو بتاؤ کونسا حصہ ہر ایک کو فائدہ کا ملنا چاہئے

(۴) محیط دائرہ اپنے قطر سے ۳ ⅐ گنا ہوتا ہے ایک سنگ مرمر کی ستونکی قیمت دریافت کرو جسکا عرض ۲ فیٹ اور ارتفاع ۵ گز ہے اور قیمت سنگ مرمر کی ۱۵ ر ۶ پائی فی مکعب فیٹ ہے اور رقبہ دائرہ = ½ محیط × نصف قطر

(۵) ایک خندق کو کچہہ آدمی ۱۲ دن مین کہودتے ہین مگر دن چہہ ہی گہنٹہ کا ہوتا ہے تو بتاؤ جب دن آٹہہ گہنٹہ کا ہو تو اس خندق کو کتنے دنون مین وہ آدمی کہودین گے

(۶) ۱۰ سیر چاول فی ۴ ر ۳ پائی سیر کے اور ۱۸ سیر آٹا ۱ ر ۳ ½ پائی سیر کا اور ۲۳ سیر بہوسے ۴ ½ پائی سیر کی اور ۱۶ سیر کہلی ۷ ¾ پائی سیر کی سب کی قیمت کو ۱۴ آدمیونپر تقسیم کردیا تو بتاؤ ہر ایک کو کیا ملا

(۷) ...... ۱۰ روپئے پونڈ شلنگ پنس بتاؤ اور روپیہ برابر ۲ شلنگ ۳ ⅛ پنس کے ہے

(۸) ایک بیلن کا محیط ۶ فیٹ ۶ انچ ہے اور عرض ۲ فیٹ ۳ انچ اور وہ باغ کے اس سرے سے اوس سرے تک ۱۰ حرکتین کرتا ہے تو بتاؤ اگر یہہ بیلن باغ کے طول مین ۱۲ دفعہ پہیر دیا تو کتنی زمین پر وہ پہر جاسے گا

(۹) ۱۴۰۰ روپیہ کو موہن سوہن اور داہا مین اس طرح تقسیم کرو کہ موہن کو جتنی دفعہ پانچ روپیہ ملین اوتنی دفعہ سوہن کو چار روپیہ اور جتنی دفعہ سوہن کو ۳ روپیہ ملین اوتنی دفعہ داہا کو ۲ روپیہ

(۱۰) ایک عطار دغا باز نیبو شربت انار کی بوتلین فی بوتل ۲ روپیہ ۵ ر کو بیچتا ہے یہہ قیمت جب ٹہیک ہوتی کہ بوتل مین خالص شربت انار ہوتا لیکن وہ اوسمین ایک اور شربت ایک روپیہ ۵ ر فی بوتل کا ملاتا ہے تو بتاؤ اگر وہ ایک تہائی یہی شربت ہر شربت انار کی بوتل مین ملاتا ہو تو اوسکو اس دغابازی سے فی بوتل کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے

پنجم

(۱) ۵۰۹۷۴۴۵ کو ۲۷۴۱ پر تقسیم کرو اور بتاؤ کیا خارج قسمت نکلتا ہے اور کیا باقی رہتا ہے اور جواب کی صحت ثابت کرو

(۲) ثابت کرو کہ کسر کی قیمت نسب نما اور شمار کنندہ کو ایک ہی عدد مین ضرب دینے سے متغیر نہین ہوتی ۱۲/۴۸ اور ۲/۳ اور ۹/۴۵ کی برابر ایسی کسرین دریافت کرو کہ اونکا نسب نما یکسان ہو اور اونکا مجموعہ بتلاؤ

(۳) اگر ایک تولہ ۱۸۰ گرین کا ہو تو ایک من کے پونڈ کا ہوگا

(۴) اگر بحساب اوسط ہر شخص کی ہندوستان مین غذا ڈیڑہ پاؤ اناج کی ہر روز ہو اور آبادی اس ملک کی ۲۰ کروڑ آدمیونکی مانی جائے تو بتاؤ ایک دن کے اندر کتنے من اناج خرچ ہوگا اور اگر ایک روپیہ ۳ من اناج کی قیمت ہو تو بتاؤ کتنا روپیہ ہندوستان کے شہرونکے کہانے مین روز خرچ ہوتا ہے

(۵) ایک کسانون کی جماعت ۴ ایکڑ زمین ۳ گہنٹہ کے اندر ہل چلاتی ہی اور ایک اور جماعت ۸ ایکڑ مین ۵ گہنٹہ کے اندر تو بتاؤ ۱۱ ایکڑ مین کتنی دیر کے اندر وہ سب ملکر ہل چلاوینگے

(۶) ایک ظرف ہے اور اوسکا قاعدہ ۴۴ ۳ ۱ مربع انچ کا اور اوسکا عمق ۳ فٹ ۹ انچ ہی اول تبلاؤ پانی اوسمین کے مکعب فٹ ہے اور دوم اگر اوس پانی کو ایک دوسرے ظرف مین بہرین جسکا قاعدہ

۱۰۸۸ مربع انچ ہے تو بتاؤ اوسکا عمق کیا ہوگا

(۷) ۶ گہنٹہ ہر روز کام کرنے سے ایک شخص ایک کام ۹ ½ دنین بناتا ہی تو بتاؤ کتنی گہنٹے ہر روز وہ کام کرے کہ ۵ دنین کام تمام ہو جائے

(۸) اگر ۷ مرد یا ۱۱ عورتین ایک کام کو ۱۰ دنین بناتے ہون تو بتاؤ ۱۱ مرد اور ۶ عورتین ملکر اوس کام کو کتنے دنون مین بنائین گے

(۹) ایک کمرہ ۲۰ فیٹ ۶ انچ لنبا اور ۱۵ فیٹ ۶ انچ چوڑا اور ۱۶ فٹ بلند ہے اور اوسکے ۲ دو دروازے ہین ہر ایک دروازہ ۸ فیٹ بلند اور ۳ فیٹ ۹ انچ چوڑا ہے اور تین کہڑکیان مین ایک ۵ فٹ سے ۷ فٹ طول اور عرض مین ہے اور باقی مین سے ہر ایک ۵ فٹ سے ۴ فیٹ ہے تو بتاؤ اوسپر پنڈول ۱ پائی فی گز کے حساب سے کتنے مین پہرے گی

(۱۰) ایک دوالیہ کو ۶۴۴ روپیہ ۸ ر ۶ پائی موہن کے دینے تھے اور ۸۰۵ روپیہ ۱۲ ر سوہن کے اور ۳۶۶ روپیے ۱۰ ر ۸ پائی رادہا کے اور کل مال اوس پاس ۱۳۹ روپیہ ۵ ر ۱½ پائی کا ہے تو بتاؤ روپیہ مین سے موہن سوہن رادہا کو کیا ملے گا اور کل روپیہ ہر ایک پیچھے کیا آئیگا

ششم

(۱) ۱۰ روپیہ ۱۵ ر ۶ ¾ پائی کو ۴۸۶۷ مین ضرب دو اور حساب روزمرہ سی دریافت کرو کہ ۴۸۶۷ جنس کی قیمت ۱۰ روپیہ ۱۵ ر ۶ ¾ پائی کے حساب سے کیا ہوئی

(۲) ۶۷۷ روپیہ ۱۴ ر کا مال ایک دوالیہ کے پاس ہے اور وہ ۱۱ ر ایک روپیہ مین اس کا ادا کر سکتا ہے تو بتاؤ وہ کتنے روپیہ کا قرضدار ہے

(۳) ایک کپڑے کا ٹکڑا جب ۲ ½ انچ کم گز سے ناپا گیا تو ۱۰ ½ گز نکلا تو بتاؤ اصل مین وہ کتنے گز ہے

(۴) ایک انگریز انگلستان کا ۲۰۴ پونڈ کا قرضدار ہی تو بتاؤ کتنے روپیہ یہانسے بہیجے اور اگر کوئی ہندوستانی ہندوستان کا ۶۲۰ روپیہ کا قرضدار ہو تو وہان سی کتنی پونڈ یہان بہیجے

(۵) ایک شخص نے خوان میوہ کی تقسیم کئی ہر خوان مین ۹ چہٹانک بادام اور پاؤ سیر پستہ تہا اور بادام ۱۰ر سیر کے اور پستہ ۱۱ر سیر کے تہے تو ہر خوان کی کیا قیمت تہی

(۶) ۵ من ۳ سیر ۱۴½ چہٹانک چاول ۶ روپیہ من کے حساب سے خریدے اگر کل قیمت سی ۷ روپیہ ۱۴ آنہ ۵ پائی نفع لیکر بیچین تو فی سیر کیا قیمت ہوگی

(۷) ایک بنیئے نے ۱۰ من ۲۱ سیر ۳ چہٹانک شکر ۳۰ روپیہ کو خریدی اور ۱۲ر ۶ پائی تلوائی وغیرہ کا خرچ پڑا تو بتاؤ کیا فی سیر بیچے کہ ۱۵ روپیہ ۶ر ۳ پائی فائدہ حاصل ہو

(۸) ضرب چلیپا اور ضرب اثنا عشری مین فرق تبلاؤ کیا ہے

اور ایک کمرہ ۲۰ فیٹ لنبا اور ۱۶½ فیٹ چوڑا اور ۱۲ فیٹ بلند ہے اوسمین اگر کاغذ ۲ گز ¾ گز ہو اوسکی قیمت ۴ر ۶ پائی ہو تو کتنی روپیہ کا ایسا کاغذ لگے گا

(۹) بلی پر ایک کیڑا رات کو ۲ فٹ ۷ انچ ۱۲ گہنٹہ مین چڑہتا ہی اور دنکو ۱۲ گہنٹہ مین ۱۶ انچ اوترتا ہے تو بتاؤ ۵۳ فٹ بلند بلی پر وہ کتنے گہنٹون مین چڑہے گا

(۱۰) ایک سوداگر کا فائدہ بحساب اوسط ۶۷ روپیہ ۱۴ر ۵ پائی فی ہفتہ ہے اور ۳ خدمتگار دنمین سے ہر یک کو ۲ روپیے ۱۰ر فی ہفتہ اور ۱۱ دوکاندارون مین سے ہر ایک کو ایک روپیہ ۵ر فی ہفتہ اور ۹ نائیسون سے ہر ایک کو ایک روپیہ ۱ر ۶ پائی فی ہفتہ دیتا ہی اور ۴۰۹ روپیہ ۲ر کرایہ وغیرہ کے اخراجات مین صرف ہوتے ہین تو بتاؤ اوسکا تعداد سالیانہ نفع کیا ہے

ہفتم

(۱) کسر سے کیا مراد ہے ⅔ من ¾ من ۱۳ آنے کی قیمت دریافت کرو اور جو کچہہ حاصل ہو اوسکو ۷۴۳ ۲ روپیہ ۸ر کی اعشاریہ مین بیان کرو

(۲) ۹ روپیے ۱۰ر ۳¾ پائی کو کس عدد مین ضرب دین کہ ۱۰۹ روپیہ ۴ر ۴ پائی حاصل ہون اور ۳۴ روپیے ۵ر کو ایسے تین حصون مین تقسیم کرو کہ ایک اون تین سی دو چند اور دوسرا چو چند تیسرے سے ہو

(۳) ایک برس مین ۳۶۵٫۲۴۲۲۶۴ دن ہون اور ملکی سال ۳۶۵ ۱/۴ دن کا ہوتا ہے تو بتاؤ ان دونون سالون مین ایک دن کا تفاوت کتنے برسون مین ہوگا

(۴) اگر ۱۵ آدمی ۷ دنمین ۳۰۰ بیگہ زمین مین ہل چلاتے ہون تو بتاؤ ۲۷ آدمی ۱۴۷ بیگہ مین کتنے دنون کے اندر ہل چلاینگے

(۵) اگر ۲۰ آدمی ایک کام کو ۱۲ دنمین بناتے ہین تو اوس سے چہہ گنی کام کو اوسیوقت کے دسوین حصہ مین کتنے آدمی بنائین گے

(۶) ایک جہاز کی قیمت ۱۵۴۶ روپیے ۷ ر ۹ پائی ہے اور اوسکے ۳/۴ کے ۴/۵ کے ۱/۳ حصہ کا مین مالک ہون اور ۱/۲ حصہ جہاز کا بیچا ہوا تو بتاؤ کونسا حصہ اوسکا مین اپنے پاس رکہتا ہوا اور کیا قیمت اوسکی ہو گی

(۷) ایک دوالیہ کو ۹۰۰ روپیہ تین قرضدارونکو دینے ہین اور اوسکا کل مال ۶۷۵ روپیہ کا ہے اور دو قرضدار اوس سے ۱۲۵ روپیہ اور ۳۷۵ روپیہ طلب کرتے ہین تو بتاؤ تیسرا قرضدار اپنے قرض کی بابت کسقدر روپیہ پائیگا

(۸) ثابت کرو کہ جس ظرف کا طول ۱۳ فٹ ۴ انچ اور عرض ۸ فٹ اور عمق ۵ فٹ ۳ انچ ہے اوسمین دوچند پانی اوس ظرف سے آتا ہے جسکا طول ۷ فٹ اور عرض ۶ فٹ ۸ انچ اور عمق ۶ فٹ ہو

(۹) ایک کارخانہ ہے اوسمین کچہہ کاریگرون مین سی ۲۰ ر فی ہفتہ پاتے ہین اور اوس سے دوچند کاریگرون مین سے ہر ایک ۱۳ ر ۶ پائی فی ہفتہ اور اوس سے گیارہ گنی کاریگرونمین سے ہر ایک ۱۴ ر فی ہفتہ پاتا ہے اور کل مزدوری ایک ہفتہ کی ۱۲۱ روپیہ ۳ ر ہے تو بتاؤ کتنے کاریگر اوس کارخانہ مین ہین

(۱۰) ۴۰۵ پونڈ ۶ شلنگ ۸ پنس کو فرنک اور سینٹائمز مین تحویل کرو اور ۲۵ ۱/۴ فرنک برابر ایک پونڈ کے ہوتا ہے اور ۱۰۰ سینٹائمز برابر ایک فرنک کے

بستم

(۱) ۳۰ روپیہ ۵ ر فی تولہ کے حساب سے ۳۱ تولہ ۹ ماشہ ۳ رتی کے کیا دام ہوئے

(۲) اگر فلورن کو نقد نکا پیمانہ واحد بنائین تو ۱ پونڈ ۱۱ شلنگ ۶ ½ پنس کس سے تعبیر ہونگے

(۳) حیدرآباد کا ٹوپا ۷۷،۵۰۳ تولہ کی برابر ہوتا ہے تو بتاؤ سیر کے کتنے ٹوپے ہوتے ہین

(۴) ایک قرضخواہ کے ۳۰۷۰ روپیہ ایک دوالیہ پر لینے تہے اوسنی ایکدفعہ ۱۲ر۴ پائی فی روپیہ وصول پائی اور جتنی روپیہ لینے رہے تہے اونمین سی بہی ۳ر۹ پائی فی روپیہ وصول پائے تو بتاؤ اوسی کل روپیہ کیا وصول ہوا

(۵) ۱۲ فٹ ۴ ½ انچ کونسی کسر عام اور کونسی اعشاریہ ایک میل کی ہے

(۶) اگر ۲۹۰۴ نسخے ایک کتاب کے چہپین اور ہر نسخے مین ۳ تختہ ہون اور ہر تختہ ۳ ½ فیٹ لنبا اور ۲ فیٹ چوڑا ہو تو بتاؤ اگر ان سب کتابون کے ورقون کو پہیلائین تو وہ کے ایکڑ مین پہیلینگے

(۷) ایک آدمی کی آمدنی ۲۰۰ روپیہ مہینہ کی ہے اور ۶ پائی فی روپیہ انکم ٹکس کا مقرر ہوا ہے تو بتاؤ وہ اپنا خرچ سالانہ کیا کم کرے کہ اوسکو انکم ٹیکس کا عوض اوس بچت سی ہو جائے

(۸) اَ جتنا کام ۵ گہنٹہ مین کرتا ہے اوتنا ب ۷ گہنٹہ مین کرتا ہے اور س ۹ گہنٹہ مین تو بتاؤ س اوس کو کتنے دنو مین کریگا جسکا آدہا اَ نے ۱۲ گہنٹہ اور ب نے ۲۴ گہنٹہ کام کرکے بنایا ہے

(۹) وغیرہ ۳۴۳ روپیہ مین کتنے آنے پائی ہین

(۱۰) ایک کارخانہ کی کل آمدنی ۳۷۵۰ روپیہ اور خرچ ۹۶۵ روپیہ ۱۰ ر ۲ پائی ہفتہ وار ہے اور باقی جو بچتا ہے اوسکا ایک دسوان حصہ ٹوٹ پہوٹ کے لئے رکہا جاتا ہے، اور ۱۷۷۰۳ روپیہ ۱ ر ۸ پائی سرکار مین ادا کیا جاتا ہے تو اوسمین سالیانہ کیا بچتا ہے

اور ایک برس = ۵۲ ہفتہ

نہم

(١) تقسیم طولانی کا قاعدہ بیان کرو

تحویل کرو $\frac{٩٢٧٥}{٣٤١٧١} + \frac{١٥٢٢٨٤٢}{١٩٠١}$ کی صحیح عدد کیطرف

(٢) بتاؤ کسطرح کسر واجب کی کسر اعشاریہ مین تحویل ہوتی ہے

$\frac{٣}{٥}$ اور $\frac{٧٥}{١٨٧٥}$ اعشاریہ مین تحویل کرو

(٣) کونسی قسم کی کسور عام کسور اعشاریہ محدود مین تحویل ہو سکتی ہین اور مقدار

$\frac{١}{٣} - \frac{١}{٦} - \frac{١}{٢٤}$ کسر اعشاریہ محدود مین تعبیر ہو سکتی ہے؟

بتاؤ $\frac{\frac{١}{٤} + \frac{١}{٣}}{\frac{١}{٢} + \frac{١}{٣}}$ روپئے کے عوض مین کتنے آنے دینی چاہیئے

(٤) اگر ایک مدت کی دو تہائی اوسکی نصف سی بقدر ٣١ $\frac{١}{٣}$ دن کے زیادہ ہو تو بتاؤ اوس میعاد مین کتنے دن ہین

(٥) ١٩ پونڈ ١٦ شلنگ ٦ $\frac{١}{٢}$ پنس کی عوض مین عشری سکے پونڈ فلورن وغیرہ کتنی حاصل ہو سکتے ہین اور اس مبادلہ مین نقصان کیا ہو گا

(٦) ایک کہیت کا رقبہ ١٧ ایکڑ ١ روڈ ٥ پول اور اوسکا طول ٣٥٤ گز ٢ فٹ ١٣ انچ ہے تو عرض بتاؤ

(٧) سالن مین سیر بہر گوشت پیچہے پاؤ سیر گہی پڑتا ہے اور ٢ $\frac{١}{٢}$ تولہ مرچین ٣ تولہ دہنیا اور آدہ پاؤ دہی اور گوشت ٢ سیر اور گہی روپیہ کا ڈیڑہ سیر اور مرچین روپیہ کی ٤ سیر اور دہنیا روپیہ کا اٹھ سیر اور دہی ڈیڑ آنہ سیر آتا ہے تو بتاؤ ان سبکی قیمت کیا ہے

(٨) کوچین کی مرغی ڈیڑہی سیر دانہ کہاتی ہے اور ایک درجن انڈے دیتی ہے اور انگریزی مرغی ڈیڑہ پاؤ سیر دانہ کہاتی ہے اور پانچ انڈے دیتی ہے لیکن انگریزی مرغی کا انڈا چین کی مرغی کے انڈے سے ڈیوڑہا ہوتا ہے تو بتاؤ کونسی مرغیون کے پالنے مین کفایت شعاری ہے

(۹) اگر ۲۷ آدمی ایک خندق ۲۰ گز لنبی اور ۱ فٹ ۶ انچ چوڑی اور ۴ فیٹ گہری ۳ دن مین ۱۰ گھنٹہ روز کام کرنے سے کھودتے ہون تو ۳۰ گز لنبی ۲ فیٹ ۳ انچ چوڑی ۵ فیٹ گہری ۵ دن مین ۹ گھنٹہ ہر روز کام کرنیسے کتنے آدمی کھودین گے

(۱۰) ایک جماعت مین ۴۲۰ مرد اور کچھہ لڑکے تھے اور مرد کی تنخواہ تین روپیہ مہینہ تھی اور کل جماعت کا ۱۵۰۰ روپیہ مہینہ تھا تو تعداد لڑکونکی اوس صورت مین کہ ہر ایک لڑکے کی تنخواہ ڈیڑہ روپیہ ہو دریافت کرو

دہم

(۱) قاعدہ کسور عشاریہ کی جمع کا بیان کرو اور $3\frac{2}{5}$ اور ۱.۰۶ کو جمع کرو اور .۰۰۳ کو .۰۲ مین سے تفریق کرو اور ۲.۶۷ کو .۰۰۶ پر تقسیم کرو

(۲) $\frac{1}{2}$ کے $\frac{5}{6}$ کو $\frac{2}{3}$ کے $\frac{2}{11}$ مین سے تفریق کرو اور حاصل کو $\frac{3}{4}$ کے $\frac{5}{8}$ مین ضرب دو

(۳) اگر ایک پونڈ سٹرلنگ = ۱۰ فلورن = ۱۰۰ سینٹ = ۱۰۰۰ ملس تو ثابت کرو کہ ۲۵ پونڈ ۱۰ شلنگ ۷ $\frac{1}{2}$ پنس = ۲۵۵ فلورن ۳ سینٹ ۱ $\frac{1}{8}$ ملس کے

(۴) اگر ۶ آدمی ۹ روپیہ ۲ر ۳ پائی ۷ $\frac{1}{2}$ دنمین کماتی ہون تو ۱۰ آدمی ۱۱ $\frac{3}{4}$ دن مین کیا کمائین گے

(۵) ۹۰ روپیہ کا کپڑا ایک شخص نے ۲ر ۲ پائی کے حساب سے خریدا تو بتاؤ کتنا کپڑا اوسنے خریدا

(۶) دس چراغ ایک کمرے مین روشن کرنے منظور ہین اور ہر چراغ کے اندر ۴ مکعب انچ گیس ایک سکنڈ مین جلتا ہے اور قیمت گیس کی ۳ روپیہ ہزار مکعب فیٹ ہے تو بتاؤ اوس مکانکی روشنی مین ہر گھنٹے کے اندر کیا صرف ہوتا ہے

(۷) ۷ من ۵ سیر ۳ چھٹانک کی قیمت ۷ر ۶ پائی فی من کے حساب سے کیا ہے

(۸) ایک دیوار ۱۵ فیٹ ۸ انچ لنبی اور ۱۱ فٹ ۳ انچ بلند ہے تو اوسکی اوپر پون گز عرض کا کاغذ کتنا لگے گا

(۹) ایک مجسم متوازی السطوح کی تعریف بیان کرو
ایک ٹکڑا لکڑیکا مجسم متوازی السطوح کی صورت کا ہے اور اوسکے کنارے ۱۸ ۱/۲ فیٹ ۵ ۱/۴ فٹ اور ۳ فیٹ ہین اور ایک مکعب لکڑی ۱۱ انچ لنبی ۳ ر ۶ پائی کو آتی ہے تو اس حساب سے اوسکی قیمت کیا ہوگی
(۱۰) اگر ۳۶ آدمی ۸ گھنٹہ روز کام کرنے سے ۱۶ دنمین ایک خندق ۴۰ گز لنبی اور ۸ گز چوڑی اور ۱۲ گز گہری کھودتے ہون تو بتاؤ ۳۲ آدمی ۱۲ گھنٹہ روز کام کرنے سے ایک خندق ۶۴ گز لنبی اور ۲۷ گز چوڑی ۱۸ گز گہری کتنے دنوان مین بنائین گے

یازدہم

(۱) ۳۳ ۱/۱۶ کو اعشاریہ مین بیان کرو اور اوسکی قیمت دریافت کرو جب ایکائی ۳۰۰ روپیہ ہو
(۲) ایک گانون مین ۲۴۵۶ بیگہ زمین ہے اور اوسکی جمعبندی ۳۰۷۰ روپیہ ہے اور ۲ پائی فی روپیہ کے حساب سے چندہ ہوا تو بتاؤ بحساب اوسط فی بیگہ کیا اسمین چندہ پڑا
(۳) ۲ ۱/۲ سیر شلغم ۶ پائی کے آتے ہین تو بتاؤ ۲ من ۱۶ سیر ۵ اچھٹانک کی کیا قیمت ہوگی
(۴) اگر ایک من کجنس کی قیمت ۷ روپیہ ہو تو بتاؤ اوسے کس بہاؤ سے فی سیر بیچین کہ دسوان حصہ قیمت کا فائدہ ہو
(۵) ۶۴۰۱۱۵۵۳۵۵.... رسیل قیمت کا حساب انجون مین انکی کسرتک کرو اور جو عمل کرو اوسے بیان کرو
(۶) انگلستان مین جو سکے زیادہ تر رائج ہین اونکی قیمت ہندوستانی سکونکی اعشاریہ مین بیان کرو
(۷) امریکہ کا ڈولر انگلستان کے ۴ شلنگ ۳ ۳/۵ پنس کی برابر اور فرانس کے ۴۲ ر ۵ فرنک کے مساوی ہوتا ہے تو بتاؤ ایک پونڈ کی کتنی فرنک ہوتے ہین اور جب اوس سکہ کا پیمانہ ۱/۲۴۰ پنس ہو تو ایک ڈولر و فرنک مین کتنی کتنی تمامی پیمانے شامل ہونگے
(۸) آ اور ب ایک کام کو ۶ دنمین بناتے ہین اور ب اور س ۷ دنمین اور ا اور س اوسی کام کو ۴ دنمین تو بتاؤ آ اور س ملکر اوس کام کو کتنے دنونمین بنائینگے
(۹) ایک کاغذ کا تختہ ۵ ۱/۴ فیٹ لنبا اور ۲ ۱/۴ فیٹ چوڑا ایک ایک انچ کے برجون مین

کیا جائے تو بتاؤ کتنے تختون کے برجے زمین کے کل محیط پر پہیلینگے اور محیط ۲۵ ہزار میل کا ہے
(۱۰) ایک تہیلی مین کچہہ سورن تہی اور اوس سے چند شلنگ اور جو چند پنس اور کل جمع تہیلی مین ۸۰۰ پونڈ تہی تو بتاؤ اوسمین کتنے سورن اور شلنگ اور پنس تہے

اربعہ متناسبہ

(۱۴۲) اعداد کا باہم مقابلہ کرنا یا اونکے باہمی ربط کو جو بلحاظ قدر کے ہو جانچنا دو طرح سے ہوتا ہے - اول مقادیر کی باہمی کمی اور بیشی کا خیال کرنا - دوم ایک مقدار کا دیکہنا کہ وہ دوسری مقدار کا کونسا اضعاف یا کونسی اجزار یا کونسا جز ہے یعنے ایک عدد مین دوسرا عدد کے دفعہ شامل ہے مثلاً ۱۲ کو ۳ سے مقابلہ کرتا ہو تو پہلا طریقہ یہہ ہے کہ ۱۲ مین سے ۳ تفریق کئے تو ۹ باقی رہے پس یہان بہی مقابلہ ان دونون عددون کا ہوا کہ اونمین ایک عدد دوسرے عدد سے بقدر ۹ کے بڑا ہے اور بموجب طریقہ دوم کے ۱۲ اور ۳ کے مقابلہ مین یہہ معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲ مین ۳ چار دفعہ شامل ہے اسلئے $\frac{12}{3}$ یعنی ۱۲ چوچند ۳ سے ہے اب بہر ۷ اور ۱۳ کا مقابلہ کرین تو بموجب طریقہ اول کے ۷ اور ۱۳ کا بہی مقابلہ ہو کہ ۱۳ کا عدد ۷ کے عدد سے بقدر ۶ کے زیادہ ہے مگر موافق طریقہ دوم کے جیسا ایک ۱۳ کا تیرہوان حصہ ہے اسیطرح ۷ تیرہ کا سات تیرہوان حصہ یعنے $\frac{7}{13}$ ہے یعنے $\frac{7}{13}$ وان تیرہ کا ہے

(۱۴۳) ایک عدد کو جو ربط دوسرے عدد سے بلحاظ قدر کے ہوتا ہے اوسے نسبت کہتے ہین جب مقابلہ اعداد مین موافق طریقہ اول کے کیا جاوے یعنی اونمین فرق دیکہا جاوے تو اوس مقابلہ سے جو نسبت حاصل ہوتی ہے اوسکو نسبت حسابیہ کہتے ہین اور جب مقابلہ اعداد مین موافق طریقہ دوم کے کیا جائے یعنے یہہ جانچا جائے کہ ایک عدد دوسرے عدد کا کونسا اضعاف ہے یا کونسا جز ہے یا کونسے اجزا ہین یعنی یہہ مقابلہ اونکا اوس کسر سے معلوم ہوتا ہے جو پہلے اور دوسرے عدد کی نسبت کو تعبیر کرتی ہے تو اسی نسبت ہندسیہ

کہتے ہین مثلاً نسبت حسابیہ ۱۲ اور ۳ کی ۹ ہے اور نسبت ہندسیہ ۱۲ اور ۳ کی ۱۲/۳ ہے
یعنے ۴ ہے اور علی ہذا القیاس ۷ اور ۱۳ کی نسبت حسابیہ ۶ ہی اور ۷/۱۳ نسبت ہندسیہ ہے

(۱۴۴) جہان ایک عدد کا ربط دوسرے عدد سے بلحاظ قدر کے دیکھنا ہوتا ہے وہان دوسرا طریقہ برتا جاتا ہے اور اس ربط کا تخمینہ نسبت سے ہوتا ہے یہہ طریقہ کثیر الوقوع ہے اسلیئے اوسیکو آئندہ اختیار کرتے ہین اور موافق اوسکے نسبت باہمی اوس ربط کی لیتی ہین جو ایک عدد دوسرے عدد کے ساتہہ بلحاظ کمیت رکہتا ہے

اس ربط کے دریافت کرنے کے لئے اعداد کا مقابلہ اسطرح کیا کرتے ہین کہ ایک عدد کو دیکہتے ہین کہ وہ دوسرے عدد کا کونسا اضعاف یا کونسا جز ہے یا کونسے اجزا ہین یعنے ایک عدد دوسرے عدد مین کے اور کتنی دفعہ شامل ہے

(۱۴۵) یہہ بات ظاہر ہے کہ جب دو عددونمین ایک عدد کو شمار کنندہ اور دوسرے کو نسب نما بناوگے تو اس کسر سے صاف ظاہر ہوگا کہ پہلا عدد دوسرے عدد کا کونسا اضعاف ہے یا کونسا جز یا دونون اضعاف اور جز ہین یعنی ایک عدد دوسرے عدد مین کے اور کتنی دفعہ شامل ہے
مثلاً اعداد ۱۲ اور ۳ ہین تو کسر ۱۲/۳ جو عدد صحیح ۴ کی برابر ہے یہہ بتلاتی ہے کہ ۱۲ کونسا اضعاف ۳ کا ہے یعنے ۳ کتنی دفعہ شامل ہے اب پہر اعداد ۷ اور ۱۳ لین تو کسر ۷/۱۳ سے یہہ معلوم ہوگا کہ کونسا جز یا اجزا ۱۳ کے لیئے ہین

اسواسطے کہ جیسا ایک تیرہوان حصہ ۱۳ کا ہے ویسا ہی ۷ ہی سات تیرہوان حصہ ۱۳ کا ہے یعنے ۷/۱۳ وان ۱۳ کا ہے ایک بات مین سات دفعہ جیسا شامل ہے ایسا ہی ۱۳ ۷ مین ۷/۱۳ دفعہ شامل ہے پس اس بیان سے یہہ نتیجہ نکلتا ہے کہ نسبت ایک عدد کی دوسرے عدد کے ساتہہ اسطرح تخمینہ ہوتی ہے کہ پہلے عدد کو شمار کنندہ اور دوسرے کو نسب نما بناکر ایک کسر بنائین پس اس کسر سے وہ نسبت معلوم ہوجائے گی

(۱۴۶) دو عددونکی باہم نسبت تبلانے مین اکثر اونکے بیچ مین دو نقطے لکہدیتے ہین جیسے کہ

۷ اور ۱۳ کی نسبت اسطرح بتلاتے ہیں کہ ۷ : ۱۳ اور چونکہ ہم بیان کر آئے ہین کہ نسبت ایک عدد کی دوسرے عدد کے ساتھہ اوس کسر سے تعبیر ہوتی ہے جسکا شمار کنندہ پہلا عدد ہو اور نسب نما دوسرا عدد تو ۷ : ۱۳ = $\frac{7}{13}$ جن دو عددون سے نسبت بنتی ہے اونکو ارقام نسبت کہتے ہین اور اول عدد جسکا مقابلہ کیا جائے اوسکو پہلی رقم یا مقدم نسبت کہتے ہین اور دوسرے عدد کو جسکے ساتھہ مقابلہ کیا جائے دوسری رقم یا تالی نسبت کہتے ہین

(۱۴۷) اگر دو عدد مقرون آپسمین مقابلہ کئے جائین تو وہ یکجنس کی ہونی چاہیے مثلاً ۷ دن کا مقابلہ ۱۳ میل سے بلحاظ قدر کے نہین ہو سکتا لیکن ہم ۷ دن کا ۱۳ دن سے بلحاظ قدر کے مقابلہ کر سکتے ہین اور یہہ بات ظاہر ہے کہ ۷ دنکو ۱۳ دن سے وہ تعلق اور ربط ہے جو اعداد مجرد ۷ اور ۱۳ کو باہم ہے اور اسیلئے وہ ربط کسر $\frac{7}{13}$ سے تعبیر ہو سکتا ہے لیکن اگر اعداد مقرون ہمجنس ہون مگر ایک درجہ کے نہون تو اون سب کو ایک درجہ کیطرف تحویل کرنے سے باسانی نسبت اونمین دریافت ہو جائے گی مثلاً اعداد معلوم مین سے ایک عدد تو ۷ دن ہو اور دوسرا عدد ۱۳ گھنٹہ ہو تو اول عدد کی نسبت دوسرے عدد سے یہہ نہین ہوگی جو ۷ کو ہے ۱۳ سے بلکہ وہ نسبت ہی جو ۷ دنکے گھنٹون کو ہے ۱۳ گھنٹہ سے یعنے ۱۶۸ گھنٹہ کو ہی ۱۳ گھنٹہ سے اور ۱۶۸ گھنٹہ کو ۱۳ گھنٹہ سے وہی نسبت ہی جو اعداد مجرد ۱۶۸ اور ۱۳ کو باہم ہی اسواسطے وہ نسبت $\frac{7}{13}$ سے نہین تعبیر ہوگی بلکہ $\frac{168}{13}$ سے اب ہم دیکھتے ہین کہ ۷ دن : ۱۳ گھنٹہ سی وہی نسبت ہی جو ۱۶۸ : ۱۳ اور ہر ایک اونمین سے = $\frac{168}{13}$ اس سی معلوم ہوا کہ جب ہمکو اعداد مقرون مین نسبت دریافت کرنی ہو تو اول اونکو ایک درجہ کیطرف تحویل کرنا چاہیے اور جو تحویل سے اعداد حاصل ہون اونکو اعداد مجرد خیال کرکے نسبت بنانی چاہیے

(۱۴۸) جب دو نسبتین برابر ہون تو اونکو تناسب اور جنمین وہ ہون اونکو متناسب کہتے ہین پس جب نسبت اول عدد کی دوسرے عدد کے ساتھہ ایسی ہو جیسے کہ نسبت تیسرے عدد کی ہی چوتھے عدد کے ساتھہ تو ہم کہا کرتے ہین کہ ان اعداد مین تناسب ہے اور اعداد کو متناسب کہتے ہین مثلاً نسبت

۸ اور ۹ کی برابر ۲۴ اور ۲۷ کی نسبت کی ہی اسواسطے کہ پہلی نسبت ۸/۹ ہی اور دوسری نسبت ۲۴/۲۷ ہے جو برابر ۸/۹ کے ہے اب چونکہ نسبتیں برابر ہوئیں اسلیئے اعداد ۸ و ۹ و ۲۴ و ۲۷ مین تناسب ثابت ہوا اسلیئے ان اعداد کو متناسب کہینگے

(۱۴۹) جب چار اعداد مین تناسب ہوتا ہی یعنی جب نسبت اول اور دوم کی برابر ہوتی ہے تیسرے اور چوتھی کی نسبت کی تو اس تناسب یعنے نسبتونکی مساوات کو ایک سطر مین اسطرح لکھا کرتے ہین کہ اول نسبتونکو موافق دفعہ (۱۴۶) کے ایک سطر مین لکھین اور پھر اونکے بیچ مین :: چار نقطے لگاوین مثلاً اعداد ۳ و ۴ و ۹ و ۱۲ کا تناسب اسطرح تعبیر ہوگا کہ

۳ : ۴ :: ۹ : ۱۲

اور اوسکو اکثر اسطرح پڑہا کرتے ہین کہ ۳ کو ۴ سے وہ نسبت ہے جو ۹ کو نسبت ہی ۱۲ سے اور جو کچھ بیان ہوا ہے اوس سے ظاہر ہوتا ہے کہ صورت بالا یعنے ۳ : ۴ :: ۹ : ۱۲ اس سے درحقیقت مراد یہہ ہے کہ ۳/۴ = ۹/۱۲

(۱۵۰) تناسب بنانے کے واسطے چار اعداد کی ضرورت پڑتی ہے لیکن یہہ ہوسکتا ہے کہ دوسرا اور تیسرا عدد ایک ہی ہو اسلیئے ہم یہہ کہہ سکتے ہین کہ تناسب تین عدد سی بھی ہوسکتا ہی مثلاً ۴ : ۶ :: ۶ : ۹ لیکن اس صورت مین بھی مناسب اور بہتر معلوم ہوتا ہے کہ دوسرے تیسرے عدد کو اعداد جداگانہ خیال کرین اور تناسب کو یہی سمجھین کہ وہ چار اعداد سے مرکب ہے جنمین بیشک دو برابر ہین

جن اعداد سے کہ تناسب پیدا ہوتا ہے اونکو ارقام تناسب کہتے ہین

تناسب ۳ : ۴ :: ۹ : ۱۲ مین تناسب کی ۳ اول رقم اور ۴ دوسری رقم اور ۹ تیسری رقم اور ۱۲ چوتھی رقم ہے

(۱۵۱) یہہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ تناسب دو نسبتونکی مساوات کا نام ہی اور یہہ بھی ہم نے بخوبی بیان کردیا ہے کہ جو اعداد نسبت پیدا کرتے ہین اونکا متجانس ہونا ہی ضرور ہے

خواہ اعداد مجرد ہوں خواہ اعداد مقرون

اگر کسی تناسب میں ایک نسبت دو اعداد مجرد سے بنے تو دوسری نسبت اعداد مقرون سے پیدا ہو سکتی ہے اسواسطے کہ دفعہ ۱۴۷ میں ہم بیان کر آئے ہیں کہ اگر ایک نسبت میں اعداد مقرون ہوں تو اون دونوں کو ایک ہی درجہ میں ایک جنس کیطرف تحویل کریں جو اعداد حاصل ہوں اونکو اعداد مجرد خیال کریں کیونکہ یہہ اعداد مجرد وہی ہوتے ہیں جو اون اعداد مقرون سے پیدا ہوئے ہیں اور اسی دلیل سے تناسب کی دو نسبتوں میں سے ایک نسبت ایک جنس کے دو اعداد مقرون سے پیدا ہو سکتی ہے اور دوسرے نسبت کسی اور جنس کی اعداد مقرون سی پیدا ہوتے ہیں اسواسطے کہ ۷ دن : ۱۳ دن :: ۷ میل : ۱۳ میل میں ہر ایک نسبت درحقیقت نسبت ۷ اور ۱۳ کی ہے

دفعہ ۱۴۷ سے خوب واضح ہوتا ہے کہ دو اعداد مقرون کی نسبت دو اعداد مجرد کی نسبت سے تعبیر ہو سکتی ہے اگر ایک تناسب کے دو نسبتیں اعداد مقرون سے پیدا ہوں تو اونکی جگہ اعداد مجرد رکھہ سکتے اور اسطرح سے ہر رقم تناسب کی عدد مجرد ہو جائے گی اور ضرب تقسیم کا عمل ہوگا گو دفعہ ۲۶ کا مضمون بہی خیال میں ہو

(۱۵۲) یہہ بات بہت جلد معلوم ہو جاتی ہے کہ اگر چار اعداد متناسب کے ترتیب نسبت کو معکوس کرلو تو بہی وہ اعداد متناسبہ ہی رہینگے مثلاً ۸ و ۹ و ۲۴ و ۲۷ متناسب اوس ترتیب میں جسطرح وہ لکہی ہوئی ہیں اب اگر انکی ترتیب کو معکوس کرلیں تو ۲۷ و ۲۴ و ۹ و ۸ بہی اپنے میں متناسب ہونگے اسواسطے کہ

$$\frac{9}{8} = \frac{27}{24}$$

$$1 \div \frac{9}{8} = 1 \div \frac{27}{24}$$

$$\text{یعنی } 1 \times \frac{8}{9} = 1 \times \frac{24}{27}$$

$$\text{یعنی } \frac{8}{9} = \frac{24}{27}$$

$$\therefore \frac{27}{24} = \frac{9}{8}$$

یعنے ۲۷ : ۲۴ :: ۹ : ۸

یہہ دفعہ ۶۶ سے بہی ظاہر ہے کہ $\frac{27}{24} = \frac{9}{8}$

(۱۵۳) اگر تناسب مین تین اعداد معلوم ہون تو اونکی وساطت سے چوتہا عدد دریافت ہوسکتا ہے اور جس ترکیب یا قاعدہ سے چوتہا عدد دریافت ہوتا ہے وہ علم حساب مین ایک بڑی چیز ہے ہم اوپر لکہہ آئے ہین کہ اعداد ۸ و ۹ و ۲۴ و ۲۷ مین تناسب ہے اب اگر ان اعداد مین سے اول تین عدد معلوم ہون تو اونکی وساطت سے چوتہا عدد دریافت ہوسکتا ہے پس جو قاعدہ یا ترکیب اس چوتہی عدد کے دریافت کرنیکی ہوگی وہ یہہ ہوگی کہ اوس عدد کو دریافت کرین جس سے ۲۴ کو وہ نسبت ہو جو ۸ کو نسبت ۹ سے ہے اور بموجب دفعہ آخر کے اسکے یہی معنی ہین کہ ایک ایسا عدد دریافت کرو کہ اوسکو ۲۴ سے وہ نسبت ہو جو ۹ کو ہے ۸ سے اور یہہ عدد بیشک ۲۷ کا ہوگا پس یہی قاعدہ ہے جسکو اربعۂ متناسبہ کہتے ہین اور اوسے انسان کے روزمرہ کے کامون اور بنج بیوپار لین دین سود منافع بیچ بجاؤ مین کام پڑتا ہے غرض جتنے معاملے حساب کے ایسے ہین کہ اونمین اعداد سے حساب لگانا پڑتا ہے وہ سب کے سب اسی قاعدے کے تابع ہوسکتے ہین اسی سبب سے یہہ قاعدہ انسان کے بڑے کام کا اور بہت فائدے اوس سے حاصل ہوتی ہین اور اس سود مندی کی جہت سے اوسکا نام قاعدہ زرین رکہا گیا ہے

(۱۵۴) پس اربعۂ متناسبہ وہ ترکیب ہے کہ جس سے تین عدد ونکے معلوم ہونے سے چوتہا عدد ایسا دریافت ہوجاتا ہے کہ جسکو تیسرے عدد سے وہ نسبت ہوتی ہے جو دوسرے عدد کو پہلے عدد سے نسبت ہوتی ہے یعنے ایسا ہی اضعاف یا جز یا اجزا تیسرے عدد کا وہ عدد ہوتا ہے جیسا کہ اضعاف یا جز یا اجزا دوسرا عدد پہلے عدد کا ہے یعنے اربعۂ متناسبہ وہ قاعدہ ہے کہ جس سے چار اعداد متناسب مین سے تین کے معلوم ہونے سے چوتہا عدد دریافت ہوجاتا ہے اس قاعدہ کا زیادہ کام اعداد معروف مین پڑتا ہے ہم اوسکے صورتین بہت سی بیان کرکے اس قاعدہ کا حوالہ دینگے لیکن ہم وہ صورتین بہی لکہینگے جنمین اعداد مجرد ہی ہون اور اونمین جو بدایتین کرنی مناسب ہونگی اونہین بہی بتلائینگے

(۱۵۵) قاعدہ سوال جو پوچھا جاتا ہے اکثر اوسمین ایسی مقدارونکا بھی ذکر آجاتا ہی کہ وہ فضول ہوتی ہین یعنے اونکا ہونا نہونا برابر ہوتا ہی اونکو نکال کر الگ رکھہ دو اور سوال مین اونپر ذرا بھی خیال نکرو کہ وہ ہین ہی فقط سوال مین سے تین مقادیر جو معلوم ہین منتخب کرو اور اونمین سے ایک مقدار کو جو ہمجنس مقدار مطلوب یا چوتھی مقدار کے ہو اور سوال کی حیثیت سے وہ اور ارقام مین ممیز ہو تیسری رقم تناسب کے بناؤ اب سوال کی حیثیت پر خیال کرکے سوچو کہ چوتھی رقم مطلوب تیسری رقم سے بڑی ہوگی یا کم اگر بڑی ہو تو دو مقدارین جو باقی رہی ہین اونمین سے بڑی مقدار کو دوسری رقم تناسب کی اور چھوٹی مقدار کو پہلی رقم تناسب کی بناؤ اور اگر کم ہو تو چھوٹی مقدار کو دوسری رقم تناسب کے اور بڑی مقدار کو پہلی رقم تناسب کے بناؤ اس بات مین بڑی احتیاط رکھو کہ اول اور دوسری رقم کی تحویل ایک درجہ کی جنس کی طرف کرلو اور کل تیسری رقم کو بھی ایک ہی درجہ کی رقم بنالو اور یاد رکھو کہ اگر رقمین سب ایک ہی جنس کی ہون تو سب کو ایک درجہ کی جنس کیطرف تحویل کرلینا بے ضرورت ہی لیکن اول اور دوم رقم کو ایک درجہ کی جنس کیطرف تحویل کرنا ضرور ہے اور تیسری رقم کو ایک درجہ کا بنالینا چاہیے اور یہہ کچھہ ضرور نہین ہی کہ یہہ تیسری رقم اوسی قبیل کی ہو جیسے کہ پہلی اور دوسری رقمین ہین پس جب سب رقمین مناسب طور پر تحویل ہو جاوین تو دوسری اور تیسری رقمونکو باہم ضرب دو اور حاصل ضرب کو تیسری رقم پر تقسیم کرو اور تینون رقمونکو اعداد مجرد سمجھو پس خارج قسمت سوال کا جواب ہوگا اور اوسی درجہ کا ہوگا جس مین کہ تیسری رقم کو تحویل کیا تہا

اگر صورت ایسی ہی ہو کہ اوسمین اعداد مجرد ہی ہون تو خود بخود یہہ معلوم ہو جاے گا کہ تیسری رقم کونسا عدد تناسب مین بنے گا اور اوس سے دوسری اور پہلی رقم آپ ہی تحقیق ہو جائے گی اور جواب ضرب تقسیم سے موافق اوسی قاعدہ کے جو اوپر بیان ہوا دریافت ہو جائیگا

ابتدا قاعدہ مین جو ترتیب ارقام بیان ہوئی ہے اوسکو نقشہ یا ترتیب یا صورت بیانیہ سوال کی کہتے ہین بعض اوقات ایک لفظ یا ایک دو حرف یا کوئی اور علامت چوتہی رقم یعنی رقم مطلوب کی جگہہ لکہہ لیا کرتے ہین

انتباہ عمل موافق قاعدہ مذکور کے بہت جلد اور آسان ہو جائے اگر پہلی اور دوسری یا پہلی اور تیسری رقمین کسی عدد پر پوری تقسیم ہوتی ہون تو اوسپر تقسیم کرکے خارج قسمتون کو بجائے اون دو رقمون کے لکہہ لین مگر کبہی دوسری اور تیسری رقم پر کسی عدد کو تقسیم کرکے مختصر نکرین

∴ کہ ۹ : ۱۲ :: ۲۱ : ۲۸ کے معنی یہہ ہین $\frac{9}{12} = \frac{21}{28}$ اور اسکی یہی معنی ہین $\frac{3}{4} = \frac{21}{28}$ اور اسکے معنی یہہ ہین کہ ۳ : ۴ :: ۲۱ : ۲۸ اور یہہ بہی وہی تناسب ہے جو پہلے تناسب تہا اس سے معلوم ہوا کہ اول اور دوم رقم کو ۳ پر تقسیم کرنے سے فرق نہین آتا

اب پہر ۹ : ۱۲ :: ۲۱ : ۲۸ یعنے $\frac{9}{12} = \frac{21}{28}$ اور اسکے یہی معنے ہین کہ $\frac{3}{12} = \frac{7}{28}$ اور اسکے یہہ معنی ہین کہ ۳ : ۱۲ :: ۷ : ۲۸ اور یہہ وہی پہلا ہی تناسب ہے اس سی معلوم ہوا کہ اول اور سوم رقم کو ۳ پر تقسیم کرنے سے فرق نہین آیا

اب پہر ۹ : ۱۲ :: ۲۱ : ۲۸ اسکے معنی یہ ہین کہ $\frac{9}{12} = \frac{21}{28}$ لیکن اسکے یہ معنی نہین ہین کہ $\frac{9}{4} = \frac{7}{28}$ اور اسکے معنی یہہ ہین کہ ۹ : ۴ :: ۷ : ۲۸

اور یہہ صورت تناسب کی اوسوقت پیدا ہوتی ہے کہ دوسرے اور تیسری رقم ۳ پر تقسیم ہو اس سبب سے $\frac{9}{4}$ برابر $\frac{7}{28}$ کی نہین ہے ۹ : ۴ :: ۷ : ۲۸ صحیح تناسب نہین ہے

انتباہ دوم اگرچہ ہم نے اوپر قاعدہ مین بیان کیا ہے کہ دوسری اور تیسری رقمونکے حاصل ضرب کو پہلی رقم پر تقسیم کرو لیکن بہت سی صورتو مین یہہ مناسب ہوگا کہ ہم درحقیقت عمل ضرب کا نکرین بلکہ حاصل ضرب کو اسطرح لکہین کہ بیچمین اونکی علامت ضرب کی ہو اور حاصل ضرب کو شمار کنندہ بنائین اور نیچے اوسکے پہلی رقم کو نسب نما بنائین

اور یہہ دیکہین کہ کوسی ایک جز ضربی بالیسی اجزا ضربی نسبتًا اور شمار کنندہ مین مشترک تو نہین جو ہون اونکو محذوف کرین اسطرح عمل مین بڑی آسانی ہوجاویگی اور عمل جلد ختم ہوجائیگا۔

(۵۶) اربعہ متناسبہ کی دو صورتین ہین ایک کا نام اربعہ متناسبہ مستقیم اور دوسرے کا نام اربعہ متناسبہ معکوس ہے دفعہ ۵۵ مین جو ترکیب لکہی گئی ہے وہ دونو قسم کی اربعہ متناسبہ کیواسطے ہے لیکن محاسبین ہمیشہ اونکو جدا جدا بیان کیا کرتے ہین تاہم ہم بہی اونکی تفصیل بیان کرتے ہین اربعہ متناسبہ مستقیم مین تو یہہ ہوتا ہے کہ بڑے عدد کا بڑا جواب ہوتا ہے اور چہوٹے عدد کا چہوٹا جواب مثلاً اس سوال مین کہ ۴ بیگہ زمین کی قیمت ۲۵۰ روپیہ ہے تو ۱۵ بیگہ کے اوسی شرح سے کیا قیمت ہوگی اب ۱۵ بیگہ ۴ بیگہ سے زیادہ ہین اسلئے اوسکے خریدنے کیواسطے ۲۵۰ روپیہ سے زیادہ روپیہ درکار ہونگے پس صورت مین بڑے عدد کا بڑا جواب ہے اور پہر سوال یہہ ہوگا کہ ۱۵ بیگہ زمین کی قیمت ۹۳۷ روپیہ ۸ آنے ہے تو ۴ بیگہ کی قیمت اوسی شرح کیا ہوگی اب ۴ بیگہ ۱۵ بیگہ سے کم ہین اسلئے ۹۳۷ روپیہ ۸ آنے سے کم روپیہ مین وہ خریدی جاویگی اس صورت مین چہوٹے عدد کا چہوٹا جواب ہے

بالعکس اسکے اربعہ متناسبہ معکوس وہ ہے جسمین بڑی عدد کا چہوٹا جواب ہے اور چہوٹے عدد کا بڑا جواب ہوتا ہے مثلاً اس سوال مین کہ اگر ۴ آدمی ایک کہیت کو ۳ دن مین کاٹین تو بتاؤ ۶ آدمی اوس کہیت کو کتنی دنون مین کاٹین گے اب ۶ آدمی ۴ آدمیون سے زیادہ ہین اسلئے وہ تہوڑی دنون مین کام کو بنالین گے پس اس صورت مین بڑے عدد کا جواب چہوٹا ہوا اور پہر اس سوال مین ۶ آدمی ایک کہیت کو ۲ دن مین کاٹتے ہین تو ۴ آدمی اوس کہیت کو کتنی دنون مین کاٹین گے اب ۴ آدمی کم ۶ آدمیون سے ہین اسلئے اونکو کام کے بنانے مین زیادہ وقت ہوگا اسلئے چہوٹے عدد کا جواب بڑا ہوا یہہ صورتین اربعہ متناسبہ معکوس کی ہین

اربعہ متناسبہ مستقیم

مثال ۱ ۲۵ گز ریشم کی ڈوری کی قیمت ۵ روپیہ ۶ آنہ ۶ پائی ہے تو ۳۷ گز کی قیمت کیا ہوگی

اب یہان تین مقدارین معلوم ہین ۲۵ گز اور ۳۷ گز اور ۵ روپیہ ۶ پائی اور چوتہی مقدار ۳۷ گز کی قیمت دریافت کرنی ہے اب یہہ ظاہر ہے کہ تین معلوم مقدارین اور چوتہی مقدار مجہول سے ایک تناسب یہہ پیدا ہوگا کہ ۲۵ گز کو ۳۷ گز سے کچھ لحاظ مقدار کے وہی نسبت ہوگی جو ۲۵ گز کی قیمت ۵ روپیہ ۶ پائی کو ہے ۳۷ گز کی قیمت مطلوب ہے اب دفعہ ۱۵ کی قاعدے بموجب ۵ روپیہ ۶ پائی اوسی قسم کی اقدار ہین جس قسم کی رقم مطلوب ہے اوسکو تیسری رقم تناسب کی بناؤ اور چونکہ قیمت مطلوب ۳۷ گز کی زیادہ بہ نسبت ۲۵ گز کی قیمت ۵ روپیہ ۶ پائی کی ہوگی اسلئے ۳۷ گز کو دوسری رقم اور ۲۵ گز اول رقم بناؤ پس اسطرح سے تینون رقمین مرتب ہونگی ۲۵ گز : ۳۷ گز :: ۵ روپئے ۶ پائی

اور کل تناسب یہہ ہوگا کہ

۲۵ گز : ۳۷ گز :: ۵ روپیہ ۶ پائی : قیمت مطلوبہ

اب چونکہ اول اور دوم رقم ایک جنس کی ایک ہی درجہ کے ہین اسلئے انکی تحویل کچھ ضرور نہین مگر تیسری اور چوتہی سب سے ادنی درجہ مین یعنی پائی کی طرف تحویل ہونی چاہئے پس ۵ روپیہ ۶ پائی = ۱۰۵۰ پائی تو تناسب یہ ہوگا کہ

۲۵ گز : ۳۷ گز :: ۱۰۵۰ پائی : قیمت مطلوبہ (پائیون مین)

اب بموجب قاعدہ کے اعداد ارقام کو مجرد خیال کرکے دوسرے اور تیسرے رقم کو ہم ضرب دیتے ہین اور حاصل ضرب کو اول پر تقسیم کرتے ہین تو یہہ ہوتا ہے کہ

۱۰۵۰
۳۷
۷۳۵۰
۳۱۵۰
۲۵ { ۵ | ۳۸۸۵۰
۵ | ۷۷۷۰
۱۵۵۴

پس خارج قسمت ۱۵۵۴ پائیان قیمت مطلوبہ مین نکلین اور یہہ وہی درجہ ہے جسکی طرف تیسری رقم تحویل کی گئی ہتی اب ۱۵۵۴ پائی کی تحویل روپیہ آنہ کیطرف کرلین تو

۱۲ | ۱۱۵ ۵۴
۱۲ | ۱ ۲۹ - ۶ پائی

۸ روپیہ ار ۶ پائی

پس جواب مطلوب ۸ روپیہ ار ۶ پائی

اوپر کے عمل کو اکثر اسطرح اختصار کے ساتھہ لکھا کرتے ہین کہ

گز گز روپیہ آنہ پائی

۲۵ : ۳۷ :: ۵ ۷ ۶

۱۶
۸۷
۱۲
۱۰۵۰
۳۷
۷۳۵۰
۳۱۵۰
۳۸۸۵۰ | ۵ } ۲۵
۷۷۷۰ | ۵
۱۵۵۴ | ۱۲
۱۲۹ - ۶ پائی

۸ روپیہ ار ۶ پائی

دلیل عمل

ہم کو قیمت ۲۵ گز کی ۵ روپیہ ۷ ر ۶ پائی معلوم ہے اور اس سے قیمت ۳۷ گز کی دریافت کرتی چاہتے ہین یہہ ظاہر ہے کہ قیمت مطلوبہ وہی نسبت ۵ روپیہ ۷ ر ۶ پائی سے بلحاظ نقد کے رکھتی ہے جو ۳۷ گز ۲۵ گز سے رکھتا ہے — یعنے جو قیمت مطلوبہ کی پائیان ۱۰۵۰ پائیون سے نسبت رکھتی ہین وہ برابر اوس نسبت کے ہے جو ۲۵ گز رکھتا ہے ۳۷ گز اب قیمت مطلوبہ کی پائیون کو ۱۰۵۰ پائیون سے وہ نسبت ہے جو اوس عدد مجرد کو جو قیمت مطلوبہ کی پائیون کو تبلاتا ہے عدد مجرد ۱۰۵۰ سے نسبت ہے اگر پہلے عدد کو عدد مطلوبہ کہین تو یہ نسبت اس کسر سے تعبیر ہوگی کہ $\frac{\text{عدد مطلوبہ}}{۱۰۵۰}$

اور نسبت ۳۷ گز کی نسبت ۲۵ گز سے وہ ہے جو عدد مجرد ۳۷ کی نسبت عدد مجرد ۲۵ سے ہے اسیواسطے وہ نسبت اس کسر $\frac{۳۷}{۲۵}$ سے تعبیر ہوگی

$$\therefore \frac{\text{عدد مطلوب}}{۱۰۵۰} = \frac{۳۷}{۲۵}$$

$$\therefore \frac{\text{عدد مطلوب}}{۱۰۵۰} \times ۱۰۵۰ = \frac{۳۷}{۲۵} \times ۱۰۵۰$$

$$\text{یعنی} \quad \frac{\text{عدد مطلوب} \times ۱۰۵۰}{۱۰۵۰} = \frac{۳۷ \times ۱۰۵۰}{۲۵}$$

$$\text{اسیواسطے عدد مطلوب} = \frac{۱۰۵۰ \times ۳۷}{۲۵} \quad \text{بموجب دفعہ ۴۶ کے}$$

$$= \frac{۳۷ \times ۱۰۵۰}{۲۵}$$

اس نتیجہ سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر ہم تینون ارقام معلوم ۲۵ گز اور ۳۷ گز اور ۵ روپئے ، ۷ ۶ پائی کو اسطرح مرتب کرین کہ

گز گز روپئے آنہ پائی

۲۵ : ۳۷ :: ۵ ۷ ۶

اور ۵ روپئے ، ۷ ۶ پائی کی تحویل سب سے ادنی درجہ کی طرف کرلین تو ترتیب کی یہہ صورت ہوگی

گز گز پائی

۲۵ : ۳۷ :: ۱۰۵۰

اور ان اعداد کو اعداد مجرد خیال کرین اور یہہ سمجھین کہ تناسب گویا یہہ تہا

۲۵ : ۳۷ :: ۱۰۵۰

تو ہمکو وہ عدد مجرد جو قیمت مطلوبہ کی پائیون کو بتلائیگا اسطرح حاصل ہوگا کہ دوسری اور تیسری رقم کو آپسمین ضرب دیکر اول رقم پر تقسیم کرین اور پہر اس عدد کو عدد معرون خیال کرین یعنی اس عدد کے موافق پائیون کو جواب سمجھین

دلیل عمل مذکور کے اسطرح بہی بیان ہوسکتی ہے کہ

قیمت ۲۵ گز کی ۵ روپئے ۷ ۶ پائی یعنی ۱۰۵۰ پائیان ہین

$\therefore$ قیمت ۱ گز کی $\frac{۱۰۵۰}{۲۵}$ پائیان ہوئین

$\therefore$ قیمت ۳۷ گز کی $\left(\frac{۱۰۵۰}{۲۵} \times ۳۷\right)$ پائیان $= \frac{۳۷ \times ۱۰۵۰}{۲۵}$ پائیان ہونگین

یعنی اگر ہم ۵ روپیہ ۷ ۶ پائی کی تحویل پائیون مین کرکے اعداد کو اس ترکیب سے لکھین کہ

گز گز پائے

۲۵ : ۳۷ :: ۱۰۵۰

اور انکو اعداد مجرد خیال کرین اور دوم اور سوم کی حاصل ضرب کو اول پر تقسیم کرین
تو خارج قسمت قیمت مطلوبہ پانیون مین ہوگی

مثال ۲ اگر ایک کاریگر ۲۱ روپیے ۱۰ ار کی مزدوری ۱۰۲ ½ دنمین کرے تو بتاؤ ۶۵ روپیہ ۱۰ ار کی مزدوری کتنے دنون مین کریگا

اب یہان مقدار مطلوبہ وقت ہے اور اوس قسم کی مقدار معلوم ۱۰۲ ½ دن ہے اسلئے ۱۰۲ ½ دنکو تیسری رقم تناسب مین بناؤ اور ۶۵ روپیہ ۱۰ ار کی مزدوری کرنے مین ظاہر ازیادہ دن بہ نسبت ۲۱ روپیہ ۱۰ ار کے مزدوری کے نکلینگے اسلئے ۶۵ روپیہ ۱۰ ار کو دوسری رقم اور ۲۱ روپیے ۱۰ ار کو اول رقم بنایئن اب بموجب قاعدہ کے اول اور دوم رقم کو تحویل کرین اور اس بات پر بھی خیال کرین کہ تیسری رقم مین آدہا دن ہے اگر ہم چاہین تو تیسری رقم کو تحویل آدہے دنون کی طرف کرین اور پہر جو جواب نکلے اوسکو دنون کی طرف تحویل کرلین

۲۱ روپیہ ۱۰ ار آنے : ۶۵ روپیہ ۱۰ ار :: ۱۰۲ ½ دن : وقت مطلوب

$\frac{۲}{۲۰۵}$ $\frac{۱۶}{۱۰۵۰}$ $\frac{۱۶}{۳۴۶}$

۱۰۵۰
۲۰۵
۵۲۵۰
۲۱۰۰۰
۳۴۶) ۲۱۵۲۵۰ (۶۲۲ $\frac{۳۸}{۳۴۶}$
۲۰۷۶
۷۶۵
۶۹۲
۷۳۰
۶۹۲
۳۸

∴ قیمت مطلوبہ = ۶۲۲ $\frac{۳۸}{۳۴۶}$ آدہے دنون = ۳۱۱ $\frac{۱۹}{۳۴۶}$ دنون کے

یہہ عمل اختصار کے ساتہہ اسطرح ہوتا ہے

وقت مطلوب = $\frac{۲۰۵ \times ۱۰۵۰}{۳۴۶}$ آدہے دنون = ۳۱۱ $\frac{۱۹}{۳۴۶}$ دنون کے

مثال ۳ اگر ۱۹۵ روپیہ کا محصول ۱۸ روپئے ہو تو ۸۷۶ روپئے کا محصول کیا ہوگا

۱۸ روپئے اوس قسم کا روپیہ ہے جس قسم کا ہمکو روپیہ دریافت کرنا مطلوب ہے اسلئے اوسکو تیسری رقم تناسب کے بناؤ اور چونکہ محصول مطلوب ۱۸ روپیہ سے زیادہ ہے اسلئے ۸۷۶ روپیہ کو رقم دوم اور ۱۹۵ روپیہ کو رقم اول بناؤ

۱۹۵ روپیہ : ۸۷۶ روپیہ :: ۱۸ : محصول مطلوب

$$\begin{array}{r} 876 \\ \underline{7008} \\ 195\overline{)15768}\left(80\tfrac{168}{168}\right. \\ \underline{1560} \\ 168 \end{array}$$

∴ محصول مطلوب = $80\frac{168}{195}$ روپئے

لیکن $\frac{168}{195}$ روپیہ = $(16\times\frac{168}{195})$ آنہ = $\frac{2688}{195}$ = $13\frac{153}{195}$ آنہ

اور $\frac{153}{195}$ آنہ = $(12\times\frac{153}{195})$ پائی = $\frac{1836}{195}$ = ۹ پائی $\frac{81}{195}$

اسواسطے جواب مطلوب ۸۰ روپیہ ۱۳ ر ۹ $\frac{81}{195}$ پائی ہے

موافق سابق کے اختصار عمل اسطرح ہو سکتا ہے کہ

محصول مطلوب ہے = $\frac{18\times876}{195}$ روپیہ = ۸۰ روپیہ ۱۳ ر ۹ پائی $\frac{81}{195}$

انتباہ اول جن طالب علموں کو کسروں کی تحویل میں مشق ہوگی اونکو یہہ بات نہایت آسان ہوگی کہ تناسب کے ارقام کو موافق قاعدہ مذکور کے تحویل کر کے ضرب اور تقسیم نکریں بلکہ نتیجہ کو کسر کی صورت میں لکھیں اور حتی الامکان کسر کو دفعہ ۷۷ کی انتباہ سوم کی موافق مختصر کریں اور جب کسر ایسی مختصر ہو جائے تو عمل ضرب یا تقسیم کا کریں

مثال ۴ اگر ۱۹۸ میل کا کرایہ ریل پر ۳ روپیہ ا ر ۶ پائی ایک سواری کا ہو تو ۱۰ روپیہ ۰ا$\frac{1}{2}$ پائی کتنے فاصلہ کا کرایہ ہوگا

۳ روپیہ ا ر ۶ پائی : ۱۰ روپیہ ۰ا$\frac{1}{2}$ پائی :: ۱۹۸ میل : فاصلہ مطلوبہ

۱۶۰ × ۱۲ = ۱۹۳۰ × ۴ = ۷۷۲۲	۴۹ × ۱۲ = ۵۹۴ × ۴ = ۲۳۷۶

∴ فاصلہ مطلوبہ = $\frac{۱۹۸ \times ۷۷۲۲}{۲۳۷۶}$ میل = $\frac{۱۹۸ \times ۳۸۶۱}{۱۱۸۸}$ میل

= $\frac{۳۸۶۱}{۶}$ میل = ۶۴۳ $\frac{۳}{۶}$ میل = ۶۴۳ $\frac{۱}{۲}$ میل

مثال ۵ انگلستان مین ایک شخص کی آمدنی ۳۶۵۲ روپیہ ۱۰ ار ہے وہ غربائی پرورش کیواسطے چندہ ۳۶۴ روپیہ ۶ ار سالیانہ دیتا ہے تو جو شخص ۲۴۲ روپیہ ۱۴ ار ۸ پائی دیتا ہے اوسکی آمدنی کیا ہوگی

۳۶۴ روپیہ ۶ ار : ۲۴۲ روپیہ ۱۴ ار ۸ پائی :: ۳۶۵۲ روپیہ ۱۰ ار : آمدنی مطلوب

۵۸۴۵۸ × ۱۲ = ۷۰۱۴۹۶	۳۸۸۶ × ۱۲ = ۴۶۶۴۰	۵۸۳۰ × ۱۲ = ۶۹۹۶۰

آمدنی مطلوبہ = $\frac{۷۰۱۴۹۶ \times ۴۶۶۴۰}{۶۹۹۶۰}$ پائی = ۴۶۷۶۶۴ پائی = ۲۴۳۵ روپیہ ۱۲ ار

تنبیہ دوم خاص مثالین ایسی بہی ہوتی ہین کہ جنکی اندر ابتداءِ نظر مین یہ معلوم ہوتا ہی کہ تین سے زیادہ رقمین معلوم ہین لیکن باوجود اسکی وہ پہر بہی اسی اربعہ متناسبہ کے قاعدہ سے حل ہوجاتی ہین اور اوسکی مثال یہہ ہے

مثال ۶ اگر ۷ من ۳ $\frac{۱}{۲}$ سیر کا کرایہ ۸۴ میل کا ۲۹ روپیہ ۲ ار ۸ پائی ہو تو ۲۹ من ۳۷ سیر کا کرایہ اوہی فاصلہ کے لئے کیا ہوگا

اب ۸۴ میل پر کچہہ خیال نکرین اسواسطے کہ فاصلہ دونون صورتون مین ایک ہی ہے اب بموجب قاعدہ کے عمل کرنے سے

۷ من ۳ $\frac{۱}{۲}$ سیر : ۲۹ من ۳۷ سیر :: ۲۹ روپیہ ۲ ار ۸ پائی : کرایہ مطلوب

اس سے دریافت ہوگا کہ کرایہ مطلوب = ۱۲۳ روپیہ ۲ ار ۴ $\frac{۸}{۹}$ پائی

اربعہ متناسبہ معکوس

مثال ۷ ایک تہان ۲۰ گز لنبا اور $\frac{3}{4}$ گز عرض کا ہے تو بتاؤ دوسرا تہان ۱۲ گز لنبا کتنا چوڑا ہو کہ دونو تہانون مین کپڑا برابر ہو

چونکہ طول دوسرے تہان کا پہلے تہان سے کم ہے اسلئے ضرور ہے کہ دوسرے تہان کا عرض بڑا پہلے تہان کی عرض سے ہو تاکہ کپڑا دونون تہانون مین برابر ہو اسلئے یہہ اربعہ متناسبہ معکوس کی صورت ہوئی کیونکہ چھوٹا طول بڑا عرض چاہتا ہے ہمکو دوسرے تہان کا عرض دریافت کرنا ہے اور پہلے تہان کا عرض $\frac{3}{4}$ گز ہے اسلئے اوسکو تیسری رقم تناسب معکوس کی بناؤ اور چونکہ عرض مطلوب اس عرض سے بڑا ہے اسلئے ۲۰ کو دوسری رقم اور ۱۲ گز کو اول رقم بناؤ

۱۲ گز : ۲۰ گز :: $\frac{3}{4}$ گز : عرض مطلوب کے گزونسے

$\therefore$ عرض مطلوب = $\frac{20 \times \frac{3}{4}}{12}$ گز

= $\frac{5\times 3}{12}$ گز = $\frac{5}{4}$ گز = $1\frac{1}{4}$ گز

مثال ۸ اگر ۱۲ آدمی ایک کھیت کو ۴ دن مین کاٹتے ہون تو ۳۲ آدمیون سے کتنے دنون مین وہ کھیت کٹے گا۔ اب یہہ ظاہر ہے کہ جو کام ۱۲ آدمیون سے ہوتا ہے وہ ۳۲ آدمیون سے کم وقت مین تیار ہوگا اسلئے وقت مطلوب تیسری رقم تناسب کی ہوتی اور جواب کم نکلیگا اسلئے ۱۲ کو دوسری رقم اور ۳۲ کو اول رقم بناؤ

۳۲ : ۱۲ :: ۴ دن : وقت مطلوب کے ایام کے

$$32)\ 48\ (1\frac{16}{32}$$
$$\underline{32}$$
$$16$$

$\therefore$ وقت مطلوب $1\frac{16}{32}$ دن = $1\frac{1}{2}$ دن

یا اسطرح کہ وقت = $\frac{12\times 4}{32}$ دن = $\frac{12}{8}$ دن = $\frac{3}{2}$ دن = $1\frac{1}{2}$ دن

مثال ۹ سرکار سے حکم ہے کہ جب ۶ روپیہ من سوجی کا بہاؤ ہو تو ۵ چھٹانک کی ڈبل روٹی بنے اور ۱ ار کو بکے اب اگر ۴ چھٹانک کی روٹی ۱ ار کو بکے تو بتاؤ سوجی کا کیا بہاؤ ہوگا

اب یہان ۱ ار اور ایک من دونو فضول ہین اونکا کچھہ اثر سوال پر نہین اسلئے خواہ ایک سن کے

جگہ کوسی اور وزن بیان کیا گیا ہوتا اور اوس کی روٹی کی جگہ کچھ اور قیمت کی روٹی بیان ہوئی ہوتی تو کچھ سوال کی جواب مین اس تغیر کا اثر نہوتا جواب ایک ہی نکلتا اب ظاہر ہے کہ سوجی گران ہوگئی یعنے قیمت جسقدر زیادہ ہوگی اوتنی ہی روٹی وزن مین کم ہوگی اور اسکے بالعکس جتنی روٹی ہلکی ہوگی اوتنی قیمت سوجی کی بڑی ہوگی پس اس سے معلوم ہوا کہ قیمت مطلوبہ ۶ روپیہ سے زیادہ ہے اور یہہ روپئے ہمارے قاعدے کے موافق تناسب کی تیسری رقم ہے اور اسواسطے ۵ چہٹانک دوسری رقم اور ۴ چہٹانک اول رقم ہوگی

۴ چہٹانک : ۵ چہٹانک :: ۶ روپیہ

$\frac{\overset{3}{\cancel{6}}\times 5}{\underset{2}{\cancel{4}}}$ روپیہ قیمت مطلوبہ ہے

یا اسطرح $\frac{5\times 6}{4}$ روپئے $= \frac{5\times 3}{2} = \frac{15}{2}$ روپئے $= 7\frac{1}{2}$ روپیہ من

تنبیہ سوم یہہ مثالین آسانی سے اربعہ متناسبہ کے قاعدہ سے حل ہوتی ہین

(۱) ایک گہنٹہ منگل کے دن صبح کے $9\frac{1}{2}$ بجے ۴ منٹ $8\frac{9}{32}$ سکنڈ تیز تہا اور ۲ منٹ ۴۵ سکنڈ ہر روز وہ سست چلتا ہی تو بتاؤ اوس گہنٹہ مین جمعہ کے دن بعد دوپہر کے $5\frac{1}{4}$ بجے پر کیا بجا ہوگا

منگل کے صبح کی $9\frac{1}{2}$ بجے سے جمعہ کی دن بعد دوپہر کے $5\frac{1}{4}$ بجے تک $79\frac{3}{4}$ گہنٹہ ہوتی ہین

∴ ۲۴ گہنٹہ : $79\frac{3}{4}$ گہنٹہ :: ۲ و ۴۵ : کمی وقت

اس سے معلوم ہوا کہ کمی وقت گہنٹہ مین $= 9$ و $8\frac{9}{32}$

∴ گہنٹہ مین وقت جمعہ کے دن $5\frac{1}{4}$ بجے $= 4$ و $8\frac{9}{32}$ + ۵ گہنٹہ ۱۵ - ۹ و $8\frac{9}{32}$

= ۵ گہنٹہ ۱۰ منٹ

(۲) شکاری کتے سے ۱۳۰ گز آگے خرگوش تہا جتنی دیر مین خرگوش ۵ گز چلتا ہی اوتنی دیر مین کتا ۷ گز تو بتاؤ خرگوش کو کتنی دور پر کتا پکڑ لیگا

خرگوش کے ۵ گز چلنے مین کتا ۲ گز آگے بڑہتا ہے اور ۱۳۰ گز کے آگے بڑہنے مین کتا خرگوش کو پکڑتا ہے

∴ ۲ گز : ۱۳۰ گز :: ۵ گز : گزون کی تعداد مطلوبہ سے

اس سے معلوم ہوا کہ تعداد گزون کی = ۳۲۵

(۳) ۳۹ روپیہ ۶ ر ہر ہفتہ مین ایک اشراف خرچ کرتا ہی تو بتاؤ اوسکی روزانہ کیا آمدنی ہوگی، وہ ۳½ سال کی بچت سے ۲۱۴۹ روپیہ ۱۴ ر کی جائداد خریدلی (۱ سال = ۵۲ ہفتہ)

اوسکا خرچ ۳½ سال مین (۳۹ روپیہ ۶ آنے × ۲۶ × ۳ ½)

∴ اوسکی آمدنی ۳½ برس کی (۳۹ روپیہ ۶ آنے × ۲۶ × ۳ ½) + ۲۱۴۹ روپیہ ۱۴ آنہ

= ۵۷۳۳ روپیہ

∴ (۳½ × ۳۶۵) دن : ۱ دن :: ۵۷۳۳ : آمدنی روزانہ

اس سے معلوم ہوا کہ آمدنی روزانہ = ۴ روپیہ ۸ پائی ہوئی

(۴) ا اور ب دو مقام ہین اونکے درمیان ریل کا رستہ ۳۲۴ میل ہے ایک ہی وقت مین ا سے ب کی طرف اور ب سے ا کی طرف دو ریل گاڑیان چلین اور ۶ گھنٹہ کی آخر مین آپسمین مل گئین اور ا سے جو ریل گاڑی چلے وہ ۱۶ میل فی گھنٹہ زیادہ بہ نسبت دوسری گاڑی کے چلتی ہے تو بتاؤ ہر ایک گاڑی کی چال فی گھنٹہ کیا ہے

یہہ فرض کرلیا ہے کہ ہر ایک گاڑی اپنی چال ایک سی رکھتی ہے اور جب یہہ دونو گاڑیان آپسمین ملین تو اون دونون نے ملکر کل فاصلہ طے کیا

∴ ۶ گھنٹہ : ۱ گھنٹہ :: ۳۲۴ میل : اون میلون سے جو دونون گاڑیون نے ایک گھنٹہ مین طے کئے

اسواسطے تعداد میلون کی جو دونون گاڑیون نے ایک گھنٹہ مین طے کی = ۵۴

اسواسطے بموجب شرط سوال کے (۵۴ − ۱۶) ÷ ۲ یعنے ۱۹ = ایک گاڑی کی رفتار کے

اور اسیواسطے ۵۴ − ۱۹ یعنے ۳۵ = دوسری گاڑی کی رفتار کے میلو نکے

(۵) ۶ پائی فی روپیہ انکم ٹیکس دینے کے بعد ایک شخص کی آمدنی ۱۴۵ روپیہ ۵ ر رہے تو بتاؤ اوسکی اصل آمدنی کیا ہے

اب ظاہر ہے کہ بعد منہائی انکم ٹکس کے اگر ١٥ ½ آنہ آمدنی ہوتی تو اصل آمدنی ایک روپیہ ہوتی

∴ ١٥ ½ آنہ :: ١٤٦٥ روپیہ ٥ ر :: ١ روپیہ : آمدنی مطلوب ہے

اس سے معلوم ہوا کہ آمدنی مطلوب = ١٥٠٠ روپیہ

امثلہ نمبری ٥٦

(١) اگر ٤ گز کپڑے کی قیمت ١٢ روپئے ہو تو ٩٦ گز کی کیا قیمت ہوگی

(٢) اگر ٩ گز کپڑے کی قیمت ٨ روپئے ہو تو ٥٦ روپئے کا کتنا کپڑا آویگا

(٣) اگر ٧ من گیہوں کی قیمت ٢ روپیہ ٩ پائی ہو تو ٣ من گیہوں کی کیا دام ہونگے

(٤) ٤٢ بیگہ زمین کا محصول ٤٣ روپیہ تو ٣٠٧ روپیہ کتنی زمین کا محصول ہوگا

(٥) اگر ٢٠١٤ من کوئلہ کی قیمت ٥٥٨ روپئے ہو تو ١٥ سو ١٢ من کے کیا قیمت ہوگی

(٦) اگر ٩ چیزوں کی قیمت ٤ روپئے ١٢ ر ہو تو ١٣ چیزوں کی کیا قیمت دینی چاہئے

(٧) کتنے دنوں میں ٣ روپئے ١١ ر ہر ہفتہ میں ڈیڑھ آنہ فی ہفتہ بچانی سے پس انداز ہو سکتی ہیں

(٨) ایک عدد ایسا دریافت کرو جو ٩ کی ساتھ نسبت ایسی رکھی جیسی کہ ٢٠ نسبت ١٥ کی ساتھ رکھتا ہے

(٩) اگر ٤ من ١ سیر شکر کی قیمت ٨ روپیہ ٦ ر ٢ پائی ہو تو ٨٣ روپیہ ٣ ر کی کتنی شکر آئیگی

(١٠) اگر ٥ من ١٠ سیر کی قیمت ٤٨ روپئے ہو تو ٣ ½ من کی کیا قیمت ہوگی

(١١) ٤ گز ١٣ انچ کپڑے کی قیمت ٤ روپیہ ١١ ر ہو تو ٢٣ گز ١ فٹ کپڑے کی قیمت کیا ہوگی

(١٢) ١٠ روپیہ پر ٤ ر ٨ پائی انکم ٹیکس ہو تو ٢٥٠٧ پر کیا انکم ٹیکس ہوگا

(١٣) ١٨٥٥ روپیہ پر ٥٤ روپیہ ١ ر ٨ پائی انکم ٹیکس کے دینی پڑی تو ١٠٥٠٠ پر کیا انکم ٹیکس کا دینا پڑیگا

(١٤) ٩٧٤ پونڈ ٨ شلنگ ٣ پنس پر ١٣ شلنگ ٩ پنس ٹکس کے لگتے ہیں تو ٢٠٢ پونڈ ٣ شلنگ ٧ پنس پر کیا لگیگا

(١٥) اگر گیہوں کی ایک گٹھری کی قیمت ٥ ر ١ پائی ہو تو ٤٣ روپیہ ٨ ر ٥ پائی کی کتنی گٹھریاں آئینگی

(۱۶) عـہ روپیہ ۶ ر ۲ پائی ۱۴ سیر کی قیمت ہو تو ۶۰ من ۱۵ سیر کی کیا قیمت ہو گی

(۱۷) ۲ پائی فی روپیہ انکم ٹیکس کے حساب سے ایک شخص ششماہی مین ۲۰۰ روپیہ ۸ ر ۶ پائی دیتا ہے
تو اوسکی سالانہ آمدنی بتاؤ

(۱۸) ایک نوکر کی تنخواہ ۲۱۵ دن کی ۱ روپیہ ۲ ر ۸ پائی یومیہ کے حساب سے کیا ہوگی

(۱۹) ایک دوالیہ ۲۵۶ روپیہ کا قرضدار ہے اور اوسکے پاس مال ۲۲۴ روپیہ کا ہے
تو بتاؤ روپیہ مین کیا اوسکے مال سے وصول ہوگا

(۲۰) اگر ۸ ہنڈرڈ ویٹ ۴ پونڈ کی قیمت ۹۸ پونڈ ۱ فلورن ۲ سنٹ ۵ مل ہو تو بتاؤ ایک
سٹون کی کیا قیمت ہوگی

(۲۱) ایک دوالیہ ۱۰ روپیہ کے قرضہ مین ۹ روپیہ ۵ ر ۴ پائی اپنی مال سے ادا کر سکتا ہے اور اس
پاس ۹۵۰۰ روپیہ کا مال ہے تو بتاؤ قرض کتنا ہے

(۲۲) ایک ٹن ۴ ہنڈرڈ ویٹ ۸ پونڈ ایک جنس ہے اور اوسکے ۳ سٹون کی قیمت ۶ فلورن ۱ سنٹ

(۲۳) ۳۶ گز کپڑا ۸ ر ۴ کو خریدا تو بتاؤ فی فٹ کس بھاؤ سے بیچین کہ صرف ۴ ر کل خرید پر فائدہ ہو

(۲۴) ایک کھیت مین ۴۰۰ ایکڑ ۲ روڈ ۲۰ پول زمین ہے اور اوسکی مالگزاری ۱۸۴ پونڈ ۳
فلورن ۱ سینٹ ۲½ م سالیانہ تو فی ایکڑ کیا محصول ہے

(۲۵) تین اعداد ۳۰۵، ۷ر۳ و ۴۰ کے تناسب مین چوتھا عدد دریافت کرو

(۲۶) اگر ۱۰ آدمی کھیت کو ۱۲ دنمین جوت سکتے ہون تو ۱۵ آدمی کتنے دنونمین جوتینگے

(۲۷) اگر ایک آدمی ۳ دنمین ۶۲ میل چلے تو کتنے دنون مین ۸۰ میل چلے گا

(۲۸) ۵۳۵½ گز کپڑا ۱۸ ر ۱½ پائی گز کا ہے اوسکے مبادلہ مین ۳ ر ½ گز کا کپڑا کتنا ملیگا

(۲۹) ایک دوالیہ ۵ فلورن ۷ س ۵ م ایک پونڈ مین ادا کرتا ہے تو جس آدمی کا قرض
۱۱۷۹۳۵ فلورن ہو تو اوسکا نقصان بتاؤ کیا ہوگا

(۳۰) ا سیر شکر کی قیمت ۶ ر ۸ پائی ہے تو ۸۷ من ۲۴ سیر ۸ چھٹانک کی قیمت بتاؤ

(۳۱) اگر ایک آدمی ۱۲ گھنٹہ ہر روز چلکر ۲۴ دنمین اپنا سفر تمام کرے تو ایسے سفر کو ۱۶ گھنٹہ ہر روز چلنے سے کتنے دنون مین پورا کریگا

(۳۲) ۱ ۴/۹ چھٹانک کی قیمت ۳ ۱/۲ روپیہ تو ۱۵ ۳/۱۴ سیر کی کیا قیمت

(۳۳) جس کام کو ۵ آدمی ۲۴ دن مین بنا لیتے ہون اوسپر کتنی آدمی لگائین کہ وہ ۱۵ دن مین تمام ہو جائے

(۳۴) ۵۰۷ بیگہ ۳ بسوہ ۱۸ بسوانسی کا محصول ۵۱۹۹ روپیہ ۱۴ آنہ ۸ پائی ہی تو ۳ بیگہ ۱۲ بسوہ کا محصول کیا ہوگا

(۳۵) ایک گانون کی جمع ۳۱۴۲ روپیے ۱۵ آنہ ۶ پائی اور محصول ۱۰۴ روپیے ۱۲ آنہ ۳ پائی ہو تو فی روپیہ محصول کیا پڑتا ہے اور جس جایداد کی آمدنی ۱۴۴۰ روپیہ ۱۵ آنہ ہو تو اوس کا محصول کیا ہوگا

(۳۶) ۲۷ بشل ۲ پک کی قیمت ۱۰ پونڈ ۲ شلنگ ۲ ۱/۲ پنس ہے تو ۱۶ ۱/۲ بشل کی قیمت کیا ہوگی

(۳۷) ۱ ۱/۲ گز عرض کا کپڑا کتنا ۲ ۳/۴ گز چوڑی ۴۰ گز لنبی فرش مین لگے گا

(۳۸) محمود نے احمد سے ۴۲۰ روپیے ۶ ۱/۲ مہینہ کے وعدہ پر قرضہ لئے اب احمد لینے ۹۱۰ روپیے محمود کو کتنے دنون کے لئے قرضہ دیئے کہ دونو باہم سلوک کرنے مین برابر ہوجائین

(۳۹) کھیت ۱۲۱ گز لنبا اور ۸۶ گز چوڑا ہے تو ۸۰ روپیہ ایکڑ کے حساب سے اوسکی کیا قیمت ہوگی

(۴۰) آدھ سیر شکر کی قیمت ۵۶۲۵ روپیے تو ۵۰۰ من کی کیا قیمت ہے

(۴۱) اگر ۳ ۱/۲ حصہ کانکی قیمت ۱۱۲ روپیہ ۸ آنہ ہون تو ۲۸ ۳/۴ حصونکی کیا قیمت ہوگی

(۴۲) ۴۴ ۳/۴ گز کپڑے کی قیمت ۱۲۳ روپیے ۱۵ آنہ ۹ پائی ہی وہ ۳۰۹ روپیے ۸ آنہ ۷ پائی کا کے گز آئے گا

(۴۳) ایک قائم الزاویہ کھیت کا ایک ضلع ۵۰ جریب ۴۰ کڑی اور دوسرا ۵۶ جریب ۲۵ کڑی ہے تو اوسکا محصول ۱۵ روپیہ ایکڑ کے حساب سے کیا ہوگا

(۴۴) جس کام کو ۱۴ آدمی ۳۰ دن مین کرتے ہین اوسکو ۲۵ آدمی کتنی دنو مین کرین گے

(۴۵) اگر سفوف کا ۵ر۴۲ ہنڈرڈ ویٹ کی قیمت ۱۱ پونڈ ۵ فلورن ۵ سینٹ ہو تو فی پونڈ کیا قیمت ہوگی

(۴۶) ایک سونیکے ٹکڑے کی قیمت ۱۵۰۰ روپیے اور ۱/۲ چھٹانک سونیکی قیمت ۲۸ روپئے ۱۵ آنے ہے تو ایک چاندی کے ٹکڑے کی کیا قیمت ہوگی جسکا وزن مساوی سونیکے ٹکڑے کی او قیمت فی چھٹانک روپیہ ۱/۲ پائی ہو

(۴۷) ایک قطعہ زمین کا ۳۷۵ فیٹ ۶ انچ سے ۵۰ فیٹ ۱۶ انچ ہے اوسکی قیمت ۱۴۷ روپئے ۱۰ آنے ۶ پائی ہے اور اسی قسم کا ایک قطعہ زمین ۲۷۸ فیٹ ۹ انچ سے ۱۵۱ فیٹ ہی تو اوسکی قیمت کیا ہوگی

(۴۸) ایک شخص یکم جنوری ۱۸۸۴ء کو ۱۲ بجے دن کے ۳۶۰ روپئے ۸ آنے سالانہ تنخواہ پر نوکر ہوا اور ۲۰ مئی سنہ صدر کو دوپہر کے وقت نوکری چھوڑدی تو بتاؤ اوسکی تنخواہ کیا چاہیے

(۴۹) زید ایک جہاز کے ۳/۴ حصہ کا مالک ہے اور اوسنے ۱۱/۳ من ۱/۲ اپنے حصہ کا ... روپیہ کو بیچڈالا تو بتاؤ اوس جہاز کے ... من ... حصہ کی کیا قیمت ہوگی

(۵۰) ا نے ۷۰ گز ریشمی کپڑے کی عوض مین ب سے ۸۴ گز مخمل لی اور ریشمی کپڑے کی قیمت ۳ روپیہ ۱۰ آنے گز ہو تو ایک گز مخمل کی کیا قیمت ہوگی

(۵۱) ایک آدمی کی آمدنی بعد ادا کرنے انکم ٹیکس ۱۴۳۲۹ روپئے ۶ آنے ۸ پائی ہے اور انکم ٹیکس فی روپیہ ۵ ۱/۲ پائی لیا جاتا ہے تو بتاؤ اصل آمدنی کیا ہے

(۵۲) اگر ایک آدمی کی آمدنی ۳۱۵۰ پونڈ سالانہ ہو اور محصول ۲ شلنگ ۹ ۱/۲ پنس فی پونڈ دینا پڑتا ہو تو بتاؤ اوسکی سالانہ آمدنی کیا ہے

(۵۳) دوشنبہ کے دن ۱۲ بجے پر ایک گھڑی ۱۰ منٹ تیز تھی اور ۳ منٹ ۱۰ سکنڈ ہر روز تیز چلتی ہے تو بتاؤ اوس گھڑی مین شنبہ کے دن سوا دس بجے پر کیا وقت ہوگا

(۵۴) دائرہ کے قطر اور محیط مین نسبت ۱ اور ۳٫۱۴۱۶ کی ہی تو جس دائرہ کا

قطر ۲۲ ½ فیٹ ہی اوسکا محیط کیا ہوگا اور جواب مین فیٹ اور انچ نکالو

(۵۵) ایک دوالیہ کا مال ۴۵۵ پونڈ ۱ شلنگ ۹ ¾ پنس کا ہی اور اوسپر قرض لوگون کا ۹۳۷ پونڈ ۱۰ شلنگ کا ہے تو فی پونڈ مین کیا دیا جایگا اور جس قرضخواہ کو ۱۴ پونڈ لینی ہونگے اوسکو کیا گہاٹا رہے گا

(۵۶) اگر ۲ من ۸ سیر بہوسہ اوٹہا کر لیجانے کی مزدوری ۴۰ میل کے لئے ۵ روپئے ہو تو بتاؤ ۲۵ ¾ میل کے لئے کتنا بوجھ جا سکے گا

(۵۷) دو ہفتہ مین مینے ۲۰ گنی خرچ کر ڈالین تو کیا میری آمدنی ہوکہ مین ۲۰۰ پونڈ ۱۵ شلنگ مین بچاؤن

(۵۸) جس گہر کی آمدنی ۱۸۳ پونڈ ۱۵ شلنگ ہے اوسپر ۶ پونڈ ۱ شلنگ ۹ ¾ پنس چوکیدارہ لکہا ہے تو اسی حساب سے ۱۲۰ پونڈ کی آمدنی پر کیا چوکیدارہ ہوگا

(۵۹) ایک دہات کے برتن کا وزن ۷ تولہ ۱۰ ماشہ ۳ رتی ہے اور اوسکی قیمت ۱۴ آنہ ۶ پائی ہے تو بتاؤ آدہ چہٹانک دہات کی کیا قیمت ہے

(۶۰) ایک آدمی ۷ ½ گہنٹہ ہر روز کام کرکے ۹ دنمین ایک کام کو تمام بنالیتا ہے تو بتاؤ کہ کے گہنٹے ہر روز کام وہ کرے کہ ۴ ½ دنمین وہی کام ختم ہو جائے

(۶۱) اگر فی سیر چاندی کی قیمت ۶۶ روپئے ہو تو ایک چاندی کی تہالی کی کیا قیمت ہوگی جسکا وزن ۳ سیر ۱۳ چہٹانک اور محصول فی چہٹانک ایک روپیہ ۲/ اور خرچ زائد مزدوری وغیرہ کا فی چہٹانک ایک روپیہ ۱/ رہو

(۶۲) ایک شخص جو ۱۸۰ روپئے سالانہ آمدنی پر آخر سال مین ۴۴۵ روپئے کا قرضدار ہو گیا ہو اوسنے ۴۳ دن مین کیا خرچ کیا ہوگا

(۶۳) اگر ۱۵ مرد ۱۲ عورتین ۹ لڑکے ایک کام کو ۵۰ دنمین بالکل بنا لیتے ہون تو کتنے دنون مین ۹ مرد ۱۵ عورتین ۱۸ لڑکے اوسی سے چوگنے کام کو بنائینگے اور مرد و عورت

رڑکے کا کام نسبت ۳ و ۲ و ا کے رکہتا ہے

(۶۴) ۸۰۰ پونڈ برس مین ایک بہلا مانس کماتا ہی اور ۴۸ پونڈ ۲ فلورن ۵ سینٹ برس کے اندر
مین بچاتا ہی اور اپنی کمائی پر ۵ پونڈ سیکڑہ انکم ٹیکس دیتا ہی تو بتاؤ ایکدن مین کیا اوٹہاتا ہے

(۶۵) اگر ۳ گائین یا ۷ گہوڑے ایک کہیت ۲۹ دنین چرین تو کتنے دن مین ۷ گائی
ور ۳ گہوڑے اوسی کہیت کو چرین گے

(۶۶) کتنے گز دری ¾ گز عرض کی اوس کمرہ مین بچہیگی جسکا طول ۲۷ ½ فیٹ اور عرض ۱۴ فیٹ ہے

(۶۷) ایک شخص نے ۱۰۰۰ انڈے ا کے دو دو کے حساب سے اور ۱۰۰۰ ہی انڈے ا کے تین تین کے
حساب سے خریدے تو بتاؤ دو دو آنے کے پانچ پانچ انڈے بیچنے سے کیا نفع نقصان ہوگا

(۶۸) ایک گرجا کا گہنٹہ ہفتہ کی راتکو ۱۲ بجے کو کاگیا اور منگل ہفتہ کے دن دوپہر کو ۳ منٹ تیز تہا
تو بتاؤ جمعرات کو دوپہر پر جب گہنٹہ مین ۴ بجے تو کیا وقت ہوگا

(۶۹) ایک آدمی نے محتاج خانہ کا چندہ ۸ پائی فی روپیہ کے حساب سے دیا اور بعد اوسکے کی
۲۸۴۷ روپیہ ۵ ۴ پائی بچ رہے تو بتاؤ اوسکی پاس کیا تہا کہ بعد چندہ دینے کے اسقدر بچ رہا

(۷۰) ایک کام پر ۳۰ آدمی لگے اور اوسکو ۵۰ دنمین یقینی تمام کرتے لیکن ۱۲ دن تک تو سب نے
کام کیا اور پہر ۱۵ آدمی چلے گئے تو بتاؤ کتنے دنون مین باقی آدمی اوس کام کو تمام کرین گے

(۷۱) ۱۰۰۰ آدمیونکی رجمنٹ کو نئی وردی ملی اور ہر ایک وردمین ۲ ½ گز کپڑا ۱ ¼ گز
عرض کا لگا ہے اگر اوسمین ۱۲ گرہ عرض کا گاڑہ لگاتے تو کتنا لگتا

(۷۲) اگر ۲ ½ چہٹانک ریشم کا تار ۲ ½ فرلانگ لنبا ہو تو کتنے ریشم کا تار زمین سے
چاند تک پہونچے گا اور زمین سے چاند ۲۴۰۰۰۰ میل دور ہے

(۷۳) ایک گاڑی کے پہیہ کا قطر ۳ فٹ ہی تو وہ چار میل چلنے مین کتنے چکر کریگا (مثال ۵ دیکہو)

(۷۴) اگر ۴ چہٹانک شکر کی قیمت ۲۵ ۱۲ ۸ روپیہ ہو تو ۲ من کی کیا قیمت ہوگی

(۷۵) اگر ۱۲ من ۳ سیر ۲ سیر جار کی قیمت ۵ ۸ ۴۷ شلنگ ہو تو ۹۱ پونڈ ۱۲ شلنگ کی کتنی جار آئیگی

(۷۶) دو گھڑیوں میں سے ایک دو منٹ ۵ سکنڈ ہر روز تیز چلتی ہے اور دوسری اوسیقدر سست ہے اگر پیر کے
دن نو بجے قبل دوپہر کے دونو کو ملا دی گئیں تو بتاؤ ایک گھنٹہ کا فرق اونمیں کب ہوگا

(۷۷) ایک کمرے کا طول ۹ گز اور عرض ۲۰ فیٹ ہے اوسکی فرش میں ۲٫۵ فیٹ عرض کا کتنا گز ٹاٹ لگیگا

(۷۸) ایک شخص نے شراب کے ۱۰۰۸ بوتلیں ۶۴۰۰ روپیہ کو خریدیں اونمیں سے ۴۸ بوتلیں ٹوٹ کر خراب ہو گئیں
تو بتاؤ باقی بوتلوں کو فی بوتل کس قیمت پر فروخت کرے کہ اوسکو کچھ نقصان نہو

(۷۹) ہر سپاہی کو ۲ سیر روٹیاں ۸ دنمیں ملتی ہوں تو بتاؤ کتنی روٹیاں ایک رجمنٹ کے
۸۵۰ آدمیوں کی سنہ ۱۸۵۰ع کے لیئے کافی ہوئیں

(۸۰) ۲۰۰۰ آدمیوں کے لیئے خوراک ۴۵ دن کے موجود تھی اگر ۱۵ دنکے بعد ۴۰۰ آدمی اونمیں سے
چلے جائیں تو بتاؤ وہ خوراک باقی آدمیوں کو کتنے دنوں کو کافی ہوگی

(۸۱) ایک رئیس کے پاس دس ہزار ایکڑ زمین ہے اور ہفتہ وار محصول ۲۰ مربع پول کا ½ پنس
ہی تو بتاؤ اوسکا سالانہ محصول کیا ہے (سال ۵۲ ہفتہ کا)

(۸۲) ½ چھٹانک سونیکی قیمت ۳۰۴۸۹۵۸٫۴۱ روپئے ہو تو ۸۴۱۱۴۵٫۱۰۸ سیر کی کیا قیمت ہوگی

(۸۳) ۱۰۰۰ آدمیوں کی خوراک ۸۵ دنکے لیئے موجود ہے اگر ۱۰ دنکے بعد ۱۵۰ آدمی چلے جائیں تو باقی
خوراک باقی آدمیوں کے لیئے کتنے دنوں کو کافی ہوگی

(۸۴) ۳٫۱۸۲ ایکڑ زمین کی چوتھائی حصہ کا محصول بحساب فی ایکڑ ۹۵٫۴۳ پونڈ کیا ہوگا

(۸۵) ایک پنساری نے دو ٹن ۳ ہنڈرڈ ویٹ ۳ کوارٹر اسباب ۱۲۰ پونڈ کو خریدا اور اوسکے
بار برداری میں ۵۰ شلنگ خرچ ہوئے تو فی ہنڈرڈ ویٹ کس قیمت کو فروخت کرے
کہ ۶۱ پونڈ ۵ شلنگ کا نفع حاصل ہو

(۸۶) اوس قطعہ زمین کا کتنا عرض ہے جسکا طول ۴۰½ گز ہے اور مساحت اوس
قطعہ زمین سے دوچند ہے جسکا طول ۱۴ ۵/۸ گز اور عرض ۱۳ ۲/۱۳ گز ہے

(۸۷) ۳٫۷۵ گز کپڑے کی قیمت ۳٫۸۲۵ پونڈ ہے تو ۳۸ گز ۲ کوارٹر ۳ نیل کی کیا قیمت ہوگی

(۸۸) ۴ گہوڑے اور ۶ گائین ملکر ایک خاص کہیت کی گہاس چرتے ہین اور ۲ گائے جسقدر گہاس چرتی ہین اوسیقدر ۹ گہوڑے چرتے ہین تو جس کہیت مین ۱۸ گہوڑے اور ۹ گائے چر سکین اوسے پہلے کہیت سے کیا نسبت ہوگی

(۸۹) و اکیلا ایک کہیت ۵ دنمین اور ب اکیلا ۶ دنمین کاٹتا ہے اور ہریک ۱۱ گہنٹہ ہر روز کام کرتا ہے تو بتاؤ دونو ملکر کتنے دنونمین ۱۰ گہنٹہ روز کام کرنیسے اوس کہیت کو کاٹین گے

ستہ متناسبہ

(۱۵۷) بہت سے سوالات اس قسم کے ہوتے ہین جس قسم کے اربعہ متناسبہ کے سوالات ہوتے ہین لیکن اگر اونکا جواب اربعہ متناسبہ کے قاعدہ سے نکالین تو دو یا زیادہ دفعہ قاعدہ کو کام مین لانا پڑتا ہے درحقیقت ہر ایک ایسا سوال دو یا تین اربعہ متناسبہ کے سوالون سے مرکب ہوتا ہے پس اگر ان سوالون مین سے ہر ایک سوال کا جواب اربعہ متناسبہ سے نکالین تو آخر سوال کا جواب اصل سوال کا جواب ہوگا

(۱۵۸) اوپر کے بیان کی توضیح اس مثال سے ہوتی ہے کہ اگر ۱۵ من بوجہ کا کرایہ ۱۰۰ میل کے واسطے ۵ روپئے ۵ ہو تو ۲ من بوجہ کا کرایہ ۱۶ میل کے واسطے کیا ہوگا

اگرچہ یہہ سوال اوسی قسم کا معلوم ہوتا ہے جس قسم کے سوالات اربعہ متناسبہ مین مذکور ہوچکے ہین لیکن اوسمین ایسی پیچیدگی اور دقت طالب علم کو ہوتی ہے کہ جبتک ہم اوس بات کو اچھی طرح توضیح کے ساتھہ نہ لکہین تو طالبعلم اربعہ متناسبہ کے قاعدہ کو ایکدفعہ عمل مین سوال کا جواب نہین نکال سکتے کیونکہ ہم دیکھتے ہین کہ بجاے تین مقادیر معلوم کے پانچ مقادیر معلوم ہین اور ضرور ان پانچون مین سے ہر ایک سوال کے جواب مین اپنا تصرف رکھتی ہے اسلئے اونمین سے ایک کو بہی فضول اور زائد نہین جانتے اب اگر سوال کو دو مختلف سوالون مین تقسیم کرین اور ہر سوال مین تین رقمین ایسی لین کہ جنسی تناسب بن سکے اور باقی مقادیر معلوم کو زائد جانین اور ہر ایک تناسب سے چوتہی مقدار کو معلوم کرین تو طالبعلم کو اون دونو

سوالون کا اربعہ متناسبہ سے حل کرنا دشوار نہین معلوم ہوگا اور وہ ایک دفعہ اربعۂ متناسبہ
کے قاعدہ کو کام مین لاکر ان دو سوالون مین سے ہر یک کا جواب حاصل کرے گا اور اسطرح
اربعہ متناسبہ کے قاعدہ کو دو دفعہ عمل مین لانے سے اصل سوال کا صحیح جواب اوسکو معلوم ہو جائیگا
اگر پہلا سوال اصل سوال سے یہہ بنایا جائے کہ ۱۵ من بوجہہ کا کرایہ ۱۷ میل کے واسطے
۵ روپیہ ۵ رہے تو ۲۱ من بوجہہ کا کرایہ ۱۷ میل کے واسطے کیا ہوگا اب یہان ۱۷ میل
کی رقم زائد ہے اور وہ جواب مین کچہہ اثر نہین رکہتی اسلئے کہ سوال کی دونو جزو مین فاصلہ
ایک ہی ہے اور سوال کے جواب مین کچہہ تغیر واقع نہین ہوگا اگر یہہ فاصلہ بدل دیا جائے اور
تعداد میلون کی کچہہ اور ہو یا میلونکی تعداد نہ بیان کیجائے بلکہ یہہ لکہا جائے کہ خاص
فاصلہ تو یہی رہے جواب نکلے گا اسلئے یہہ رقم زائد ہے اوسکو چہوڑ دو اور خیال نکرو
اب تین رقمین تناسب کی رہگئین اور چوتہی رقم دریافت کرنی ہے اربعہ متناسبہ کے
قاعدہ سے سوال کو حل کیا تو ۷ روپیہ ۷ جواب مین آئے اب دوسرا سوال یہہ بن
سکتا ہے کہ اگر ۲۱ من کا کرایہ ۱۷ میل کے واسطے ۷ روپیہ ۷ رہے تو ۲۱ من بوجہہ کا
کرایہ ۱۹ میل کے واسطے کیا ہوگا اب دلیل سابق کے موافق یہان رقم ۲۱ من کی
زاید ہے اسلئے اسے چہوڑ دو اور خیال نکرو اور سوال پر اربعہ متناسبہ کے قاعدہ سے عمل کرو
تو اب ۸ روپیہ حاصل ہونگے

اصل سوال سے جو ان دو سوالونکا تعلق ہے اوس سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ اربعہ متناسبہ کے
قاعدہ کو دو دفعہ کام مین لانے سے جو ۸ روپے حاصل ہوئے ہین وہ اصل سوال کا جواب ہے

(۱۸۹) اس سے بہی زیادہ پیچیدہ مثالین ہوتی ہین جنمین قاعدہ اربعہ متناسبہ کا متعدد
دفعہ کام مین لانا پڑتا ہے جب اصل جواب حاصل ہوتا ہے لیکن عملاً جو روزمرہ کام
مین سوالات آتے ہین اونمین فقط دو ہی دفعہ قاعدہ اربعۂ متناسبہ کی ضرورت کام مین
لانے کی پڑتی ہے اور سوال مذکور کی طرح اونمین پانچ مقادیر معلوم ہوتے ہین اور اون

وساطت سی چہوتھی مقدار مجہول دریافت کرنی ہوتی ہے

(۱۶۰) سنہ متناسبہ درحقیقت ایک مختصر ترکیب ایسی سوالات کے حل کرنی کی ہی کہ جنمین دو دفعہ اربعہ متناسبہ کے قاعدہ کا کام پڑتا ہے اور کبھی کبھی ایسے سوالات کے حل کرنے کے قاعدے کو قاعدہ مقادیر خمسہ بہی کہتی ہین اسلئی کہ اوسمین پانچ مقدارین معلوم ہوتی ہین غرض اکثر جو کام ایسے سوالات سے پڑتا ہی اونمین پانچ مقادیر معلوم ہوتی ہین اور چہٹی مقدار دریافت کرنی ہوتی ہے

(۱۶۱) آسانی کے لئے ہم سوال کو دو حصونمین تقسیم کرتے ہین اور اونمین سے ایک حصہ کا نام مفروض اور دوسرے کا نام مطلوب رکہتے ہین ۔ مفروض مین تو شرائط سوال کا بیان کرتے ہین اور مطلوب مین اوس جز کا بیان کرتے ہین جسکو معلوم ہونا مقصود ہے اس سوال مین کہ اگر ۱۵ من بوجہہ کا کرایہ ۱۷ میل پہنچانے کے واسطے ۵ روپیے ۵ رہو تو ۱۲ من بوجہہ کا کرایہ ۱۶ میل پہنچانیکے لئے کیا ہوگا

یہہ عبارت کہ اگر ۱۵ من کا کرایہ ۱۷ میل کے واسطے ۵ روپے ۵ رہو حصہ مفروض ہے اور یہہ عبارت کہ ۱۲ من کا کرایہ ۱۶ میل کے واسطے کیا ہوگا حصہ مطلوب ہے

اسطرح مطلوب اور مفروض کی اصطلاح مین فرق بتلا کر ہم قاعدہ بیان کرتے ہین

(۱۶۲) **قاعدہ** حصہ مفروض مین سی اوس مقدار کو جسکی نظیر ہمکو حصہ مطلوب مین معلوم کرنی منظور ہے اسطرح لکہو جسطرح اربعہ متناسبہ مین تیسری رقم کو لکہا کرتے ہو اب پہر حصہ مفروض کی مقادیر مین سے ایک مقدار کو اور اوسکی نظیر کو حصہ مطلوب مین سے لو اور ان دونو مقدارون کو بلحاظ رقم سوم کے دیکہو اور یہہ سمجہہ لو کہ اور مقادیر بالتقابل (مفروض اور مطلوب مین آپسمین برابر ہین) پس ان دو مقدارون سے بحیثیت سوال یہہ دیکہو کہ جواب تیسری رقم سی بڑا نکلے گا یا چہوٹا اگر بڑا نکلے تو ان دو مقدارونمین بڑی مقدار کو دوسری رقم بناؤ اور چہوٹی کو اول رقم اگر جواب چہوٹا نکلے تو چہوٹی مقدار کو دوسری رقم بناؤ اور بڑی

مقدار کو پہلی رقم

اب پھر مفروض اور مطلوب مین دو اور مقدارین بالتناظر لو اور تیسرے رقم سابق رہنے دو اور پہلی طرح سے جانچ کران دونو مقدارون مین سے ایک کو پہلی رقم اور دوسرے کو دوسرے رقم بناؤ

اگر مفروض اور مطلوب مین اور مقادیر ہون تو اونپر بھی پہلا ہی سا عمل کرو

اب ہر ایک سوال کی صورت بیانیہ مین ایک سوال ہی اول اور دوم رقم کو ایک جنس کے درجہ مین تحویل کرو اور اگر تیسری رقم ایک درجہ کی نہو تو اوسکو بھی ایک درجہ کی جنس بنالو

اب آگی عمل کرنیمین سب رقمون کو اعداد مجرد سمجھو

سب رقمون کو اپسمین ضرب دیکر آخری اول رقم اور پھر سب دوسرے رقمون کو اپسمین ضرب دیکر دوسری آخری رقم بناؤ اور تیسری رقم کو بدستور رہنے دو اور پھر اس آخر بیان مین دوم سوم رقمونکو اپسمین ضرب دیکر اول رقم پر تقسیم کرو تو خارج قسمت جواب سوال کا اوس جنس کے درجہ مین ہوگا جس درجہ مین کہ تیسری رقم ہے

انتباہ آخر بیان مین جو حاصل ہو اوسمین دفعہ ۱۵۵ کی تنبیہون کا خیال کہو اوس سے بڑا فائدہ ہوتا ہے

مثال ا اگر ایک سوداگر کو ۲۰۰۰ روپئے سے تجارت کرنے مین ۵۰ روپیہ کا فائدہ ۳ مہینہ مین ہو تو ۳۰۰۰ روپئے سے ۱۷۵ روپیہ کا فائدہ کتنی مدتمین ہوگا

اب مفروض مین ۳ مہینہ کی مقدار مطلوب مین مقدار مجہول کی نظیر ہے اسلئے ۳ مہینہ کو تیسری رقم بناؤ اور مفروض مین سی سرمایہ ۲۰۰۰ کا اور مطلوب مین سے سرمایہ ۳۰۰۰ روپیہ کا لو اور اوسکو بلحاظ تیسری رقم یعنے وقت کے دیکھو اب ہم خوب جانتے ہین کہ اگر سرمایہ کی مقدار زیادہ ہو تو نفع معین وقت معلوم مین جو حاصل ہوتا تہا وہ تہوڑے وقت مین حاصل ہوگا پس چوتہی رقم تیسری رقم سے کم ہوگی

اسواسطے ہم ۳۰۰۰ کو اول رقم اور ۲۰۰۰ کو دوسری رقم بناتے ہین
اب پھر ۵۰ روپیہ نفع کے مفروض مین ہی اور ۱۷۵ روپیہ نفع کے مطلوب مین ہے
پس اور بلحاظ تیسری رقم کے دیکھین تو ہمکو صاف معلوم ہوگا کہ سرمایہ معین سے زیادہ نفع
زیادہ وقت مین حاصل ہوتا ہے اسلیئے ۵۰ کو اول رقم اور ۱۷۵ کو دوسری رقم بناتے ہین
پس یہہ صورت بیانیہ سوال کے بن گئے

۳۰۰۰ روپیہ : ۲۰۰۰ } :: ۳ مہینہ
۵۰ روپیہ : ۱۷۵

اب بموجب قاعدے کے عمل کرنے سے یہہ نقشہ سوال کا بنتا ہے

$3000 \times 50 : 2000 \times 175 :: 3$

اور تعداد مار مطلوب کے $= \frac{3 \times 175 \times 2000}{50 \times 3000}$

$= \frac{175 \times 2}{50}$

$= \frac{175}{25} = 7$

پس جواب مطلوب ۷ مہینہ ہے

دلیل عمل مذکور

سوداگر کو ۳۰۰۰ روپیہ کے سرمایہ سے ۵۰ روپیہ ۳ مہینہ مین نفع حاصل ہوتا ہے
تو ہم اول اربعۂ تناسبہ سے یہہ دریافت کرتے ہین کہ اس سرمایہ سے ۱۷۵ روپیہ کتنی
دنون مین حاصل ہونگے

پس ۵۰ روپیہ : ۱۷۵ روپیہ :: ۳ مہینہ : وقت مطلوب

وقت مطلوب $= \left(\frac{175 \times 3 \text{ مہینہ}}{50}\right)$

اب چونکہ سوداگر ۲۰۰۰ روپیہ سے ۱۷۵ روپیہ $\left(\frac{3 \times 175}{50}\right)$ مہینے مین حاصل کرتا ہے
تو ہم کو قاعدہ اربعہ تناسبہ سے یہہ دریافت کرنا چاہئے کہ یہی فائدہ اوسکو ۳۰۰۰ روپیے
سے کتنے دنون مین حاصل ہوگا اور اسطرح ہمکو اصل سوال کا جواب حاصل ہوجائیگا

پس ۳۰۰۰ : ۲۰۰۰ :: $\frac{۳\times۱۷۵}{۵۰}$: وقت مطلوب

وقت مطلوب مہینون مین = ($\frac{۳\times۱۷۵}{۵۰}$ × ۲۰۰۰) ÷ ۳۰۰۰

$= \frac{۲۰۰۰\times۳\times۱۷۵}{۵۰} \div ۳۰۰۰$

$= \frac{۲۰۰۰\times۳\times۱۷۵}{۵۰} \times \frac{۱}{۳۰۰۰}$

$= \frac{۲۰۰۰\times۳\times۱۷۵}{۳۰۰۰\times۵۰}$

$= \frac{۱۷۵\times۳\times۲۰۰۰}{۵۰\times۳۰۰۰}$

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر سوال کے مقادیر معلوم کو اسطرح مرتب کرین

۳۰۰۰ روپیئے : ۲۰۰۰ روپیئے
۵۰ روپیئے : ۱۷۵ روپیئے } :: ۳ مہینہ

اور اعداد کو اعداد مجرد سمجھہ کر عمل کرین اور پہر اول دو رقمون کو ضرب دیکر اول رقم بنائین اور پہر دونو دوسری رقمون کو اسیمین ضرب دیکر اون سے ایک دوسرے رقم بنائین اور پہر دوسرے اور تیسری رقم کے حاصل ضرب کو اول رقم پر تقسیم کرین تو ہمکو جواب وسی جنس کے درجہ میز معلوم ہوگا جسمین کہ ہم نے تیسری رقم کو تحویل کیا ہے

سرمایہ ۲۰۰۰ روپیہ کا ۵۰ روپیہ کا فائدہ ۳ مہینہ مین پیدا کرتا ہے یا اسطرح پر

" ۱ روپیہ کا ۵۰ روپیہ کا فائدہ (۳×۲۰۰۰) مہینہ مین "

" ۱ روپیہ کا ۱ روپیہ " ($\frac{۲۰۰۰\times۳}{۵۰}$) مہینہ مین "

" ۲۰۰۰ روپیہ کا ۱ روپیہ " $\frac{۲۰۰۰\times۳}{۳۰۰۰\times۵۰}$ مہینہ مین "

" ۳۰۰۰ روپیہ کا ۱۷۵ روپیہ " ($\frac{۱۷۵\times۲۰۰۰\times۳}{۳۰۰۰\times۵۰}$) مہینہ مین

یعنے " ($\frac{۳\times۱۷۵\times۲۰۰۰}{۵۰\times۳۰۰۰}$) مہینہ مین

پس اگر ہم مقادیر معلوم کو اسطرح مرتب کرین

۳۰۰۰ روپیہ : ۲۰۰۰ روپیہ
۵۰ روپیہ : ۱۷۵ روپیہ } :: ۳ مہینہ

توہمکو جواب اسطرح حاصل ہوگا کہ دونو اول رقمونکو ضرب دیکر ایک اول رقم اور دو دوسرے رقمونکو آپس مین ضرب دیکر دوسری رقم بنائین اور پہر دوسری اور تیسری رقم کے حاصل ضرب کو اول رقم پر تقسیم کرین

مثال ۲ اگر ایک سوداگر ۲۰۰۰ روپیہ کے سرمایہ سے ۳ مہینہ مین ۵۰ روپیہ نفع کے حاصل کرتا ہے تو ۳۰۰۰ روپیہ کے سرمایہ سے ۷ مہینہ مین اوسکو کیا فائدہ حاصل ہوگا
حصہ مفروض مین ۵۰ روپیہ نظر اوس مقدار کی ہے جو حصہ مطلوب مین دریافت کرنی منظور ہے اسلئے ۵۰ روپیہ کو تیسری رقم بناؤ

اب مفروض مین سے ۲۰۰۰ روپیہ سرمایہ کے اور مطلوب مین سے ۳۰۰۰ روپیہ سرمایہ کے اور اونکو بلحاظ تیسری رقم کے جو فائدہ کی ہے دیکہا تو ہمکو معلوم ہوتا ہے کہ اگر مقدار سرمایہ کی زیادہ ہو تو وقت معلوم مین فائدہ بہی زیادہ ہوگا

پس چوتہی رقم تیسری رقم سے زیادہ ہوگی اسلئے ہم نے ۲۰۰۰ کو اول رقم بنایا اور ۳۰۰۰ کو دوسری رقم اب پہر ۳ مہینہ حصہ مفروض مین سے اور ۷ مہینہ حصہ مطلوب مین سے لئے اور اونکو بلحاظ تیسری رقم کے دیکہا تو ہمکو معلوم ہوتا ہے کہ اگر وقت بڑہ جائے تو سرمایہ معلوم سے نفع بہی بڑہ جائیگا اسواسطے ۳ مہینہ کو اول رقم بناؤ اور ۷ مہینہ کو دوسری رقم اب یہہ نقشہ سوال کا ہوگا کہ

۲۰۰۰ روپیہ : ۳۰۰۰ روپیہ
۳ م : ۷ م } :: ۵۰ روپیہ

قاعدہ مذکور کے موافق عمل کرنے سے ہمکو یہہ حاصل ہوتا ہے

۲۰۰۰×۳ : ۳۰۰۰×۷ :: ۵۰

اور نفع کے روپیون کی تعداد $= \frac{۵۰×۷×۳۰۰۰}{۳×۲۰۰۰}$

$= \frac{۵۰×۷×۳}{۳×۲} = ۲۵×۷ = ۱۷۵$

مثال ۳ اگر ۷ گہوڑے ۲۰ دنمین ۱۴۰ روپیہ کہاتے ہین تو ۷ دنمین ۲۸۰ روپیہ کتنے گہوڑے کہائین گے

اب مفروض مین ۷ گہوڑے ہین اور اوسکی مقابل مطلوب مین تعداد گہوڑونکی دریافت کرنے منظور ہے اسلئے ۷ گہوڑونکو تیسری رقم بناو اب مفروض مین ۲۰ دن اور مطلوب مین ۷ دن لئے اور اونکو بلحاظ تیسری رقم کے دیکھا تو ہمکو صاف معلوم ہوتا ہے کہ اگر تعداد دنون کی گہٹ جائے تو تعداد گہوڑونکی جو زر معین مین کہلائے پلائے جائین زیادہ ہونے چاہئیں اسلئے چوتہی رقم بہ نسبت تیسری رقم کے زیادہ ہوگی اسلئے ۷ دن کو اول رقم اور ۲۰ دنکو دوسری رقم بناو اور پہر مفروض مین سے ۱۴۰ روپیہ اور مطلوب مین سے ۲۸۰ روپیہ لئے اور اونکو بلحاظ تیسری رقم کے دیکھا تو ہمکو معلوم ہوتا ہے کہ اگر زر نقد زیادہ ہو تو وقت معین مین زیادہ گہوڑے کہلائے پلائے جا سکتے ہین

اسواسطے چوتہی رقم بڑی تیسری رقم سے ہے پس ۱۴۰ کو اول رقم اور ۲۸۰ کو دوسرے رقم بناو تو یہہ ترتیب سوال کی حاصل ہوگی

۷ دن : ۲۰ دن
۱۴۰ روپیہ : ۲۸۰ روپیہ } :: ۷ گہوڑے

اور قاعدہ مذکورہ کے موافق عمل کرنے سے یہہ حاصل ہوگا

۷ × ۱۴۰ : ۲۰ × ۲۸۰ :: ۷

پس تعداد مطلوب گہوڑونکی = $\frac{۷ \times ۲۸ \times ۲۰}{۱۴ \times ۷}$ = ۴۰

اسواسطے جواب ۴۰ گہوڑے ہین

مثال ۴ اگر ۱۵ر من گیہون بکتے ہون تو ۴ چہٹانک کی روٹی ۲ پائی کو بکتی ہے اگر ۱۲ چہٹانک کی روٹی ۴ پائی کو بکتی ہو تو بتاو گیہون کا کیا بہاو ہوگا

اب یہان قیمت گیہون کی فی من دریافت کرنی ہے اور اوسکی نظیر ۱۵ر مفروض کے

اندر ہے اسلئے اوسکو تیسری رقم بناؤ اب مفروض مین سی ۸ چھٹانک اور مطلوب مین سے ۱۲ چھٹانک لو اور اونکو بلحاظ رقم سوم کے دیکھو تو معلوم ہوگا کہ جتنی وزن روٹی قیمت معین مین آئیگی اوتنی ہی گیہون ارزان ہونگے اسلئے چوتھی رقم تیسری رقم سے چھوٹی ہوگی اسلئے ۱۲ چھٹانک کو اول رقم اور ۸ چھٹانک کو دوسرے رقم بناؤ اور مفروض مین سے ۶ پائی اور مطلوب مین سے ۴ پائی لین اور اونکو بلحاظ تیسری رقم کے دیکھا تو بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ جسقدر روٹی وزن معلوم کی قیمت کم ہوگی اوسیقدر گیہون کی قیمت فی من کم ہوگی اسلئے یہان بھی چوتھی رقم چھوٹی تیسرے رقم سے ہوگی اسواسطے ۶ پائی کو اول رقم اور ۴ پائی کو دوسری رقم بناؤ

بس یہہ نقشہ حساب یہہ حاصل ہوگا

۱۲ چھٹانک : ۸ چھٹانک
۶ پائی : ۴ پائی } :: ۱۵/

اور بموجب ہمارے قاعدہ کے یہہ حاصل ہوگا

۶×۱۲ : ۴×۸ :: ۱۵

بس قیمت مطلوبہ یہہ ہوگی کہ

$\frac{15\times4\times8}{6\times12}$ آنہ $=\frac{15\times8}{6\times3}$ آنہ $=\frac{5\times4}{3}$ آنہ $=$ ۶ آنہ ۸ پائی

مثال ۵ اگر ۲۰ آدمی ایک کام کو ۱۲ دن مین بناتے ہون تو کتنے آدمی اوس سے چند کام کو وقت کے ⅕ حصہ مین بنائینگے

اول کام آ سے تعبیر کرو تو دوسرا کام ۳ سے تعبیر ہوگا

مفروض مین ۲۰ آدمیونکی رقم تیسری رقم بنے گی اب مفروض مین پہلے کام کو آ سے اور مطلوب مین دوسرے کام کو ۳ سے تعبیر کرتے ہین

اور مفروض مین سے آ کام کو اور مطلوب مین سے ۳ کام کو لین تو ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اگر کام زیادہ ہوجائے تو وقت معین مین اوسکو بنانے کے واسطے زیادہ آدمی

درکار ہونگے اسواسطے چوتھی رقم تیسری رقم سے زیادہ ہوگی پس آ کو اول رقم اور ۳ کو
دوسری رقم بناؤ اب ۱۲ دنکو مفروض مین ہے اور $\frac{۲۴}{۵}$ کو مطلوب مین ہے لو تو ہمکو ظاہر
معلوم ہوتا ہے کہ اگر تعداد دنون کی کم ہوجائے تو معین کام کے بنانیکے واسطے آدمیونکی
تعداد زیادہ ہوگی اسواسطے $\frac{۲۴}{۵}$ دنکو اول رقم اور ۱۲ دنکو دوسری رقم بناؤ
پس یہہ نقشہ حسابیہ حاصل ہوگا

۱ : ۳
$\frac{۲۴}{۵}$ دن : ۱۲ دن } :: ۲۰ آدمی

اب بموجب ہمارے قاعدہ کے یہہ صورت حسابیہ حاصل ہوگی کہ

$$\frac{۲۰\times۱۲\times۳}{\frac{۲۴}{۵}} = \frac{۵\times۲۰\times۱۲\times۳}{۲۴} = ۳۰۰$$

مثال ۶ اگر ۲۵۲ آدمی ایک خندق ۲۱۰ گز لمبی اور ۳ گز چوڑی اور ۲ گز گہری ۵ دنمین
۱۱ گھنٹہ روز کام سے بناتے ہون تو ۹ گھنٹہ روز کام کرنے سے ۲۲ آدمی ۴۲۰ گز لمبی
۵ گز چوڑی ۳ گز گہری خندق کتنے دنونمین کھودینگے

اول رقم مین (۲۱۰×۳×۲) مکعب گز = ۱۲۶۰ مکعب گز
اور دوسری رقم مین (۴۲۰ گز×۵×۳) مکعب گز = ۶۳۰۰ مکعب گز

اسواسطے مفروض مین ۲۵۲ آدمی ۱۲۶۰ مکعب گز زمین ۵۵ گھنٹہ مین کھودینگے
اب ہمکو یہہ دریافت کرنا مطلوب ہے کہ ۲۲ آدمی ۶۳۰۰ مکعب گز کو کتنے گھنٹونمین کھودینگے
مقدار مجہول کی نظیر ۵۵ گھنٹہ ہین اسکو تیسری رقم بناؤ اور مفروض مین ۲۵۲ آدمی اور
مطلوب مین ۲۲ آدمی لو تو ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اگر تعداد آدمیونکی کم ہوجائے تو کام
کے گھنٹونکی تعداد ایک مقرری کام کے بنانیکے واسطے زیادہ ہونی چاہئے اسواسطے
۲۲ آدمیونکو اول رقم اور ۲۵۲ آدمیونکو دوسری رقم بناؤ اور اب ۱۲۶۰ مکعب گز
مفروض مین اور ۶۳۰۰ مکعب گز مطلوب مین لو تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ اگر کھدائی کے

مکعب گزونکی تعداد اور زیادہ ہو تو کام کے گھنٹونکی تعداد کام کے پورا بنانے کے لئے آدمیونکی تعداد معین کے واسطے زیادہ ہونی چاہئے اسلئے ۱۲۶۰ کو اول رقم اور ۶۳۰۰ کو دوم رقم بناؤ تو ہمکو یہہ نقشے حساب یہہ حاصل ہونگے کہ

۲۲ آدمیون : ۲۵۲ آدمیون } :: ۵۵ گھنٹہ
۱۲۶۰ مکعب گز : ۶۳۰۰ مکعب گز }

اب بموجب ہمارے قاعدہ کے یہہ ایک نقشہ حساب حاصل ہوگا

۱۲۶۰×۲۲ : ۶۳۰۰×۲۵۲ :: ۵۵ :

اسواسطے وقت مطلوب = ۵۵×۶۳۰۰×۲۵۲ / ۱۲۶۰×۲۲ کام کے گھنٹونکی

= ۵۵×۵×۲۵۲ / ۲۲ کام کے گھنٹونکی

= ۳۱۵۰ گھنٹون

= ۳۱۵۰ / ۹ دنونکی جنمین ۹ گھنٹہ کام ہو

= ۳۵۰ ایسے دنون کے

مثال اگر ۴ آدمی ۱۵ روپیہ کی مزدوری ۲۰ دنمین کرین تو ۱۳ روپیہ ۲ ر کی مزدوری ۷ دنمین کتنے آدمی کرینگے

۱۵ روپیہ : ۱۳ روپیہ ۲ ر } :: ۴ آدمی
۷ دن : ۲۰ دن }

بموجب قاعدہ کے ۱۳ روپیہ ۲ ر اور ۱۵ روپیہ دونو کی تحویل ایک درجہ کی جنس کیطرف کرنی چاہئے
۱۵ روپیہ = ۲۴۰ آنے اور ۱۳ روپئے ۲ آنے = ۲۱۰ آنے

۲۴۰ آنہ : ۲۱۰ آنے } :: ۴ آدمیون
۷ دن : ۲۰ دن }

اسی بموجب قاعدہ کے یہہ صورت بیانیہ حساب یہہ حاصل ہوتی ہے

$۷×۲۴۰ : ۲۰×۲۱۰ :: ۴$

اس واسطے تعداد مردمان مطلوب کی = $\frac{۴×۲۰×۲۱۰}{۷×۲۴۰}$

= $\frac{۲۱۰}{۷×۳}$ = ۱۰ ∴ جواب ۱۰ آدمی ہین

مثال ۸ اگر ۵۶۰ سلین ہون اور ہر سل ۱½ مربع فیٹ ہو اور اونسی ایک چبوترہ کا فرش بن جائے تو اوس سے دو چند چبوترہ کے فرش مین ۱۴ انچ لنبی اور ۹ انچ چوڑی سلین کتنی لگین گی

اب سطح ہر ایک پہلی سل کی = $(۱\frac{۱}{۲} × ۱\frac{۱}{۲})$ م فٹ = $(\frac{۳}{۲} × \frac{۳}{۲})$ م فٹ = $\frac{۹}{۴}$ م فٹ

اور سطح ہر ایک دوسرے سل کی = $(\frac{۱۴}{۱۲} × \frac{۹}{۱۲})$ م فٹ = $(\frac{۷}{۶} × \frac{۳}{۴})$ م فٹ = $\frac{۷}{۸}$ م فٹ

اب اگر پہلے چبوترہ کو ۱ سے تعبیر کرین تو دوسرے چبوترہ کو ۲ سے تعبیر کرینگے پس نقشہ حسابیہ یون ہوگا

$\left.\begin{matrix} \frac{۷}{۸}\ \text{م فیٹ} : \frac{۹}{۴}\ \text{م فٹ} \\ ۱ : ۲ \end{matrix}\right\}$ :: ۵۶۰ سلون

اور اسی بموجب ہمارے قاعدہ کے یہہ ایک نقشہ حسابیہ حاصل ہوگا کہ

$\frac{۷}{۸} : \frac{۹}{۴} × ۲ :: ۵۶۰$

پس اسلئے تعداد مطلوب سلون کی

$= (\frac{۹}{۴} × ۲ × ۵۶۰) ÷ \frac{۷}{۸}$

$= \frac{۹}{۲} × ۵۶۰ × \frac{۸}{۷} = \frac{۸×۵۶۰×۹}{۲×۷} = ۲۸۸۰$

مثال ۹ اگر ۱۰ توپین ۳ گولے ۵ منٹ مین چلاکر ۲۷۰ آدمیونکو ڈیڑہ گھنٹہ مین ہلاک کرتی ہین تو کتنی توپین ۵ گولے ۶ منٹ مین چلاکر ۵۰۰ آدمیونکو ایک گھنٹہ مین ہلاک کرین گے

اول ۱۰ توپین $\frac{۳}{۵}$ گولہ ایک منٹ مین چلاکر ۲۷۰ آدمیونکو $\frac{۳}{۲}$ گھنٹہ مین ہلاک کرتی ہین

اب یہہ دریافت کرنا مطلوب کہ کتنی توپین $\frac{۵}{۶}$ گولے ایک منٹ مین چلاکر ۵۰۰ آدمیونکو ۱ گھنٹہ مین ہلاک کرین گے

اب مفروض مین ۱۰ توپین مقدار مجہول کی نظیر ہین اسواسطے اوسکو تیسری رقم بناؤ ۳۲/۵ گولے مفروض مین اور ۵/۹ گولے مطلوب مین بالتناظر اب ہم دیکھتے ہین کہ اگر حصہ گولے کا جو ایک منٹ مین چہوڑا جاتا ہے زیادہ ہوجائے تو تعداد توپون کی قتل معین کے لئے کم ہونی چاہئے اسیواسطے ہم ۵/۹ کو اول رقم اور ۳۲/۵ کو دوسری رقم بناتے ہین اب ۲۷۰ آدمی مفروض مین اور ۵۰۰ آدمی مطلوب مین نا لو تو ہمکو معلوم ہی کہ اگر قتل ہونے والے آدمیونکے تعداد زیادہ ہو تو تعداد توپون کی بہی زیادہ ہونی چاہئے اسلئے ۲۷۰ کو اول رقم اور ۵۰۰ کو دوسری رقم بناؤ اور اب یہہ مفروض مین سی ۳/۲ گہنٹہ اور مطلوب مین سے اگہنٹہ لین تو ہم خیال کرتے ہین کہ اگر وہ وقت جسمین خاص آدمی قتل ہوتی ہین کم ہوجاسے تو تعداد توپون کی زیادہ ہونی چاہئے

اسواسطے ہم ایک گہنٹہ کو اول رقم اور ۳/۲ گہنٹہ کو دوسری رقم بناتے ہین تو ہمکو یہہ بنایات حسابیہ حاصل ہونگے

۵/۹ گولہ : ۳۲/۵ گولہ
۲۷۰ آدمی : ۵۰۰ آدمی } :: ۱۰ توپین
اگہنٹہ : ۳/۲ گہنٹہ

اس سے بموجب ہمارے قاعدہ کے یہہ ایک حساب کی صورت بیانیہ حاصل ہوگی کہ

۵/۹ × ۲۷۰ × اگہنٹہ : ۳۲/۵ × ۵۰۰ × ۳/۲ :: ۱۰

یعنی ۵ × ۴۵ : ۳ × ۵۰ × ۳ :: ۱۰

اسیواسطے تعداد مطلوبہ توپونکی = ۳ × ۵۰ × ۳ × ۱۰ / ۴ × ۵ × ۵ = ۲۰

مثال ایک قلعہ مین ۱۲۰۰ آدمی محصور ہین اور اون پاس خوراک اتنی ہی کہ اگر ہر شخص ہر روز ۱۸ چہٹانک کہاسے تو ۴۲ دن تک وہ کافی ہو - اب ۲۰۰ آدمی اور محصورین مین زیادہ ہوگئے تو بتاؤ ہر شخص کیا غذا کہی کہ سب ۴۵ دن تک

اوسی خوراک کو کہا ہین

۱۴۰۰ آدمی حصہ مطلوب مین داخل ہین اسلئے کہ سوال یہہ ہے کہ کیا ہر شخص خوراک
کہیے کہ محصورین کی تعداد ۱۴۰۰ ہوجاسے تو خوراک ۵۴ دن تک چلے
اب ہمارے قاعدہ کے موافق ۱۸ چہٹانک تیسری رقم ہی اب ۱۲۰۰ آدمیونکو مفروض مین
اور ۱۴۰۰ آدمیونکو مطلوب مین سے لین تو ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اگر آدمی زیادہ ہوجائین
تو ہر شخص کی غذا اس سبب سے کہ وہ معین خوراک ایک خاص وقت تک ختم ہو کم کرنی چاہیے
اسلئے ۱۴۰۰ کو اول رقم اور ۱۲۰۰ کو دوسری رقم بناؤ اب پہر مفروض مین سے
۴۲ دن اور مطلوب مین سے ۵۴ دن لو تو صاف معلوم ہی کہ اگر تعداد دنون کی
محصورین کے واسطے زیادہ ہوجائے تو ہر شخص کو اپنی غذا کم کرنی چاہیے
اسلئے ۵۴ کو اول رقم اور ۴۲ کو دوسری رقم بناؤ اسیواسطے یہہ بیانات حسابیہ حاصل ہونگے

۱۴۰۰ آدمیون : ۱۲۰۰ آدمیون } :: ۱۸ چہٹانک
۵۴ دنون : ۴۲ دنون

اس کی بموجب ہمارے قاعدہ کے یہہ ایک صورت بیانیہ حساب کی حاصل ہوگی کہ
۱۴۰۰ × ۵۴ : ۱۲۰۰ × ۴۲ :: ۱۸ :

∴ تعداد مطلوب = (۱۲۰۰ × ۴۲ × ۱۸) / (۵۴ × ۱۴۰۰) چہٹانک = ۱۲ چہٹانک

مثال ۱۱ اگر ۶ من ۲۲ سیر کا کرایہ ۶ میل کے لئے ۲۲ روپیہ ۸ر ہو تو ۳۵ روپیہ مین کتنا
بوجہہ ۱۲ میل پر جائیگا

۶ من ۲۲ سیر = ۲۶۲ سیر اور ۲۲ روپیہ ۸ر = ۳۶۰ر اور ۳۵ روپیہ = ۵۶۰ر
اب یہہ بیانات حسابیہ حاصل ہونگے

۱۲ میل : ۶ میل } :: ۲۶۲ سیر
۵۶۰ر : ۳۶۰ر

بموجب ہمارے قاعدہ کے یہہ حساب کی صورت بیانیہ حاصل ہوگی کہ

۳۹۰×۱۲ : ۷×۵۶۰ :: ۲۶۲

∴ تعداد مطلوب وزن = (۲۶۲×۵۶۰×۷)/(۳۹۰×۱۲) = ۲۳۷ ۲۰/۲۷ سیر

= ۲۳۷ سیر ۱۱ ۲۳/۲۷ چھٹانک = ۵ من ۳۷ سیر ۱۱ ۲۳/۲۷ چھٹانک

پس جواب ۵ من ۳۷ سیر ۱۱ ۲۳/۲۷ چھٹانک ہوا

اگر مقادیر کی تحویل سب سے ادنی درجہ کیطرف نکریں جسطرح اوپر کے عمل میں کی ہے تو اعلی درجہ کیطرف ادنی چیزوں کی تحویل ادنی درجہ کی جنس اعلی درجہ کی جنس کی کسر ہوگی - اب اسطرح کی ترکیب کو بھی دیکھو

کہ ۲۲ سیر = ۲۲/۴۰ من = ۱۱/۲۰ من اور ۸ آنہ = ۱/۲ روپیہ

۱۲ میل : ۷ میل
۴۲ ۱/۲ روپیہ : ۳۵ روپیہ } :: ۶ ۱۱/۲۰ من

۱۲×۴۲ ۱/۲ : ۷×۳۵ :: ۶ ۱۱/۲۰

یا ۱۲×۴۵/۲ : ۷×۳۵ :: ۱۳۱/۲۰

یا ۶×۴۵ : ۷×۳۵ :: ۱۳۱/۲۰

= (۱۳۱/۲۰×۳۵×۷)/(۴۵×۶) = (۱۳۱×۳۵×۷)/(۲۰×۴۵×۶) = (۱۳۱×۷×۷)/(۲۰×۹×۶) = ۶۴۱۹/۱۰۸۰ = ۵ ۱۰۱۹/۱۰۸۰

= ۵ من ۳۷ سیر ۸۰/۱۰۸ = ۵ من ۳۷ سیر ۱۱ ۲۳/۲۷ چھٹانک

امثلہ نمبری ۵۷

(۱) اگر ۲ آدمی ۶ بگہہ زمین کو ۱۲ گھنٹہ میں جوتیں تو کتنے آدمی ۱۵ بگہہ زمین کو ۱۴ گھنٹہ میں جوتیں گے

(۲) اگر تین آدمی ۱۵۰ روپیہ ۲۰ دن میں پیدا کریں تو کتنے آدمی ۱۵۰۷ روپیہ ۸ ۹ دن میں اوسی حساب سے پیدا کریں گے

(۳) اگر ۱۶ گھوڑے ۹۶ گٹھریاں گھاس کی ۴۲ دنمین کھائین تو کتنے دنو نمین ۷ گھوڑے ۴۴ گٹھریاں گھاس کی کھائین گے

(۴) اگر ۸ سو سپاہی ۵ بوری میدہ کی ۶ دنمین خرچ کرین تو کتنے سپاہی ۱۵ بوری ۲ دنمین خرچ کرینگے

(۵) اگر ۷ گٹھریاں گھاس کی ۶ گھوڑونکے لئے ۱۳ دن کے واسطے کافی ہون تو کتنی گٹھریاں ۸ گھوڑون کے لئے ۱۱ دنمین کافی ہونگی

(۶) ۱۲۸۰ بگہہ زمین ۱۶ گھوڑے ۸ دنمین جوتتے ہین تو کتنے بگہہ زمین ۱۲ گھوڑے ۵ دن مین جوتین گے

(۷) اگر ۱۱ ہنڈریڈ ویٹ کا کرایہ ۱۲ میل کے لئے ۱ پونڈ ۵ سینٹ ہو تو ۴۳ ہنڈریڈ ویٹ ۳ پونڈ کا وزن ۵ پونڈ ۲ فلورن ۵ سینٹ کے کرایہ مین کتنے دور پہنچ جائیگا

(۸) اگر ۱۱ من ۸ سیر اسباب کا کرایہ ۱۲۰ میل کے واسطے ۴۳ روپیہ ہو تو اوس سے نصف روپیہ مین کتنا وزن ۳۵ میل پر پہنچ جائیگا

(۹) اگر ۵ آدمیون نے ۱۱ مہینے کے سفر مین ۸ روپیہ ۱۲ پائی خرچ کئے ہون تو ۷ آدمی ۴ مہینہ مین کتنا خرچ کرین گے

(۱۰) اگر ۱۰۰۰ روپیہ کے سرمایہ سے ۱۰۰ روپیہ ۵ مہینہ مین نفع کے حاصل ہوتے ہون تو ۵ر۴۹ روپیہ نفع کے ۲۲۵ روپیہ سے کتنے دنون مین حاصل ہونگے

(۱۱) اگر ۷۳ روپیہ ۱۴ر ½۱ پائی ۳ گھوڑونکی پرورش مین ۷ مہینہ مین صرف ہون تو ۲ گھوڑون کی پرورش مین ۱۱ مہینہ مین کیا صرف ہوگا

(۱۲) ۶ من ۲۶ سیر اسباب ۱۹۰ میل ۳۸ روپیہ ۸ر مین جاتا ہے تو کتنا اسباب ۱۰۰ میل ۹۰ روپیے ۲ر۹ پائی مین جائیگا

(۱۳) اگر ایک آدمی ۳۲۴۵ ۵/۹ مربع گز زمین ایک گھنٹہ مین بو لیتا ہے تو کتنے مدت

میں ۰ آدمی ۱۶ ایکڑ زمین کو بو سکینگے

(۱۴) اگر ۲۰ آدمی ۳ ہفتہ میں ۹۰ روپیہ پیدا کرتے ہیں تو کتنے مدت میں ۱۲ آدمی ۱۵۰ روپیہ پیدا کرین گے

(۱۵) اگر ۲ من ۲۸½ سیر کا کرایہ ۵۲½ میل کے لئے ۸ روپیہ ۱۱ آنہ ۲ پائی ہو تو کتنا ۰ من کا کرایہ ۴۶½ میل کے لئے دینا پڑے گا

(۱۶) اگر ۱۰ آدمی ۱۲ بگیہ کھیت کو ۳ دنمین ۱۲ گھنٹہ ہر روز کام کرنے سے کاٹتے ہیں تو کتنے دنو نمین ۸ آدمی ۱۴½ بگیہ کھیت کو ۱۶ گھنٹہ روز کام کرنے سے کاٹین گے

(۱۷) اگر ۲۵ آدمی ایک کام کو ۲۴ دنمین ۸ گھنٹہ ہر روز کرنے سے ختم کرتے ہیں تو ہر روز کتنے گھنٹے ۳۰ آدمی ۱۶ دن کام کرین کہ وہ کام ختم ہوجائے

(۱۸) ۷۰ ایکڑ ۳ روڈ ۲ پول کھیت کا محصول ۳۹ پونڈ ۴ شلنگ ۷ پنس ہے تو ۱۲۶ ایکڑ ۲ روڈ ۲۳ پول زمین کا کیا محصول ہوگا اور پہلے کھیت کی ۱۶ ایکڑ کی قیمت برابر دوسرے کھیت کے ۷ ایکڑ کی قیمت ہے

(۱۹) اگر گیارہ جزکی ۱۵۰۰ کتابوں مین ۶۶ رم کاغذ کے لگتے ہوں تو پچیس پچیس جز کی ۵۰۰۰ کتابونکو کتنا کاغذ اوسی انداز کا لگے گا (ایک تختہ = ایک جز)

(۲۰) اگر ۵ آدمی ایک قائم الزاویہ کھیت کو جسکی لنبائی ۸ سو فیٹ اور چوڑائی ۷۰۰ فیٹ ہے ۱۴ گھنٹہ کے ۳½ دنمین کاٹ سکتے ہوں تو کتنے دنون مین ۱۲ گھنٹہ کے ۷ آدمی دوسرے کھیت کو جسکی لنبائی ۱۸۰۰ فیٹ اور چوڑائی ۹۶۰ فیٹ ہے کاٹین گے

(۲۱) ہزار آدمی ایک قلعہ مین محصور ہین اور اونکے پاس خوراک اتنی ہے کہ اگر ہر ایک آدمی ۱۶ چھٹانک کھائے تو ۵ ہفتہ تک کام چل جائے لیکن ۵۰۰ آدمی اونکی امداد کو اور آگئے اور ہر ایک آدمی نے اپنی خوراک ۶½ چھٹانک کے کرلی تو بتاؤ کتنی دنون تک خوراک کافی ہوگی

(۲۲) اگر ۲۰ راج ایک دیوار ۵۰ فیٹ لنبی ۲ فیٹ چوڑی ۱۴ فٹ اونچی ۱۲ دنمین ہر روز

۷ گھنٹے کام کرکے تیار کر لین تو ۶۰ راج ایک دیوار ۵۰۰ فیٹ لمبی ۴ فیٹ چوڑی ۱۴ فیٹ اونچی ۱۰ گھنٹے ہر روز کام کرنے سے کتنے دنون مین بنائین گے

(۲۳) اگر ۱۱ آدمی ایک کام کو ۲۴ دن مین کرین تو کتنے آدمی اسی کام کے ست گنے کام کو ۶ دن کے پانچوین حصہ مین کرین گے

(۲۴) اگر ۱۲۵ آدمی ۱۰۰ گز لمبی ۲۰ فٹ چوڑی ۴ فیٹ اونچی پشتی کو ۱۲ گھنٹہ ہر روز کام کرنے سے ۴ دن مین تیار کر لیتے ہین تو کتنے آدمی ۱۰۰۰ گز لمبے ۱۶ فیٹ چوڑی ۶ فٹ اونچے پشتی کو ۳ دن مین ۱۰ گھنٹہ روز کام کرنے سے تیار کرین گے

(۲۵) ایک پتھر ۱۲ فیٹ ۶ انچ لمبا اور ۶ فیٹ ۱۶ انچ چوڑا اور ۸ فیٹ ۳ انچ موٹا ہی اور ایک اور پتھر ۵ فیٹ لمبا ۳ فٹ ۹ انچ چوڑا ۲ فیٹ ۶ انچ موٹا وزن مین ۹۳ من ۲ سیر ہے تو بتاو پہلے پتھر کا وزن کیا ہوگا

(۲۶) اگر ۱۰۰ آدمی ۲۰۰ روپیہ کی شراب پی جائین اور شراب کی قیمت فی بوتل ۲ روپئے ۴ ہو تو بتاو اتنی ہی مدت مین کتنے آدمی ۷۲۰ روپیہ کی شراب پینگے اور شراب کی قیمت فی بوتل ۲ روپیہ ۹

(۲۷) اگر ۵ گھوڑی اتنا ہی دانہ کھاتی ہون جتنا کہ ۸ ٹٹو کھاتے ہین اور ۱۵ من چارہ ۱۲ ٹٹو ۴۶ دنمین کھاتے ہین تو بتاو کتنے دنون مین ۲۵ گھوڑے ۲۸ روپیہ ۲ من پر پرورش پائینگے اور ۱۲ من چارہ ہے

(۲۸) اگر ۱۸ انچ عرض کا کپڑا ۴۲ $\frac{1}{2}$ گز ۴ ۷ روپیہ ۱۰ ر ۲ پائی کا قیمت مین ہو تو اسی قسم کا کپڑا ایک گز عرض کا ۱۱۸ $\frac{1}{4}$ گز کتنے کو آیگا

(۲۹) ۱۰ اگز لمبی ۳ فیٹ چوڑی ۴ فیٹ گہری خندق ۵ دنمین ہر روز ۱۱ گھنٹہ کام کرکے ۲۴ آدمی کھودتے ہین اور دوسری خندق نصف آدمیون نے ۷ دن مین ہر روز ۹ گھنٹہ کام کرکے کھودی تو بتاو کتنے فٹ پانی دوسری کھائی مین سما سکتا ہے

(۳۰) اگر ۴ پنس کی روٹی کا وزن ۳۵ ر ۳ پونڈ جب ہو کہ گیہون کی قیمت فی

بشل ۵۰۷۵، ۴ شلنگ ہو تو ۴ ۱/۲ ۴ پونڈ کی روٹی کی قیمت جب کیا ہوگی کہ گیہون کی قیمت فی بشل ۴ر۱۳ شلنگ ہو

(۳۱) ۲۴ فیٹ گہری کنوی کی مساحت قاعدہ کی ۱۴ مربع فیٹ ہے اور اوسکی کہدائی مین ۳۰ روپیہ دئے گئے تو جس کنوی کی قاعدہ کے مساحت ۷ فیٹ × ۹ فیٹ ہو اور کہدائی مین اوسکے ۵ روپیہ دئے گئے ہون وہ کتنا گہرا ہوگا

(۳۲) ایک کاغذ کا عرض ۳/۴ گز اور قیمت فی گز ۲ ۱/۲ پنس ہے ایسا کاغذ ایک کمرہ کی ٹہنی مین ۳ پونڈ ۳ شلنگ ۱ ۱/۲ پنس کا صرف ہوتا ہے تو ۲ فیٹ عرض کا کاغذ جسکی قیمت فی گز ۴ پنس ہے کتنے کا صرف ہوگا

(۳۳) ۱۳۲۰ گز لنبا اور ۸۸۰ گز چوڑا کہیت ۷ آدمی ۱۶ دنمین نلاتے ہین تو بتاؤ کہ ۱۳۲۰ گز چوڑا کہیت کتنا لنبا ہو کہ اوسکو ۴ آدمی ۲۴ دن مین نلا سکین

(۳۴) ایک شہتیر ۱۶ فٹ لنبا اور ۲ ۱/۴ فٹ چوڑا اور ۸ انچ موٹا ۴۰۰ سیر وزن مین ہے تو ۳ ۱/۴ فیٹ چوڑا اور ۷ ۱/۲ انچ موٹا ۱۴۰۱ سیر شہتیر کتنا لنبا ہوگا

(۳۵) اگر ۱۲ بیل اور ۳۵ بہیڑین ۲۵۲ من ۳۲ سیر گہاس ۸ دنمین کہاتین تو ۹ بیل اور ۱۲ بہیڑین ایک مہینہ مین کتنی کی گہاس کہائینگی گہاس کی قیمت فی من ایک روپیہ ۸ رہے اور ۳ بیل اسقدر گہاس کہاتے ہین جسقدر کہ ۷ بہیڑین اور مہینہ کے ۲۸ دن شمار ہوتی ہین

(۳۶) اگر ایک آدمی اور ۲ عورتین ایک کام کو ۱۰ دنمین پورا بنائین تو کتنی مدت مین ۲ مرد اور ایک عورت اوس سے چوگنے کام کو بنائینگے اور مرد اور عورت کی کامون مین نسبت ۳ اور ۲ کی ہے

(۳۷) ایک آدمی ۲۲ر۱۴۲ میل ۴ ۱/۲ دنمین اوس موسم مین کہ دن ۱۶۴ر۱۰ گہنٹہ کا ہو سفر کرسکتا ہے تو بتاؤ ۴ر۵۰۵ میل سفر کتنی دنون مین اوس موسم کی اندر پورا کریگا کہ دن ۴ر۸ گہنٹہ کا ہے

(۳۸) جب گیہون ۷۵ر۲ روپیہ من فروخت ہوتے ہین تو ۱۴ کے روٹیون کا وزن ۷۵ر۲ سیر ہوتا ہے پس جب گیہون کی قیمت فی من ۲ر۱ روپیہ ہو تو ۹ر۰۶ سیر وزن روٹیون کے کتنے ہون

کی قیمت کیا ہوگی

(۴۹) انگلنڈ اور بلجیم مین اشیاء ضروریہ کی قیمت مین نسبت ۳ : ۵ کی ہی تو باوجود ۱۹ آدمیون کا کنبا ۱۵۶۰ گنی سالانہ خرچ کرکے انگلستان مین ارام سے گذارہ کرتا ہو تو بلجیم مین ۸ آدمیونکا کنبا ۷ ماہ تک کتنے پونڈ کہا کر ارام سے گزارہ کرینگے

سود

(۱۶۲) **تعریفات** جو روپیہ کسی خاص مدت کے لئے اور کسی خاص شرح پر قرض دیا جائے اور اس روپیہ کے استعمال کے عوض مین جو زر نقد ادا کیا جائے اوسے سود یا بیاج کہتے ہین

شرح سود اکثر سو روپیہ پر ٹہرتی ہی اور اوسکے ادا کرنے کی مدت اکثر مہینہ یا برس ہوتا ہے، جو روپیہ قرض دیا جاتا ہے اوسکو اصل یا مول کہتے ہین

۱۰۰ روپیہ کا سود جو ایک سال یا ایک ماہ مین دیا جائے اوسی سود فیصدی یا سود فی سیکڑہ کہتے اور اسی کا نام شرح سود ہے

اصل + سود کو مول بیاج یا اصل مع سود کہتے ہین

سود دو طرح کا ہوتا ہے ایک تو مفرد سود دوسرا سود در سود یا بیاج پر بیاج جب فقط اصل ہی پر سود لگتا ہے تو اوسکو مفرد سود کہتے ہین

جب اول مدت کی اخر مین سود قرضدار ادا نکرے بلکہ اوسکو وہ اپنی پاس رہنی دی اور پہلی اصل مین شامل کرکے ایک نئی اصل ٹہرائے اور پہر اس نئی اصل پر سود دوسری مدت کے لئے لگے اور پہر یہہ سود بہی ادا نہ کیا جائے بلکہ وہ رہنے دے اور پہر اخر اصل کے ساتہہ شامل کرکے نئی اصل بنائے اور علی ہذا القیاس تو اوسکو سود در سود یا بیاج پر بیاج یا سود مرکب کہتے ہین

مفرد سود

(۱۶۳) زر نقد کی جمع معلوم کا سود ایک سال کا بحساب شرح معلوم کے دریافت کرو

قاعدہ اصل کو شرح سود فیصدی مین ضرب دو اور حاصل ضرب کو ۱۰۰ پر موافق دفعہ ۱۴۶ کے تقسیم کرو

انتباہ اول معلوم سالون کا سود اسطرح دریافت ہوگا کہ ایک سال کے سود کو برسونکی تعداد مین ضرب دو اور ایکسال کے کسی حصہ کا سود حساب روزمرہ سے یا از بعہ تناسب کی وساطت سے ایکسال کے سود سے دریافت کرو

انتباہ دوم اگر سود کا حساب ایک تاریخ سے دوسری تاریخ تک لگایا جاے مثلاً ۳۰ جنوری سے ۷ فروری تک تو ۳۰ جنوری کو حساب مین نہین گنتے اور ۷ فروری کو حساب مین شمار کرتے ہین اسلئے کہ قرض لینے والا روپیہ کو ۳۱ جنوری سے کام مین لاتا ہے

انتباہ سوم اگر سود باج دونو دریافت کرنے ہون تو سود وقت معلوم کا دریافت کرکے اصل کے ساتھ جمع کرو حاصل جمع اصل مع سود ہے

مثال ۲۵۰ روپیہ کا سود ایکسال کا ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے دریافت کرو
قاعدہ کے موافق عمل کرنے سے

```
   ۲۵۰
     ۵
-------
۱۲،۵۰  روپیہ
    ۱۶
-------
 ۸،۰۰  آنہ
```

اسواسطے سود ۱۲ روپیہ ۸ر ہوا

دلیل عمل

ظاہر ہے کہ جمع ۱۰۰ روپیہ کی ۲۵۰ روپیہ سے وہی نسبت رکھی گی جو ۱۰۰ روپیہ کا مفرد سود ایکسال کا ۲۵۰ روپیہ کے مفرد سود ایکسال سے رکھتا ہے اسلئے ۱۰۰ روپیہ اور ۲۵۰ روپیہ اور ۱۰۰ روپیہ کے سود ایکسال اور سود مطلوب ان چارونسے ایک تناسب بموجب دفعہ ۱۴۸ کے بنتا ہے پس

۱۰۰ روپیہ : ۲۵۰ روپیہ :: ۵۰ روپیہ : سود مطلوب ہے

اسواسطے سود مطلوب = $\frac{۵۰\times۲۵۰}{۱۰۰}$ روپیہ بموجب دفعہ ۱۵۵ کے

اور یہہ بالکل مطابق قاعدہ مذکور کے ہے

مثال ۱ ۵۲۱ روپیہ ۱۱ آنہ ۹ پائی کا سود اور سود مع اصل ایک برس ۱۰ مہینہ کا $۴\frac{۳}{۸}$ فیصدی کے حساب سے کیا ہوگا

روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی
۵۲۱	۱۱	۹	۵۲۱	۱۱	۹
		۳			$۴\frac{۳}{۸}$
۸)۱۵۶۵	۳	۳	۲۰۸۶	۱۵	۰
۱۹۵	۱۰	$۴\frac{۵}{۸}$	۱۹۵	۱۰	$۴\frac{۵}{۸}$
			۲۲٫۸۲	۹	$۴\frac{۵}{۸}$
			۱۶		
			۱۳٫۲۱		
			۱۲		
			$۲٫۵۴\frac{۵}{۸}$		

		روپیہ	آنہ	پائی
∴ سود ایک برس کا	=	۲۲	۱۳	$۲\frac{۵۴\frac{۵}{۸}}{۱۰۰}$
	=	۲۲	۱۳	$۲\frac{۹۱}{۱۶۰}$
سود ۶ مہینہ کا یعنے $\frac{۱}{۲}$ ایک سال کا	=	۱۱	۶	$۰\frac{۹۱}{۳۲۰}$
سود ۴ مہینہ کا یعنی $\frac{۱}{۳}$ سال کا	=	۷	۹	$۸\frac{۱۳۷}{۱۶۰}$
∴ سود ایک سال ۱۰ مہینہ کا	=	۴۱	۱۳	$۹\frac{۲۲۷}{۳۲۰}$

∴ اصل مع سود = ۵۲۱ روپیہ ۱۱ آنہ ۹ پائی + ۴۱ روپیہ ۱۳ آنہ $۹\frac{۲۲۷}{۳۲۰}$ پائی

= ۵۶۳ روپیہ ۹ آنہ ۳ $\frac{۲۲۷}{۳۲۰}$ پائی

تنبیہ اوپر کی مثال میں ہم نے ۱۲ مہینہ کا سال شمار کیا ہے لیکن اگر ماہ ای تقویمی معلوم ہوں تو سود اربعہ متناسبہ کے ذریعہ سے دریافت کرنا مناسب ہوگا جیسا کہ مثال ذیل میں

مثال ۲ سود اور اصل مع سود ۱۳۳ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی کا ۱۵ جون $۱۸\frac{۴۳}{}$ع سے ۸ ستمبر ۱۸۴۳ع تک

۴½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے دریافت کرو

پائی	آنہ	روپیہ
۴	۵	۱۳۳
½۴		
۴	۵	۵۳۳
۶	۱۰	۶۶

اسواسطے سود ایک سال کا ۶ روپیہ ہوا

اور تعداد دنون کی ۱۵-جولائی سے ۸ ستمبر تک

$= ۱۵ + ۳۱ + ۳۱ + ۱۸$

$= ۹۵$

اس سے معلوم ہوا کہ ۳۶۵ دن : ۹۵ دن :: ۶ روپیہ : سود مطلوب سے

اس سے یہہ حاصل ہوگا کہ سود مطلوب = ۱ روپیہ ۸ / ۱۱ پائی

∴ اصل مع سود = ۱۳۳ روپیہ ۵ / ۴ پائی + ۱ روپیہ ۸ / ۱۱ پائی

= ۱۳۴ روپیہ ۱۴ / ۳ پائی

(۱۶۴) **تعریفات** سوداگر جو کسی کا مال بیچتے ہین یا کسیکے واسطے خریدتے ہین اپنی اس محنت کی عوض مین جو روپیہ لیتے ہین اوسے کمیشن کہتے ہین اور آڑہت بہی اسی قسم کی روپیہ کا نام ہے

دلالی دلالی اور کمیشن دونو ایک قسم کے چیزین ہین اکثر کمیشن کا لفظ انگریزی سوداگری سلطنت مین زیادہ مستعمل ہوتا ہے اور دلالی کا لفظ ہندوستانی بنج بیوپار مین بولا جاتا ہے جب کوئی شخص کسیکا سودا کسیکے ہاتہہ بکوا دیتا ہے تو وہ اپنی محنت کا حق بائع اور مشتری دونو سے یا ایک سے لیتا ہے اوسے دلالی کہتے ہین

اور اکثر ہندوستان مین یہہ بہی دستور ہے کہ جب امیر رئیس اسباب لیتے ہین تو اونکے نوکر چاکر فی روپیہ کچہہ اپنا بہی سودا بیچنی والے سے ٹہیرا لیتے ہین اوسکو دستوری کہتے ہین

ہمیشہ تجارت مین اسباب جو ایک جگہہ سے دوسری جگہہ لیجاتے ہین اونمین کبہی مال

کٹ جاتا ہے کبھی جل جاتا ہے کبھی ڈوب جاتا ہے اسلئے بعض ساہوکار اپنا پیشہ یہہ مقرر
کرتے ہین کہ اسکی جو کہون اپنے ذمہ لیتے ہین اور مالک سے کچھہ روپیہ اوسکے عوض مین
لے لیتے ہین اور بیمہ وعدہ کر لیتے ہین کہ اگر مال مین کسی قسم کی جو کہون آئی تو اوسکی نقصانکے
ذمہ وار ہم ہین اور اگر وہ تلف ہوجاوے تو مال کی قیمت ہم بہر دین

کمیشن دلالی اور بیمہ اور آڑت کا حق اکثر فیصدی ٹہرتا ہے اور اونکی مقدار اتنی ہی ہوتی
ہے جتنی کہ ایک سال کے مفرد سود کی بشرح معلوم زرنقد کی جمع معلوم پر ہوتی ہے
اسلئے جو قاعدہ سود مفرد نکالنے کا ہے وہی ان حقوق کے نکالنے کا ہے

ایک صورت بیمہ کی لکہنے کے قابل ہے اوسکی ایک مثال حل کرتے ہین

مثال ۱۲۰۰ روپیہ کے اسباب کا بیمہ ایک روپیہ ۸ر فیصدی کے حساب سے ہوا
تو بتاؤ مالک کتنے روپیہ کا بیمہ - بیمہ لکہنے والے سے لکہائی کہ اسباب کے تلف ہونی کی
صورت مین مالک اسباب کو اپنے مال کی قیمت اور زر بیمہ جو اوسنے دیا ہے وصول ہوجاوے
اگر مالک اسباب کا صرف قیمت اسباب کا بیمہ دیتا ہو تو اسباب کے تلف ہونے کی صورت مین
صرف قیمت اسباب کی پاتا اور جو روپیہ بیمہ کے لئے دیا تہا وہ کہو بیٹہا

لیکن اگر بابت اسباب (۱۰۰-۱ روپیہ ۸ر) یعنی ۹۸ روپیہ ۸ر کے واسطے ۱۰۰ روپیہ کا بیمہ
لکہائے تو مال کے تلف ہونیکی صورت مین قیمت اسباب ۹۸ روپیہ ۸ر اور بیمہ بنوائی کا روپیہ
۱ روپیہ ۸ر یعنے ۹۸ روپیہ ۸ر + ۱ روپیہ ۸ر اوسکو حاصل ہونگے

پس اس سے یہہ حاصل ہوا

۹۸½ : ۱۲۰۰ :: ۱۰۰ روپیہ : اوس جمع سے جسکا بیمہ ہوتا ہے

اس سے معلوم ہوا کہ جمع جسکا بیمہ ہوگا = ۱۲۱۸ روپیہ ۴ر ۴½ پائی کے قریب قریب ہے

امثلہ نمبری ۵۸

(۱) مفرد سود دریافت کرو

(۱) ۸۵ روپیہ کا ۱ سال مین ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۲) ۳۱۰ روپیہ کا ۱ سال مین ۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۳) ۱۰۰۰ روپیہ کا ۳ سال مین ۴ ½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۴) ۴۷۵ روپیہ کا ۳ سال مین ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۵) ۹۳۶ روپیہ ۱۱ آنہ ۳ پائی کا ۲ سال مین ۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۶) ۵۵۶ روپیہ ۱۳ آنہ ۴ پائی کا ۶ برس مین ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۷) ۹۲۵ روپیہ ۱۰ آنہ کا ۲ سال مین ۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۸) ۱۹۸ روپیہ ۶ آنہ ۸ پائی کا ایک سال مین ۳ ½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۹) ۲۳۶ روپیہ ۶ آنہ ۸ پائی کا ۲ ½ سال مین ۳ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۱۰) ۹۸۰ روپیہ ۱۵ آنہ ۱ پائی کا ½ سال مین ۲ ½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے

(۲) اصل مع سود دریافت کرو

(۱) ۱۰۰۰ روپیہ کا ۲ برس مین ۴ ¼ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۲) ۲۸۳۳ روپیہ ۶ آنہ ۹ پائی کا ۴ ½ برس مین ۳ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۳) ۱۰۵۰ پونڈ ۶ فلورنس ۲ سینٹ ۵ مل کا ۶ سال مین ۴ ½ فی سیکڑہ کے حساب سے
(۴) ۱۳۹ روپیہ ۱۲ آنہ ۶ پائی کا ۳ ½ سال مین ۵ ½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۵) ۸۹۵ گنی کا ۴ ¾ برس مین ۲ ¾ فیصدی کے حساب سے
(۶) ۱۵۳۴ روپیہ ۶ آنہ ۳ پائی کا ۱ ⅝ سال مین ۳ ¼ روپیہ فیصدی کے حساب سے
(۷) ۴۱۱ روپیہ ۱۰ آنہ کا ¼ سال مین ۴ ⅚ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے
(۸) ۱۵۹۵ پونڈ ۱ فلورن ۲ سینٹ ۵ ملس کا ۵ ¾ سال مین ۳ ¾ پونڈ سیکڑہ کے حساب سے

(۳) مفرد سود اور اصل مع سود دریافت کرو

(۱) ۳۷۵ روپیہ کا ۴ سال ۸ مہینہ مین ۲ ½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے

(۲) ۴۴۶ روپیہ کا ۳ سال ۳ مہینہ مین ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے

(۳) ۲۲۰ روپیہ کا ۷ مہینہ مین ۳ ۳/۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے

(۴) ۲۲۳ روپیہ ۱۰ ار کا ۲ سال ۵ مہینہ مین ۴ ۳/۴ فیصدی کے حساب سے

(۵) ۱۰ اگنی کا ۱۱۷ دن مین ۳ ۱/۲ پونڈ سیکڑہ کے حساب سے

(۶) ۴۶۸۴ روپیہ ۱۴ ار ۹ پائی کا ۱ سال ۱۱ مہینہ مین ۴ ۱/۸ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے

(۷) ۴۰ گنی کا ۱۶ مارچ ۱۸۶۸ء سے ۲۲ جنوری ۱۸۶۹ء تک ۳ ۱/۲ پونڈ سیکڑہ کے حساب

(۸) ۳۲۰ روپیہ ۱۵ ار کا ۲ سال ۳۵ دن مین ۴ ۲/۳ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے

(۹) ۳۴ روپیہ ۱ ار کا ۱۰ اگست لغایت ۲۱ اکتوبر ۴ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے

(۴) ۱۵۱۷ روپیہ ۱۲ ار ۶ پائی کی دلالی ۴ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے دریافت کرو

(۵) ۴۰۰۰ روپیہ کا اسباب ہے تو ۸ سیکڑہ کے حساب سے اوسکی بیمہ کرائی کیا دینی چاہیے

(۶) ۱۹۱۰ روپیہ کا اسباب ہے تو تباؤ ۴ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کتنے روپیہ کا بیمہ لکھا جائے کہ مال کے تلف ہونی کی صورت مین قیمت اسباب اور جو بیمہ کرائی مین دیا ہو وہ سب وصول ہوجائے

(۷) ۵۰۰ روپیہ کا اسباب ہے تو ۶ ۱/۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کسقدر روپیہ کا بیمہ کرایا جائے کہ مال کے تلف ہونی کی صورت مین قیمت اسباب اور جو روپیہ بیمہ کرانیکے واسطے دیا ہے وصول ہوجائے

(۱۶۵) سود کے تمام سوالات مین جب ان چار اصل اور شرح سود فیصدی اور مدت اور اصل مع سود مین سے تین معلوم ہوتے ہین تو چوتھا معلوم ہوجاتا ہی اب ہر ایک صورت کی مثال لکھتے ہین

مثال ۱ ۲۲۵ روپیہ کا اصل مع سود ۴ برس مین ۳ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے دریافت کرو کہ کیا ہے

روپیہ
۲۲۵
۴ ۱/۲
۹۰۰
۱۱۲ ۸
۱۰۱۲ ۸
۱۶
۱۴ ۱ ۰ ۰

∴ سود ایک سال کا = ۷ روپئے ۱۴ ر

" ۴ " = ۳۱ روپئے ۸ ر

∴ اصل مع سود ۲۲۵ روپئے + ۳۱ روپیہ ۸ ر = ۲۵۶ روپیہ ۸ ر کے

مثال ۲ ۲۲۵ روپیہ کا اصل مع سود ۲۵۶ روپیہ ۸ ر کتنی مدت مین ۴ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ہو جائیگا

۲۵۶ روپیہ ۸ ر - ۲۲۵ روپیہ = ۳۱ روپئے ۸ ر اب یہہ سود حاصل ہونا چاہئے کہ جس سے ۲۲۵ روپیہ کی اصل مع سود ۲۵۶ روپیہ ۸ ر ہو جائین لیکن سود ۲۲۵ روپیہ کا ایک سال مین ۷ روپیہ ۱۴ ر ہے

اب ۷ روپیہ ۱۴ ر کو ۳۱ روپیہ ۸ ر سے وہی نسبت ہونی چاہئے جو ایک سال کو ہے مدت مطلوب سے

∴ ۷ روپیہ ۱۴ ر : ۳۱ روپیہ ۸ ر :: ۱ سال : مدت مطلوب

اسیواسطے مدت مطلوب = ۴ سال

مثال ۳ ۲۲۵ روپیہ کی اصل مع سود ۲۵۶ روپیہ ۸ ر کس شرح سود سے ۴ سال مین ہو جائیگی

اب اوسکو یون بیان کرو کہ ۲۲۵ روپیہ کا سود ۳۱ روپیہ ۸ ر چار سال مین حاصل ہوتا ہے یعنے ۳۱ روپیہ ۸ ر / ۴ یعنے ۷ روپیہ ۱۴ ر ایک سال مین سود ہوا

∴ ۲۲۵ روپیہ : ۱۰۰ روپیہ :: ۷ روپیہ ۱۴ ر : سود کی شرح مطلوب

∴ شرح سود = ۳ ۱/۲

مثال ۴ ۲۵۶ روپیہ ۸ / مول بیاج کے کتنے روپیہ سے ۴ سال مین ۳ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ سود کے حساب سے حاصل ہو سکتے ہین

۴ برس مین ۳ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ۱۰۰ + (۳ ۱/۲ × ۴) روپیہ یعنی ۱۱۴ روپیہ، اب اس ۱۱۴ روپیہ کو ۲۵۶ روپیہ ۸ / سے وہ نسبت ہونی چاہئی جو ۱۰۰ روپیہ کو ہے زر مطلوب سے

∴ ۱۱۴ روپیہ : ۲۵۶ ۱/۲ روپیہ :: ۱۰۰ روپیہ : زر مطلوب

اس سے معلوم ہوا کہ زر مطلوب = ۲۲۵ روپیہ

امثلہ نمبری ۵۹

(۱) ۱۹۸ روپیہ کا مول بیاج ۴ برس مین ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کیا ہوگا

(۲) ۴۷۵ روپیہ کی ۹۱۸ روپیہ مول بیاج کے ۹ سال مین کس شرح سود سے ہونگے

(۳) ۳۵۰ پونڈ کے مول بیاج ۴۰۲ پونڈ ۵ فلورن ۳ پونڈ سیکڑہ کے حساب سے کتنی مدت مین ہوگا

(۴) ۴۰۷ روپیہ ۴ / ۸ پائی کا مول بیاج ۴۶۷ روپیہ ۱۳ / ۱/۳ پائی ۳ ۱/۲ سال مین کس شرح سود سے ہوگا

(۵) ۱۷۸ روپیہ ۲ / کا مول بیاج ۲۸۴ روپیہ ۱ / ۹ پائی ۳ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کتنی مدت مین ہوگا

(۶) ۱۸۰ روپیہ ۳ / ۴ پائی کا مول بیاج ۲۷۰ روپیہ ۱۲ / ۳ پائی ۲۵ برس مین کس شرح سے ہوگا

(۷) ۷۰ روپیہ ۱۴ / سود کے ۲ ۱/۴ سال مین ۴ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کتنے روپیہ سے حاصل ہونگے

(۸) ۳ ۱/۲ برس مین ۴ ۱/۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے مول بیاج کتنے روپیہ کا ۱۳۱ روپیہ ۱۰ / ۱/۲ پائی ہوگا

(۹) ۴۸۴ روپیہ ۳ ر ۷ ½ پائی کتنے روپیہ کا مول بیاج ۳ سال مین ۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ہوگا

(۱۰) ۱۵۹۴ روپیہ ۱۲ ر کا مول بیاج ۱۹۳۷ روپیہ ۱ ر ۴ پائی ۳ ⅘ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کتنی مدت مین ہوگا

(۱۱) ۱۱۷۰ روپیہ ۱۳ ر ۴ پائی کا مول بیاج ۱۴۴۶ روپیہ ۱۱ ر ۴½ پائی ۴ ⅚ برس مین کس شرح سود سے ہوگا

(۱۲) ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ۱۲۵ روپیہ کتنے دنون مین دوگنی ہوجائین گے

(۱۳) کتنے روپیہ کا مول بیاج ۵۳۲ روپیہ ۷ ر ۴ ⅘ پائی ۱۰ سال مین ۳½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ہوگا اور پھر کتنے برسون کے بعد مول بیاج ۵۶۶ روپیہ ۱۵ ر ۷ پائی حاصل ہوگا

(۱۴) ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کس اصل کا سود ۴ برس مین وہی ہوگا جو ۲۵۰ روپیہ کا سود ۳ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ۶ برس مین ہوتا

(سود سالیانہ تمام مثالون مین بیان کیا گیا ہے)

سود در سود

(۱۴۶) ایک زر نقد کی جمع معلوم کا سود در سود بشرح معلوم مدت معلوم کر اندر دریافت کرو

قاعدہ ہر سال کے آخر مین سود اوس سال کا جو دفعہ ۱۴۳ کے بموجب دریافت ہو اوس اصل پر کہ ابتداء سال مین ہو زیادہ کرو اور حاصل جمع کو سال مابعد کے لئے اصل قرار دیکر پھر پہلی طرح سود نکال کر زیادہ کرو اور یہی عمل جتنی دفعہ سوال مین ضرورت ہو کرو اور جو سود اسطرح حاصل ہوئے ہون اونکو جمع کرو تو حاصل سود در سود مطلوب مدت معلوم کے واسطے ہوگا

قاعدہ کی دلیل وہی ہے جو دفعات ۱۴۲ اور ۱۴۳ مین مذکور ہوئے۔

مثال ۲۰۷ روپیہ کا ۳ سال مین ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے سود در سود دریافت کرو

ایک سال کا مفرد سود دریافت کیا تو

۷۲۰ روپیہ
۵
۳۶ | ۰۰ روپیے

۷۲۰ روپیے = پہلے سال کی اصل کے
۳۶ روپیہ = ایضاً سود کے

۷۵۶ روپیہ = دوسرے سال کے اصل کے۔ اب اوسکا سود ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے دریافت کرد
۵
۳۷ | ۸۰ روپیہ
۱۶
۱۲ | ۸۰
۱۲
۹ | ۶۰

۷۵۶ روپیہ = دوسرے سال کی اصل کے
۳۷ روپیہ ۱۲ ر ۹ ۳/۵ پائی = دوسرے سال کی سود کے
۷۹۳ روپیہ ۱۲ ر ۹ ۳/۵ پائی = تیسرے سال کی اصل کے جسکا سود دریافت کیا
۵
۳۹ | ۶۹
۱۶
۱۱ | ۰۴
۱۲
| ۴۸

۷۹۳ روپیہ ۱۲ ر ۹ ۳/۵ پائی = اصل سال سوم کے
۳۹ روپیہ ۱۱ ر ۱۲/۲۵ پائی تقریباً = سود سال سوم کے

۸۳۲ روپیہ ۷ ر ۱۰ ۲/۲۵ پائی = ۷۲۰ روپیہ کے سول بیاج کے حساب سود درسود کے
سود درسود کے حساب سے بیاج = سالوں کے سود کے مجموعہ
= ۳۶ روپیہ + ۳۷ روپیہ ۱۲ ر ۹ ۳/۵ پائی + ۳۹ روپیہ ۱۱ ر ۱۲/۲۵ پائی
= ۱۱۳ روپیہ ۷ ر ۱۰ ۲/۲۵ پائی

تنبیہ اول یہہ دستور کی بات ہی کہ اگر سود درسود کتنے ایک پورے برسونکا اور برس کے کسی حصہ کا دریافت کرنا ہو۔ مثلاً ۵ ۳/۴ سال کا تو یہہ طریقہ ہی کہ آخر سال کا سود دریافت

سود کرکے اوسکے ۔۔ سے لینگے

تنبیہ دوم اگر سود ششماہی یا سہ ماہی یا ماہوار حساب لوصول ہو تو ظاہر ہے کہ سود در سود کے حساب سے بیاج کسی زر نقد کی جمع معلوم کا کسی مدت معلوم مین اتنا بڑہ جائیگا جتنا کہ بمعاد معین زر سود کے ادا کرنیکی قلیل ہوگی مگر مفرد سود مین ناکچھ بھی فرق نہین آئیگا

تنبیہ سوم سود در سود کا حساب بکسر عام کی صورت مین کیسی دقت سے تمام ہوتا ہے اسلئے کسور عشاریہ کا استعمال انسب ہے اوسکی ایک مثال نیچے لکھتے ہین

مثال ۴۲۵ روپیہ کا سود در سود ۳ برس مین ۴ ½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے بتلاؤ

اصل سال اول ۴۲۵

۰۴۵

۳۱۲۵

۲۵۰۰ ۔ سود سال اول

۲۸،۱۲۵

۴۲۵ اصل سال دوم کے واسطے

۴۵۳،۱۲۵

۰۴۵

۳۲۴۵۴۲۵

۲۴۱۲۵۰۰ روپیہ سود سال دوم

۲۹،۳۹۰۴۲۵

۴۵۳،۱۲۵ روپیہ اصل سال سوم

۴۸۲،۵۱۵۴۲۵

۰۴۵

۳۴۱۲۵۶۸۱۲۵

۲۶۳۰۰۴۲۵۰۰ سود سال سوم مین

۳۰،۶۱۳۲۰۳۱۲۵

۴۸۲،۵۱۵۴۲۵

۶۱۳،۲۲۸۸۲۸۱۲۵

۱۶

۳۶۴۴۱۲۵۰۰۰

۶۳۴۳۵۰۰۲ پائی

∴ اصل مع سود = ۶۱۳ روپیہ ۳ ر ۶ $\frac{186}{200}$ پائی

انبساطی ۴۰

(۱) ۲۰۰۰ روپیہ کا سود در سود ۲ سال مین ۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے بتلاؤ

(۲) ۸۰۰ روپیہ کا مول بیاج سود در سود سے ۳ برس مین ۳ ۱/۳ روپیہ سیکڑہ سے دریافت کرو

(۳) ۲۷۰ روپیہ کا سود در سود ۲ سال مین ۳ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے بتلاؤ

(۴) ۶۰۰ روپیہ کا مول بیاج سود در سود کے حساب سے ۳ برس مین ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے بتاؤ

(۵) ۲۳۰ روپیہ ۱۲/ کا مول بیاج ۳ سال مین ۴ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے بتاؤ

(۶) ۴۱۵ روپیہ ۱۰/ کا مول بیاج ۲ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ پر ۴ سال مین مفرد سود کے حساب سے
اور سود در سود کے حساب سے کیا کیا ہوگا اور اونمین فرق کسقدر ہوگا

(۷) ۱۳۰ روپیہ کا سود در سود ۳ سال کا ۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے دریافت کرو
اور سود ششماہی ادا ہوتا ہے

(۸) ۱۶۷۰ روپیہ ۸/ کا مول بیاج ۲ ۱/۲ برس مین سود در سود کے حساب سے ۴ روپیہ سیکڑہ پر کیا ہوگا

(۹) ایک شخص ۲۳۰ روپیہ ہر سال کے آخر مین بڑھاتا جاتا ہے اور ۳ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ سود بحساب
سود در سود کے لیتا ہے تو بتاؤ ۳ سال کے آخر مین اوس پاس کتنا روپیہ ہوگا

(۱۰) ۴۱۶ پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پنس کا ۲ برس مین ۲ ۱/۲ پونڈ سیکڑہ سے مفرد سود اور سود در سود
کا کتنا فرق ہوگا

(۱۱) ۱۲۳۴۳ روپیہ ۵/ ۴ پائی کا سود اور سود در سود ۵ برس مین ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کیا ہوگا

(۱۲) ۱۸۰ روپیہ کا مول بیاج ۳ سال مین ۴ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے بموجب سود
در سود کے کیا ہوگا

(۱۳) بتاؤ کتنا روپیہ سود در سود پر ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے دیا جائے کہ ۲ سال
مین ۱۰۰ روپیہ مول بیاج کے ہوجائین

(۱۴) بتاؤ کتنا روپیہ سود در سود پر ۵ روپیہ سیکڑہ پر دیا جائے کہ دو سال مین

۲۶۴ روپیہ مول بیاج کے حاصل ہون

(۱۵) موہن اور سوہن مین سے ہر ایک نے ۲۵۶ روپیہ ۳ سال کے لئے ۴ ½ روپیہ سیکڑہ پر سود پر دئے ایک مفرد سود اور دوسرا سود در سود لیتا ہے تو بتاؤ ان دونو آدمیونکو جو سود حاصل ہوگا اون مین کیا فرق ہوگا

قیمت نقد و مستی کاٹا یا بٹا

(۱۶۷) فرض کرو کہ عمر کو زید کے ۵۰۰ روپیہ دینے ہین جو آج سے ۹ مہینہ کے بعد واجب الادا ہونگے صاف ظاہر ہے کہ اگر قرضہ ابھی عمر ادا کرے (اور کچھہ سود مثلاً ۴ روپیہ سیکڑہ سالانہ معمولی ہو) تو زید کو ۵۰۰ روپیہ سے کچھہ کم روپئے ملنے چاہئے اور اتنے کم روپیہ چاہئے کہ جو روپیہ اوسکو ملے اوسکو اگر ۴ روپیہ سیکڑہ سود سالانہ پر ابھی سے دیدے تو ۹ مہینہ کے خاتمہ پر ۵۰۰ روپیہ حاصل ہو جائین پس جو روپیہ اسوقت زید کو ملنا چاہئے اوسکو قیمت نقد یا قیمت حال ۵۰۰ روپیہ کے جو ۹ مہینہ کے بعد واجب الادا ہونے کہتے ہین اور جو روپیہ بسبب سردست ادا کرنے کے ۵۰۰ روپیہ سے کم کیا جائے وہ درحقیقت ۵۰۰ روپیہ کی قیمت نقد کا سود ہوتا ہے اوسے بٹا یا زر مستی کاٹا یا زر کٹوتی اون ۵۰۰ روپیہ کا جو ۹ مہینہ پیشتر ادا کیا گیا ہے کہتے ہین

حدود اسیواسطے قیمت نقد یا قیمت حال روپیہ کی جو کسی شرح سود پر بعد کسی عرصہ کے واجب الادا ہوتا زمانہ حال کے نفس الامری قیمت ہے اور اسی قیمت نقد کا سود جو کٹوتی کاٹنے کے وقت سے لیکر اوسوقت تک کہ رقم واجب الادا ہو شمار کیا جاوے تو اوسے کٹوتی یا بٹا یا مستی کاٹا رقم مذکور کا کہتے ہین

قیمت نقد یا قیمت حال

(۱۶۸) **قاعدہ** سو روپیہ کا سود میعاد معین کا موافق شرح معین فی صدی کے دریافت کرو اور پہر اسطرح کی صورت بیانیہ بناؤ

۱۰۰ روپیہ + ۱۰۰ کا سود میعاد معینہ کا بشرح معین فیصدی : رقم معلوم :: ۱۰۰ : قیمت نقد

مثال ۱ قیمت نقد ۵۰۰ روپیہ کی جو ۹ مہینہ کے بعد واجب الادا ہوتے ۴ روپیہ سیکڑہ سالیانہ کے حساب سے دریافت کرو

قاعدہ مذکور کے موافق عمل کیا تو

اس سبب سے کہ ۱۰۰ روپیہ کا سود ۹ مہینہ مین ۴ روپیہ سیکڑہ سالانہ کے حساب سے ۳ روپیہ ہوتا ہے

∴ ۱۰۳ روپیہ : ۵۰۰ روپیہ :: ۱۰۰ : قیمت نقد مطلوب

اس سے معلوم ہوا کہ قیمت نقد = ۴۸۵ روپیہ ۶ ؍ ۱۱ $\frac{۹۱}{۱۰۳}$ پائی

وجہ عمل چونکہ ۱۰۰ روپیہ ۴ روپیہ سیکڑہ سالانہ سود کے حساب سے ۹ مہینہ مین ۱۰۳ روپیہ بڑہ کر ہوجاتے ہین اسلئے قیمت نقد ۱۰۳ روپیہ کی جو ۹ مہینہ بعد واجب الادا ہین ۱۰۰ روپیہ ہونگے اور اسیواسطے بموجب قاعدۂ اربعہ متناسبہ کے یہہ حاصل ہوگا

قرض اول : قرض دوم :: اول کے قیمت نقد : دوم کی قیمت نقد

مثال ۲ ۸۳۸ روپیہ اب سے ۱۹ مہینہ بعد واجب الادا ہونگے اور سود بحساب ۳ روپیہ سیکڑہ سالیانہ ہے تو اوسکی قیمت نقد کیا ہے

چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا سود ۱۹ مہینہ مین ۳ روپیہ سیکڑہ سالیانہ کے حساب سے

= ($\frac{۱۹}{۱۲}$ × ۳) روپیہ = $\frac{۱۹}{۴}$ روپیہ = ۴ $\frac{۳}{۴}$ روپیہ

∴ ۱۰۴ $\frac{۳}{۴}$ روپیہ : ۸۳۸ :: ۱۰۰ روپیہ : قیمت نقد مطلوب

اس سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ قیمت نقد = ۸۰۰ روپیہ

مثال ۳ ایک شخص کو وصیت نامہ کی بموجب ۱۰۰۰ روپیہ اکیسوین سال ملتے لیکن اگر وہ اپنی عمر کے سولہوین سال مین روپیہ کو لے اور ۴ روپیہ سیکڑہ سود سالیانہ محسوب ہو تو بتاؤ اوسکو کتنا روپیہ مل سکتا ہے چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا سول بیاج پانچ برس کے عرصہ مین چار روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ۱۲۰ روپیہ ہوتا ہے تو قیمت نقد ۱۲۰ روپیہ کی جو ۵ برس بعد واجب الادا ہوتی موافق اوس شرح سود کے ۱۰۰ روپیہ ہوتے ہین

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲۰ روپیہ : ۱۰۰۰ روپیہ :: ۱۰۰ روپیہ : قیمت مطلوبہ
اس سے معلوم ہوا کہ قیمت مطلوبہ = ۸۳۳ روپیہ ۵ ر ۴ پائی

مِتی کاٹنا یا بٹا

(۱۶۹) **قاعدہ اول** ۱۰۰ روپیہ کا سود میعاد معینہ کے لئے بشرح سود معینہ فیصدی سالانہ کے دریافت کرو اور پھر یہہ صورت بنایئہ بناؤ کہ ۱۰۰ روپیہ + سود مدت مفروضہ کا بشرح سود مقررہ فیصدی : رقم مفروضہ :: سود ۱۰۰ روپیہ مدت مفروضہ کے لئے بشرح سود مفروضہ فیصدی : کٹوتی مطلوب

مثال ۱ ۵۰۰ روپیہ ۹ مہینہ بعد واجب الادا ہوتی تو اوسکی کٹوتی بحساب ۴ روپیہ سیکڑہ کے دریافت کرو

بموجب قاعدہ کے عمل کیا تو
سود ۱۰۰ روپیہ کا ۹ مہینہ مین بحساب ۴ روپیہ سیکڑہ سود کے = ۳ روپیہ
∴ ۱۰۳ : ۵۰۰ :: ۳ : کٹوتی مطلوب

اس سے یہہ معلوم ہوا کہ کٹوتی = ۱۴ روپیہ ۹ ر $3\frac{12}{103}$ پائی

عمل مذکور کی دلیل ظاہر ہے کہ سود ۹ مہینہ کا ۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ۱۰۰ روپیہ کا ۳ روپیہ ہوتا ہے اسلئے قیمت نقد ۱۰۳ روپیہ کی جو ۹ مہینہ بعد واجب الادا ہوتی ۱۰۰ روپیہ ہے اسلئے یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

قرض اول : قرض دوم :: قرض اول کی کٹوتی کو : قرض دوم کی کٹوتی ہے

مثال ۲ ۱۰۰۰ روپیہ ۱۵ مہینے کے بعد ۵ روپیہ فیصدی کی شرح سے واجب الادا ہوتی تو اوسکی کٹوتی کیا ہوگی

سود ۱۰۰ روپیہ کا ۱۵ مہینہ مین ۵ روپیہ سیکڑہ کی شرح = $6\frac{1}{4}$ روپیہ کے
∴ ۱۰۶ روپیہ ۴ ر : ۱۰۰۰ روپیہ :: ۶ روپیہ ۴ ر : کٹوتی مطلوب

∴ کٹوتی مطلوب = ۵۸ روپیہ ۱۳ آنہ ۲ $\frac{1}{2}$ پائی

مثال ۳ ۔ ۱۲۷ پونڈ ۲ شلنگ کی کٹوتی $\frac{1}{2}$ سال مین ۵ پونڈ فیصدی شرح پر بتاؤ

۱۰۰ $\frac{5}{2}$ پونڈ : ۱۲۷ $\frac{1}{10}$ پونڈ :: $\frac{5}{2}$ پونڈ : کٹوتی مطلوب

اس سے معلوم ہوا کہ کٹوتی مطلوب = ۳ پونڈ ۲ شلنگ

تنبیہ اول متی کاٹا = رقم مفروضہ منفی قیمت نقد اور قیمت نقد برابر رقم مفروض منفی متی کاٹا

تنبیہ دوم صراف اور تاجر ہنڈوی کے متی کاٹنے مین بجائے کٹوتی کے سود لیتے ہین ۔ مثلاً سوہن پر موہن کے ہنڈوی ۱۰۰ روپیہ کی ۱۲ مہینہ کے بعد واجب الادا تہی تو رواج اکثر یون ہے کہ اگر سود ۵ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہو اور موہن اپنا روپیہ لے تو ۵ روپیہ بجاے ۱۰۰ اے گا اور ۵ روپیہ چہوڑ دیگا اب ۹۵ روپیہ کو اگر ۵ روپیہ سیکڑہ پر سودی دے تو ۱۰۰ روپیہ اوسکو سال بہر مین حاصل نہ ہونگے اسطرح معاملہ کرنے مین سوہن کو فائدہ رہا لیکن جو نفع واجب الادا انہا ہونا چاہیے تہا وہ ۵ روپیہ کل قرض کا سود نہ تہا بلکہ وہ چار روپیہ ۱۳ آنہ ۲ $\frac{12}{19}$ پائی سود قیمت نقد کا تہا یعنے متی کاٹا یا کٹوتی تہا

تنبیہ سوم بنکوالے اور سوداگر انگلستان مین اور مہاجن ہندوستان مین بلون اور ہنڈویون کے روپیہ دینے مین سود بجائے متی کاٹنے کے کاٹتے ہین اور یہہ سود اوس مدت کا لگاتے ہین جو متی کاٹنے کے وقت سے اوس وقت تک کہ روپیہ واجب الادا ہو اور تین دن رعایتی اور لگا لیتے ہین یہہ تین دن رعایتی انگلستان مین اوسوقت کے بعد شمار مین آتے ہین کہ بل برائے نام واجب الادا ہو جب یہہ تین دن گذر جاتے ہین اوسوقت قانوناً بل واجب الادا ہوتا ہے اسیطرح سے اور بہی فائدہ سوداگرون اور صرافون کو ہوتا ہے لیکن جو درشنی بل ہوتا ہے اوسمین یہہ دن نہین شمار کیے جاتے ۔

تنبیہ چہارم اگر بل یا ہنڈوی جسمین رعایتی دن درج ہون کسی مہینہ کی ۳۱ تاریخ کو

واجب الادا ہوا اور اصل مین اوس مہینہ کے ۳۰ دن ہون تو یکم ماہ اینده بل کے واجب الادا ہونے کا دن نہ سمجہا جائیگا بلکہ اوسی مہینہ کا آخر دن یعنی اگر بل ۳۱ اکتوبر کو ۴ مہینہ کی مدت پر لکہا گیا ہو تو وہ تین دن رعایتی کی بعد ۳ - مارچ کو واجب الادا ہوگا اور جو بل واجب الادا اتوار کو ہوتے ہین وہ ہفتہ کے دن اتوار سے پہلے ادا ہو جاتے ہین

مثال ایک ہنڈوی ۱۰۰۰ روپیہ کی ۱۶ ماہ فروری ۱۸۵۶ع کو ۷ مہینہ کی مدت پر لکہی گئی ۸ - جولائی کو ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے متی کاٹی گئی تو بتاؤ صراف کو اوسمین کیا فائدہ ہوا

ہنڈوی رعایتی دنون سمیت ۱۹ ماہ ستمبر کو واجب الادا ہے

اور ۸ جولائی سے ۱۹ ستمبر تک ۷۳ دن ہوتے ہین

	پائی	آنہ	روپیہ
تو ۱۰۰۰ روپیہ کا سود وقت معلوم مین	۰	۰	۱۰
زر اصلی کٹوتی کا	۴ ۱۰۰/۱۰۱	۱۴	۹
نفع صراف	۷ ۱/۱۰۱	۱	۰

امثلہ نمبری ۶۱

قیمت نقد رقوم ذیل کی دریافت کرو

(۱)	۲۸۳ روپیہ	۸ ر	مدت ایک سال	شرح سود مفرد ۵ روپیہ سال
(۲)	۲۵۲۹ روپیہ	۱۰ ر	ایضاً	۳ ۱/۴
(۳)	۶۷۶۶ روپیہ	۱۰ ر ۹ پائی	۶ مہینے	۳ روپیہ
(۴)	۲۸۴۹ روپیہ		ایضاً	۳ ۱/۲ روپیہ
(۵)	۴۶۰ روپیہ	۸ ر	۷ مہینے	۴ روپیہ
(۶)	۳۹۰۰ روپیہ		ایضاً	۳ ۱/۴ روپیہ
(۷)	۵۷۲۰ روپیہ		۸ مہینے	۳ ۳/۴ روپیہ

(۸) ۱۲۶۱۱ روپیہ ۹ آنہ ۵ پائی	۱ مہینہ	۱ روپیہ
(۹) ۳۵ روپیہ	۴ مہینہ	۴½ روپیہ
(۱۰) ۱۲۵۰ روپیہ	۳ مہینہ	۳½ روپیہ
(۱۱) ۲۱۱۰ روپیہ	۱۱ مہینے	۶ روپیہ
(۱۲) ۲۷۵ پونڈ ۹ شلنگ ۵ پنس	۱۵ مہینے	۴ پونڈ
(۱۳) ۹۱۸ پونڈ	۴ برس	۵ پونڈ
(۱۴) ۵۰۰ پونڈ	مدت اب سے ۱۹ مہینے	۵½ پونڈ
(۱۵) ۸۰۰ گنی	۲۰ برس	۵½ گنی
(۱۶) ۲۱۹۷ پونڈ	۳ برس ۴ پونڈ بحساب سود در سود فیصدی فی سال	

دوم — ان رقموں کا زرمتی کاٹا یا بٹا یا کٹوتی کیا ہوگا

(۱) ۳۴۶۳ روپیہ ۴ آنہ ۴ پائی	مدت اب سے ۴ مہینے	شرح سود ۴ روپیہ
(۲) ۱۳۸۰۳ روپیہ ۱۲ آنہ	۹ مہینے	۳ روپیہ
(۳) ۱۰۷۲ روپیہ ۸ آنہ	۷ مہینے	۵ روپیہ
(۴) ۱۲۵۵ روپیہ	۳ مہینے	۳½ روپیہ
(۵) ۴۸۷ روپیہ	۵ مہینے	۳½ روپیہ
(۶) ۳۴۰۰ روپیہ	۵ مہینے	۴ روپیہ
(۷) ۳۶۴۰ پونڈ	۱۰ مہینے	۴⅘ پونڈ
(۸) ۱۳ ۸ پونڈ ۹ شلنگ	۱½ برس	۴¾ پونڈ
(۹) ۲۵۰ پونڈ ۱۵ شلنگ	۱۷ مہینے	۵ پونڈ
(۱۰) ۵۵ پونڈ	۱۴۶ دن	۴¾ پونڈ

(۱۱) ایک ہنڈوی ۶۴۹ روپیے کی ۲۳ - جون ۱۸۵۳ء کو ۶ مہینہ کی متی پر لکھی گئی اور ۲۵ جولائی

کو ۳ ½ روپیہ سیکڑہ منی کاٹ کے روپیہ مہاجن نے دیدیا تو بتاؤ مہاجن کو کیا نفع ہوا

(۱۲) ایک ہنڈوی ۱۷۔ مارچ ۱۸۵۳ء کو ۳ مہینہ کی مدت پر لکھی گئی اور ۵ ½ روپیہ سیکڑہ منی کاٹ کے ۲۔ مئی کو بٹ گئی تو بتاؤ منی کا کیا کاٹا

(۱۳) ۵۴۵ روپیہ کا سود ۳ ½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ۴ برس کا دریافت کرو اور ہنڈوی ۵۸۳ روپیہ ۲ ر ۲ ½ پائی کی دو برس بعد بشرح سود مذکورہ حساب الا دہی کا منی کاٹا دریافت کرو اور بتاؤ کس سبب سے یہہ دونوا ایک ہی ہین

(۱۴) منی کاٹے اور سود کے درمیان فرق بیان کرو

ایک کتاب کی ۵ جلدین ۱ برس روز کی میعاد پر جسقدر روپیہ مین آتی ہین اوسیقدر نقد روپیہ مین ۶ جلدین ملتی ہین تو بتاؤ شرح کٹوتہ کی کیا ہے

(۱۵) ایک شخص نے اپنی مال کے بیچنے کی دو طرح سے نیت کی اول یہہ کہ نقد انقد بیچے دوم یہہ کہ ۱ برس روز کی میعاد اور ۵ روپیہ سیکڑہ کٹوتی پر قرض فروخت کرے تو بتاؤ قرض پر جس چیز کی قیمت ۲ روپیہ ۷ ر ۲ ½ پائی ہو اوسکی نقد قیمت کیا ہوگی

راس المال

(۱۷۰) بعض دفعہ ایسی ملکی ضرورتین گورنمنٹ کو عائد ہوتی ہین کہ روپیہ قرض لینا پڑتا ہے اور جن لوگون سے گورنمنٹ قرض لیتی ہے اونکو اقرارنامہ یا تمسک لکھدیتی ہے جسمین توضیح اس امر کی ہوتی ہے کہ گورنمنٹ کے ذمہ اسقدر روپیہ واجب الادا ہے اوسکو اختیار ہے کہ جب چاہے ادا کرے مگر اسقدر سود ہمیشہ مدت مقررہ پر ادا ہوتا رہیگا ایسے کاغذات کو نوٹ یا گورنمنٹ پونڈ یا لون یا سرکاری کاغذ کہتے ہین

کچھہ گورنمنٹ کی تخصیص نہین بلکہ کوئی کمپنی یا جر و بھی لوگون سے روپیہ قرض لیکر جمع کرے اور اوس سے تجارت کرے تو اوسکی بھی یہی کیفیت ہے

ان سرکاری کاغذ کی بیع و شرا مثل اور جائداد کے ہوتی ہے اور اونکے بھاو مختلف

رہنے مین مثلاً جب ہم یہہ کہتی ہین کہ ۳ روپیہ سیکڑہ نوٹ کا بہاؤ ۹۶ روپیہ ۷ ر ۹ پائی ہے تو اوس سے مراد ہماری یہہ ہوتی ہے کہ ایک شخص ۹۶ روپیہ ۷ ر ۶ پائی ادا کرے تو اوسکی عوض مین گورنمنٹ کا ایک تمسک یا اقرار نامہ اس مضمون کا ہاتہہ لگ جائیگا کہ ہر ششماہی پر گورنمنٹ اوسکو سود تین روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ادا کرتی رہیگی اور جب روپیہ ادا کریگی تو ۱۰۰ روپیہ دیگی

یہی کیفیت تاجرونکی کمپنی اور بنک کی ہوتی ہی جب ہم یہہ کہتی ہین کہ فلان بنک یا کوٹہی یا کارخانہ کے حصہ کا بہاؤ یہہ ہے مثلاً ۱۰۰ روپیہ کا حصہ تہا اب اوسکا بہاؤ ۸۶ روپیہ ہے تو اوس سے مراد یہہ ہوتی ہے کہ جو شخص ۸۶ روپیہ ادا کرے تو وہ مالک ایک حصہ کا اوس کارخانہ مین ہوجائیگا اور اوسکو ہر ششماہی مین موافق حالت اوس کارخانہ کے سود ملتا رہیگا۔

حد راس المال جو سٹوک کا ترجمہ ہے وہ تاجرونکی کمپنی کا سرمایہ تجارت کرنے کیواسطے ایسا ہی جیساکہ سرکاری قرض کا روپیہ ہے جو ملکی ضرورتونکے لئے گورنمنٹ لیتی ہے جو روپیہ گورنمنٹ کو قرض دینا ہوتا ہے اوسکو ملکی قرض یا قومی قرض کہتے ہین اور اوسی کا نام فنڈ ہے - اب مختلف اسباب ایسے جمع ہوجاتے ہین کہ اونکے سبب سے ان نوٹون کے بہاؤ مین فرق ہوجاتا ہے اور اوسکے دو بڑے سبب ہوتے ہین ایک تو سود کی مقدار دوسرے زمانہ کی حالت اگر گورنمنٹ کا اعتبار رہے اور لوگ اپنے سرمایہ کو کسی اور کام مین زیادہ تر فائدہ پر نہین لگا سکتے اور روپیہ یون ہی پڑا ہے تو اوس وقت ان نوٹون کا بہاؤ بہت تیز ہوجاتا ہے اور سَو روپیہ کا نوٹ زیادہ سَو روپیہ سے فروخت ہوتا ہے اور جب خلاف حالت ہوتی ہے یعنے گورنمنٹ کا اعتبار کم ہے جیساکہ ایام غدر مین حال تہا یا روپیہ اور کامون مین زیادہ فائدہ پر لگ سکتا ہے جیساکہ روئی کی گرانی کے زمانہ مین تو ایسی صورتون مین بہاؤ مندا یعنے ارزان ہوجاتا ہے اور سَو روپیہ کا نوٹ سَو روپیہ سے کم قیمت پر فروخت ہونے لگتا ہے - جب نوٹون کے مختلف سود ہوتے ہین تو کم

سود کے نوٹ ارزان ہوتے ہین مثلاً ایک نوٹ چار روپیہ سیکڑہ کا ہو اور دوسرا ساڑہے تین روپیہ کا تو یہہ نوٹ زیادہ قیمت کا آمدنی مین برابر چار روپیہ سیکڑہ کے نوٹ کے ہوگا

یہی کیفیت تاجرون کی کمپنی اور بنک کی ہوتی ہی کہ انکے حصص مختلف اوقات مین مختلف قیمت پر فروخت ہوتے ہین اور اگر اون کے کارخانہ کی حالت اچھی نہین ہوتی تو حصص کا بہاؤ کم ہوجاتا ہے اور اگر اسکے برخلاف حال ہو تو حصون کا بہاؤ بڑہ جاتا ہے

تنبیہ اول خرید فروخت نوٹون کی اکثر دلالون کی معرفت ہوتی ہی جنکو دلالی خرید اور فروخت دونون پر ۱/۸ فیصدی کے حساب سے یا جو ٹھہرجائے دی جاتی ہے

پس جب کوئی شخص کسی پتی کو خریدتا ہے تو اوسکو قیمت مقررہ راس المال سے ۱/۸ فیصدی زیادہ دینا پڑتا ہے اور جب راس المال فروخت کرتا ہے تو اوسکو ۱/۸ فیصدی کم لینا پڑتا ہی اس حساب سے ۱۰۰ روپیہ کے بل کو ۹۸ ۱/۸ روپیہ کے بہاؤ سے خریدنے مین ۹۸ ۱/۸ + ۱/۸ یعنے ۹۸ ۱/۴ خرچ ہونگے اور ۱۰۰ روپیہ کے بل کو ۹۸ ۱/۸ کے بہاؤ کے بیچنے مین ۹۸ ۱/۸ - ۱/۸ یا ۹۸ روپیے وصول ہونگے جب دلالی کی کچھہ تفصیل نہو ۱/۸ سیکڑہ دلالی سمجھی جائیگی

تنبیہ دوم جب نوٹ سو روپیہ کا سو روپیہ کو فروخت ہو تو ہم کہا کرتے ہین کہ راس المال کا بہاؤ برابر کا ہے جب سو روپیے کا راس المال سو روپیہ سے زائد کو فروخت ہوتا ہی تو ہم کہا کرتے ہین کہ راس المال باد ہے بر ہے

جب ۱۰۰ روپیہ کا راس المال ۱۰۰ روپیہ سے کم پر فروخت ہوتا ہے تو ہم کہا کرتے ہین کہ راس المال پر بٹا لگتا ہے

تمام مثالین راس المال کی اصول تناسب پر مبنی ہین جنمین سے اشلۂ کثیر الوقوع کا بیان لکھا جاتا ہے

مثال ۱ ۱۵۰۰ روپیہ کا سرکاری کاغذ ۳ روپیہ سیکڑہ کا ۸۲ روپیہ کے بہاؤ سے کتنے

روپیہ مین آئے گا

اس صورت مین ۱۰۰ روپیہ کا کاغذ ۸۲ روپیہ کو آتا ہے

∴ ۱۰۰ روپیہ : ۱۵۰۰ روپیہ :: ۸۲ روپیہ : زر مطلوب

اس سے معلوم ہوا کہ زر مطلوب = ۱۲۳۰ روپیہ کے

مثال ۲ ۴۰۵ روپیہ کا نوٹ ۴ ½ روپیہ سیکڑہ کا ۹۰ روپیہ کے بہاؤ سے کتنے کو خریدا جائیگا

اس صورت مین ۱۰۰ روپیہ کا نوٹ ۹۰ روپیہ کو خریدا جاتا ہے

∴ ۹۰ روپیہ : ۴۰۵ روپیہ :: ۱۰۰ روپیہ : زر مطلوب

اس سے معلوم ہوا کہ زر مطلوب = ۴۵۰۰

مثال ۳ اگر ۱۵۲۰ روپیہ کا راس المال ۳ روپیہ سیکڑہ کا ۹۳ ¼ روپیہ سیکڑہ کے بہاؤ سے خریدون اور ⅛ سیکڑہ دلالی دون تو بتاؤ کیا میرا خرچ اس سودے مین ہوگا

ہر ایک سو روپیہ کا راس المال (۹۳ ¼ + ⅛) روپیہ یعنے ۹۳ ⅜ روپیہ کو آتا ہے

∴ ۱۰۰ روپیہ : ۱۵۲۰ روپیہ :: ۹۳ ⅜ روپیہ : زر مطلوب

اس سے معلوم ہوا کہ زر مطلوب = ۱۴۱۹ روپیہ ۴ / ۹ ⅗ پائی

مثال ۴ نوٹ کا بہاؤ ۹۸ ⅞ روپیہ سیکڑہ ہے اور اس مین فیصدی ½ روپیہ سیکڑہ دلالی دینا پڑتا ہے تو بتاؤ ۱۹۲۰ روپے ۱۰ / ۸ پائی کو نوٹ بیچنے سے مجھے کیا وصول ہوگا

درحقیقت نوٹ ۱۰۰ روپیہ کا (۹۸ ⅞ − ½) یعنے ۹۸ ⅜ روپیہ کو فروخت ہوتا ہے

∴ ۱۰۰ روپیہ کے نوٹ کو : ۱۹۲۰ ⅔ روپیہ کے نوٹ :: ۹۸ ⅜ روپیہ : زر مطلوب

∴ زر مطلوب = ۱۸۹۶ روپیہ ۱۰ / ۶ ⅘ پائی

مثال ۵ ۹۲۷ روپیہ ۸ / کا راس المال ۳ روپیہ سیکڑہ پر ۹۴ ⅞ روپیہ سیکڑہ کے بہاؤ سے مین نے خریدا تو بتاؤ میری سالانہ کیا آمدنی ہوئی

یہان ۹۴ ⅞ روپیہ کی آمدنی مین مجھکو ۱۰۰ روپیہ کا راس المال ملا اور سود ۱۰۰ روپیہ کا

۳ روپیہ ملتے ہیں - اسلئے ہر ۹۴ ۱/۲ روپیہ کے ۳ روپیہ سود کے مجھکو ملینگے
∴ ۹۴ ۱/۲ روپیہ : ۹۲۷۰ روپیہ ۸ آنہ :: ۳ : مطلوب سالانہ آمدنی سے
∴ سالانہ آمدنی = ۲۹۴ روپیہ

تنبیہ دوم راس المال سے جو آمدنی حاصل ہوتی ہو اگر اوسکا دریافت کرنا کسی سوال میں مطلوب ہو تو سود کے سوالات کی طرح اوسکو حل کرو

تنبیہ چہارم مسئلۂ بالا کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہو کہ جب راس المال کے روپیہ کی تعداد دریافت کرنی ہوتی ہے یا اوسے بیچکر جو روپیہ وصول ہو اوسے معلوم کرنا ہوتا ہے تو شرح فیصدی ۳ و ۴ روپیہ وغیرہ ترتیب سوال میں حساب میں نہیں آتے اور جب اوس روپیہ کی آمدنی کی بابت سوال ہوتا ہے تو جو بٹا یا دلالی راس المال کے خریدنے میں لگایا گیا ہے اوسمیں ترتیب سوال میں ۱۰۰ روپیہ کا راس المال محسوب نہیں ہوتا

مثال ۶ اگر ۱۰۰ روپیہ کا نوٹ خریدا جائے تو ۳ روپیہ سیکڑہ سود والا بحساب ۸۹ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے زیادہ فائدہ مند ہوگا یا ۳ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ سود والا بحساب ۹۸ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے صورت اول میں ۸۹ ۱/۲ روپیہ پر ۳ روپیہ سود ملتا ہے

∴ سود فی روپیہ $\frac{3}{89\frac{1}{2}}$ یا $\frac{6}{179}$ یا $\frac{6}{179}$ روپیہ ہوا

صورت دوم میں ۹۸ ۱/۲ روپیہ کا سود ۳ ۱/۲ روپیہ ہے

∴ سود فی روپیہ $\frac{3\frac{1}{2}}{98\frac{1}{2}}$ روپیہ یا $\frac{7}{197}$ روپیہ ہوا

اب دونوں کسروں $\frac{6}{179}$ اور $\frac{7}{197}$ کا باہمیں مقابلہ کیا تو اس سبب سے کہ ۱۹۷ × ۶ ، ۱۷۹ × ۷ سے بڑا ہے اسلئے دوسری کسر بڑی پہلی کسر سے ہے

∴ پہلے معاملہ میں زیادہ نفع ہے

مثال ۷ اگر راس المال قیمتی ۲۰۰۰ روپیہ کا بحساب ۹۰ روپیہ کے خریدکر کے سو ۳ روپیہ

سیکڑہ کا حاصل ہو اور اوسیقدر راس المال کو بحساب ۹۶ روپیہ خرید کرکے ۳½ روپیہ سود فیصدی ملے تو معاملہ اول کو معاملہ دوم مین منتقل کرنیکے اندر آمدنی مین کیا فرق پڑیگا

اب تاکہ یہہ معلوم ہو جاے کہ ۲۰۰۰ روپیہ مین راس المال ۹۰ روپیہ کا کتنا آئیگا - اس بات پر خیال کرنا چاہیے کہ جسقدر راس المال گران ہوگا اوسیقدر اوسکی خریداری سے کم روپیہ پیدا ہوگا اسلیئے صورت بیانیہ سوال کی یہہ ہوگی

۹۶ : ۹۰ :: ۲۰۰۰ روپیہ : راس المال مطلوب

اس سے معلوم ہوا کہ راس المال مطلوب = ۱۸۷۵ روپیے

آمدنی صورت اول = ۶۰ روپیہ اور صورت دوم مین = ۶۵ روپیہ ۱۰ ار

∴ رقم اس آمدنی کی ۵ روپیہ ۱۰ ار زیادہ ہے

تنبیہ پنجم تمام سوالات انتقال راس المال کے اربعۂ متناسبہ معکوس سے متعلق ہوتے ہین

تنبیہ ششم اخیر سوال اسطرح بہی حل ہوسکتا ہے کہ اول راس المال کو بحساب ۹۰ روپیہ کے بیچین اور زر وصول شدہ سے ۳½ روپیہ سود کا بحساب ۹۶ روپیہ کے خریدین

مثال ۸ ایک شخص نے راس المال قیمتی ۱۰۰۰ کا ۳ روپیہ سود کا بحساب ۹۷⅛ روپیہ کے خریدا اور جب بہاؤ ۸۳½ روپیہ کا ہوا تو اوسکو بیچ ڈالا تو بتاؤ اس معاملہ مین اوسکا کتنا نقصان ہوا

ہر سو روپیہ کے راس المال پر وہ (۹۷⅛ - ۸۳½) روپیہ یعنے ۱۳⅝ روپیہ کہو چکا

∴ اوسکا نقصان = (۱۳⅝ × ۱۰) روپیہ = ۱۳۶ روپیہ ۴ ر رہا

امثلہ نمبری ۶۲

(۱) زر مندرجہ ذیل مین کس مقدار کا راس المال خریدا جائے گا

(۱) ۲۸۵۰ روپیہ کا ۳ روپیہ سیکڑہ سود اور ۷۵ روپیہ سیکڑہ کے بہاؤ سے

(۲) ۷۱۲ روپیہ کا ۳½ ″ اور ۸۹ ″

(۳) ۵۰۴ روپیہ کا ۴ ″ اور ۹۶ روپیہ فیصدی کے بہاؤ سے

(۴) ۳۸۴۸ روپیہ کا ۴ ″ اور ۹۳ روپیہ سیکڑہ کے بہاؤ سے
(۵) ۱۳۷۲۱ روپیہ کا ۳ ۳/۴ ″ اور ۸۷ ″
(۶) ۵۰۰ روپیہ کا ۳ ″ اور ۸۳ ۳/۴ ″
(۷) ۸۰۰ روپیہ کا ۴ ″ اور ۱۰۵ ۱/۲ ″
(۸) ۴۳۱۱ پونڈ کا ۳ ۱/۲ فیصدی سود اور ۸۵ ۳/۸ ″
(۹) ۱۰۰۰۰ روپیہ کا ۴ ″ اور ۹۴ فیصدی کے بہاؤ سے
(۱۰) ۲۲۵۴ روپیہ کا ۳ ″ اور ۹۰ ۳/۸ روپیہ سیکڑہ کے بہاؤ سے دلالی ۱/۸ روپیہ فیصدی
(۱۱) ۳۲۷۷ روپیہ کا ۴ ″ اور ۱۰۵ ۵/۸ ″ ″
(۱۲) ۱۵۰۰ روپیہ کا ۴ ″ اور ۹۹ ۱/۴ ″ ۱/۸ سیکڑہ دلالی

(۲) راس المال کی قیمت امثلہ ذیل میں دریافت کرو - ان مثالوں میں راس المال کی مقدار اول لکہی ہوئی ہے
مثلاً پہلی مثال ۲۶۰۰ روپیہ سے یہہ مطلب ہے کہ راس المال کی مقدار اسقدر روپیہ ہے

(۱) ۲۶۰۰ روپیہ سود ۴ روپیہ سیکڑہ بہاؤ ۹۳ روپیہ سیکڑہ
(۲) ۱۹۲۰ روپیہ سود ۳ روپیہ سیکڑہ بہاؤ ۷۷ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ
(۳) ۳۰۰۰ روپیہ سود ۳ ۳/۴ روپیہ سیکڑہ بہاؤ ۹۲ ۱/۴ روپیہ سیکڑہ
(۴) ۲۲۴۰ روپیہ سود ۳ ۱/۴ روپیہ سیکڑہ بہاؤ ۸۱ ۳/۸ روپیہ سیکڑہ
(۵) ۳۶۱۶ روپیہ سود ۳ روپیہ سیکڑہ بہاؤ ۸۹ روپیہ سیکڑہ
(۶) ۱۷۴۳ روپیہ سود ۳ ۱/۴ روپیہ سیکڑہ بہاؤ ۸۲ ۵/۸ روپیہ سیکڑہ
(۷) ۲۴۷۵ روپیہ سود ۴ روپیہ سیکڑہ بہاؤ ۹۷ ۳/۸ روپیہ سیکڑہ
(۸) ۱۰۰۰ روپیہ سود ۴ روپیہ سیکڑہ بہاؤ ۹۷ ۳/۸ روپیہ سیکڑہ دلالی ۱/۸ روپیہ سیکڑہ
(۹) ۲۱۵۴ روپیہ ۸ روپیہ کے حصے ۱۸۸ ۵/۸ روپیہ سیکڑہ کے بہاؤ کے اور ۱/۸ روپیہ فیصدی دلالی سے

(۳) سالانہ آمدنی ان راس المال سے کیا ہوگی - یہاں بہی اول راس المال کی مقدار لکہی ہے

(۱) ۱۰۰۸ روپیہ ۳ روپیہ سیکڑہ سود ۸۴ روپیہ سیکڑہ بہاؤ

(۲) ۵۵۸۰ روپیہ ۴ روپیہ سیکڑہ سود ۹۳ روپیہ سیکڑہ بہاؤ
(۳) ۱۳۸ ۱۱ پونڈ ۵ فلورن ۴ ½ سیکڑہ ۹۲ بہاؤ
(۴) ۱۶۳۸ روپیہ ۴ ½ روپیہ سیکڑہ سود ۹۳ ⅗ بہاؤ
(۵) ۲۰۰۰ روپیہ ۳ فیصدی سود بہاؤ ۸۸ ½
(۶) ۳۴۲۵ روپیہ ۱۲ ؍۳ فیصدی سود بہاؤ ۹۱ ¾
(۷) ۴۷۸۸ روپیہ ۳ ½ فیصدی سود بہاؤ ۱۰۵
(۸) ۳۵۰۰ روپیہ ۳ فیصدی سود بہاؤ ۹۴ ⅛ دلالی ⅛ روپیہ سیکڑہ
(۹) ۵۰۰۰ گنی ۳ ½ فیصدی سود بہاؤ ۱۰۲ ⅜ دلالی ⅛ روپیہ سیکڑہ

(۴) کسقدر روپیہ راس المالون مین صرف کیا جائے کہ آمدنی حسب ذیل ہو

(۱) ۶۰ روپیہ ۳ سود فی صدی بحساب ۸۵
(۲) ۲۸۸ روپیہ ۳ سود فی صدی بحساب ۹۷
(۳) ۷۰ روپیہ ۳ ½ سود فی صدی بحساب ۹۰
(۴) ۸۳ پونڈ ۲ فلورن ۵ سنٹ ۴ ½ سود فیصدی بحساب ۹۴
(۵) ۸۷ روپیہ ۳ سود فیصدی بحساب ۹۴ ½ دلالی ⅛ سیکڑہ
(۶) ۳۷ روپیہ ۸ ؍۴ سود فیصدی بحساب ۹۳ ⅛ دلالی ⅛ سیکڑہ

(۵) جو شخص اپنے مال کو اسطرح سے راس المالون کے خریدنے مین لگاتا ہے اوسکو بتاو کہ کیا فیصدی سود پڑتا ہے

(۱) سود فیصدی ۳ بحساب ۹۱ روپیہ
(۲) سود فیصدی ۳ ½ بحساب ۹۴ روپیہ
(۳) سود فیصدی ۴ ½ بحساب ۹۶ ½ دلالی ⅛ فیصدی
(۴) سود فیصدی ۵ بحساب ۱۰۲ ⅛ دلالی ⅛ فیصدی

(۶) اگر ۹۲۷۰ روپیہ ۸ ر کا راس المال بحساب ۹۴ ۳/۸ روپیہ فیصدی اور ۳ روپیہ سیکڑہ سود کے خریدا جائے تو بعد منہائی انکم ٹیکس ۵ ۵/۱۲ پائی فی روپیہ کے اوسکی آمدنی سالانہ کیا ہوگی

(۷) جب ۱۰۰ روپیہ کا راس المال ۳ روپیہ فیصدی سود کا ۹۰ روپیہ کو بکتا تھا ایک شخص نے کچھ روپیہ کا راس المال مول لیا اور پھر جب ۸۰ روپیہ کو بکنے لگا تو کچھ اور روپیہ کا راس المال مول لیا تو بتاؤ کہ دونو صورتون مین اوسکو کس شرح سے سود ملا اور پہلے معاملہ سے دوسری معاملہ مین فیصدی کیا نفع زیادہ حاصل ہوا

(۸) ۲۰۰۰ روپیہ کے سرمایہ سے کیا آمدنی اوس صورت مین ہوگی کہ اوسکے ۲/۵ حصہ سے ۹۸ روپیہ سیکڑہ کے بہاؤ سے ۳ روپیہ سیکڑہ سود کا نوٹ خریدین اور باقی روپیہ مین راس المال برابر پر ۳ ۱/۲ سیکڑہ سود کا مول لین

(۹) اگر ایک آدمی ۳ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ سود والے راس المال کو کسی قدر روپیہ سے خریدے اور اوسکو سود بحساب ۴ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ کے پڑے تو بتاؤ راس المال کا بہاؤ کیا ہے اور وہ ۱۲۰۰ روپیہ مین کتنے کا خریدا جا سکتا ہے

(۱۰) ایک ساہوکار ۹۰ روپیہ سیکڑہ کے بہاؤ کا راس المال کسقدر روپیہ کو خریدے کہ اوسکو سالانہ آمدنی اوتنی حاصل ہو جتنی کہ ۱۱۰۰ روپیہ کی جمع سے ۹۹ روپیہ فیصدی کے راس المال خریدنے سے ہوتی ہو

(۱۱) ایک آدمی نے ۵۰۰ روپیہ کا راس المال بحساب ۹۸ ۳/۴ روپئے کے خریدا اور ۱۰۳ روپئے کے حساب سے بیچا تو بتاؤ اوسکو کیا نفع ہوا

(۱۲) ایک شخص نے ۱۱۸۱۲ ۱/۲ روپیہ کا راس المال بحساب ۳ روپیہ سیکڑہ سود کے ۸۱ روپیہ کے بہاؤ سے خریدا اور جب بہاؤ مندا ہوگیا تو ۷۶ ۱/۲ روپیہ کے بہاؤ سے بیچ ڈالا تو بتاؤ اوسکو کیا نقصان ہوا

(۱۳) اتنا روپیہ ہے کہ ۱۰۰ روپیہ کا راس المال ۳ روپیہ سیکڑہ سود پر ۸۹ ½ روپیہ کے بہاؤ سے خرید سکتے ہین تو بتاؤ اسقدر راس المال ۳ ½ روپیہ سیکڑہ کا کس بہاؤ سے خریدین کہ دونو معاملون مین نفع برابر ہو

(۱۴) ۱۰۰۰ روپیہ کی وراثت مین ایکشخص کا تہائی حصہ تہا اوس نے اپنی روپئے سے راس المال ۳ روپیہ سیکڑہ سود کا ۸۸ ⅜ روپیہ سیکڑہ کے بہاؤ سے خرید لیا تو بتاؤ اوسکی ششماہی آمدنی کیا ہوگی

(۱۵) ایک شخص نے اپنا راس المال بمقدار ۱۰۰۰ روپیہ کے ۴ روپیہ سیکڑہ سود کا اور ۹ روپیہ کے بہاؤ کا ایک اور راس المال سے جو ۳ روپیہ سیکڑہ اور ۷۲ روپیہ فیصدی لگا تہا بدل ڈالا تو بتاؤ اس مبادلے سے اوسکی آمدنی مین کیا تغیر ہوا

(۱۶) ۵۰۰۰ روپیہ کا راس المال ۳ ½ روپیہ فیصدی سود کا ہے اور ۵۰۰۰ روپیہ کا راس المال ۳ ½ روپیہ فیصدی سود کا اور ۱۰۲ ½ بہاؤ کا ہے تو بتاؤ ہر ایک راس المال سے کیا حاصل ہوتا ہے

(۱۷) ۱۲۷۰۰ روپیہ کے راس المال پر ۳ روپیہ فیصدی سود کے حساب سے کیا آمدنی ہوگی اور ۹۵ فیصدی کے بہاؤ سے وہ کتنے کو فروخت ہوگا

(۱۸) ایک شخص کے پاس راس المال ۳۰۰۰ روپیہ کا ہے جسکا سود فیصدی ۳ ہے اور ۸۹ ⅜ روپیہ فیصدی کے بہاؤ سے خریدا ہے وہ ایک اور راس المال سے بدلتا ہے جسکا سود ۳ ½ روپیہ فیصدی اور بہاؤ ۹۸ ⅛ ہے تو بتاؤ یہہ دوسرا راس المال اوسکو کتنے کا ہاتہہ لگے گا اور اس مبادلہ مین اوسکی آمدنی مین کیا فرق آئیگا

(۱۹) ۱۰۰۰ روپیہ سے کونسا راس المال لینا بہتر ہے آیا ۹۰ ½ کے بہاؤ اور ۳ روپیہ سود فیصدی کا یا ۱۰۱ روپیہ کے بہاؤ اور ۴ روپیہ فیصدی سود کا

(۲۰) ایک شخص نے ۱۰۳۷ روپئے ۸ سے ۸۳ روپیہ کے بہاؤ اور ۳ روپیہ

فیصدی کا راس المال خریدا اور جب اوسکا بہاو ایک روپیہ سیکڑہ بڑہگیا تب اوس نے
اسکو ٩٦ روپیہ کے بہاو اور ٤ روپیہ سود فیصدی کے بہاو سے بدل ڈالا تو بتاو
اس مبادلہ سے اوسکی آمدنی مین کیا فرق پڑا

(٢١) ٣ ½ روپیہ سود فیصدی اور ٩٦ روپیہ کے بہاو کا راس المال بکتا ہے اور دوسرا ٤ روپیہ سیکڑہ سود اور ١١١ روپیہ کے بہاو کا راس المال فروخت ہوتا ہو تو بتاو دونو مین کونسا سود اچہا ہے
اور یہہ بہی بتاو کہ ١٠٠ روپیہ کے سود مین کیا فرق پڑیگا

(٢٢) اگر ٢١٥ روپیہ سے راس المال ٣ روپیہ فیصدی اور ٩٦ کے بہاو کا خریدا جاے
دلبعد منہائی ٥ ٣/١٦ پائی فی روپیہ انکم ٹکس کے ششماہی سود کی آمدنی کیا ہوگی

(٢٣) ایک بل کا روپیہ ١٦٥٤ جو ٩ مہینہ پیشتر ادا کیا جاے اور اصل مہتی ٤ ½ روپیہ سیکڑہ کے بہاو سے وضع کی جاے تو بتاو کسقدر راس المال ٣ روپیہ سود فیصدی
اور ٩٦ روپیہ کے بہاو کا اوسکے ادا کرنے کے واسطے بیچا جاے

(٢٤) ١٨٩٦ روپیہ کو کس معاملہ مین لگانا بہتر ہوگا آیا ٨٧ روپیہ کے بہاو اور ٣ ½ روپیہ سود فیصدی کے راس المال خریدنے مین یا ریل کے حصے ٨٩ کے بہاو سے خریدنے مین جسمین
سود ٣ ٣/٤ روپیہ سیکڑہ ملے گا

(٢٥) ایک شخص کے پاس راس المال ٢٩٥٠ روپیہ کا ٣ روپیہ سیکڑہ سود اور ٨٢ ½ روپیہ کے بہاو کا تہا جب بہاو ٢ ½ روپیہ سیکڑہ کم ہوگیا تو اوسنے اپنے سرمایہ کو اسطرح
منتقل کیا کہ ٥ روپیہ سیکڑہ اور ١٠٨ روپیہ کے بہاو کا راس المال خریدلیا تو بتاو
اوسکی آمدنی مین اس انتقال سے کیا تبدل ہوا

(٢٦) کونسا معاملہ بہتر ہے آیا ٨٧ ٣/٨ روپیہ کے بہاو اور ٣ روپیہ سود فیصدی کا
راس المال خریدنا یا ریل کے حصے ٢٣٣ روپیہ فی حصہ کے بہاو سے خریدنے جسکا
ہر حصہ پر سالیانہ ٧ روپیہ ١٠ آنہ ٨ پائی ملتا ہے اور یہہ بتاو کہ ٤٦٠ روپیہ کے آمدنی کی کمی

اول معاملہ مین کتنا اور دوسرے معاملہ مین کتنا روپیہ خرچ ہوگا

(۲۷) ۳½ روپیہ سود فیصدی اور ۹۱ کے بہاؤ کے راس المال مین ایک شخص کتنا روپیہ صرف کرے کہ اوسکی آمدنی بعد منہائی انکم ٹکس ۵⅓ پائی فی روپیہ کے ۴۶۰ روپیہ سالیانہ ہو

(۲۸) ایک راس المال سے ۱۳ برس مین ۳ روپیہ فیصدی کے بہاؤ سے ۳۰۸۱ روپیہ حاصل ہوئے تو بتاؤ وہ راس المال کتنے کا تہا اور اگر اوسکو ۷۹⅞ کے بہاؤ سے بیچین تو کتنے کو بکے گا

(۲۹) ایک شخص کے پاس نوٹ ۳۲۰۰ روپیہ کے ۳ روپیہ سیکڑہ سود کے تہے اونسے اونکو ۹۹⅛ کے بہاؤ سے بیچڈالا اور ایک کوٹھی کے حصے ۵۶ روپیہ فی حصہ کے بہاؤ سے خریدے اور اس کوٹھی کا ہر ایک حصہ اصل مین ۴۵ روپیہ کا تہا جسپر سود بحساب ۵ روپیہ سیکڑہ کے دیاجاتا ہے تو بتاؤ اس معاملہ کے کرنے سے اوسکی آمدنی مین کیا فرق ہوا

(۳۰) مین نے ۱۹۱۱ روپیہ کے سرکاری کاغذ ۹۷½ روپیہ کے بہاؤ اور ۳ روپیہ سود فیصدی کے خریدے تو بتاؤ کتنے کو مین ان کاغذات سرکاری کو فروخت کرون کہ ۱۵۰ روپیہ مجھے نفع کے حاصل ہون اور ہر دفعہ خرید فروخت مین ⅛ روپیہ سیکڑہ کمیشن کا دینا پڑتا ہے

(۳۱) ایک شخص کا ۱۰۰۰۰ روپیہ سرکاری مین جمع تہا اور سرکار اوسکو ۳ روپیہ سیکڑہ سود دیتی ہتی گورنمنٹ نے اب اوس شخص سے یہہ کہا کہ کیا وہ ہر ۱۰۰ روپیہ کے عوض مین کاغذات سرکاری ۱۱۰ روپیہ کے بہاؤ کے اور ۲½ روپیہ سیکڑہ سود کے لے یا ملک خاص دن آنکر اپنے ۱۰۰۰۰ روپیہ لے لے اوس شخص نے دوسرے بات کو پسند کیا اور سرکاری روپیہ لیکر ۹۳ روپیہ کے بہاؤ کے ۳ روپیہ سود فیصدی کے کاغذات سرکاری لے لئے تو بتاؤ اگر وہ اول بات کو اختیار کرتا تو کیا نقصان اپنی امدنی کا کرتا اور اب دوسری بات کے اختیار کرنے مین اوسکو کیا فائدہ ہوا

(۳۳۲) سرکار کو ۴۰۰۰۰۰ روپیہ کا قرض دینا تھا اور ۳½ روپیہ سیکڑہ سود دیتے ہے اب اگر وہ ۳½ روپیہ سود گھٹا کر ۳ روپیہ کردے تو بتاؤ سرکار کو کیا فائدہ ہوگا اور اس سود کی کمی سے بھاؤ بھی ۱۰۱ روپیہ سے ۹۵ ۳/۸ روپیہ ہوجائے تو بتاؤ سرکار کے قرضخواہوں کو کتنے روپیہ کا نقصان ہوگا

نفع نقصان کا حساب

(۱۵۷) **تعریف** کل سوالات حساب جو معاملات تجارت کے خسارہ اور فائدہ سے متعلق ہیں اونکو نفع اور نقصان کا حساب کہتے ہیں

نفع اور نقصان کے سوالات تناسب کے اصول پر مبنی ہیں اور اونھیں کی وساطت سے وہ حل ہوجاتے ہیں اس امر کی توضیح کے لئے مختلف مثالین ہم حل کرتے ہیں

مثال ۱ اگر ۸۴ شربت کی بوتلوں کی قیمت ۱۱۲ روپیہ ۴ آنہ ہون تو بتاؤ ایک روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی فی بوتل بیچنے سے کیا نفع ہوگا

فائدہ = قیمت فروخت منفی قیمت خرید

قیمت فروخت = (۳۱½ × ۸۴) آنہ = ۱۶۵ روپیہ ۶ آنہ

∴ فائدہ = ۱۶۵ روپیہ ۶ آنہ − ۱۱۲ روپیہ ۴ آنہ = ۵۳ روپیہ ۲ آنہ

مثال ۲ کاغذ کے ایک رم کی قیمت ایک روپیہ ۵ آنہ ۶ پائی ہے تو بتاؤ اوسکو کتنے کو بیچون کہ ۲۰ روپیہ سیکڑہ نفع ہو

اب اس صورت مین استدلال اسطرح کرتے ہین کہ ۱۰۰ روپیہ کا ۲۰ روپیہ نفع ہے یعنی ۱۰۰ روپیہ کے ۱۲۰ روپیہ ہوتے ہین تو ۱ روپیہ ۵ آنہ ۶ پائی کا کیا نفع ہونا چاہیے

∴ ۱۰۰ روپیہ : ۱ روپیہ ۵ آنہ ۶ پائی :: ۱۲۰ روپیہ : رقم مطلوب

∴ رقم مطلوب = ۱ روپیہ ۹ آنہ ۹ ۳/۵ پائی

مثال ۳ اگر ۵ روپیہ من چاول خریدون تو بتاؤ کس بھاؤ سے بیچون کہ ۱۵ روپیہ سیکڑہ

نقصان ہوا اس صورت مین ۱۰۰ روپیہ مین سے (۱۰۰ - ۱۵) روپیہ حاصل ہوتے مین یعنے ۸۵ روپیہ

∴ ۱۰۰ روپیہ : ۵ روپیہ :: ۸۵ روپیہ : رقم مطلوب

اس سے معلوم ہوا کہ رقم مطلوب = ۴ روپیہ ۴ ر

مثال ۴ ایک شخص نے ۳۳ بطین ۱۰ روپیہ کو خریدین تو بتاؤ ہر ایک بط کتنی کو بیچے کہ ۱۰ روپیہ سیکڑہ نفع ہو

اس صورت مین ۱۰۰ روپیہ : ۱۰ روپیہ :: ۱۱۰ : قیمت فروخت بط سے

اس سے معلوم ہوا کہ قیمت فروخت بط = ۱۱ روپیہ

∴ قیمت فروخت ایک بط = ۱۱/۳۳ = ۵ ر ۴ پائی

مثال ۵ ایک شخص نے ایک کارخانہ کے حصے ۱۹ ۱/۲ روپیہ فی حصے کے حساب سے اوسوقت خریدے کہ لوگون نے ہر ایک حصہ کے بابت ۱۵ روپیہ ادا کیے تھے اور ہر ایک حصہ ۳۲ روپیہ ۱۰ ر کو اوسوقت بیچ ڈالا کہ جسوقت ہر حصہ کے بابت ۲۵ روپیہ ادا کیے گئے تھے تو بتاؤ اوسکو فیصدی کیا فائدہ حاصل ہوا۔ اول اوس نے ۱۹ ۱/۲ روپیہ کو ہر ایک حصہ خریدا اور (۲۵ - ۱۵) روپیہ یعنے دس روپیہ بعد اس خرید کے اپنے ہر ایک حصہ کے بابت کارخانہ مین داخل کیے تو ہر ایک حصہ مین ۲۹ روپیہ ۸ ر لگتے رہے

اب اوسکو ۲۹ روپیے ۸ ر پر ہیہ فائدہ حاصل ہوتا ہی کہ (۳۲ روپیہ ۱۰ ر - ۲۹ روپیہ ۸ ر) = ۳ روپیہ ۲ ر

∴ ۲۹ ۱/۲ روپیہ : ۱۰۰ روپیہ :: ۳ ۱/۸ : سود فیصدی

اس سے معلوم ہوا کہ سود فیصدی = ۱۰ روپیہ ۹ ر ۶ پائی کسری زائد

مثال ۶ ۱۲ ر کو ایک چیز کے بیچنے سے ۲۰ روپیہ سیکڑہ نفع ہوتا ہے تو بتاؤ اوسکی اصلی قیمت کیا ہے

یہان ظاہر ہے کہ جس چیز کی قیمت ۱۰۰ روپیہ ہوتی وہ ۱۲۰ روپیہ کو فروخت ہوتی ہے

∴ ۱۲۰ روپیہ : ۱۲ ر :: ۱۰۰ روپیہ : اصل قیمت

اس سے معلوم ہوا کہ اصل قیمت = ۱۰ ر

مثال مجہی چالیس روپیہ کو گہوڑا بیچنے سے ۲۰ روپیہ سیکڑہ کا نقصان ہوتا ہے تو بتاؤ کتنے کو بیچوں کہ ۱۰ روپیہ سیکڑہ نفع ہو

یہان ظاہر ہے کہ جو چیز ۱۰۰ روپیہ کی خرید ہی وہ ۸۰ روپیہ کو اول صورت مین فروخت ہوتی ہے اور دوسری صورت مین ۱۱۰ کو اسواسطے یہہ ترتیب سوال ہوگی کہ اول صورتمین ۱۰۰ روپیہ کی قیمت فروخت : اول صورت کی قیمت اسپ :: صورت دوم مین ۱۰۰ روپیہ کی قیمت فروخت : صورت دوم مین قیمت اسپ

یعنے ۸۰ روپیہ : ۴۰ روپیہ :: ۱۱۰ روپیہ : قیمت فروخت کی روپیون سے

اوس سے معلوم ہوا کہ قیمت فروخت = ۵۵ روپیہ

مثال ایک شخص نے ۴ من ۸ سیر شکر ۸ ر سیر کے حساب سے اور ۲ من ۳۲ سیر ۱۴ ر سیر کے نرخ سے اور ۳۵ سیر ۱ روپیہ سیر کے بہاؤ سے خریدی اور سبکو ملا جلا ۱۲ ر سیر کے حساب سے ۵ من ۲۴ سیر شکر بیچ ہی ڈالی تو بتاؤ باقی کس حساب سے فروخت کرے کہ اوسکو کل روپیہ پر ۲۵ روپیہ سیکڑہ نفع حاصل ہو

	پائی	آنہ	روپیہ
۴ من ۸ سیر یعنے ۱۶۸ سیر بحساب ۸ ر سیر	۰	۰	۸۴
۲ من ۳۲ سیر یعنے ۱۱۲ سیر بحساب ۱۴ ر سیر	۰	۰	۹۸
۳۵ سیر بحساب ایک روپیہ سیر	۰	۰	۳۵
۳۱۵ سیر			۲۱۷ روپیہ

پس کل ۲۱۷ روپیہ پر ۲۵ روپیہ سیکڑہ نفع حاصل کرنا ہے اوسکو ۲۷۱ روپیہ ۴ ر حاصل کرنی چاہئے

	پائی	آنہ	روپیہ
کل قیمت فروخت ۳۱۵ سیر		۴	۲۷۱
اور قیمت فروخت ۵ من ۲۴ سیر یعنی ۲۲۴ سیر	۰	۰	۱۶۸
اس لئے تفریق کرنے سے ۹۱ سیر کی قیمت =	۰	۴	۱۰۳

اس لئے ۱ سیر کی قیمت = $\frac{۱۰۳ \text{ روپیہ } ۴ ر}{۹۱}$ یعنے ۱ روپیہ ۲ ر ۱ $\frac{۱۲}{۱۳}$ پائی

امثلہ نمبری ۶۳

(۱) ۸ من ۹ سیر پنیر بحساب فی من ۱۱ روپیہ کے خریدا اور فی من ۱۴ روپیہ کے حساب سے فروخت کیا تو بتاؤ کل کیا نفع ہوا

(۲) اگر ۸ من ۹ سیر شکر ۱۱ روپیہ ۱۲؍ کو خریدیں اور ۱۴ روپیہ ۱۲؍ ۱۱ پائی کو بیچیں تو ایک من ۱۶ سیر پر کیا نفع ہوگا

(۳) ۴۴ چیزیں جنمیں سے ہر ایک چیز کی قیمت ۳۴ روپیہ ۵؍ ۴ پائی اور ۵ چیزیں جنمیں سے ہر ایک کی قیمت ۱۴ روپیہ ۴؍ ہے اور ۲۸ چیزیں جنمیں سے ہر ایک کی قیمت ۱۳ روپیہ ۱۰؍ ۸ پائی ہے اگر اون سب کو ملائیں اور تین من چیز کو ۲۸۰ روپیہ کو فروخت کریں تو نفع یا نقصان کیا ہوگا؟

(۴) ایک شخص نے ۴۰۰ لچھے ریشم کے ۸۰۰ روپیہ کو خریدے اور اونمیں سے ۳۰۰ فی لچھہ ۲ روپیہ ۱۲؍ کے حساب سے بیچے اور باقی ایک ایک روپیہ تو بتاؤ اوسکو فیصدی فائدہ ہوا یا نقصان؟

(۵) ایک شخص نے ۲ من ۲۳ سیر شکر فی سیر ۸؍ کے حساب سے اور ۲ من ۲۴ سیر فی سیر ۴؍ کی خریدی اور ۴ من ۸ سیر فی سیر ۷؍ ۴ پائی کے حساب سے فروخت کی تو بتاؤ کہ باقی فی سیر کس حساب سے فروخت کرے کہ نہ اوسمیں نفع ہو نہ نقصان

(۶) اگر ایک جنس بحساب فی ہنڈریڈویٹ ۳ پونڈ ۸ شلنگ ۵ پنس کے حساب سے خریدی جائے اور ۸ پنس فی پونڈ کے حساب سے فروخت کیجائے تو نفع فیصدی کیا ہوگا

(۷) کسی شخص نے کچھہ اسباب فی پونڈ ۹ ½ پنس کے حساب سے خریدا اور بحساب فی ہنڈریڈویٹ ۴ پونڈ ۱۰ شلنگ کے بیچا تو بتاؤ فیصدی نفع ہوا یا نقصان

(۸) ایک اسباب ایک روپیہ ۱۲؍ کو مول لیا اور اوسکو ایک روپیہ ۱۵؍ کو فروخت کیا تو بتاؤ فیصدی نفع کیا ہوا

(۹) اسباب ۱۲۶ روپیہ کا فروخت کیا اور اوسپر ۲۲ سیکڑہ نفع لیا تو بتاؤ

اسباب کی اصل قیمت کیا تھی

(۱۰) ایک سوداگر نے ایک چیز ۱۷ روپیہ کو فروخت کی اور اوسپر ۲ روپیہ ۱۲ آنہ نفع لیا تو بتاؤ کہ
فیصدی نفع کیا ہوا

(۱۱) ایک شخص نے گھوڑا ۲۴۶ روپیہ کو فروخت کیا اور اصل خرید پر ۸ روپیہ سیکڑہ کا
نقصان اٹھایا تو بتاؤ اصلی قیمت کیا تھی

(۱۲) ۲ ۱/۲ روپئے کے اسباب خریدنے مین فیصدی ۵ کا نقصان پڑا تو بتاؤ اسباب کے
اصل قیمت کیا تھی اور اوسکو کس قیمت پر فروخت کرے کہ ۴ ۱/۲ فیصدی کا فائدہ ہو

(۱۳) ایک کتاب کی قیمت خرید ۳ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی ہے اور نیلام کا خرچ خرید پر ۵ فیصدی
اور کل لاگت پر انتفاع ۲۵ سیکڑہ قیمت فروخت دریافت کرو

(۱۴) اگر اسباب کو ۲۵ پونڈ ۴ شلنگ کی قیمت پر بیچنے سے ۸ فیصدی کا نقصان ہوتو
۳۰ پونڈ کو فروخت کرنے سے کیا نفع نقصان ہوگا

(۱۵) ۵۰۰ بیل اکیس اکیس روپیہ کے بہاؤ سے خریدے اور فی بیل ۲ روپیہ ۱۲ آنہ خوراک مین
صرف ہوئے پھر ایک بیل کو ۲۴ روپیہ ۴ آنہ کے حساب سے فروخت کیا تو کل نفع اور
فیصدی نفع کیا ہوا

(۱۶) ایک شخص نے کچھ اسباب ۴۰۰ روپیہ کا خریدا اور اوسمین سے نصف ۵ فیصدی نفع پر بیچا
تو باقی کو کس بہاؤ سے فروخت کرے کہ کل پر ۲۰ فیصدی نفع ہو

(۱۷) ایک کلال نے ۳۶ بوتل شراب ۵ روپیہ بوتل کے حساب سے خریدین اور ۲ برس تک
اوسکو رکھ چھوڑا بعد ازان معلوم ہوا کہ ۶ بوتلین شراب کے ٹپک گئین تو اب باقی کو فی
بوتل کس حساب سے بیع کرے کہ اصل قیمت پر اوسکو ۲۰ روپیہ سیکڑہ نفع ہو

(۱۸) ایک شخص نے زمین ۱۲۰ روپیہ کو ۴ دن کی چرائی کے واسطے لی اور ۶۲ روپیہ ۸ آنہ کو
۵ بھیڑین خریدین اور ۱۲ روپیہ ۸ آنہ اون کی رکھوائی مین خرچ ہوئے

تو بتاؤ کتنے کو ایک بیگہہ بیچی کہ اوسکو زمین کا لگان اور اور خرچ وصول ہوجاوین اور
کتنے کو بیچے کہ ۱۰ روپیہ سیکڑہ فائدہ حاصل ہو

(۱۹) ایک خوردہ فروش نے دو قسم کی چاء ایک قیمتی ۳ روپیہ ۱۰ ۸ پائی کی اور دوسری ۴ روپیہ ۵ ۴ پائی فی سیر کی ملائی تولی ہوئی چاء کو فی سیر کس قیمت پر فروخت کرے کہ اوسکو ۱۵ روپیہ سیکڑہ نفع ہو

(۲۰) ایک آدمی نے ۳۰۰ روپیہ کا اسباب خریدا اور تہائی کی فروخت مین فیصدی ۱۰ روپیہ سیکڑہ کا نقصان اوٹھایا تو باقی کو کس قیمت پر فروخت کرے کہ کل پر ۲ روپیہ سیکڑہ نفع ہو

(۲۱) ایک گہوڑا ۵۲۵۰ روپیہ کو خریدا اور اوسیوقت ۳۰ روپیہ فیصدی نفع لیکر بیچ ڈالا اگر ۲ روپیہ سیکڑہ کا خرچہ اور پڑے تو کیا قیمت ہاتھ لگے گی

(۲۲) ۲۰ بوتل شراب کی قیمت ۲۹ روپیہ ۸ ۶ پائی ہے اوسمین سے ۱۲ بوتلین ضائع ہوگئین باقی مین ۹ بوتل پانی کی ملاکر ۲ ۶ پائی بوتل کی حساب سے بیچ ڈالین تو بتاؤ کل نفع کیا ہوا اور نیز فیصدی نفع کیا ہوا

(۲۳) ایک بساطی نے ہزار ہزار قلمین گیارہ گیارہ آنہ کو بیچین اور یون اس قیمت کے ۳/۸ حصہ نفع کے حاصل کئے ہین اب اگر قلمون کی قیمت ۱۳ ۶ پائی فی ہزار کردی تو اوسکو اس حساب سے کیا نفع فیصدے حاصل ہوگا

(۲۴) ایک بزاز نے ۲۷ گز کپڑا ۱۰ روپیہ ۱۴ کو فروخت کیا جسمین اوسکو ۵ ۱۱ گز کی قیمت کا نفع ہوا تو اسکا فیصدی نفع کیا ہے

(۲۵) ایک تماکو فروش نے ۶ ہنڈریڈ ویٹ تماکو فی پونڈ ا شلنگ ۳ پنس کے حساب سے خریدا اور اوسمین سے ۱/۱۰ محصول مین ضبط ہوا تو باقی کو بحساب فی پونڈ کس قیمت پر بیچے کہ اوسکو کچھ نفع نہو (۲) ۵ پونڈ ۵ شلنگ نفع ہو (۳) فیصدے ۱۰۰ نفع ہو

(۲۶) ایک شخص نے ۳۰۰۰ پونڈ ریلوے کے حصے ۱۵ ۱/۲ فیصدی بٹے کے

حساب ہے خریدے اور برابر قیمت پر فروخت کر ڈالے تو اوسکو کل نفع کیا ہوا اور فیصدی کیا فائدہ ہوا

(۲۷) ایک کلال نے ۱۴۰ پیپے شراب کے خریدے اور ۱۱۲۰۵ روپیہ کو فروخت کر ڈالے ۲۰ روپیہ سیکڑہ کا نقصان ہوتو ہر پیپے کی کیا قیمت خرید ہے اور ہر ایک گیلن کی قیمت فروخت کیا ہے

(۲۸) ایک مینداز ۹۶۰ روپیہ اور کچہہ من شکر محصول مین دیتا ہے جب شکر کی قیمت ۱۶ روپیہ فی من ہوتی ہے تو کل محصول ۱۵ روپیہ سیکڑہ کم ہوتا ہے تو بتاؤ جب شکر کی قیمت ۲۸ روپیہ من ہو تو کتنے من وہ محصول مین شکر دیتا ہوگا

(۲۹) ایک آدمی نے اسباب ۱۵۰ روپیہ کو مول لیکر تہائی اسباب کو ۴ روپیہ سیکڑہ خسارہ سے بیچ ڈالا تو بتاؤ فروخت کے بہاؤ کو فیصدی کتنا ٹہرائے کہ باقی مال اوسی بہاؤ پر بیچنے سے سب اسباب پر ۴ روپیہ سیکڑہ کا فائدہ دلادے

(۳۰) ایک شخص نے گہڑی ساز سے گہڑی خریدی اور قیمت خرید پر ۲۵ روپیہ سیکڑہ کا محصول دیا اور پہر ۵ روپیہ سیکڑہ کے نقصان سے بیچ ڈالے اگر ۳ روپیہ زیادہ کو فروخت کرتا تو اوسکو ایک روپیہ فیصدی خرید پر نفع ملتا تو بتاؤ کہ گہڑی ساز کو گہڑی کی کیا قیمت ملے

عدد کی تقسیم اجزاء متناسب مین

(۱۷۲) عدد کو اجزاء متناسب مین تقسیم کرنا عبارت اسی سے ہے کہ ایک عدد معلوم کو ایسے اجزا مین تقسیم کرین کہ اونمین وہ نسبت ہو جو خاص اور اعداد معلوم مین نسبت ہے اگرچہ یہہ امر ازلعبہ متناسبہ کے قاعدے سے معلوم ہوجاتا ہے لیکن ایک قاعدہ عام کا ذکر کرنا جو اس قسم کے سب سوالات پر حادی ہو مناسب ہے

قاعدہ مقادیر کو اس صورت بیانیہ مین لاؤ کہ

مجموعہ اجزاء معلومہ : اجزاء مین سے ایک جزسے :: کل مقدار کو جو تقسیم ہوگی : اوس حصہ سے جو جز مذکور کا متناظر ہے یہہ تناسب مقادیر کا ہر جزو کے واسطے بنانا چاہیے یا یہہ تناسب

سب اجزار معلومہ کے واسطے تبائی سوا آخر کے کیونکہ جزو آخر تو اسطرح ہی دریافت ہو جاتا ہے کہ جب اور سب اجزار معلوم ہو گئے تو اون سب کے مجموعہ کو کل مقدار مین سے جس کو تقسیم کرنا منظور تھا تفریق کر ڈالین

(۱) ۴۲۰ روپیہ کو زید و عمر و بکر کے درمیان اسطرح تقسیم کرو کہ اونکی حصونمین ۷ و ۱۱ و ۱۴ کی نسبت ہو

فاعدۂ مذکور کے موافق عمل کیا

۳۲ : ۷ :: ۴۲۰ روپیہ : زید کے حصے سے

اور ۳۲ : ۱۱ :: ۴۲۰ روپیہ : عمر کے حصے سے

∴ زید کا حصہ = ۹۱ روپیہ ۱۴ ر اور عمر کا حصہ = ۱۴۴ روپیہ ۶ ر

اور بکر کا حصہ تناسب سے اسطرح نکلے گا

۳۲ : ۱۴ :: ۴۲۰ روپئے : حصہ بکر

∴ حصہ بکر = ۱۸۳ روپیہ ۱۲ ر

یا مجموعۂ زید اور عمر کے حصونکو ۴۲۰ سے تفریق کرنے سے بکر کا حصہ نکل آئیگا یعنے ۲۳۶ روپیہ ۴ ر کو ۴۲۰ روپیہ سے تفریق کرنے سے ۱۸۳ روپیہ ۱۲ ر حاصل ہونگے اور یہہ وہی حاصل ہے جو تناسب سے دریافت ہوا تھا

عمل مذکور کی دلیل

یہہ صاف ظاہر ہے کہ ۴۲۰ روپیہ مساوی ۳۲ حصونمین تقسیم ہوا ہے جنمین سے زید کو ۷ حصے اور عمر کو ۱۱ حصے اور بکر کو ۱۴ حصے ملے ہین

(۲) ۱۱۰۰۰ روپیہ کو زید عمر بکر خالد مین اسطرح تقسیم کرو جنکے حصون مین نسبت $\frac{1}{2}$ و $\frac{1}{3}$ و $\frac{1}{4}$ و $\frac{1}{5}$ کی ہو

مجموعہ حصونکا = $\frac{77}{60}$

∴ ۴۴/۴۹ : ۱/۲ :: ۱۱۰۰۰ روپیہ : زید کے حصہ کے روپیوں سے

∴ زید کا حصہ = ۴۲۸۵ ۵/۷ = ۴۲۸۵ روپیہ ۲/ ۳ ۳/۷ پائی

اور اسیطرح عمر کا حصہ = ۲۸۵۷ ۱/۷ = ۲۸۵۷ روپیہ ۲/ ۱۰ ۲/۷ پائی

اور بکر کا حصہ = ۲۱۴۲ ۶/۷ = ۲۱۴۲ روپیہ ۹/ ۱ ۵/۷ پائی

اور خالد کا حصہ = ۱۷۱۴ ۲/۷ = ۱۷۱۴ روپیہ ۱۳/ ۸ ۴/۷ پائی

(۳) ۴۵۰۰۰ روپیہ کو زید عمر بکر و خالد میں اسطرح تقسیم کرو

کہ زید کے حصہ کو : عمر کے حصہ :: ۱ : ۲

اور عمر کے حصہ کو : بکر کے حصہ :: ۳ : ۴

اور بکر کے حصہ کو : خالد کے حصہ :: ۴ : ۵

اس صورت میں عمر کا حصہ = دو چند حصہ زید کے اور سہ چند حصہ بکر کا = چہار چند حصہ عمر کے

اور چہار چند خالد کا = ۵ گُنی حصہ بکر کے

∴ حصہ بکر = ۴/۳ حصہ عمر = ۸/۳ حصہ زید اور حصہ خالد = ۵/۴ حصہ بکر = ۱۰/۳ حصہ زید

∴ حصہ زید + حصہ عمر + حصہ بکر + حصہ خالد = حصہ زید (۱ + ۲ + ۸/۳ + ۱۰/۳) = ۹ حصہ زید

∴ حصہ زید = ۵۰۰۰ روپیہ اور حصہ عمر = ۱۰۰۰۰

اور حصہ بکر = ۱۳۳۳۳ روپیہ ۵/ ۴ پائی اور حصہ خالد ۱۶۶۶۶ روپیہ ۱۰/ ۸ پائی

حساب شراکت

(۱۷۴) **تعریف** حساب شراکت یا ساجھی کا حساب وہ عمل ہے جس سے کہ دو یا زیادہ آدمی ملکر تجارت کریں اور اونکے نفع نقصان کی تقسیم موافق حصہ رسدی کے ہو جاوے۔ حساب شراکت کی دو قسمیں ہیں ایک شرکت متساوی الزمان دوسرے شرکت مختلف الزمان

شرکت متساوی الزمان میں تو روپیہ ہر ایک کا جو ساجھے میں ملایا جاتا ہے برابر زمانہ تک ساجھی میں ملا رہتا ہے اور شرکت مختلف الزمان میں ہر شریک کا روپیہ

مختلف زمانہ تک شرکت مین لگا رہتا ہے

شرکت متساوی الزمان

(۱۷۴) دفعہ ۱۷۲ مین جو قاعدہ بیان ہوا ہے اوسکے استعمال سے سب سوال شراکت متساوی الزمان کے حل ہو جاتے ہین اور اسی قاعدہ کو برتتے ہین

(۱) سوہن نے ۲۴۰ روپیے اور موہن نے ۳۶۰ روپیہ ملا کر تجارت کی اور ۸۰ روپیہ کا نفع حاصل ہوا تو بتاؤ یہہ نفع اونمین کسطرح تقسیم ہوگا

(۲۴۰ روپیہ + ۳۶۰ روپیہ) : ۲۴۰ روپیہ :: ۸۰ روپیہ : سوہن کے حصہ کے روپیہ

:. حصہ سوہن کا = ۳۲ روپیہ اور حصہ موہن کا = ۴۸ روپیہ

تنبیہ دوالیون کا باقی اسباب اور جائداد قرضخواہون مین اسی ترکیب سے تقسیم ہوتا ہے

ایک دوالیہ زید، عمر، بکر کا قرضدار تہا زید کے ۱۷۵ روپیہ اور عمر کے ۲۱۰ روپیہ اور بکر کے ۲۶۵ روپیہ دینے تہے اور اوسکا اسباب ۴۲۲ روپیہ ۸ر کا ہے تو بتاؤ ہر ایک کو کیا ملیگا

۶۵۰ روپیہ : ۱۷۵ روپیہ :: ۴۲۲½ : زید کے حصہ

۶۵۰ روپیہ : ۲۱۰ روپیہ :: ۴۲۲½ : عمر کے حصہ

:. حصہ زید = ۱۱۳ روپیہ ۱۲ر اور حصہ عمر = ۱۳۶ روپیہ ۸ر

:. حصہ بکر = ۱۷۲ روپیہ ۴ر

شراکت مختلف الزمان

(۱۷۵) **قاعدہ** کل اوقات کو ایک ہی درجہ مین تحویل کرکے اور ہر ایک شخص کے سرمایہ کو اسکے اپنی مدت مین ضرب دو اور پہر یہہ صورت تناسب کے بناؤ مجموعہ سب حاصل ضربون کا : ایک خاص حاصل ضرب :: کل سرمایہ جسکو تقسیم کرنا ہے : اوسی شخص کے حصہ سے جسکا بیان دوسری رقم تناسب مین ہوا

(۱) زید و عمر کی شراکت مین زید کے ۳۰۰۰ روپیہ ۹ مہینہ کے لئے اور عمر کے ۲۴۰۰ روپیہ

۶ مہینہ کے لئے تجارت مین لگے رہے اور ۱۱۵۰ روپیہ کا نفع حاصل ہوا تو ہر ایک کا نفع بتاؤ کیا ہوا

موافق قاعدہ مذکور کے عمل کیا تو

(۳۰۰۰×۹ + ۲۴۰۰×۶) روپیہ : (۳۰۰۰×۹) روپیہ :: ۱۱۵۰ روپیہ : نفع زید

یا ۴۱۴۰۰ روپیہ : ۲۷۰۰۰ روپئے :: ۱۱۵۰ روپیہ : نفع زید

اور ۴۱۴۰۰ روپیہ : ۱۴۴۰۰ روپئے :: ۱۱۵۰ روپیہ : نفع عمر

اس سے معلوم ہوا کہ نفع زید = ۷۵۰ روپئے اور نفع عمر = ۴۰۰ روپئے

وجہ عمل ظاہر ہے کہ ۳۰۰۰ روپیہ کے سرمایہ سے ۹ مہینہ مین وہی پیدا ہوتا ہے جو ۳۰۰۰ کے ۹ گنے یعنے ۲۷۰۰۰ روپیہ سے ایک مہینہ مین پیدا ہوتا ہے اور ۲۴۰۰ کے سرمایہ کو ۶ مہینہ مین وہی پیدا ہوتا ہے جو ۲۴۰۰ روپیہ کے ۶ گنی یعنے ۱۴۴۰۰ روپیہ سے مہینہ مین ہے جب وقت دونون کے لئے ایک ہوگیا یعنے ایک مہینہ اور صرف سرمایہ مین یا دتی کمی ہے تو سوال شرکت متساوی الزمان سے متعلق ہوگیا

مثال ۲ ۲۰ مردون اور ۳۰ عورتون اور ۱۵ لوکرون نے ملکر ایک سرائے مین کہانا کہایا مردون مین سے جب ایک مرد نے دس آنہ دئے تو عورتون مین سے ایک عورت نے ۶ آنہ اور ہر ایک لوکر نے ۲ اور کل کہانیکا خرچ ۵۱ روپیہ ۴ دیا گیا تو بتاؤ ہر ایک مرد و عورت و لوکر نے کیا کیا دیا

۲۰ مرد فی ۱۰ = ۲۰۰ آنے

۳۰ عورتین فی ۶ = ۱۸۰ آنے

۱۵ لوکر فی ۲ = ۳۰ آنے

۲۰۰ + ۱۸۰ + ۳۰ = ۴۱۰ آنے

۴۱۰ : ۲۰۰ :: ۵۱ روپیہ ۴ : ۲۰ مردون کی حصہ روپیون مین

۱۰ : ۴۱ :: ۱۸۰ : ۵۱ روپیہ ۴ ر :: ۳۰ عورتونکی حصہ روپیونمین

۱۰ : ۴۱ :: ۳ : ۵۱ روپیہ ۴ ر :: ۱۵ نوکرونکی حصہ روپیونمین

∴ ۲۰ مردونکا حصہ = ۴۰۰ آنہ و ۳۰ عورتونکا حصہ = ۳۶۰ آنہ وہ ۱۵ نوکرونکا حصہ = ۹۰ آنہ

∴ کہ ہرایک مردنے ایک روپیہ ۴ ر اور ہرایک عورت نے ۱۲ ر اور ہرایک نوکرنے ۴ ر دئے

معادلہ اقساط

(۱۷۶) **تعریف** جب ایک شخص دوسرے شخص کا قرض ادا کرنے کے لئے مختلف قسطین مقرر کرتا ہے اور اونکی مختلف مدتین ٹھیراتا ہے توجس قاعدہ سے ایسا وقت دریافت ہوتا ہے کہ تمام قرضہ ایک ہی وقت مین ادا ہوجاوے اور طرفین مین سے کسیکو نقصان نہو اوسکو معادلہ اقساط کہتے ہین

تنبیہ اول اس قاعدے مین یہہ بات مان لی ہے کہ جو قسطین واجب الادا ہوگئی ہین وہ ادا نہین کی گئین اور اونکا سود معادلہ اقساط کے وقت تک برابر ہے اون اقساط کے سود کے جو وقت معادلہ اقساط تک واجب الادا نہین ہوئین

قاعدہ ہرایک قسط کے روپیہ کو اوسکی مدت مین ضرب دو اور سب حاصل ضربون کے مجموعہ کو سب قسطونکے روپیہ کے مجموعہ پر تقسیم کرو تو خارج قسمت وقت معادلہ اقساط کا ہوگا

(۱) زیدنے عمرسے ۱۰۰ روپیہ قرض لئے اور دو قسطونمین اسطرح ادا کرنیکا وعدہ کیا کہ ۴۰ روپیہ ۳ مہینہ بعد اور ۶۰ روپیہ ۵ مہینہ بعد دونگا اب بتاؤ کہ کسوقت یہہ زر قرضہ ادا کیا جائے کہ دونون مین سے کسیکو خسارہ نہ پڑے

بموجب قاعدہ کے عمل کرنے سے

(۳×۴۰ + ۵×۶۰) = (۴۰ + ۶۰) × معادلہ اقساط کے ہونگے

اسلئے وقت معادلہ اقساط = $\frac{۱۲۰ + ۳۰۰}{۴۰ + ۶۰}$ = ۴ $\frac{۱}{۵}$ مہینے

دلیل عمل ظاہر ہے کہ جو کچھہ سود ۴۰ روپیہ کا ۳ مہینے کے اور ۶۰ روپیہ کا ۵ مہینہ کا

اوسیقدر سود (۱۲۰ + ۳۰۰) یا ۴۲۰ روپیہ کا ایک مہینہ کا ہوگا - اس لئے اگر زید ۱۰۰ روپے یکمشت اداکرے تو یہہ سوال ہوگا کہ کتنے وقت مین ۱۰۰ روپیہ پر اتنا سود ہوگا جتنا کہ ۴۲۰ روپیہ پر ایک مہینہ مین حاصل ہوتا ہی پس یہہ صورت بیانیہ پیدا ہوگی

۱۰۰ روپیے : ۴۲۰ روپیے :: ۱ مہینہ : مہینون مطلوب

:. مہینے مطلوب = ۴ ۱/۵ وقت معادلہ اقساط کا معلوم ہوتا ہے اور جو پہلے قاعدہ سے جواب نکالا تھا اوسی کے مطابق ہے

(۲) الف نے ب سے ۱۰۰۰ روپیے ۹ مہینہ کے وعدہ پر قرض لئے اب وہ ۲۰۰ روپیہ ۳ مہینہ کے بعد اور ۳۰۰ روپیے ۸ مہینہ کے بعد دے دے تو بتاؤ کہ باقی روپیہ کب ادا ہون کہ دونون کو کچھہ نقصان نہ رہے

اس صورت مین (۲۰۰ × ۳ + ۳۰۰ × ۸ + ۵۰۰ × تعداد ماہ ہائے مطلوب)

= ۱۰۰۰ × ۹ یا ۵۰۰ × تعداد ماہ ہاے مطلوب مین = ۶۰۰۰

اس لئے تعداد مطلوبہ مہینون کی = ۶۰۰۰/۵۰۰ = ۱۲

امثلہ نمبری ۶۴

(۱) تین قصبون مین سے ۲۷ سپاہیون کی کمپنی بنانا چاہتے ہین اور آبادی ان قصبون کی ۱۵۰۰۰ و ۷۰۰۰ و ۹۵۰۰ باشندونکی ہے تو بتاؤ ہر قصبہ سے کتنے کتنے آدمی لین

(۲) ۲۱ روپیہ ۱۵/۹ پائی کو ایسے دو حصون مین تقسیم کرو کہ اونمین ۵ و ۱۶ کی نسبت ہو

(۳) ۴۴۷۲ کو ایسے حصون مین تقسیم کرو جسمین نسبت ۳ و ۵ و ۷ و ۱۱ کی ہو اور نیز ۵۰۰۰ روپیے کو ایسے حصونمین تقسیم کرو جنمین ۱/۲ و ۳/۵ و ۴/۷ کی نسبت ہو

(۴) ایک ساہوکار کو زید کے ۶۳۲۵ روپیے ۵/۴ پائی اور عمر کے ۲۰۳۵ روپیے اور بکر کے ۱۴۱۶ روپیے ۱۰/۸ پائی دینے ہین اوسکی جائداد کی قیمت ۴۴۱۰ روپیے ۸/ ہے تو بتاؤ زید عمر و بکر کو علیحدہ علیحدہ کیا ملے گا

(۵) ایک دہات کا ٹکڑا ہے جسمین ۱۵ حصہ سونا اور چار حصہ چاندی اور ۳ حصہ تانبا ہے اگر اس دہات کا ۲۵ من ۸ سیر کا دروازہ بنانا چاہین تو ہر ایک مین سے کتنا کتنا دہات ہوگا

(۶) دو شخصون نے سوداگری مین ۷۲۰ روپیہ کا نفع اوٹہایا اور ایک کا سرمایہ ۲۲۰۰ روپیہ اور دوسرے کا ۱۸۰۰ روپئے تہا تو بتاؤ ہر ایک کو کسقدر نفع ہوا

(۷) ایک دہات کے ٹکڑے مین ۱۱ حصہ ٹین اور ۱۰۰ حصہ تانبا ہے تو دریافت کرو کہ اوس دہات کے ۳۲ من ۲۴ سیر کے ٹکڑون مین کتنی ٹین ہوگی

(۸) ایک آدمی ۱۳۰۰۰ روپئے چہوڑ کر مرگیا اوسکے ۴ لڑکے اور ۳ لڑکیان تہین تین حصے لڑکو نمبر ہر ایک لڑکے کا حصہ ہر ایک لڑکی کے حصے سے دوگنا تہا اور بڑے لڑکے کا حصہ اتنا تہا جتنا ایک چہوٹے لڑکے اور ایک لڑکی کا حصہ تو ہر ایک کا حصہ دریافت کرو

(۹) زید اور عمر نے ۲۰۰۰ روپیہ تجارت کیواسطے ساجہی مین ملائے اور یہ ٹہرا کہ زید کو کام تجارت کا حق ۱۰ روپیہ فیصدی ملیگا اور باقی نفع بموجب سرمایہ کے دونون مین تقسیم ہوگا کل نفع سال اخیر پر ۸۰۰ روپیہ کا ہوا تو اب بتاؤ ہر ایک کو کتنا کتنا ملے گا جبکہ زید کا ۵۰۰ روپیہ

(۱۰) ۱۰۰ روپیہ کو زید عمر بکر خالد مین اسطرح تقسیم کرو کہ عمر کو زید کی برابر اور بکر کو زید اور عمر کی برابر اور خالد کو زید عمر و بکر کی برابر ملے

(۱۱) ۱۱۸۷۵ روپیہ کو زید عمر و بکر کے درمیان اسطرح تقسیم کرو کہ اگر زید کو ۴ روپئے ملین تو عمر کو ۳ روپئے اور اگر عمر کو ۶ روپئے ملین تو بکر کو ۵ روپیہ

(۱۲) زید نے ۱۰۰۰ روپیہ سے سوداگری شروع کی ۲ برس کے بعد عمر کو شامل کیا جسکا سرمایہ ۱۵۰۰ روپیہ تہا اور پہر ۳ برس کے بعد ۱۵۰۰ روپیہ نفع ہوا تو بتاؤ کہ عمر کو کیا نفع ملے گا

(۱۳) ۷۰۰ روپیہ ۳ مہینہ بعد اور ۸۰۰ روپیہ ۵ مہینہ بعد اور ۵۰۰ روپیہ ۱۰ مہینہ بعد واجب الادا ہین تو معادلہ اقساط کا دریافت کرو

(۱۴) ۷۵۰ روپیہ مین سے نصف ۴ مہینہ کے بعد اور ⅓ پانچ مہینہ کے بعد اور باقی

٦ مہینہ کے بعد واجب الادا ہین معادلہ قسط ادا کا وقت دریافت کرو

(١٥) زید نے عمر سے کچھ روپیہ ٨ ½ مہینہ کے وعدہ پر قرض لیا لیکن اوسنے ⅓ چار مہینے کے اور ⅓ چھ مہینہ بعد اور ⅓ آٹھ مہینہ بعد ادا کیا تو باقی کو کب ادا کرے کہ دونون کو کچھ نقصان نہو

(١٦) زید عمر و بکر نے ایک کھیت گہاس کا ٢٤ روپیہ کو مول لیا زید کے ٦٠ بیل ٩ مہینہ تک اور عمر کے ٤٠ بیل ٩ مہینہ تک اور بکر کے ٥٠ بیل ٧ مہینہ تک اوسمین چرے تو بتاؤ بکر کو کیا دینا چاہئے

(١٧) زید و عمر و بکر نے اسطرح کہ زید نے ٧٠٠٠ روپیہ اور عمر نے ٥٠٠٠ روپیہ اور بکر نے ٣٠٠٠ روپیہ ساجہے مین ملایا اور کل نفع ٤٥٠٠ روپیہ کا اوٹھایا جسمین ٢٥ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے زید کو نفع ملا پس باقی نفع سے بکر کو کیا ملے گا

(١٨) زید و عمر نے ملکر سوداگری کی زید نے ٥٠٠ روپیہ اور عمر نے ٤٥٠ روپیہ لگائے ٤ مہینہ کے بعد زید نے اپنا نصف سرمایہ نکال لیا اور ٦ مہینہ کے بعد عمر نے اپنے سرمایہ کی ⅓ نکال لی لیکن بکر ٧٠٠ روپیہ ملاکر شریک ہوا ١٢ مہینہ کے بعد ٢٥٤ روپیہ کا نفع ہوا تو ہر ایک کو کتنا کتنا ملنا چاہئے

حساب فیصدی

(١٧٧) دفعہ ١٩٢ مین اور اوسکے بعد جہان ہم نے لفظ فیصد لکھا لکھا ہے اوس سے مراد یہ ہے کہ ١٠٠ روپیہ یا ١٠٠ روپیہ کا راس المال لیکن بہت سی معاملات ایسے ہوتی ہین کہ اونمین لفظ فیصدی کا بولا جاتا ہے اور وہان ١٠٠ سے مراد نہ نقدی ہوتی ہے نہ راس المال سے مطلب ہوتا ہے بلکہ صرف وہان غرض ١٠٠ سے ہوتی ہے جسکی اکائی مجرد یا مفروض ہوتی ہے مگر ذرہ اوپر کی صورتون سے مختلف ہوتی ہے اس قسم کی تمام مثالین اصول تناسب پر مبنی ہین ہم بعض مثالین حل کرکے لکھتے ہین اون سے خوب توضیح اس مضمون کی ہوجائے گی

(۱) ۷ اور ۱۶ کی نسبت مین کیا فیصدی نسبت ہے

اس سوال کو دوسری طرح یون بیان کر سکتے ہین کہ کونسا عدد ۱۰۰ کے ساتھہ وہی نسبت رکھتا ہے جو ۷ رکھتا ہے ۱۶ کے ساتھہ

بموجب دفعہ ۱۵۵ کے ۱۶ : ۱۰۰ :: ۷ : عدد مطلوب

اسلئے عدد مطلوب = $\frac{۷۰۰}{۱۶}$ = ۴۳٫۷۵

(۲) ایک حلقہ بندی کے مدرسہ مین ۱۵۳ لڑکے ہین جنمین سے ۱۲۵ لکھنا سیکھتے ہین تو بتاؤ فیصدی کتنا لکھنا سیکھتے

دوسری طرح پر اس سوال کو یون کہہ سکتے ہین کہ کونسا عدد ۱۰۰ سے وہ نسبت رکھتا ہے جوکہ ۱۲۵ رکھتا ہے ۱۵۳ سے

اسلئے ۱۵۳ : ۱۰۰ :: ۱۲۵ : عدد مطلوب اسلئے عدد مطلوب = $\frac{۱۲۵۰۰}{۱۵۳}$ = ۸۱ $\frac{۱۰۷}{۱۵۳}$

(۳) سنہ ۱۸۴۴ع مین یونیورسٹی کیمبرج کے ممبرونکی تعداد ۵۸۵۳ تھی اور سنہ ۱۸۵۲ع مین ۶۳۹۷ تھی تو فیصدی زیادتی بتاؤ

۶۳۹۷ سے ۵۸۵۳ کو تفریق کرنے سے ۵۴۴ زیادتی ۵۸۵۳ ممبرونپر حاصل ہوگی

تو سوال اسطرح ہو جائے گا

اگر ۵۸۵۳ ممبرون پر زیادتی ۵۴۴ ہو تو ۱۰۰ ممبرون پر کتنی زیادتی ہوگی

اسلئے ۵۸۵۳ : ۱۰۰ :: ۵۴۴ : زیادتی فیصدی

اسلئے زیادتی فیصدی = $\frac{۵۴۴۰۰}{۵۸۵۳}$ = ۹ $\frac{۱۷۲۳}{۵۸۵۳}$

(۴) ایک شہر مین ۳۰۰۰۰ آدمی ہین جنمین سے ۲۳ فیصدی ہیضہ سے مرگئے تو کل کتنے مرے ہونگے

اگر ہر ۱۰۰ پیچھے ۲۳ مرے تو ۳۰۰۰۰ مین کتنے مرین گے

اسلئے ۱۰۰ : ۳۰۰۰۰ :: ۲۳ : تعداد مردونکی

اسلئے تعداد مربے ہونگی = $\frac{۶۹ \times ۱۰۰۰۰}{۱۰۰}$ = ۶۹۰۰

(۵) سنہ ۱۸۲۱ء اور سنہ ۱۸۳۱ء کے درمیان مین آبادی ایک شہر کی فیصدی ۲۲ کے حساب سے زیادہ ہوئی اور آخر سال سنہ ۱۸۳۱ء مین ۶۱۱۱۶ آبادی تہی تو بتاؤ کہ سنہ ۱۸۲۱ء مین کتنی آبادی تہی

اگر سنہ ۱۸۳۱ء مین ۱۲۲ آدمی ہوتے تو سنہ ۱۸۲۱ء مین سو ہوتے

اسلئے ۱۲۲ : ۶۱۱۱۶ :: ۱۰۰ : تعداد مطلوب

اسلئے تعداد مطلوب = $\frac{۱۰۰ \times ۶۱۱۱۶}{۱۲۲}$ = ۵۰۰۹۵ تقریباً

(۶) ایک رجمنٹ مین ۷۵۰ آدمی ہین اونمین سے فیصدے ۲۶ اسپتال مین اور فیصدے ۳۲ محافظ قلعہ کے ہین اور باقی کمپ مین موجود ہین تو بتاؤ کہ کتنے اسپتال مین ہین اور کتنے محافظ ہین اور کتنے کمپ مین

۱۰۰ : ۷۵۰ :: ۲۶ : تعداد اسپتال کے آدمیون کی

∴ تعداد آدمیون کی اسپتال مین = $\frac{۷۵۰ \times ۲۶}{۱۰۰}$ = ۱۹۵

اور ۱۰۰ : ۷۵۰ :: ۳۲ : تعداد محافظین

∴ تعداد محافظین قلعہ = $\frac{۷۵۰ \times ۳۲}{۱۰۰}$ = ۲۴۰

∴ کیمپ مین آدمیون کی تعداد = ۷۵۰ - (۱۹۵ + ۲۴۰) = ۷۵۰ - ۴۳۵ = ۳۱۵

(۷) ایک مدرسہ مین ۶۰ طلبہ ہین اونمین لکہنا سیکہنے والونکی تعداد فیصدے ۶۵ ہے اور دوسرے مدرسہ مین ۷۰ طالبعلم ہین جنمین لکہنا سیکہنے والونکی تعداد فیصدی ۷۸ ہے تو دونون اسکولون کا اوسط فیصدی لکہنا سیکہنے والون کا کیا ہے

اول اسکول مین ۱۰۰ : ۶۰ :: ۶۵ : تعداد اون طلبہ سے جو لکہنا سیکہتے ہین

اسلئے تعداد اون طلبہ کی جو لکہنا سیکہتے ہین = $\frac{۶۰ \times ۶۵}{۱۰۰}$ = ۳۹ اور دوسرے اسکول مین

۱۰۰ : ۷۰ :: ۷۸ : تعداد طلبہ سے جو لکہنا سیکہتے مین اسلئے تعداد طلبہ کے جو لکہنا سیکہتے مین = $\frac{۷۰ \times ۷۸}{۱۰۰}$

∴ (۶۰ + ۷۰) یا ۱۳۰ کی تعداد مین ۹۳ ۳/۵ لکھنا سیکھنے والے ہین

اسلیئے ۱۳۰ : ۱۰۰ :: ۹۳ ۳/۵ : اوسط فیصدی مطلوب

اسلیئے اوسط فیصدی مطلوب = (۹۳ ۳/۵ × ۱۰۰) / ۱۳۰ = ۷۲

(۸) ہندوستان کی انگریزی اشرفی مین ۱۲ حصون مین سے ۱ حصہ ناخالص نکلتا ہے تو بتاؤ اوسمین ملاؤ فیصدی کیا ہے

چونکہ ہر ۱۲ حصہ مین ایک حصہ ملاؤ ہے

(۲) مثلہ ذیل کو کسر اعشاریہ مین حل کرو اور اونکا جواب عشری سکون مین نکالو

(۱) ایک دوالیہ کے اوپر ۴۲۶۵ پونڈ کا قرضہ ہے اور اوسکی جائداد کی آمدنی سے ایکدفعہ
فی پونڈ دو فلورن ۵ سینٹ اور دوسری دفعہ فلورن ا سینٹ ۸ ل اور تیسری دفعہ
فلورن ۹ مل فی پونڈ قرضہ مین ادا ہوگئے تو بتاؤ اوسکی قرضخواہون کا کل کیا نقصان ہوا

(ب) اگر ۴۲۸ پونڈ ۲ فلورن ۵ سینٹ لندن سے پیرس کو بہیجے ہون اور ایک پونڈ کی
قیمت ۲۵ فرنک ہوا تو کیا بہیجنا چاہیئے ایک گنی کی قیمت ۲۷ فرنک ہو تو کسقدر

(۳) ۳۲ آدمی ۹ گہنٹہ ہرروز کام کرکے ۱۶ دن مین وہ سڑک تیار کرتے ہین جو ۳۱۵ گز لنبی اور ۳ فٹ چوڑی ہے تو بتاؤ اگر ۱۵۷۵ گز لنبی اور ۳ فیٹ ۶ انچ چوڑی سڑک پر چار آدمی اسطرح کام کرین کہ دو آٹھ آٹھ گہنٹہ اور دو دس گہنٹہ روز کام کرین تو کتنی دنون مین وہ سڑک تیار ہوگی

(۴) دو مکعب شکلون کا حجم ۵۲۵۹۳۷۵ مکعب فیٹ اور ۵۲۵۹۳۷۵ مکعب فیٹ علیحدہ علیحدہ ہے تو اونکے ضلعون کی لنبائی کا فرق انچون مین بتاؤ

(۵) ایک آدمی نے ۶۰ میل جانے کے لئے ۴ ٹکٹ ریل پر ۱۵ روپیہ ۱۳ ۴ پائی کی لئی دو اول درجے کے اور ایک دوسرے درجے کا اور جو ہنا لڑکے کا ٹکٹ دیا اول درجہ کا لیا اور دوسرے درجہ کے ٹکٹ کی قیمت اول درجہ کے ٹکٹ کی قیمت سے ۲/۳ تہی تو ہر ایک ٹکٹ کی قیمت اور اول درجہ کا کرایہ ایک میل کا تبلاؤ

(۶) چار مقدارون کے تناسب ہونے کی تعریف بیان کرو اور اوس تعریف کے موافق ثابت کرو کہ ۲۳۹ روپیہ ۸ ر ۶ پائی کو : ۳۹ روپیہ ۶ ر :: ۳۶۵ دن : ۶۰

اور اس تناسب سے اس سوال کا استنباط کرو کہ اگر ۳ مزدور ۲۳۹ روپیہ ۸ ر ۶ پائی کی مزدوری ایک سال مین کرین تو ۳۹ روپیہ ۶ ر کی مزدوری کتنے دنون مین کرینگے

(۷) ایک رقم سال بہر کے بعد واجب الوصول ہے اور ۱۵ روپیہ اوسکی کٹوتی ۵ روپیہ سیکڑہ سالانہ کے حساب سے ہی تو اوس رقم کو بتاؤ

(۸) ۸ طرح طرح کے ریشمی رومال ہین اونمین سے ہر ایک کا ۳ ہاتہہ عرض اور ۸ ہاتہہ طول اور قیمت اونکی ۱۰۰ انسکاس ہے اور اوسیطرح کا رومال ۳ ۱/۲ ہاتہہ لنبا اور ۲ ۱/۲ چوڑا ہے تو اوسکی قیمت درم اور پاتا اور کاسینس اور کوڑہی مین دریافت کرو اور انسکا = ۱۶ درم اور ۱ درم = ۱۶ پاتا اور ۱ پاتا = ۴ کاسینس اور ۱ کاسنی = ۲۰ کوڑہی

(۹) ایک شخص نے ۵۰ بورے شکر کے خریدے ہر بورہ مین ۱۱ ہنڈریڈ ویٹ ۳ کوارٹر ۲۴ پونڈ شکر تہی اور قیمت فی ہنڈریڈ ویٹ ۱۷ شلنگ ۱۱ ۱/۲ پنس ہی تو ۶ مہینہ کے بعد ان بورون کو

کس قیمت پر بیچے کہ قیمت پر ۴ ½ فیصدی فی سال کا سود حاصل ہو

(۱۰) کسان اپنے لگان میں شکر اور کچھ نقد روپیہ دیتا ہے جب شکر کا بھاو ۲۸ روپیہ من کا ہوتا ہے تو لگان ۲۵۰۰ روپیہ دینے پڑتے ہیں اور جب ۳۰ روپیہ من کا نرخ ہوتا ہے تو ۲۶۰۰ روپیہ زرلگان ہوتا ہے تو بتاؤ ۴۰ روپیہ من کے ہونے کی صورت میں زرلگان کیا ہوگا

(۱۱) ایک کام کو زید و عمر ۱۰ دنمیں اور عمر و بکر ۱۲ دنمیں اور زید و بکر ۲۵ دنمیں پورا بنا سکتے ہیں انہوں نے ۴ دن تک تو ملکر کام کیا پھر زید چلا گیا اور عمر اور بکر نے ۵ دن تک ملکر کام کیا اور بعدازاں عمر چلا گیا تو بتاؤ کتنے دنوں میں بکر اوس کام کو پورا بنائیگا

(۱۲) ایک جہاز کا کمرہ ۹۹ فیٹ لنبا ۴۰ فیٹ چوڑا ۵ فیٹ اونچا ہے اوسمیں گٹھریاں بھریں اور چاروں طرف ۴ فیٹ چوڑا رستہ چھوڑ دیا ہر ایک گٹھری ۳ فیٹ ۹ انچ لنبی اور ۲ فیٹ ۸ انچ چوڑی اور ۲ فیٹ ۶ انچ موٹی ہے تو بتاؤ کتنے گٹھریاں اوسمیں سمائینگی

نمبر ۵

(۱) **ا** فرانسیسی میٹر ۳۹ء۳۷ انچ کا ہوتا ہے تو ۳۴۰۰ میٹر کے کتنے گز ہونگے

ب تین ورسٹ = ۲ میل تو ایک آدمی ۲۵۰۰ ورسٹ کا سفر ۱۰ میل فی گھنٹہ کے چال سے کتنی دیر میں کرسکتا ہے

(۲) بتاؤ کون سی کسور عام کسور اعشاریہ محدود ہوتی ہیں اور کونسی غیر محدود دوردار جواب دو اور جواب کی وجہ بیان کرو کسور ذیل کو کسور اعشاریہ میں تحویل کرو

۳/۵ و ۳/۵۷ و ۶/۵۷۴ اور انکو جمع کرکے حاصل جمع کو ۰۰۰۳۷۱۴۱ء سے تقسیم کرو اور خارج قسمت میں دو مرتبہ کسور اعشاریہ کے نکالو

(۳) ایک سنار نے ایک رکابی چاندی کی ۱۸۰ اونس وزن کی خریدی اوسمیں سے دو درجن پیالے اور ایک درجن آبخورے بنائے گئے اگر آبخوروں کا وزن ۱۲۸ اونس ہو تو ہر ایک پیالے کا وزن کیا ہوگا اور ایک گرین کی قیمت ۱½ پائی ہو تو ہر پیالے کی کیا قیمت ہوگی

(۴) ۳/۴ کا ۵/۹ کا ۲ پونڈ ۵ شلنگ اور ۱/۲ کا ۳ گنی اور ۲/۷ کا ۱ پونڈ ۱۸ شلنگ ۶ پنس
اور ۲/۲۱ کا ۲ پونڈ ۱۰ شلنگ کو جمع کرو
اور حاصل جمع کو ۲۵ گنی کی کسر اعشاریہ مین تحویل کرو

(۵) ایک شخص کی سالانہ آمدنی ۸۴۰ پونڈ ۵ فلورن ہے اور اوسکی بچت ۴۳ پونڈ ۹ فلورن ۶ سینٹ ۶ ۲/۳ مل بعد انکم ٹیکس دینے کے رہتی ہے اور انکم ٹیکس ۱۲ پنس فی پونڈ دینا ہے تو بتاؤ یومیہ خرچ اوسکا کیا ہے

(۶) جذر ۱۰۰۰۰۱۲۱۱/۱۰۰ کا جذر اور ۳۰۰ کا جذر الکعب نکالو

(۷) ایک کام کو ۴۵ دنمین ۳۵ آدمی تمام کرتے تھے اونمین سے ۷ آدمی ہر روز بیندرہویں دن خارج کئے گئے تو بتاؤ کتنے دنون مین کام ختم ہوگا

(۸) ۱۶۹۸۴ روپیہ کو زید عمر بکر خالد مین اسطرح پر تقسیم کرو کہ
زید کے حصے : عمر کے حصے :: ۶ : ۵ اور
عمر کے حصے : بکر کے حصے :: ۲ : ۳ اور
بکر کے حصے : خالد کے حصے :: ۴ : ۳

(۹) ایک کمرہ ۳۰ فیٹ لنبا ۱۵ فیٹ چوڑا اور ۱۵ فیٹ اونچا ہے تو اوسکی دیوارونکی منڈھنے مین کتنے کاوہ کاغذ صرف ہوگا جو ۱/۲ گز چوڑا اور ۳۰ گز کا ہے اور دوسرا کمرہ پہلے کمرہ سے لنبائی مین دوگنا اور چوڑائی مین دوگنا اور بلندی مین دوگنا ہے اوسکی دیوارون کے منڈھنی مین وہ کاغذ جو پہلے کاغذ سے دوگنا چوڑا اور دوگنی قیمت کا ہو کسقدر صرف ہوگا

(۱۰) ایک ملک مین گیہون کی پیداوار مین ۲۵ فیصدیکا نقصان ہوتا ہے اگر ۵ فیصدیکا نقصان ہوتا تو دوسرے ملک سے ایک کروڑ من گیہون منگانے کی ضرورت نہین پڑتی اپنے ہی ملک کی پیداوار سے سارا کام چل جاتا تو اب اوس ملک کی پیداوار بتاؤ

(۱۱) ایک مستطیل کمرہ ۷۷ ر۲۵ ۴ گز لمبا اور ۹۳ ر۱۴ گز چوڑا ہے اوسکی گرد ۲۵ ر۱۲ فیٹ
عرض کا برآمدہ ہے تو اس برآمدہ کے فرش مین کتنے پتھر کی سلین لگینگی اور سلین
۷۶ ر۵ فیٹ لمبی اور ۱۵ ر۴ فیٹ چوڑی ہین

(۱۲) ا ایک آدمی ایک ہزار روپیہ کے ۳ فیصدی سود کے نوٹ خریدنا چاہتا تہا مگر جب بہاؤ
نوٹون کا دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ ۸۶ روپیہ کا بہاؤ ہے اسلیئے اوسنے تامل کیا اور
اس تامل مین بہاؤ ۸۰ کا ہو گیا تو اس توقف سے اوسکی آمدنی مین کیا فرق پڑ گیا
ب نوٹون کے سود کا بہاؤ چار فیصدی سے ۵ فیصدی تک بڑہ جائے اور اسی نسبت سے فنڈ پر
بہی اثر ہو تو وہ نوٹ جنپر ۳ فیصدی سود ہے اونکی قیمت کتنی گہٹ جائے گی

نمبری ۶

(۱) اعداد مین جو نظم عشری ہے اوسے بیان کرو کسطرح ہندسون مین بڑے سے بڑے
عدد کو تعبیر کر سکتے ہین

(۲) اگر ۱۲ آدمی یا ۱۸ لڑکے ایک کام کے $\frac{1}{3}$ کو ۶½ گہنٹہ مین بناتے ہین تو ۱۱ آدمی
۹ لڑکے باقی کام کو کتنے وقت مین بنائین گے

(۳) دلی مین کلکتہ کے ہنڈوی کا بہاؤ سوا روپیہ یا د ہے کا ہے تو بتاؤ جو شخص ہزار روپیہ
کی ہنڈوی دلی سے لے اوسکو کلکتہ مین کیا ملے گا

(۴) ایک جائداد کی آمدنی پر انکم ٹکس فی روپیہ ۲ پائی وضع ہوتی ہے اور بعد اس منہائی
کے جو کچہ باقی رہتا ہے اوسکی اوگہائی مین ۵ روپیہ سیکڑہ خرچ پڑتا ہے اور نیز بعد
ان اخراجات کے ۸۵ روپیہ ۱۵ آنہ ۲ پائی وصول ہوتے ہین تو بتاؤ اصل آمدنی کیا ہے

(۵) مِتی کاٹنے کی تعریف بیان کرو - ۲۲۷۱ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی کا متی کاٹا جو ڈیڑہ سال کے
بعد واجب الوصول ہے ۱۲۸ روپیہ ہو تو شرح سود فیصدی فی سال کیا ہے

(۶) زید کے پاس ۳ فیصدی کے نوٹ ہین جنسے اوسکو ۰۰ ۳ روپیہ سالانہ ملتے ہین اوسنے نصف

نوٹ ۴۲ کے بھاؤ پر فروخت کئے اور ریل کے حصے اوس وقت خرید کئے کہ ۵۰ روپیہ
حصہ کے ۲۳ روپیہ دئے جاتے تھے تو کیا فیصدی فی سال ریل پر اوسکو نفع ہونا چاہئے،
جس سے کہ اوسکی سالانہ آمدنی ۵۰ روپیہ فی سال زیادہ ہوجائے

(۷) زمین کا محیط ۲۵ ہزار میل لنبا ہے اوسکی گرد ایک سونے کا تار ایسا لنبا پھیلانا چاہتے ہیں
کہ وہ ۵۰۰۰ فیٹ لنبا ایک گرین وزن میں ہو اور سونا اوسکا فی اونس ۴۲ روپیہ ۸ آنہ کا ہو
تو بتاؤ کیا لاگت اس کام میں لگے گی

(۸) ا اگر زید = ۱¼ عمر کے اور بکر = ۲¼ عمر کے تو زید کی بکر کے ساتھ نسبت دریافت کرو
ب کسر ذیل کو مختصر بناؤ

$$\frac{\frac{3}{5}}{\frac{4}{9}} + \frac{\frac{5}{6}}{\frac{11}{12} \text{ کا } 2\frac{1}{2}} + \left\{ \frac{\frac{4}{7}}{2\frac{1}{2}} + \frac{3\frac{5}{8}}{4\frac{1}{3}} - \frac{3\frac{5}{14}}{4\frac{2}{7}} \right\} \div 4\frac{2}{7}$$

ج ۱۰٫۸۳۴۶ کو ۶٫۱۵ پر اور ۶٫۰۸۳ کو ۱۶٫۵ پر اور نیز ۰۰۵۱۶ء پر تقسیم کرو
اور ہر ایک نتیجہ کو کسور عام سے ثابت کرو

(۹) ایک دوکاندار نے ۲۸ سیر چاول بحساب ۴ روپیہ ۲ آنہ ۸ پائی فی سیر کی خریدی تو بتاؤ کہ
اوسمیں ۲ روپیہ ۱۴ آنہ ۸ پائی فی سیر کی چاول کتنی ملائے کہ کل ۳ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی فی سیر
بیچنے سے ۲۰ فیصدی کا نفع ہوا

(۱۰) ایک نقشہ کا رقبہ ۴ فیٹ ۴۴ انچ ہے اور اوسکا پیمانہ فی انچ ایک میل ہے تو بتاؤ
کتنے ایکڑ زمین کا نقشہ بنا ہوا ہے

(۱۱) ا ۳ فیصدی سود کے نوٹ کا بازار میں کیا بھاؤ ہونا چاہئے کہ ۴ روپیہ سیکڑہ سود بعد
انکم ٹیکس دینے کے ہاتھ لگے اور انکم ٹیکس ۱ آنہ ۴ پائی فی روپیہ دیا جاتا ہے
ب ایک شخص دس روپیہ سیکڑہ انکم ٹیکس دیکر ۱۲۵۰ روپیہ کی آمدنی سالانہ
رکھتا ہے تو بتاؤ اصل آمدنی اوسکی کیا ہے

(۱۲) ممبران پارلیمنٹ کے روبرو دو امیدوار انتخاب کے واسطے پیش کئے گئے پارلیمینٹ کے

۱/۱۲ ممبرون نے سرسیسے رائے دینے مین انکار کیا اور ایک امیدوار کے انتخاب کے لئے ۹/۱۴ حصہ ممبرون کی رائے ہوئی اور دوسرے امیدوار کے لئے پہلے امیدوار سے ۵ ممبرون کی رائے کم تہی اسلئے پہلا امیدوار کامیاب ہوا تو اب بتاؤ ہر ایک امیدوار کے انتخاب کے واسطے کتنے ممبر پارلیمنٹ کے رائے دینے والے تہے

نمبری ۷

(۱) ثابت کرو کہ ۹ر ۲ ضرب دیا گیا ۱۵ = ۵ ۱ ضرب دیا گیا ۹ر ۲ مین اور اعداد مجرد اور معرون مین فرق کیا ہے

(۲) باغ کے حوض مین ۱۸ ٹن پانی بہرا ہوا ہے اور ایک مکعب فیٹ پانی کا وزن ۱۰۰۰ اونس ہوتا ہے تو بتاؤ حوض کا ظرف کیا ہے

(۳) ایک کتاب کے ہر صفحہ مین ۳۰ سطرین اور ہر سطر مین بحساب اوسط ۱۰ لفظ ہین اور اسکے صفحہ دو ۳ منٹ مین پڑہے جاتے ہین تو اس حساب سے دوسری کتاب کے جسکے صفحہ مین ۵۰ سطرین اور ہر سطر مین ۱۲ لفظ ہون ۲۰ منٹ مین کتنے صفحے پڑہے جائینگے

(۴) ایک مکعب صندوق کے باہر کیطرف کی رنگوائی ۶ر ۱۰ ۱ رگز مربع کے حساب سے ہوگی اور صندوق ۵ ر ۳ فیٹ لنبا ہے

(۵) ۲۵ مردون کی ۱۶ دنکی مزدوری ۶ ، روپیہ ۱۰ ر ۸ پائی ہے اور لڑکے کی مزدوری مرد سے آدہی ہے تو ۲۴ دنکے مزدوری مین ۱۰۳ روپیہ ۸ ر کتنے لڑکے پائینگے

(۶) کتاب فروش کو ۵ ر ۶ پائی فی کتاب بیچنے سے ۳/۸ نفع اصلی قیمت کا حاصل ہوتا ہے تو ۶ ر ۶ پائی فی کتاب کے بیچنے سے کیا فیصدی نفع حاصل ہوگا

(۷) میرٹھ کی دری ۲½ فیٹ چوڑی ۲ روپیہ ۸ رگز کی ہے اور دس برس چلتی ہے اور دہلی کی دری ۳ فیٹ چوڑی ایک روپیہ ۱۱ رگز کی ہے اور ۶ برس چلتی ہے اور مرادآباد کی دری ۴ فیٹ چوڑی ہے اور ایک روپیہ ۴ رگز کی ہے اور ۲ برس چلتی ہے

تو بتاؤ کونسی دری سب سے سستی اور کونسی سب سے گران ہے

(۸) ا کسور ذیل کی ایک کسر بناؤ اور اختصار کرو

(۱ ۵/۹ کا ۳ ۳/۴) / (۱ ۱/۲ کا ۳ ۳/۴) ÷ (۱ ۱/۲ کا ۲ ۱/۲) / (۱ ۳/۵ کا ۲ ۲/۳) اور (۱/۱ ۱/۲ − (۲ ۲/۳ − ۲/۳ کا ۱ ۱/۲) / (۱/۵ کا ۳ ۱/۳ + ۲ ۲/۳)) ÷ ۱/۱ ۳/۴

ب دریافت کرو قیمت ۱/۲ من ۱۶ شلنگ ۶ ۳/۴ پنس + ۱/۴ من ۱۲ شلنگ ۱۰ ۱/۲ پنس + ۱/۴ من ۲ پونڈ ۴ شلنگ ۸ ۳/۴ پنس اور (۳/۵ من ۸ ر ۱۱ − ۵/۸ من ۲ ر ۱۱۰) ÷ ۱۰

(۹) ا ایک شخص ۴ فیصدی سود کے نوٹ خرید کر کے اپنے روپیہ پر ۵ فیصدی کا نفع حاصل کرتا ہے تو نرخ نوٹوں کا کیا ہے

ب جب ۳ فیصدی نوٹوں کا بہاؤ ۸۰ ہو تو ایسے کتنے کے نوٹ ایک شخص بیچے کہ روپیہ اتنا آجائے کہ ۶۹۰ روپیہ ۳ رکا بل جسکا وعدہ ادا ۹ مہینہ کا ہی اور شرح سود ۳ روپیہ سال ہی ادا ہو جائے

(۱۰) ایک سوداگر کے پاس دو قسم کی چا ہے ایک ۵ روپیہ سیر کی دوسری ۲ روپیہ کی اوسنے دونوں کو اسطرح ملایا کہ پہلی چا دو سیر لی تو دوسری چا ایک سیر لی اور اس نسبت سے چاؤں کو ملا کر ۴ روپیہ ۸ سیر بیچنی شروع کی تو بتاؤ اوسکو کیا نفع نقصان ہوا

(۱۱) زید اور عمر ایک ہی جگہ سے ایک ہی طرف کو چلے زید بحساب رفتار ۱۸ میل فی یوم چلا اور بعد ۹ دنکے اتنی دور واپس آیا کہ جتنا عمر ان ۹ دنوں میں چلا تھا اور واپس آنے کے بعد پھر اپنی راہ لی اور جس دن سے وہ چلا تھا اوس دن سے ۲۲ ۱/۲ دنکے بعد عمر سے جا ملا تو ثابت کرو کہ عمر ۱۰ میل فی یوم کے حساب سے چلا

(۱۲) زید اور عمر اور بکر نے ایک کام کا ۷/۱۰ حصہ ۲۴ دن میں تیار کیا - ایک وقت میں جتنا کام زید بناتا تھا اوتنا ہی عمر بناتا تھا زید اور عمر میں سے کوئی غیر حاضر ہو گیا اور باقی دونوں نے ۳/۵ کام کو ۲۸ دن میں بنایا تو بتاؤ کتنے وقت میں ہر ایک علیحدہ علیحدہ اوس کام کو کر سکتا ہی

نمبری ۸

(۱) ایک مقدار کو دوسری مقدار کی طرف تحویل کرنے کے کیا معنی ہین

(۱) ۱۸ $\frac{1}{2}$ کونسی کسر ۲۹ کی ہے اور ۵ $\frac{1}{12}$ کونسا حصہ ۴ $\frac{1}{5}$ کا ہے اور ۴ $\frac{1}{2}$ پائی کے $\frac{11}{12}$ کونسی کسر ۹ ر ۷ $\frac{1}{2}$ پائی کا اور ۲ ر ۶۲ پونڈ ۱ شلنگ ۷ $\frac{1}{2}$ پنس کے $\frac{7}{99}$ کونسی کسر ۵ پونڈ کی ہے

ب اگر زید ۲ $\frac{1}{12}$ عمر کا ہو اور عمر ۱ $\frac{3}{8}$ بکر کا اور خالد ۷ $\frac{1}{12}$ بکر کا تو زید کونسا حصہ خالد کا ہے

د اگر ۲ $\frac{1}{2}$ عمر کا = ۱ $\frac{1}{2}$ من (زید + زید کا $\frac{1}{2}$) تو زید و عمر کی نسبت صحیح عددون مین کیا ہے

(۲) ایک سیر چاندی مین ۸۰ روپیہ ڈہلتی ہین ۸۰ ڈہلنی پائے تھے کہ ۱۹ اٹھنیان اور اور ۵ چونیان اور گلائی گئین تو بتاؤ کتنے روپئے اور ڈہلینگے

(۳) ایک شخص دریا کی دہار پر ۱ $\frac{1}{2}$ میل ۲۰ منٹ مین کشتی کو لے جاتا ہے لیکن اگر دہار کی بہاؤ کا لگاؤ نہو تو $\frac{1}{2}$ گھنٹہ مین لیجاتا ہے تو بتاؤ رفتار دہار کی فی گھنٹہ کیا ہے اور کتنا وقت اولٹی دہار پر آنے مین لگتا ہے

(۴) کسی کوٹھی کا ایک حصہ ۳ روپیہ ۱۲ ار کا ہے ایک شخص نے اوسکے ۷ حصے اوس وقت خریدے کہ ۴ روپیہ سیکڑہ کا بٹا حصون پر لگتا تہا اور اوس وقت فروخت کئے کہ ایک روپیہ سیکڑہ کا بادہا حصون پر تہا تو بتاؤ اوسکو کیا فائدہ ہوا

(۵) ایک کام بنانے کے مزدوری زید اور عمر کے ۱۵ روپیہ ٹہری اکیلا زید ۲ دنمین اور اکیلا عمر ۵ دنین اوس کام کو بنا لیتے ہین لیکن ایک لڑکا اونکے ساتھ بہایا گیا کہ دو دنمین کام تمام ہوگیا تو بتاؤ مزدوری ہر ایک کو کسطرح کتنی ملنی چاہئے

(۶) ایک ہنڈوی ۹۹۹ روپیہ کی اتنے دنون کے بعد واجب الادا ہے کہ اوتنی دنون مین ۸۰ روپیہ کے ۸۳ روپیہ ۴ ر پر بہرت ہوجاتے ہے اگر ہنڈوی کا روپیہ نقد ابہی لیا جائے تو کیا بٹا لگے گا

(۷) ایک بادری ان دہ یکی ۴۲۵ روپیہ ہے اوسکی عوض مین چاول اور گیہون اور جو برابر برابر قیمت کی لینا چاہتا ہے اور چاول کی قیمت ۴۰ سیر اور گیہون کی قیمت ۳۰ سیر اور جو کی قیمت ۴۵ سیر ہے تو بتاؤ ہر ایک اناج کتنا کتنا آئے گا اور اگر ۱ر فی سیر اناج

کی قیمت زیادہ ہوجانے کے کل اناج کی کیا قیمت ہوگی

(۸) ایک کمرہ ۲۴ فیٹ ۰ انچ لنبا ۲۰ فیٹ ۵ انچ چوڑا ۱۵ فٹ اونچا کاغذ سے منڈہا ہوا ہے اور اوسمین ایک دروازہ ۶ فیٹ ۶ انچ × ۳ فیٹ اور ۳ کہڑکیان ہر ایک ۱۱ فیٹ ۹ انچ × ۲ فیٹ ۱۰ انچ ہین تو بتاؤ کتنی کا کاغذ ۲/۴ پائی فی مربع گز کا اوس مین لگیگا

(۹) ایک آنہ کے ۹...۰ کتنی زیادہ آنے کے ۳...۰۰۰۰۰ ہی ہین اگر ایک وزن واحد ۰۰۱۵...۴ گرین کا مقرر کیاجائے تو ۱۱۶٫۰۴۳۵ گرین مین کتنے احاد اس وزن کی ہونگے ایسا بہاری سے بہاری وزن دریافت کرو کہ ۰۰۶۴ کراوس پیمانہ واحد اوسکا ہو

(۱۰) ا جذر ۱۶٫۰۰۴٫۱۶ کا اور ۰٫۰۰۷ کا نکالو

ب جذر الکعب ۶۸۳۸۴۰٫۶۴ ۰٫۵۱۲ کا اور ۲ ۳/۴۲ کا دریافت کرو

د ایک مستطیل صندوق کا حجم ۴۶ مکعب فیٹ ہے اوسکی ضلعون مین نسبت ۲ و ۳ و ۴ کی ہے تو اوسکے اضلاع کا طول دریافت کرو

(۱۱) ایک کشتی کنارہ سے ۴۰ میل پر چل رہی تہی کہ اوسکی تہ مین سے پانی بہرنا اس طرح شروع ہوا کہ ۱۲ منٹ مین ۳ ۳/۴ من پانی آتا تہا اور ۶۰ من پانی بہرجانے سے کشتی ڈوب جاتی ہے لیکن پمپ کی ذریعہ سے ۱۲ من پانی ایک گہنٹہ مین نکالاجاتا تہا تو بتاؤ کہ کشتی کس چال سے چلے کہ کنارہ پر جاکر ڈوبے

(۱۲) زید دو دن مین اسقدر کام کرتا ہے جس قدر کہ بکر ۳ دن مین اور عمر ۵ دن مین اتنا کام کرسکتا ہے جتنا کہ بکر ۴ دن مین تو عمر کو اوس کام کے تمام کرنے مین کتنا وقت درکار ہوگا جسکو زید ۱۲ ہفتہ مین بنا سکتا ہے

نمبری ۹

(۱) شراکت متساوی الزمان اور مختلف الزمان کی مثالون کے حل کرنیکا قاعدہ لکہو

ا کشتی ۱۸۰۰ روپیہ کی بالکل ڈوب گئی اوسمین ۱/۵ حصہ زید کا اور ۱/۴ حصہ عمر کا اور

باقی حصہ حالد کا تہا اور بیمہ کشتی کا ۸۰۰۱ روپیہ کا تہا تو بتاؤ ہر ایک کو کتنا کتنا نقصان ہوا

ب زید اور عمر نے کچھ کچھ روپیہ ایک کام مین شرکت لگایا جتنا روپیہ عمر نے دیا اوسکی ۳/۵ زید نے روپیہ دیا تہا ۶ مہینہ بعد زید نے ۱/۴ روپیہ اور ۹ مہینہ بعد عمر نے اصل مین سے ۱/۳ روپیہ نکال لیا اور ایک سال کے بعد ۲۶۱۳۲ روپیہ کا فائدہ ہوا تو بتاؤ اوس روپیہ کو کسطرح تقسیم کرین

(۲) ایک شخص نے ۳ سیر چاۓ ۲ر۲ روپیہ ۳ر۴ پائی فی سیر کے حساب سے خریدی اور اسمین ۵ سیر چاۓ ایک روپیہ ۶ر۸ پائی فی سیر بہاؤ کی ملادی تو ۲ سیر چاۓ کی کیا قیمت ہوگی

(۳) ایک شخص نے ۱۸۹ میل ریل بنانے کا ۱۵ مہینہ مین ٹہیکہ لیا اوس نے ۱۲۹ آدمی لگائے لیکن ۳ مہینے کے بعد معلوم ہوا کہ صرف ۲۸ میل ریل تیار ہوئی ہے تو بتاؤ کہ کتنی آدمی اوسکو لگانے چاہئین کہ ٹہیکہ کے اندر کل ریل تیار ہوجائے

(۴) ایک سونے کی سلاخ ایک پونڈ وزنی ہے جس مین ۱۱/۱۲ خالص سونا ہے اور اوسکی قیمت ۴۶ پونڈ ۱۲ شلنگ ۶ پنس ہے تو جس سکہ طلائی کا وزن ۵ پینی ویٹ ۱۱ گرین ہے اور ۹۲ر۴ خالص سونا ہے اوسکی قیمت بتاؤ

(۵) ایک حوض مین ۳ پمپ آ ب د لگے ہین آ اور ب اوس حوض کو ۳ و ۴ گہنٹہ مین علیحدہ علیحدہ بہر سکتے ہین اور د اوسکو ایک گہنٹہ مین خالی کرسکتا ہے اگر یہ سب پمپ ۳ و ۴ و ۵ بجے ترتیب وار کہول دئے جائین تو کے بجے حوض خالی ہوجائے گا

(۶) ایک کتاب فروش ۶ من ۳۲ سیر وزن کی کتابون کے کتنے کتنے پولندے ۴ سیر اور ۳ سیر وزن کے جدا جدا باندہے کہ اونکے تعداد مساوی ہو۔

(۷) ا اگر ۳۰۴ روپیہ پر ۲ دن مین ۱۰ر۹ پائی فائدہ ہو تو شرح سود فیصدی کیا ہے

ب کتنے برس مین ۶۶۳۴۰ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی کے ۷۲۳۱۱۵ روپیہ ۱۱ آنہ ہوجائین گے اور ۴ ۵/۹ روپیہ سیکڑہ سود سالانہ ہے

و ۳۰۲ / ۳۴۸ روپیہ ۱۲ / ۹ ۳/۵ پائی سو سال کے بعد واجب الادا ہین اوسکا بٹا ۱۵ ۱۴۸ روپیہ ۹ ۳/۵ پائی ہو تو کس سود کی شرح کے موافق ہوگا

(۸) ۱۸ ۸۹ ۳۰۱ آدمیون مین سے ۶۶ ۳۰ فیصدی لکھہ پڑہ سکتے ہین اور ۸۹ / ۵۸ فیصدی لکھہ سکتے ہین نہ پڑہ سکتے ہین اور باقی صرف پڑہ سکتے ہین تو تعداد ہر قسم کے آدمیون کی بتاؤ

(۹) اگر ایک اونس سونے کا ورق کوٹ کر اتنا بڑہایا جائے کہ ۲۰ مربع گز نیچا جائے تو ایسے ورق کتنے تہ بہ تہ رکھین کہ ایک انچ ضخامت اونکی ہو اور ایک مکعب فیٹ سونے کا وزن ۱۰ ہنڈرڈ ویٹ ۹۵ پونڈ ہے

(۱۰) ایک شخص نے کچھہ اسباب خشکی مین خریدا اور کرایہ جہاز اور زر بیمہ ۵ ا فیصدی اور محصول ۱۰ فیصدی اصل قیمت پر دیا پہر اوسنے مجبوری سے اسباب ۵ فیصدی نقصان سے بیچڈالا اگر اوسکو ۳ روپیہ زیادہ ملتے تو اوسکو ایک فیصدی کا منافع ہوتا تو بتاؤ کہ اصلی قیمت اوس اسباب کی کیا ہے

(۱۱) ا اگر ۴۰ توپین ۸ منٹ مین ۵ دفعہ فیر کرتی ہون اور اونسے ۵۰ ۳ آدمی ۱/۲ گہنٹہ مین مرجاتے ہون تو کتنی توپین ۹ منٹ مین ۷ دفعہ فیر کرین کہ ۱۸۰ آدمی ۲۵ منٹ مین اوسی حساب سے اڑجائین

ب آمدنی پر ٹیکس فی پونڈ ۷ پنس اول ششماہی مین اور ۳ ۱/۲ پنس دوسری ششماہی مین لیاجاتا ہے تو اوس شخص کی خالص آمدنی کیا ہوگی جسکی کل سالانہ آمدنی ۴۲ ۵ ا پونڈ ۱۰ شلنگ ۲ پنس بلامنہائی ٹیکس ہے

(۱۲) ایک ریلوی کی تیاری کا خرچ ۲۰ لاکہہ روپیہ ہے جسمین سے ۱/۴ فیصدی پانچ روپیہ سود پر قرض لیا گیا ہے اور باقی ۳/۴ حصہ دارون سے وصول ہوا ہے تو اوسط آمدنی فی ہفتہ کتنا ہونا چاہئے کہ حصہ دارونکو ۶ فیصدی سالیانہ سود ملے اور ریل کا خرچ ۴۵ فیصدی ریل کی آمدنی کا برابر

نمبر ۱

(۱) برابر کے مبادلہ کی اور شرح مبادلہ اور مبادلہ بالحکم مفرد اور مرکب کی تعریف بیان کرو
مدراس اور بمبئی مین شرح مبادلہ ایک روپیہ ہے تو بتاؤ مدراس مین کتنا روپیہ دیا جائے کہ بمبئی مین ۱۲۵۰ روپیہ ہاتھ لگے

(۲) ا ۵۲ سیر کو جو ۸ من ۳۰ سیر کے ساتھ نسبت ہی وہ ۶۹۴ روپیہ ۱۲ کو کس کے ساتھ نسبت ہے
ب ۱۲ شلنگ ۳ ۵/۱۱ پنس کو نصف گنی کی اعشاریہ مین اور ایک پونڈ کی اعشاریہ مین اور ایک ہزار پونڈ کی اعشاریہ مین اور ۱۰۰۰۰۱ پونڈ کی اعشاریہ مین تحویل کرو
د ۱۲۵۵ کو ۰۰۴ ۰ر۱ پر اور ۵۵ ر۱۲ کو ۱۰۰۴ پر اور ۱۲۵۵ ۰ر کو ۱۰۰۴۰۰۰ پر تقسیم کرو
اور ۱۲۳ ۰ر کو ۳ ۳ ر۳ مین ضرب دو

(۳) ا زید کو کسقدر روپیہ دینی کی عمر وصیت کر جائے کہ بعد منہائی ۱۰ روپیہ فیصدی محصول وراثت کے دس ہزار روپیہ اوسکو ملے
ب ۲۵۰۰ روپیہ کے دوگنے ۴ روپیہ سیکڑہ سالیانہ سود کے حساب سے کتنے دنون مین ہو جائینگے
د ۳ فیصدی سود اور ۸۲ ½ کے بہاؤ کے نوٹ اور ۳ ½ فیصدی سود اور ۹۳ ½ کے بہاؤ کے نوٹ کے سود مین ثابت کرو کہ ۳۴ اور ۳۵ کی نسبت ہے

(۴) قیمت ۱۰۰ اینٹونکی جنکی لنبائی چوڑائی اور موٹائی ۱۲ اور ۸ و ۱۰ انچ ہی ۲ روپیہ ۸ آنہ ہو تو بتاؤ ۹۰۷۰ اینٹونکی جو ہر طرف سے ½ بہ نسبت پہلی اینٹونکی کم ہین کیا قیمت ہوگی

(۵) ایک ٹھیکہ دار نے ایک کام بنانے کی درخواست ۵۰۰۰ روپیہ کی اور دوسری فی ۴۸۵۰ روپیہ کی کی لیکن دوسری درخواست مین یہہ شرط تہی کہ ہر سہ ماہی پر ۵۰۰ روپیہ ملا کرین تو بتاؤ کہ دونو درخواستونمین کسقدر فرق ہے اور کام دونون حالتونمین دو برسمین ختم ہوتا ہے اور روپیہ پر سود ۴ روپیہ سیکڑہ سالیانہ لگتا ہے

(۶) ایک ریل گاڑی ٹھیر ٹھیر کے ایک گھنٹہ مین ۲۷ میل چلتی ہے اور اگر بالکل نہ ٹھیری

تو ۳۰ میل فی گھنٹہ سفر طے کرسکتی ہے تو بتاؤ کتنے فاصلہ مین فقط اوسکے ٹھہرنے سے ۲۰ منٹ ضایع ہونگے

(۷) اگر دو لڑکے اور ایک مرد کام کو چار گھنٹہ مین کرین اور دو مرد اور ایک لڑکا ملکر اوسی کام کو ۳ گھنٹہ مین تو بتاؤ کتنے وقت مین ایک مرد اور ایک لڑکا ملکر اور نیز علیحدہ علیحدہ اوسی کام کو بنا لینگے

(۸) ایک کھیت ۳۰۰ گز لنبا اور ۲۰۰ گز چوڑا ہے تو اوسکے ایک کونے سے مقابل کے کونے تک فاصلہ بتاؤ اور اگر ایک روش اوسکے گرد ۳۰ گز چوڑی ہو تو اوسکا رقبہ کتنا ہوگا

(۹) دو ناریل یا ۱۲ درجن امرود ایک روپیہ کے میوہ فروش سے لڑکے کو مل سکتی ہین اوسنے ناریل خریدے اور پھر اونکو اسطرح بدلنا شروع کیا کہ ہر ایک ناریل کے عوض ۵ ناشپاتیان لین اور پھر دو ناشپاتیون کے عوض مین ۵ سینٹ پھر ۳ سیب کی عوض مین دو نارنگیان پھر ایک نارنگی کے عوض ۱۲ اخروٹ اور ۵ اخروٹ ۲ امرود دونکی عوض مین آنے ہین تو بتاؤ کہ اس اول بدل مین فائدہ ہوا یا اسمین فائدہ تھا کہ امرود خریدتا

(۱۰) ایک پنساری نے ۴۸ سیر ین ۶ ر ۸ پائی فی سیر کے حساب سے خریدی اور اوسمین ۱۲ سیر ایکروپیہ ۱۰ ر ۸ پائی کے اور ملائے تو بتاؤ اگر وہ ۸ ر ۸ پائی فی سیر کے حساب سے بیچڈالے تو کیا فیصدی نفع ہوگا

(۱۱) ایک رقم کے ۴ ½ روپیہ سیکڑہ سال سود کے حساب سے ۴۵۰۰ روپیہ ہوتے تھے اوس رقم کو پانچ روپیہ سیکڑہ سود پر بدل لیا اور اوسکی آمدنی ۴، ۷، و ۹ کی نسبت سے تین آدمیون مین تقسیم ہوئی تو بتاؤ ہر ایک کی آمدنی مین کیا تغیر ہوا

(۱۲) دلی سے ۲۷ میل پر ایک گانو مین جانے کے لئے مین شہر سے چلا راستہ مین ایک ڈاک گاڑی اوس گانون سے اٹھارھوین میل پر مجھے ملی اور مین اپنے گھر سے ۷ بجے صبح کے چلا تھا اور ڈاک بھی اُسوقت چلی تھی ڈاک ۱۰ میل فی گھنٹہ کی چال

چلتی ہے تو بتاؤ میں ڈاک سے کسوقت ملا اور کسوقت میں گالو نمین پہونچون گا

نمبری ۱۱

(۱) کسی ہنڈوی کے بٹے سے کیا مراد ہوتی ہے اور رعایتی تین دن کے کیا معنی ہیں ہنڈوی ۵۰۰ روپیہ کی لکھی ہوئی ۶ مارچ ۱۸۶۵ء کی ہے جسکا روپیہ ۱۰ اپریل ۱۸۶۵ء کو واجب الادا ہے تو بتاؤ ۲۴ مارچ ۱۸۶۵ء کو اگر روپیہ اوسکا لیا جاتا تو ۴ روپیہ سیکڑہ ماہوار کے حساب سے مستی کاٹا کتنا دینا پڑیگا

(۲) ا ایک پونڈ بارود کی قیمت ۳ شلنگ ہے اور ایک توپ کے چلانے مین ۱۲ درام خرچ ہوتی ہین تو کتنی توپین ۶ شلنگ ۹ پنس کی بارود مین چلیں گی

ب گیہونکا بہاؤ ۴۲ شلنگ فی کوارٹر ہے اوسکی قیمت کتنی روپیہ من ہوگی

(۳) ایک مکعب مجسم ۷۰۳۰۲ مکعب گز ہے تو کتنے فیٹ اوسکا ضلع ہی اور نیز اوسکا قطر کتنا ہے اور ایک طرف کے سطح کا رقبہ کیا ہے

(۴) ایک انگریزی کتاب کے دو جلدیں ہین ۱۰۰۰ نسخون کی چھپوائی مین ۵۶۰ روپیہ لگا ہے اب اوسکا ترجمہ اردو مین ہوا اور تین جلدون مین وہ چھپی اور ترجمہ کی ایک جلد کی لاگت دو ہی جو پہلی اصل کی ایک جلد کی لاگت تہی تو بتاؤ اس ترجمہ کے ۱۵ سو نسخے کتنے روپیہ مین تیار ہونگے

(۵) دو آدمیون مین سے ایک شخص تو ہمیشہ ہفتہ مین ۷ گھنٹہ ہر روز کام کرتا ہے اور دوسرا ہفتہ مین دو دن ناغا کرتا ہے اور دو دن بارہ بارہ گھنٹہ اور دو دن تین تین گھنٹہ کام کرتا ہے تو بتاؤ پہلا آدمی دوسرے آدمی سے کتنے گھنٹے زیادہ کام کرتا ہے اور اتوار کو کام نہیں ہوتا

(۶) زید عمر اور بکر کے مساوی حصے ایک جہاز مین ہین ہر ایک نے $\frac{1}{2}$ و $\frac{1}{3}$ و $\frac{1}{4}$ حصہ اپنے اپنے حصہ کا خالد کے ہاتھ بیچڈالا جب خالد مرگیا تب اوسکی حصہ کو تینون نے مساوی تقسیم کر لیا اب اگر عمر و بکر جہاز مین ۹۶۶۵ روپیہ اور ۲ پائی فائدہ ہو تو زید کو کیا فائدہ ہوگا

(۷) ۵ روپیہ سیکڑہ سود کے حساب سے ایک رقم کی سود اور مِتی کاٹی مین فرق ایک روپیہ ہی تو بتاؤ وہ رقم

(۸) ۱۰ فٹ لمبی ۱۱ انچ چوڑی اور ۲½ انچ موٹے کتنے تختے ۲۰ فٹ ۲ انچ چوڑی اور ۳۰ فٹ لمبے فرش مین لگینگے اور اون سب کی لکڑی کی قیمت ۲۰ روپیہ فی ۵۰ مکعب فیٹ اور ۱۰ روپیہ فی ۵۰ فیٹ مکعب تختون کی چروائی کے حساب سے کیا ہوگی

(۹) جسامت ایک گولہ کی ۴/۳ من $\frac{355}{113}$ اوس مکعب کی ہوتی ہے جسکا ایک ضلع نصف قطر گولہ کے برابر ہو اور ایک فیٹ مکعب لوہے کا وزن ۲۲۵ سیر ہے تو ۳۴ سیر گولہ کا قطر انچون اور انچون کی اعشاریہ مین دریافت کرو

(۱۰) فاصلہ آ سے ب تک ۱۲ میل ہے جسمین ۲ میل چڑھاؤ اور ۳ میل اوتار ہے اگر ایک آدمی آ سے ب تک ۴ میل فی گھنٹہ کی چال سے چڑھاؤ پر چڑھے اور ۵ میل کی رفتار سے اوتار سے اوترے اور ہموار زمین پر ۱ میل کی رفتار سے چلے تو اوترنے اور چڑھنے کے وقت مین کیا فرق ہوگا

(۱۱) گھڑی مین جب منٹ اور گھنٹہ کی دونو سوئیان ۱۱ اور ۱۲ بجے کے درمیان ملجاتی ہین تو کیا بجا کرتا ہے اور جب زاویہ قائمہ بناتی ہین تو کیا وقت ہوتا ہے اور جب ایک دوسرے کے مقابل ہوتی ہین تو کیا بجتا ہے

(۱۲) اسباب ۴۷۵ روپیہ ۲ ر ۳ پائی کا ہے اوسمین میرا حصہ ⅔ ہے مین نے اپنے حصہ کے ⅓ حصہ کی برابر اور حصہ اسباب کا خریدا اور اب جو میرا حصہ ہو گیا اوسکا ½ حصہ بیچڈالا تو بتاؤ کونسا حصہ میرے پاس باقی رہا اور اوسکی قیمت کیا ہے جواب کسور عشاریہ مین دو

نمبری ۱۲

(۱) اربعہ متناسبہ مین سوال کا علی العموم مطلب کیا ہوتا ہے اور اربعہ متناسبہ مستقیم اور اربعہ متناسبہ معکوس مین کیا تمیز ہے

(۲) ۶۰۰ سپاہیونکی پاس پانچ ہفتہ کے خوراک تھی اگر ہر سپاہی ۸ ہفتہ تک کھاتا تو بتاؤ کتنے سپاہی

اوسی خوراک کو ۱۰ ہفتہ تک ۵ چہٹانک کے حساب سے کہائینگے

ب کچہہ مزدور ایک کام کو ۲۵ دنمین بنا لیتے ہین کچہہ اور آدمی ہین جنکی تعداد پہلی آدمیون کی نسبت ہے اور پہلی آدمیو نمین دو جتنا کام ایک گہنٹہ مین کرتی ہین اوسے ڈیڑہ گہنٹہ مین دوسرے آدمیون مین سے ۳ آدمی بناتے ہین اور دوسرے آدمی پہلی آدمیون کی نسبت آدہے وقت مین کام کرتے ہین تو بتاؤ اوسے دُگنی کام کو دوسرے آدمی کتنی دنو نمین بنائینگے

(۲) مفرد سود کے حساب سے ایک رقم کا مول بیاج بیس برس کے عرصہ مین ۴۹۴ روپیہ ۵ رہے اور دس برس تک اگر یہہ رقم اسیطرح سود پر رہی تو مول بیاج ۵۷۶ روپیہ ۱۱ر ۲ پائی ہو جاتا ہے تو اصل اور شرح سود دریافت کرو

(۳) ۱۰۳۹۶۸۱ و ۳۲۸۷۷۶ کے مجذور دریافت کرو اور بڑے مجذور کو چہوٹے مجذور پر تقسیم کرو اور خارج قسمت مین یہانتک اعشاریہ نکالو کہ اول کوئی ہندسہ ایسا ہو جسکا مفہوم معدوم ہو

(۴) ایک گہنٹہ ایک منٹ روز سست ہی اور دوسرا اوسیقدر تیز دو تو دوشنبہ کو دوپہر کے وقت کو کی تو بتاؤ جسوقت پہلی گہنٹہ مین شنبہ کے دن دوپہر سے پیچہے ۱ گہنٹہ ۴۹ منٹ بجینگے تو اوسوقت دوسری گہنٹہ مین کیا بجے گا

(۵) مکعب حوض کے ایک طرف کا رقبہ ۱۲ فیٹ ہی تو اوسکی جسامت فیٹ اور انچو نمین بتاؤ اور فرض کرو کہ وہ دو موریون سے ۱۰ اور ۱۲ منٹ مین علیحدہ علیحدہ بہر جاتا ہی اور ایک موری اوسکو ۱۵ منٹ مین خالی کر دیتی ہے اب اگر پانچ منٹ تک تینون موریان کہلی رہین تو کتنا حصہ حوض کا بہر جائیگا

(۶) ایک سوداگر نے ۴۶ من اناج بیچا دوسرے آدمی نے یہہ اناج لیکر ۲ من نفع لیکر بیچڈالا اور اوسکو ۱۸ روپیہ ۱۲ر نفع ہوا تو بتاؤ کتنے من اناج تہا

(۷) ایک جہاز کی قیمت ۶۸۰۰ روپیہ ہے اور زید کے پاس دس جہاز کا حصہ ہے اور عمر کے پاس باقی کا حصہ ہے تو تیسرے شریک بکر کو ان دونون حصونکی بابت کیا قیمت دینی چاہیے تاکہ

اوسکو فیصدی ۱۰ کا نفع ہو

(۸) ایک شخص نے ۱۰۰۰ من شکر فی ۲۷ روپیہ کے حساب سے خریدی اور ۶ مہینہ تک رکہہ چہوڑای اس عرصہ مین ۲ ½ فیصدی کا نقصان ہوگیا اگر روپیہ کا سود ۵ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہو اور اتفاق سے ۲۰۰ روپیہ کا اور خرچ ان پرآن پڑے اور ۲۹ روپیہ مین شکر بیچڈالے تو کیا نفع نقصان ہوگا

(۹) زید ۲ ½ ایکڑ زمین ۷ ½ دنمین اور عمر ۲ ¼ ایکڑ ۳ ½ دنمین کاٹتا ہے انہوں نے ملکر ایک کہیت ۱۰ ایکڑ کا کاٹا تو بتلاؤ کتنے دنونمین اوسکو کاٹا اور ہر ایک نے کتنے ایکڑ کاٹا

(۱۰) آکیلو گریم = ۱۰ ہیکٹو گریم = ۱۰۰ ڈی کیگریم = ۱۰۰۰ اگریم تو قیمت ۵۷ کیلوگریم اور ۸ ڈی کیگریم ۹ گریم کی دریافت کرو اور ۷ پونڈ ۵ فلورن ۶ سینٹ فی کیلوگریم کے حساب سے قیمت دریافت کرو

(۱۱) ۶ لڑکونمین سے پہلا لڑکا ۳ سطرین اتنی دیر مین لکہتا ہے جتنی دیر مین کہ دوسرا لڑکا دو سطرین اور دوسرا لڑکا ۵ سطرین اتنی دیر مین لکہتا ہے جتنی دیر مین تیسرا لڑکا ۶ سطرین اور تیسرا ۷ سطرین اتنی دیر مین جتنی دیر مین چوتہا ۸ سطرین اور چوتہا ۹ سطرین اتنی دیر مین جتنی دیر مین پانچوان ۱۰ سطرین اور پانچوان ۱۵ سطرین اتنی دیر مین جتنی دیر مین چہٹا ۱۴ سطرین تو کتنی سطرین چہٹا اوسوقت مین لکہیگا جسوقت مین کہ پہلا ۱۳ سطرین لکہے

(۱۲) ایک کمپنی نے کارخانہ تجارت کہولا اور پانچ سو حصے اوسکے دس دس روپیہ کے مقرر کیے اور یہہ بات ٹہرائی کہ اگر نقصان کی صورت پیدا ہوگی تو حصہ کا روپیہ صرف مارا جایگا آب حصہ دارون نے تین دفعہ دو دو روپیہ جمع کیے تہے کہ کارخانہ کا دوالہ ۱۹۰۷ روپیہ ۱۳ آنہ ۶ پائی کا نکلا اور اب کارخانہ کی جمع ۱۱۰۷ روپیہ ۴ آنہ ۶ پائی نکلی تو بتاؤ یہہ کمپنی ایسی صورت مین حصہ دارونکو فی روپیہ کیا ادا کریگی

ضمیمہ سوالات متفرقہ

نمبر ۱

(۱) چار چیزین صورت مین یکسان ہین اور ایک صاحب کی ہیئت ہین انکو زید و عمرو بکر مین اسطرح تقسیم کرو کہ صرف ایک چیز ٹوٹے اور زید کو $\frac{1}{5}+\frac{5}{9}+\frac{1}{4}$ حصہ ایک چیز کا اور عمر کو $\frac{3}{8}+\frac{4}{7}+\frac{3}{4}$ حصہ دوسری چیز کا ملے اور جو کچھہ کل مین سے باقی رہے وہ بکر کو ملے

(۲) ایک شخص نے ۲۵ مردون اور ۲۰ عورتون کو کام مین لگایا ہر روز مردون نے ۱۲ گھنٹہ اور عورتون نے ۱۰ گھنٹہ کام کیا دو ہفتہ مین ۵ دن تک اسطرح کام ہوا اور چھٹے دن مین نصف وقت کام ہوا اور ایک دن چھٹی رہی اور ہر ایک مرد کو فی گھنٹہ ۲ ر اور ہر عورت کو فی گھنٹہ ۱ ر ۹ پائی دیا تو بتاؤ ایک سال مین مزدوری کا کیا خرچ ہوگا - ایک سال = ۵۲ ہفتہ اور پنجشنبہ کی تعطیل

(۳) ۱۴۴ آدمی ایک کھائی ۴۰ گز لنبی اور ۱ فیٹ ۶ انچ چوڑی اور ۴۸ فیٹ گہری دس گھنٹے کے دن سے ۳ روز مین کھودین تو دوسری کتنی لنبی کھائی ۵ فیٹ گہری ۲ فیٹ ۳ انچ چوڑی ۱۵ آدمی ۹ گھنٹے کے دن سے ۱۵ دن مین کھودینگے

(۴) سود در سود کے کیا معنی ہین دو برس مین ۵ ر ۳ روپیہ سیکڑہ سود کے حساب سے ۳۴۵ روپیہ ۸ ر کے مفرد سود اور مرکب سود مین کیا فرق ہوگا

(۵) ایک مستطیل کی لنبائی ۱۵ گز ۹ انچ ہے اور اوسکا رقبہ ۱۲ ایکڑ ۳ رُوڈ ۵ پول ہے اوسکی چوڑائی بتاؤ

(۶) $\sqrt[6]{2}$ اور $\sqrt[3]{3}$ مین سے کونسا بڑا ہے

اور $\frac{12 \cdot 9 \cdot 7 \cdot 30 \cdot 5}{6 \cdot 3 \cdot 5 \cdot 5 \cdot 6}$ کا جذر الکعب دریافت کرو

(۷) ۱۶ چھٹانک چار مل جل کر اسطرح بنی کہ ۵ ½ حصہ کالی چار ۴ ر ۸ پائی فی چھٹانک والی اور ۴ ½ حصہ سبز چار ۶ ر چھٹانک والی اور ۲ ½ حصہ نارنجی چار ۳ ر ۶ پائی چھٹانک والی اسمین ملی گئی ہین تو بتاؤ اوس چار کی قیمت کیا ہے

(۸) ۲۰۰ روپیہ ۱۴ مہینہ کے بعد اور ۳۰۰ روپیہ ۱۹ مہینہ کے بعد واجب الادا ہین

اوسکی معادلہ قسطون کا وقت دریافت کرو اور ۳ ¾ روپیہ سیکڑہ سود کے حساب سے کل رقم کی قیمت نقد بتاؤ

(۹) کیلی فورنیا مین اس کثرت سے سونا نکلا کہ اوسکی قیمت ۷ : ۵ کی نسبت سے گھٹ گئے تو اوس شخص کو کیا سیکڑہ نقصان ہوا جسنے اپنے نوٹ ۸۹ ½ روپیہ سیکڑہ کی بہاؤ کی خریدے ہون اور مساوی قیمت پر بدل کر سونا مول لیا ہو

(۱۰) ایک شخص نے کچھہ چاہ ۶ روپیہ سیر کے حساب سے اور کچھہ چاہ ۴ روپیہ سیر کی حساب سے خریدی تو کس نسبت سے وہ دونونکو ملائی کہ ۵ روپیہ ۴ ر فی سیر فروخت کرنے سے اوسکو نفع ۲۰ فیصد کا ہر سیر کے بیچنے مین ہو

(۱۱) ایک کمرہ ۱۹ فیٹ ۸ انچ چوڑا اور ۲۴ فیٹ ۴ انچ لنبا اور ۱۳ ½ فیٹ اونچا ہے اوسکو ۲ ¾ فیٹ چوڑے کاغذ سے منڈھنا چاہتے ہین اور جس کاغذ کا تختہ ۱۲ گز اوسکی قیمت ۵ روپیہ ۸ ر ہے اور ⅛ حصہ کل سطح کا کھڑکیون اور اور عوارض کے سبب سے کاغذ سے نہین منڈھا جائیگا تو بتاؤ کہ کس قیمت کا کاغذ صرف ہوگا

(۱۲) ایک نقد جمع ایسی ہی کہ اگر تین روپیہ سیکڑہ کے نوٹ لین تو ۲۰۰ روپیہ سالانہ آمدنی ہوتی ہی اور ریل کے ۴ روپیہ سیکڑہ سود کے حصے لین تو ۲۹۰ روپیہ کا فائدہ ہوتا ہے اور بہاؤ ریل کے حصون اور نوٹون کا مساوی ہے تو بتاؤ کہ کس جمع سے نوٹ خریدے تھے اور نوٹون کا بہاؤ کیا تھا

نمبری ۲

(۱) اعداد صحیح اور کسور عشاریہ کے جذر نکالنے مین نقاط سے نشان لگانے کی ترکیب بیان کرو
√۵۷۲۱۴۰۹۶ اور نیز ۳ مرتبہ کی کسور اعشاریہ تک √۵۷۲۱۴.۰۹۶ کو نکالو

(۲) کس قسم کے سوالات اربعہ متناسبہ کے وسیلہ حل ہوسکتی ہین اور اربعہ متناسبہ مستقیم اور معکوس اور ستہ مین کیا فرق ہے

(۳) ایک دوالیہ اپنے قرضہ مین ایک پونڈ پیچھے ۵ فلورن ۷ پینس ۵ مل ادا کرسکتا ہے

توجس قرضخواہ کو ۱۹۲۰ پونڈ، فلورن ۵ سینٹ قرض لینا ہو اوسی کیا وصول ہوگا

(۴) ایک شخص اپنی آمدنی پر ۵ ۳/۴ پائی فی روپیہ انکم ٹکس دیتا ہے اور ۴۰۰ روپیہ کا قرض دار ہے اور ۳ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ سالانہ سود ادا کرتا ہے اور بعد ان اخراجات کی ۱۵۶۸ روپیہ ۱۱ آنہ ۶ پائی بچتے ہین اوسکی آمدنی بتاؤ

(۵) ۳ روپیہ جلد کے حساب سے ۲۵ جلدین خریدین اور ۵ روپیہ سیکڑہ اور خرچ اس خرید پر پڑا اور ۵ روپیہ ۳ پائی جلد کے حساب سے ۱۲ جلدین خریدین اور ۷ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ خرچ پڑا اور ۲ ۱/۲ روپیہ سیکڑہ خرچ نیلام دیا گیا تو کل کتابون کی کیا قیمت ہوئی

(۶) ایک شخص نے ۳ ۱/۲ ہنڈریڈ ویٹ چارہ ۳ شلنگ ۴ ۱/۲ پنس فی پونڈ کے حساب سے اور ۴ ۱/۲ ہنڈریڈ ویٹ چارہ ۳ شلنگ ۲ ۱/۲ پنس فی پونڈ کے حساب سے خریدی اور سبکو ملا کر ۵ ہنڈریڈ ویٹ کو ۴ شلنگ ۹ پنس فی پونڈ کے حساب سے بیچی تو بتاؤ باقی کونی پونڈ کس قیمت پر بیچے کہ اصل پر ۲۰ فیصدی کا نفع ہو

(۷) اگر دو مکعب انچ لوہے کا وزن اتنا ہے جتنا ۱۵ مکعب انچ پانی کا وزن ہے اور ایک مکعب فیٹ پانی کا وزن پانچ سو چھپن ٹانک ہے تو ایک مکعب گز لوہے کا وزن کیا ہوگا

(۸) تین گھوڑے اسقدر بوجھ کھینچ سکتے ہین جسقدر پانچ بیل تو بتاؤ ۱۲ گھوڑے جس بوجھ کو کھینچ سکتے ہین اوسے ادھے بوجھ کو کتنے بیل کھینچ سکینگے

(۹) جب زید ۳/۴ حصہ کام کے ۳۰ دن مین بنا چکا تو عمر کو مدد کے لئے بلایا اور دونون ملکر ۷ دنمین تمام کام بنالیا تو بتاؤ ہر ایک علیحدہ علیحدہ اوس کام کو کتنے دنونمین بنا لیگا

(۱۰) سود اور منی کاٹے مین کیا فرق ہے - ایک شخص نے ۵۰ روپیہ بیگہ زمین مول لی اور ۲ ۱/۲ روپیہ بیگہ لگان پر کسانون کو دیدی اور ایک اور زمین ۶۰ روپیہ بیگہ خریدی اور ۳ روپیہ ۱۰ آنہ بیگہ لگان پر کسانون کو دیدے تو بتاؤ ہر صورت مین کیا سیکڑا سود پڑا اور پہلی خرید سے دوسری خرید مین کس قدر فائدہ زیادہ ہوا

(۱۱) ایک تالاب مین کنول کے پہول کی شاخ سطح آب سے ایک بالشت اونچی نظر آتی
تہی وہ ہوا کے زور سے آہستہ آہستہ جہکنی شروع ہوئی یہانتک کہ پانی کی سطح سے جا ملی اور جہان
نکلی ہوئی معلوم ہوتی تہی وہانسے دو ہاتہہ کے فاصلہ پر ہوگئی تو پانی کا عمق بتاؤ

(۱۲) زید و عمرو بکر اپنی شرکت مین زید کو کل نفع کا $\frac{1}{5}$ حصہ ملتا ہے اور عمر کو بکر سے
دوگنا اور اگر نفع فیصدی $\frac{1}{2}$ کم ہو جائے تو زید کی آمدنی مین ۴۰ روپیہ کم ہو جاتے
ہین تو بتاؤ بکر کی جمع کیا ہے

(۱۳) ایک شخص نے ایک کارخانہ کے حصے ۱۰۰۰ روپیہ کو خریدی اور حصہ ۵ روپیہ کا تہا
اور اوسکا بہاؤ دو روپیہ بادہی پر تہا اور ایک دوسرے کارخانہ کے حصے ۵۰۰ روپیہ کے
خریدے ۲ روپیہ کا حصہ تہا اور $\frac{1}{4}$ روپیہ چہ پیسہ پر بٹا لگتا تہا اب اوس نے جب پہلی کارخانہ
کے حصے برابر بہاؤ پر بیچ ڈالے اور دوسرے کارخانہ کے حصے ۳ روپیہ بادہی پر بیچے
اور جتنا روپیہ اوسکے ہاتہہ تلے سے نکلا اوس پر اوس نے $\frac{1}{4}$ روپیہ سیکڑہ دلالی کا دیا تو اوسکے
نفع نقصان کا حال بتاؤ کہ کیا پڑا

نمبری ۳

(۱) کسر عام کی تعریف اور اوسکی قسمین بیان اور ثابت کرو کہ کسی کسر کے شمار کنندہ
کو کسی عدد مین ضرب دینے سے وہی حاصل ہوتا ہے جو اوسکی نسبت نما کو اوسی عدد پر
تقسیم کرنے سے کسور ذیل کی ایک کسر بتاؤ

(۱) $\left(\frac{2}{3}+\frac{5}{6}+\frac{7}{8}+\frac{11}{12}\right)\div\left(\frac{3}{4}-\frac{5}{8}\right)$

(۲) $\frac{7\frac{1}{2}}{6\frac{1}{4}}+\frac{11\frac{1}{2}-2\frac{2}{5}}{11\frac{1}{2}+2\frac{3}{5}}\times 10\frac{9}{13}-7\frac{1}{8}$

۳ میان بی بی $5\frac{1}{2}$ من غلہ ۲۱۰ دنمین کہاتے ہین ۵۰ دن تک تو دونون نے ملکر اوس غلہ کو
کہایا پہر میان چلدیا تو باقی غلہ کو بیوی نے ۱۴۰ دن مین نوش جان کیا تو بتاؤ کہ اکیلا

سنے ہر روز کتنا کہایا

(٣) ایک شخص ٢٣١٠٠ روپیہ کا اسباب چھوڑ مرا اور اپنے ٣ لڑکون اور ٤ لڑکیون
مین تقسیم ہونے کی اسطرح وصیت کرگیا کہ ہر ایک لڑکے کو بڑی بہن سے تہائی اسباب زیادہ
ملے اور بڑی بہن کو چھوٹی بہنون سے ٣٠٠ روپیہ زیادہ کا اسباب ملے اور چھوٹی بہنون کے
حصے مساوی ہین تو ہر ایک کو کتنا ملنا چاہیے

(٤) کس شرح سود پر دو برس مین ایک جمع نقد سے اسیقدر روپیہ حاصل ہوجائیگا
جسقدر کہ ٤ فیصدی سود در سود کے حساب سے اوس سے حاصل ہوتا ہے

(٥) (١) جس مکعب لکڑی کا ضلع ١٨ انچ ہے اوس سے آٹھہ گنی مکعب چوب کا ضلع کیا ہوگا

(٢) ایک مربع کھیت مین دو ایکڑ ١٢١ گز زمین ہے اوسکا ضلع بتاؤ

(٦) اگر پانچ مرد اور ٧ لڑکے ١٢٥ بیگہ کھیت ١٥ دنمین کاٹین تو کتنے دنون مین ١٠ مرد
اور ٣ لڑکے ٧٥ بیگہ کاٹین گے اور ہر ایک لڑکے کا کام مرد کے کام سے پلے ہے

(٧) ایک شخص نے ٩٦٢ روپیہ ٨ر کی ٣ فیصدی سود اور ٧٧ کے بہاؤ کے نوٹ خریدے
اور جب فنڈ کی قیمت ١ فیصدی گہٹ گئی تب اوسنے اپنی اصل کو ٤ فیصدی اور ٩٥ کے
بہاؤ کے نوٹون سے بدل لیا تو بتاؤ اوسکی سالانہ آمدنی مین کیا فرق ہوا

(٨) بتاؤ ٣ فیصدی سود اور ٩٦ کے بہاؤ کے نوٹ اچھے ہین یا بیمہ کمپنی کے حصے
جنکی قیمت ٢٢٧ روپیہ فی حصہ ہے اور فائدہ فی حصہ ٧ روپیہ ٨ر سالانہ ہے

(٩) ایک سوداگر نے اپنا اسباب ایک خوردہ فروش سوداگر کے ہاتھ ١٠ فیصدی منافع پر
بیچا اور اوسنے ایک خریدار کے ہاتھ ٥٠ فیصدی نفع پر بیچا تو بتاؤ خریدار نے جو قیمت دی
اوسکا کونسا حصہ نفع ہے

(١٠) ایک صحن ٩ گز ٢ فیٹ ٦ انچ لنبا اور ٧ گز ١ فیٹ ٨ انچ چوڑا ہے تو اوسکا رقبہ کیا ہوگا
ضرب اعشاری کے موافق عمل کرو اور عمل کا طریقہ بتاؤ

(۱۱) بیبہ ۱۲۶ گیلن شراب کا سوداگر نی ۷۰ پونڈ کو خریدا اور اوسمین بوتلین تعداد مین برابر کی
پینٹ کے اور پینٹ اور کوارٹ کی بھری ہوئی ہین تو بتاؤ کہ اوسمین ہر ایک قسم کے پیمانے کی کتنی کتنی
بوتلین ڈالی گئی اور ہر پیمانہ کی بوتل کو فی درجن کس حساب سے فروخت کرین کہ اصل پر
۱۵ فیصدی نفع ہو

(۱۲) ایک شخص نے ایک گیلن رم شراب مین جسکی قیمت ۱۵ شلنگ ہتی ایک کوارٹ
پانی ملایا اور فی گیلن ۱۶ شلنگ کے حساب سے فروخت کی اور ایک گیلن اولڈٹم شراب مین
جسکی قیمت ۱۱ شلنگ ہتی ۲½ پینٹ پانی ملایا اور فی گیلن ۱۲ شلنگ کے حساب سے بیچی
اور ایک گیلن برانڈی شراب مین جسکی قیمت ۲۲ شلنگ ہتی ۳ پینٹ پانی ملایا اور فی گیلن
۲۳ شلنگ کے حساب سے فروخت کی اور اولڈٹم سے رم دوچند اور برانڈی سے اولڈٹم
دوچند فروخت کی تو بتاؤ اوسنے کسقدر فائدہ فیصدی حاصل کیا

نمبر ۴

(۱) ۴۶۱...ر کا جذر نکالو اور جذر کی صحت کا ثبوت دو اور ایک مکعب صندوق کی
جسامت ۲۷...ر مکعب گز ہے اوسکے ضلع کا طول انچون مین بتاؤ

(۲) کسور اعشاریہ کی ضرب و تقسیم کا قاعدہ بیان کرو اور ۲۸۰۶۹۸۵۰ر۲ کو
۴۱۰۳۵ر۹۲ پر تقسیم کرو اور جواب مین ۴ مرتبہ کی کسر اعشاریہ نکالو اور حاصل کی
صحت کسر عام سے ثابت کرو

(۳) سود اور سود در سود اور قیمت نقد اور متی کاٹے کی تعریف بیان کرو

(۱) کتنا روپیہ ۵ روپیہ سیکڑہ سود پر قرض دیا جائے کہ ۳ برس مین کل روپیہ ۳۴۸
حاصل ہوجائے

(۲) ۷۸۴ پونڈ ۵ فلورن ۲ سینٹ ۵ مل ۷۵ اونکے بعد واجب الادا ہین اور
شرح سود ۷۵ر۳ ہے اونکی قیمت نقد دریافت کرو

(۴) کسی کسان کے پاس ۳۵۰ بگہ زمین ہے اوسکی لگان فی بگہ ۳ ر ۶ پائی نقد اور
سوسو من گیہون جو باجرہ جوار دیتا ہے تو بتاؤ اگر ۳۸ ر ۹ پائی من گیہون اور ۲۷ ر
۴ پائی من جو اور ۱۷ ر ۴ پائی من جوار اور ۳۳ ر ۱۰ پائی من باجرہ ہو تو کل لگان کیا دیتا ہے

(۵) اگر ۲۰ آدمی برابر قوت کے ۱۵ فیٹ اونچی ۳۰ فیٹ لنبی دیوار کو ۶۰ دن مین بنائین اور
۳۵ آدمی بھی برابر قوت کے ۲۰ فٹ اونچی ۴۰ فیٹ لنبی دیوار کو ۴۴ دن مین بنائین تو
دونو قسم کے آدمیونکی قوت مین کیا نسبت ہوگی

(۶) ۳ فیصدی سود کے نوٹون کا بہاؤ جبوقت ۹۷ ½ ہو اوسوقت ۱۳۵۰ روپیہ کے
نوٹ کی قیمت ۴ ½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کیا ہوگی

(۷) ایک اونس سونے کی قیمت ۳ پونڈ ۱۷ شلنگ ۱۰ ½ پنس ہے، تو کم سے کم تعداد سونے کی
کتنی چاہیے جسمین پورے پورے سکے پونڈ کے بن سکین

(۸) ایک شخص ۳ ¼ روپیہ سیکڑہ سود اور ۹۸ روپیہ سیکڑہ بہاؤ کے نوٹ ۵۰۰۰ روپیہ کو بیچکر
ان روپیون سے ۹۴ روپیہ سیکڑہ کی بہاؤ اور ۳ روپیہ سیکڑہ سود کے نوٹ خریدتا ہے
تو بتاؤ کتنے کے نوٹ اوسکے ہاتھہ آئینگے اور آمدنی مین اوسکی کیا فرق پیدا ہوگا

(۹) ۴۳ روپیہ ۱۲ ار مین سے ⅓ زید کو ملا اور ½ عمر کو بعد ازان باقی مین سے ۴/۱۱ زید کو اور
باقی عمر کو تو علیحدہ علیحدہ زید و عمر کو کیا ملا

(۱۰) ایک گرجا کی چہت کا حصہ ۴۲ فیٹ لنبا اور ۲۷ فیٹ چوڑا شکستہ ہو گیا تہا اوسکو
دوبارہ چہت کے تختون سے پاٹا پرانی چہت مین سے جس ایک فٹ مربع مین ۸ پونڈ نکلین مگر
نئی چہت مین ۷ ½ پونڈ فی مربع فیٹ لگانا چاہتے ہین تو بتاؤ کتنا چہت بچیگا اور اوسکی
قیمت ۲ ½ پنس فی پونڈ کے حساب سے کیا ہوگی

(۱۱) ایک دوالیہ کو ۲۰۸۵ روپیہ قرض کا دینا ہے اونمین سے ۲۳۵ زید کے اور ۴۲۵ عمر کے
اور ۵۲۵ بکر کے اور باقی خالد کے اب اگر وہ خالد کو اسقدر روپیہ دیتا ہے جسقدر کہ بکر کا

قرضہ ہے تو بتاؤ روپیہ مین وہ کیا قرض کا ادا کرتا ہے اور قرضخواہ کو کیا دیکھنا ہے

(۱۲) جتنی دیر مین بکر ایک کام بناتا ہے اوتنی دیر مین زید دو کام اور عمر ڈیڑہ کام بناتا ہے تینوں نے ملکر دو دن کام کیا پہر اکیلے زید نے نصف دن اور پہر اکیلے عمر نے ایک دن کام کیا تو کام تمام ہو گیا اب بتاؤ کہ اوس کام کو فقط زید اور بکر ملکر کتنے دنوں مین تمام بنالینگے

نمبری ۵

(۱) ایک شخص کی ہفتہ وار آمدنی ۸ روپیہ ۱۲ آنہ ہے اور اوسکو پانچوان حصہ آمدنی کا دو دو ہفتہ مین بچتا ہے تو بتاؤ ۵۲۵ روپیہ کتنے ہفتوں مین بچین کے

(۲) عدد مجرد اور معدود مین فرق بتاؤ اور ۶۵ روپیہ تقسیم کیے گئے ۱۵ روپیہ پر اور ۶۵ روپیہ تقسیم کیے گئے ۱۵ پر ان دونون مین فرق بتاؤ کہ کیا ہے

(۳) ۱۲۱ من گیہون ۶۰ مردون اور ۴۰ عورتون مین اسطرح تقسیم کرو کہ ایک مرد کو بہ نسبت ایک عورت کے دو چند ملے

(۴) ایک مستطیل ڈہیر لٹہون کا ۱۲ گز اونچا اور ۱۰ گز چوڑا چنا ہوا ہے اوسمین سے مستطیل تختے ۱۸ فیٹ لمبے ۸ انچ چوڑے اور ۴ انچ موٹے کتنے بنین گے اور اس ڈہیر کی چہت پر جب بحساب ۴ پائی فی مربع فیٹ کے حساب سے ڈالی گئے تہے تو ۸۰ روپیہ ۱۲ آنہ صرف ہوئے تہے

(۵) ایک شخص نے ۲۳ و ۲۴ و ۲۵ من شکر بحساب فی من ۱۹ و $19\frac{1}{2}$ و ۲۰ روپیہ کے جدا جدا خریدی اور سبکو ملا دیا تو ملی ہوئی شکر فی من کس قیمت پر بیچنی چاہئے تاکہ خرید پر ۲۰ فیصدی کا نفع ہاتھ لگے

(۶) ایک شخص نے ۲۲۰۰ روپیہ کا نوٹ ۳ فیصدی کا $97\frac{1}{2}$ کے بہاؤ پر بحساب دلالی اور زر فروخت سے ریلوے حصے ۹۵ کے نرخ اور $4\frac{1}{2}$ فیصدی سود کے خریدے تو بتاؤ کہ اوسکی سالانہ آمدنی مین کیا تغیر واقع ہوگا

(۷) کپڑا ۱۱ ۲/۱ گز کے حساب سے ۹ مہینہ کے معاد پر بعد ۴ روپیہ سیکڑہ سالانہ سود پر خریدا اگر نقد قیمت ابھی دون تو بتاؤ کیا کم دون

(۸) روئی کا کپڑا ۱۲ فیٹ چوڑا ۳۱ پنس مربع فٹ کا ہے اور ریشمی کپڑا ۳۴ ۲/۵ میٹر لانبی ہے اور ۲/۳ گز چوڑا ہے اور ۴ فرنک فی مربع میٹر ہے تو بتاؤ اس ریشمی کپڑے کے بدلے مین روئی کا کپڑا کتنا آئیگا اور ا پونڈ ۲۵ ۱۵/ فرنک کا اور میٹر ۳۹٫۳۷ انچ کا ہوتا ہے

(۹) کسور عشاریہ کے جذر المکعب نکالنے مین نقطے لگانے کا کیا قاعدہ ہے۔ اور جذر $\frac{0.0125}{18}$ کا اور ۱۵٫۰۷۵۶۳۵۴۲۳۴ کا جذر المکعب نکالو

(۱۰) انکم ٹکس کی آمدنی بحساب ۷ پائی فی روپیہ کے ۵۲۵۰۰۰ روپیہ ہے اگر انکم ٹکس ۳ روپیہ ۲/۱ سیکڑہ لگائی جائے تو کیا سرکار کے ہان آمدنی مین افزایش ہوگی

(۱۱) دو گھڑیان ایک ہی تاریخ ۲ بجے کو کی گئین ایک ۷ سکنڈ سست اور دوسری ۹ سکنڈ تیز ۲۴ گھنٹو مین چلتی ہے تو ایک گھڑی دوسری گھڑی سے نصف گھنٹہ کب آگے ہوگی اور اوسوقت دونون مین کیا بجا ہوگا

(۱۲) ایک شخص نے ۵۲ درجن بوتل شراب کا ایک پیپا ۱۳۱ روپیہ ۴ کو خریدا تو بعد دس مہینہ کے اوسکو فی درجن کیا دام لینے چاہئین تاکہ اوسکو ۴ روپیہ سیکڑہ سالانہ سود حاصل ہو

نمبری ۶

(۱) ۳۰۳۴۴۲۷ کو ۹۱۷۰۰۰ پر تقسیم کرو اور خارج قسمت کی صحت کا امتحان کرو

(۲) $\frac{1}{2} - \left(\frac{3}{35} + \frac{4}{55}\right) + \frac{6}{385}$ کی قیمت دریافت کرو

(۳) $\dfrac{\frac{5}{14} + \frac{6}{13} \text{ کا } 3\frac{1}{4} - \left\{\frac{2}{7} \text{ کا } \frac{36}{21} - \frac{1}{2}\right\}}{\frac{5}{14} - \frac{3}{7} \text{ کا } \frac{1}{2}}$ کو مفرد بناؤ

۵۲ میل ۲۰ پول ۳ گز ۶ انچ کو ۳ پر تقسیم کرو اور میل فرلانگ وغیرہ مین جواب دو

۳۴ ایک شخص نے ۱۰۰۰ روپیہ کے نوٹ ۳ فیصدی سود اور ۹۶ ۸/۱ کے بہاؤ کے خرید ...

۸۲ $\frac{۱}{۲}$ کے بہاؤ سے بیچے تو بتاؤ اوسکو کیا نقصان ہوا

(۴) ایک شخص ۱۵۰۰ روپیہ کا مال چہوڑ مرا وہ تین شخصوں مین ۱ و ۲ و ۳ کی نسبت سے تقسیم ہوا اور ۱۰ روپیہ سیکڑہ تقسیم وراثت کا خرچہ سرکار مین دیا گیا تو بتاؤ ہر ایک کو کتنا روپیہ ملا

(۵) ۲۳۷ روپیہ ۸ $\frac{۱}{۴}$ مہینہ کے بعد واجب الادا ہین اور ۴ روپیہ سیکڑہ کا سود ہے تو بتاؤ کیا غلطی ہوگی اگر مِتی کاٹنے کی جگہہ سود لیا جاے اور یہہ غلطی کس کے حق مین نافع ہوگی

(۶) فرانسیسی مخمل ۱۰ میٹر $\frac{۱}{۲}$ میٹر عرض کی ہے اور ایک مربع میٹر کی قیمت ۱۰ شلنگ ہے تو بتاؤ انگریزی کپڑا ۱ $\frac{۱}{۲}$ گز عرض اور ۲ شلنگ ۶ پنس مربع فیٹ کا اوس مخمل کے عوض مین کتنے گز دیا جائیگا۔

(۷) ایک شخص نے اپنی نوٹ ۳ روپیہ سیکڑہ کے ۹۶ کے بہاؤ پر فروخت کرڈالی اور زر فروخت سے ۴ فیصدی ریل کے حصے خریدے اس سبب سے اوسکی سالانہ آمدنی ۵۰ فیصدی زیادہ ہوگئی تو ریلوے کے حصونکے قیمت دریافت کرو

(۸) ایک کمرہ کا فرش جسقدر چوڑا ہے اوس سے دوچند لنبا ہے اور ۵ رفی مربع گز کے حساب سے ۷ روپیہ ۱۰ $\frac{۱}{۲}$ پائی اوسمین لاگت لگے اور دیوارونکی رنگائی بحساب ۹ پائی فی مربع گز کے ۳ روپیہ ۴ $\frac{۱}{۲}$ پائی ہوئے تو بتاؤ اوسکی بلندی کیا ہے

(۹) ۳ فیصدی کے نوٹونکی کسقدر قیمت گہٹنی چاہیے کہ اونکی خریدسے ۴ فیصدی کا منافع ہو

(۱۰) ثابت کرو کہ $\sqrt{۲}$ کی قیمت مابین $\frac{۱۷}{۱۲}$ و $\frac{۴۱}{۲۹}$ کے ہے اور ۹۲۱۸۷۵،۶۶۹ مکعب فیٹ کا جذر الکعب نکالو اور نتیجہ کو اجزاء مین تحویل کرو

(۱۱) ایک شخص نے ۷۰۰ روپیہ کے نوٹ ۳ فیصدی سود اور ۹۴ $\frac{۱}{۲}$ کی بہاؤ کی خریدے اور ۵۰۰ روپیہ کے ۵ فیصدی سود اور ۹۷ $\frac{۱}{۲}$ کے بہاؤ کے نوٹ خریدے تو کل کتنی کی نوٹ اوسکے پاس ہوئے اگر اوسنے ۳ فیصدی کے ۹۵ کے بہاؤ پر اور ۵ فیصدی کے ۹۶ $\frac{۱}{۲}$ کے بہاؤ پر فروخت کیے ہون تو اوسکو کتنا فائدہ یا نقصان ہوا

(۱۲) ایک بنیارے نے قسم اول کے کچہہ چاء ۹ پونڈ ۱۰ شلنگ فی ہنڈرڈ ویٹ کے حساب سے

اور قہوہ ۲ پونڈ ۱۰ شلنگ فی ہنڈریڈویٹ کے حساب سے خریدا اور ۵ حصے قہوہ کے اور ۶ حصے چار کے ملائی تو بتاؤ فی ہنڈریڈویٹ کس بہاؤ سے اس مرکب کو بیچے کہ اصل جمع پر ۱۶ ۲/۳ پونڈ فیصدی فائدہ حاصل ہو

نمبری ۷

(۱) دو طرح کا اسباب ہے ایک اسباب کی قیمت ۱۵ روپیہ ہے اور وہ ایسا ہے کہ ۹ مہینہ چلتا ہے دوسرے اسباب کی قیمت ۱۲ روپیہ ہے اور ۶ مہینہ چلتا ہے تو بتاؤ ان اسباب کے برتنے سے ۳ سال ۳۰ ہفتہ میں کتنا روپیہ بچے گا ۵۲ ہفتہ = ۱ سال اور سود کا کچھ یہاں حساب نہیں ہے

(۲) [illegible] کی قیمت دریافت کرو (۲) [illegible] من ۴ شلنگ کی قیمت دریافت کرو

(۳) [illegible] + [illegible] کی تحویل کسر اعشاریہ میں ۱۵ مرتبہ تک کرو

(۳) گنٹر صاحب کی جریب ۴ پول لمبی ہے اور اوسمین ۱۰۰ کڑیاں ہوتی ہیں تو ثابت کرو کہ ایکڑوں میں اگر علامت اعشاریہ کو ۵ مرتبہ بائیں طرف ہٹا کر لکھیں تو کڑیوں کے مربعے بن جاتے ہیں اور ۱۶۰ مربع پول = ۱ ایکڑ کے

(۴) الف اپنا قرض ب کو برس روز پہلے واجب الادا ہونے سے ادا کرتا ہے اوسی کاٹا مہاجن حساب سے ۵ روپیہ سیکڑہ دیتا ہے اگر ب اخر تک روپیہ کے ادا ہونے کا انتظار کرتا اور جو روپیہ کہ اب اوسنے لے لیا ہے اوسکا سود پانچ روپیہ سیکڑہ لیا جاتا تو ب کو ۱ بجر روپیہ کا فائدہ بہ نسبت اس معاملہ کے ہو گیا ہوتا تو بتاؤ کتنے کا قرض ہے

(۵) زید و عمر ۱۰ دنمین اور زید و بکر ۱۲ دنمین اور عمر و بکر ۱۶ دنمین ایک کام کو پورا بنا لیتے ہیں تو کتنے دنوں میں علیحدہ علیحدہ اوس کام کو بنائیں گے

(۶) ملک اطالیہ میں ایک سکہ ایسا ہے کہ ۱۲۵ دیسی سکے برابر ۲۳ رومی سکوں کے ہیں اور ۲۰۰۱ رومی سکے برابر ۱۲۵۰۰ اسٹریا کے ایک سکے کے ہیں تو بتاؤ اطالیہ کے کتنے سکے برابر اسٹریا کے ۱۰۰ سکوں کے ہونگے

(۷) ایک شخص کے پاس ۴ مکان ہین اور کل قیمت اونکی ۱۸۴۰ روپیہ ہین قیمت پہلے مکان کی دوسرے مکان کی قیمت سے $\frac{۳}{۴}$ ہے اور دوسرے مکان کی قیمت تیسرے مکانکی قیمت کے $\frac{۲}{۳}$ ہے اور تیسرے مکانکی قیمت چوتھے مکان کی قیمت سے $\frac{۵}{۶}$ تو ہر مکان کی قیمت بتاؤ

(۸) ۳ $\frac{۱}{۴}$ پائی کا سود ۳ $\frac{۱}{۲}$ آنہ ۳۳ $\frac{۱}{۳}$ برس مین کس شرح سود سالانہ سے ہوگا

(۹) اگر گورنمنٹ اس بات کو منظور کرلے کہ جو شخص محصول زمین معاف کرانا چاہے ۳ روپیہ ۱۲ سیکڑہ کے نوٹ اتنے داخل کردے کہ اوسکا سود محصول زمین سے بقدر ایک دسوین حصے محصول زمین کے زیادہ ہو تو بتاؤ اگر کوئی شخص ۲ روپیہ ۱۴ آنہ ۴ پائی سالانہ محصول معاف کرانا چاہے تو وہ شخص کتنا روپیہ ادا کرے کہ یہہ محصول معاف ہوجاے اور نوٹ مذکور کا بہاؤ ۹۶ $\frac{۳}{۸}$ روپیہ سیکڑہ ہے

(۱۰) ۲۹،۷۸۱،۸۹۱۱۸۳،۷ کا جذر المکعب نکالو

(۱۱) ایک شخص نے ۱۰۷ بہیڑونکا گلہ ۱۳۵ روپیہ کو خریدا اسمین سے ۳ بہیڑین کہوئی گئین اور ۱۸ بہیڑین ایسی خراب تہین کہ خرید کی قیمت سے فی بہیڑ ۴ رکم کو بکین تو باقی بہیڑونکو کس قیمت پر بیچے کہ کل نفع اوسکو ۶ $\frac{۱}{۴}$ روپیہ حاصل ہو

(۱۲) ایک کمرہ ۲۷،۷ فیٹ لنبا اور ۱۹،۵۵ فیٹ چوڑا اور ۱۲،۴۲ فیٹ اونچا ہے اوسکو ۲،۷ فیٹ چوڑے کاغذ سے منڈ ہنا چاہتے ہین تو بتاؤ اوسمین کاغذ ۱ گز کا کتنا لگیگا

نمبر ۹

(۱) کسر عام کو کسر اعشاریہ مین کسطرح تبدیل کرتے ہین اور ثابت کرو کہ کسر عام کا اعشاریہ مین محدود ہونا اور نہ ہونا کسر معلوم کی مختصر صورت کی نسب نما کی حالت پر موقوف ہے اور بتاؤ $\frac{۱۰۲}{۱۳۶}$ کونسی قسم کی کسر ہے

(۲) جمع کرو ۴ شلنگ، ۳ پنس کی $\frac{۳}{۱۴}$ اور آ شلنگ کا ۲،۳۵ ۲ و آ پونڈ کا ۲۳،۰۵، اور حاصل کو $\frac{۱}{۲}$ گنی کی کسر اعشاریہ کیطرف تحویل کرو

(۳) ۳ ۱/۹ مربع گز کے ۱۴۲۸۵۷ء کا جذر نکالو اور ۶۳۰۴۲۱۷ء۴۱۶ مکعب فیٹ کا جذر المکعب نکالو اور جواب اسکا انچون مین دو

(۴) اگر ۱۲۰۰ روپیہ ۱۰ روپیہ سیکڑہ سالانہ بحساب سود در سود کے دیے جائین اور سود ششماہی ادا ہو تو ۱ ۱/۲ برس مین اصل مع سود کیا ہوگا اور چار برس مین معرد سود کے حساب کے موافق اسے شرح کے مول بیاج کیا ہوگا

(۵) ہوا مین ۲۱ فیصدی اکسیجن ہوتا ہے تو ۲۵ مکعب فیٹ اور ۷۰۰ مکعب انچ ہوا مین کس قدر اکسیجن ہوگا

(۶) ۵۶۰ روپیہ دو برس کے بعد واجب الادا مین اونکے عوض مین زر نقد ۵۳۳ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی ملتی ہین تو شرح ہتی کاٹنے کی کیا ہے

(۷) ایک میز ۱۴۲۸۵۷ء۱۴ گز لمبی اور ۶۰۷ء گز چوڑی ہے اوسپر مخمل کا ملمع ۱۲ روپیہ ۸ مربع انچ کے حساب سے کتنی مین ہوگا

(۸) ۳۰۰۰ روپیہ گھڑی کی خرید مین خرچ ہوئے اوسمین محصول بہی ۵ روپیہ سیکڑہ کا داخل تہا تو بتاؤ کتنا محصول دیا گیا

(۹) لندن کا پونڈ پیرس مین ۲۵ فرنک اور ۷۰ سنٹائمز سے بدلا جاتا ہے اور پیرس کے ۲۰ فرنک میلان مین اسٹریا کے ۴۲ لائر سے بدلے جاتے ہین تو بتاؤ میلان مین ۲۰ پونڈ کی ہنڈوی مین کتنے اسٹریا کے سکے آئین گے

(۱۰) ایک سوداگر نے ۸۰ ٹن کوئلہ خریدا اور جب اوسکو فی پیمانہ ۱ شلنگ ۶ پنس کے حساب سے بیچ ڈالا تو اوسکو ۴ پونڈ کا نفع ہوا اگر وہ اوسکو ہی پیمانہ سے فی پیمانہ ۱ شلنگ ۴ پنس کے حساب سے فروخت کرتا تو ۶ پونڈ کا نقصان ہوتا تو بتاؤ قیمت خرید فی ٹن کیا تہی اور وزن اوس پیمانہ کا کتنا ہے

(۱۱) ایک کام ۳۶ دن مین تمام ہونا چاہیے تہا ۱۵ آدمی اوسپر لگائے جنہون نے ۹ گھنٹے ہر روز

گیا ۲۴ دنکے بعد معلوم ہوا کہ صرف $\frac{3}{5}$ کام بن چکا ہے اس لئے ۱۳ آدمی اور زیادہ کئے
گئے تو اب کل آدمی کتنے گھنٹہ ہر روز کام کریں کہ وہ کام وقت معین میں تمام ہو جائے

(۱۲) ایک سوداگر نے ۷ درجن بوتل شراب ۲۴۷ روپیہ درجن والی خرید کرکے اوس شراب
کے پیپے میں ڈال دی جسمیں ۱۳۰ء۴ گیلن شراب ۱۹ روپیہ درجن کی بھری ہوئی تھی
اور اس مرکب شراب کو ۲۳ روپیہ درجن کے حساب سے فروخت کیا تو بتاؤ کہ اوسکو
فیصدی کیا نفع ملا (ایک درجن بوتل = ۲ء۷ گیلن)

نمبر ۹

(۱) دس لاکھ سے ننانوے ہزار نو کو تفریق کرو اور ایک دس لاکھویں کو ایک سو
ایک ہزارویں سے اور جواب کسر اعشاریہ میں دو اور ۹ پونڈ ۳ اونس $12\frac{1}{2}$
پینی ویٹ کو ۲۴۰ء۴ گنا کرو!

(۲) (۱) ۵ کے $\frac{4}{5}$ کے $\frac{3}{4}$ کو $5\frac{1}{2}$ روپیہ کی کسر عام میں تحویل کرو

(۲) $\frac{1}{2}$ کے $1\frac{3}{5}$ کو $\frac{3}{5}$ من $\frac{4}{9}$ پر اور ۱۶ فیٹ ۱۳ انچ کو $2\frac{1}{2}$ پر تقسیم کرو

(۳) (۱) ۰۰۲۵ء کو کسر معمولی میں لاؤ اور $\frac{3}{125} + 6\frac{3}{4} - \frac{12}{25}$ کو کسر اعشاریہ بتاؤ

(۲) ۱۲۵ء۱ کو ۰۷ء۲ میں ضرب دو (۳)

۰۱۰۱ء۱ کو ۰۲ء پر اور ۱۲۰ کو ۰۰۴۸ء پر اور ۲۵ء۵۶ کو ۱۲۵ء۱ پر تقسیم کرو

اور ہر ایک نتیجہ کی صحت کا امتحان کرو

(۴) اگر ۱۳ آدمی ۱۱ گھنٹہ ہر روز کام کرکے ۱۲۰ ایکڑ کھیت ۱۱ دنمیں کاٹ لیویں تو کتنے
آدمی ۱۲ گھنٹہ ہر روز کام کرکے ۳۰۴۰ گز لمبی اور ۲۰ء۳ گز چوڑی کھیت کو ۴ دنمیں کاٹ لینگے

(۵) ۷ مردوں ۹ عورتوں اور ۳ لڑکوں میں ۴۸۸ روپیہ کو اسطرح تقسیم کرو کہ ہر عورت
ہر مرد کے حصہ کا $\frac{3}{5}$ اور ہر لڑکا ہر عورت کے حصہ کا $\frac{1}{2}$ پائے

(۶) ایک شخص نے ۴۸۰۰ روپیہ کے جمع سے ۴ فیصدی اور ۸۰ کی بھاؤ کے نوٹ فنڈ سے خریدا اور اس سود کی آمدنی سے

اور ہر سال کی آخر مین ویسی ہی نوٹ خرید لیتا ہے اب فرض کرو کہ فنڈ ۳ سال تک ۸۰ کے بھاؤ مین رہے تو تیسرے سال کے آخر مین اوسکی آمدنی فنڈ سے کیا ہوگی

(۷) زید و عمر ایک کام کو ۶ دنمین اور عمر و بکر ۷ دنمین اور زید عمر و بکر ۴ دنمین بنا سکتے ہین تو زید اور بکر اوس کام کو کتنے دنونمین بنائینگے

